المسائل المهمة

فيما ابتلت به العامة

اہم مسائل

جن میں ابتلاء عام ہے

جلد چہارم

کلمات دعائیہ :

حضرت مولانا غلام محمد صاحب وستانوی مد ظلہ العالی

رئیس: جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا نندربار

تحریک وتحریض:

حضرت مولانا محمد حذیفہ صاحب وستانوی

ناظم تعلیمات ومعتمد جامعہ

ترتیب :

مفتی محمد جعفر صاحب ملی رحمانی

صدر دارالافتاء جامعہ اکل کوا

تحقیق وتخریج:

معاون مفتیان کرام دارالافتاء

ناشر :

جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم

اکل کوا ، نندربار ،مہاراشٹر

تقسیم کار

جملہ حقوق محفوظ ہیں

نام کتاب : المسائل المهمة فيما ابتلت به العامة

کلماتِ دعائیہ : حضرت مولانا غلام محمد صاحب وستانوی دامت برکاتہم

تحریک وتحریض : حضرت مولانا محمد حذیفہ صاحب وستانوی

ترتیب : حضرت مولانا مفتی محمد جعفر صاحب ملّی رحمانی

تحقیق وتخریج : معاون مفتیان کرام دارالافتاء

کمپوزنگ وتصحیح : مفتی شمشیر احمد بستوی ومفتی عبدالمتین کانڑگانوی

طبع دوم : ۱۴۳۴ھ/۲۰۱۳ء

صفحات : ۲۶۶

قیمت :

باہتمام : ابوحمزہ وستانوی

ناشر : جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا

ملنے کا پتہ

جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا ضلع نندربار مہاراشٹر

Phone & Fax: 02567,252556

E-mail jafarmilly@gmail.com

fatawaakkalkuwa@gmail.com

http://jamiyaakkalkuwa.com/fatawa/

فہرست عناوین

نمبر شمار	عناوین	صفحہ
❁	**انتساب**	۱۸
❁	**کلماتِ دعائیہ** ۔ حضرت مولانا غلام محمد صاحب وستانوی دامت برکاتہم	۱۹
❁	**ایک اہم وضاحت** ۔ ابوحمزہ وستانوی صاحب	۲۱
❁	**ابتدائیہ** ۔ مفتی محمد جعفر ملی رحمانی صاحب	۲۳
❁	**کتاب الطھارۃ** (طہارت کا بیان)	❁
۱	مسجد میمنی کا حوض	۲۶
۲	بارش میں پرنالہ کا پانی	۲۷
۳	ٹرین کی ٹنکی کا پانی	۲۸
۴	پانی کی جدید ٹنکیاں اور ان کی طہارت ونجاست	۲۸
۵	وضو کرتے وقت حوض میں پیر داخل کرنا	۳۱
۶	مچھلی کی سرخ رطوبت	۳۲
۷	چھپکلی پانی میں گر جائے	۳۳
۸	سانپ کنویں میں مر جائے	۳۵
۹	آپریشن ٹریننگ کے دوران مینڈک کا خون یا پیشاب لگ جانا	۳۵
۱۰	ٹرین میں پانی نہ ملنے پر تیمّم	۳۶
۱۱	چمڑے، سوت یا اون کے موزوں پر مسح	۳۷

❁	**باب الوضوء** (وضو کا بیان)	❁
۱۲	واش بیسن اور ٹب میں وضو کرتے وقت دعا پڑھنا	۴۰
۱۳	بوقتِ وضو مصنوعی پتلیوں کو نکالنا	۴۱
۱۴	کان میں دانہ یا پھنسی وغیرہ کا ٹوٹ جانا	۴۱
۱۵	آنکھ کے اندر دانہ یا پھنسی کا ٹوٹ جانا	۴۲
۱۶	آنکھوں سے پانی کا نکلنا	۴۳
۱۷	پھوڑا یا پھنسی سے خون یا پیپ کا نکلنا	۴۴
۱۸	گھنی داڑھی، مونچھ اور بھنوؤں کی کھال کا وضو میں دھونا	۴۵
۱۹	سونا، چاندی یا سیمنٹ سے پر کیے ہوئے دانتوں میں پانی پہنچانا	۴۵
❁	**باب الأذان** (اذان کا بیان)	❁
۲۰	اذان دیتے وقت دونوں انگلیاں کانوں میں رکھنا	۴۷
۲۱	تثویب	۴۸
۲۲	اذان کے وقت استنجاء	۴۹
❁	**کتاب الصلاۃ** (نماز کا بیان)	❁
۲۳	استقبالِ قبلہ	۵۱
۲۴	صحتِ نماز کے لئے زبان سے الفاظِ نیت	۵۲
❁	**باب الوتر** (وتر کا بیان)	❁
۲۵	مسبوق کا وتر میں دعاء قنوت پڑھنا	۵۳
۲۶	تہجد گذار کے لیے رمضان میں وتر کا حکم	۵۴

	باب سجدة السهو (سجدۂ سہو کا بیان)	
۲۷	اخیر کی ایک یا دو رکعتوں میں سورت ملانا	۵۵
۲۸	قعدۂ اخیرہ میں تشہد کو مکرر پڑھنا	۵۶
۲۹	مسبوق کا امام کے ساتھ سجدۂ سہو	۵۷
۳۰	امام کے سجدۂ سہو کے بعد اس کی اقتداء	۵۸
۳۱	منفرد یا امام کا سورۂ فاتحہ کے بعد سوچتے رہنا	۵۹
	باب صلوة المسافر (مسافر کی نماز کا بیان)	
۳۲	سفر سے واپسی پر نماز کا وقت باقی ہو تو کتنی رکعات پڑھے؟	۶۰
۳۳	مسافر شخص کا مقیم امام کی اقتداء میں اتمام	۶۱
	مكروهات الصلاة ومفسداتها (مکروہات ومفسدات نماز)	
۳۴	امام کا محراب میں کھڑا ہونا	۶۲
۳۵	صف میں جگہ ہونے کے باوجود پیچھے کھڑا ہونا	۶۳
۳۶	گوبر سے لیپی ہوئی زمین پر نماز پڑھنا	۶۴
۳۷	بوقتِ نماز شلوار یا پینٹ کو موڑنا	۶۴
۳۸	جوتے پہن کر نماز پڑھنا	۶۶
۳۹	نماز میں جیب سے رومال نکالنا	۶۷
۴۰	نماز میں موبائل فون وائب ریٹ پر رکھنا	۶۷

۴۱	رکوع وسجدہ پر قدرت کے باوجود کرسی پر نماز	۶۸
۴۲	رکوع اور سجدہ پر قادر نہ ہونے کی بناء پر اشارے سے نماز	۶۹
۴۳	فرض نماز کے اعادہ کے ساتھ سنتوں کا اعادہ	۶۹
۴۴	ظہر سے پہلے کی چار رکعت سنت ایک سلام سے ضروری ہے	۷۱
❁	**فصل في التراويح** (تراویح کے بیان میں)	❁
۴۵	تراویح کے اعادہ کی وجہ سے وتر کا اعادہ	۷۲
❁	**باب الجنازة** (جنازے کا بیان)	❁
۴۶	غیر مسلم نرس کا میت بچہ کو غسل اور کفن دینا	۷۳
۴۷	میت پر سوگ اور تعزیت	۷۴
❁	**كتاب الزكوة** (زکوۃ کا بیان)	❁
۴۸	ادائیگی سے پہلے زکوۃ کی رقم کا ضائع ہونا	۷۵
۴۹	فقیر قوم پر زکوۃ	۷۶
۵۰	موبائل پر زکوۃ	۷۷
۵۱	کرایہ پر چلائی جانے والی گاڑیوں پر زکوۃ	۷۸
۵۲	مکان بنانے کے لیے جمع کردہ رقم پر زکوۃ	۷۹
۵۳	شادی کے لیے رکھے گئے زیورات پر زکوۃ	۸۰
۵۴	آٹو رکشا یا فوروہیلر کی قیمت پر زکوۃ	۸۱
۵۵	اموال تجارت کی زکوۃ باعتبار قیمت خرید یا فروخت	۸۲

۵۶	باپ کے ساتھ کاروبار میں معاون لڑکوں پر زکوۃ	۸۲
۵۷	نابالغ کی جمع شدہ رقم پر زکوۃ	۸۳
❁	**باب المصرف** (مصارف کا بیان)	❁
۵۸	زکوۃ کا بہترین مصرف	۸۴
۵۹	کن لوگوں کو زکوۃ نہیں دی جاسکتی؟	۸۵
۶۰	زکوۃ کی رقم اشتہارات پر خرچ کرنا	۸۶
۶۱	حقیقی غریب بھائی، بہن اور بھتیجے وغیرہ کو زکوۃ	۸۶
۶۲	زکوۃ کی رقم سے داماد کو اعلیٰ تعلیم دلوانا	۸۷
۶۳	کھیتی باڑی والے شخص کا زکوۃ لینا	۸۷
۶۴	شادی کے لیے زکوۃ دینا	۸۸
۶۵	زکوۃ کی رقم سے دیئے گئے لحاف وبستر طلباء سے واپس لینا	۸۹
۶۶	زکوۃ کی رقم طویل عرصہ تک روکے رکھنا	۹۰
❁	**کتاب الصوم** (روزے کا بیان)	❁
۶۷	روزے میں دانت اکھڑوانا	۹۲
۶۸	روزے کی حالت میں لفافہ کی گوند زبان سے چاٹنا	۹۳
۶۹	روزے کی حالت میں ٹوتھ پیسٹ کرنا	۹۳
۷۰	سانس کے مریض روزہ دار کا پمپ کے ذریعہ منہ میں ہوا لینا	۹۴
۲۱	روزہ دار کا ناک میں دوا ڈالنا	۹۵

۷۲	روزہ دار کا آنکھوں میں دوا ڈالنا	۹۶
۷۳	روزہ دار کا کان میں تیل یا دوا ڈالنا	۹۶
۷۴	شوگر کے مریض روزہ دار کا انسولین کا انجکشن لینا	۹۷
۷۵	روزہ دار کے لیے وکس یا بام کا استعمال	۹۸
❁	**کتاب الحج** (حج کا بیان)	❁
۷۶	طواف یا سعی میں موبائل پر گفتگو کرنا	۹۹
❁	**کتاب النکاح** (نکاح کا بیان)	❁
۷۷	نکاح کی حقیقت	۱۰۰
۷۸	مسجدوں میں نکاح کی مجلس	۱۰۱
۷۹	مجلسِ نکاح میں تلاوت ونعت	۱۰۳
۸۰	صرف عورتوں کی شہادت سے نکاح	۱۰۴
۸۱	غیر محرم وکیل اور شاہدوں کا لڑکی سے اجازت لینا	۱۰۶
۸۲	فون اور انٹرنیٹ پر نکاح	۱۰۷
۸۳	نابالغ لڑکا لڑکی کا اپنی مرضی سے نکاح	۱۰۸
۸۴	منہ بولی اولاد کو اپنی طرف منسوب کرنا	۱۰۹
۸۵	مخطوبہ کو دیکھنا	۱۱۰
۸۶	منگیتر کے ساتھ خلوت وتنہائی	۱۱۱
۸۷	جہیز کا مطالبہ	۱۱۲

۸۸	میاں بیوی کا آپس میں دی گئیں اشیاء کا طلب کرنا	۱۱۴
۸۹	شادی میں چھوہارے لٹانا	۱۱۵
۹۰	نکاح کے بعد دولہے کا حاضرین کو سلام	۱۱۵
۹۱	رسومات والے نکاح میں شرکت	۱۱۶
۹۲	شادی کارڈ (Wedding Card) چھپوانا	۱۱۷
۹۳	نکاح والوں سے مسجد کے لیے رقم لینا	۱۱۹
۹۴	مہر میں کمی زیادتی	۱۱۹
❁	**فصل في الطلاق والحضانة** (طلاق اور پرورش کے مسائل)	❁
۹۵	طلاق کے بعد بچوں کی پرورش کا حق	۱۲۲
۹۶	حلالہ کے بعد زوجِ اول کو نکاح پر مجبور کرنا	۱۲۳
❁	**باب العدة والنفقة** (عدت اور نفقہ کا بیان)	❁
۹۷	عدت، طلاق کے بعد معتبر ہوتی ہے	۱۲۶
۹۸	عدتِ وفات ختم ہونے پر عورت کو نیا جوڑا دینا	۱۲۸
۹۹	معتدہ کا تنخواہ لینے کے لیے نکلنا	۱۲۹
۱۰۰	معتدہ کا ووٹنگ کے لیے نکلنا	۱۳۰
۱۰۱	معتدہ کا دواخانہ جانا	۱۳۱
۱۰۲	معتدہ کا دوسرے مکان یا صحن میں نکلنا	۱۳۲

۱۰۳	عورت کو اطلاع کے بغیر اس کی عدت کا گذر جانا	۱۳۲
۱۰۴	عدت طلاق کا عدتِ وفات میں بدل جانا	۱۳۴
۱۰۵	عدتِ وفات میں زیب وزینت	۱۳۵
۱۰۶	عدت میں شیمپو کا استعمال	۱۳۶
۱۰۷	دورانِ عدت عورت کی خوراک پوشاک اور رہائش	۱۳۷
۱۰۸	عدتِ وفات میں عورت کا نفقہ	۱۳۹
۱۰۹	شوہر کی اجازت کے بغیر میکے چلی جانے پر نفقہ	۱۴۰
۱۱۰	نفقہ کی مقدار شرعاً مقرر نہیں	۱۴۱
	كتاب الأيمان والكفارة (قسم اور کفارہ کا بیان)	
۱۱۱	غلط کام پر قرآن کی قسم	۱۴۳
۱۱۲	جھوٹی قسم	۱۴۴
۱۱۳	غیر اللہ کے لیے نذر ماننا	۱۴۵
۱۱۴	منت کی مٹھائی کا مستحق	۱۴۶
	كتاب البيوع (خرید وفروخت کا بیان)	
۱۱۵	بیع میں خیار نقد	۱۴۷
۱۱۶	والد کی دکان سے دوستوں کو رعایت پر سامان دینا	۱۴۸
۱۱۷	ذبح سے پہلے جانور کی کلیجی اور بھیجہ کا سودا	۱۴۹

۱۱۸	مختلف ملکوں کی کرنسی کا تبادلہ	۱۵۰
۱۱۹	تعمیر سے پہلے فلیٹ کی خرید وفروخت	۱۵۰
۱۲۰	دودھ میں پانی ملا کر بیچنا	۱۵۲
۱۲۱	سیونگ اکاؤنٹ میں رقم جمع کرنا	۱۵۳
۱۲۲	اناج، پیاز لہسن کی ذخیرہ اندوزی	۱۵۴
❁	**باب الرهن والغصب** (گروی اور غصب کا بیان)	❁
۱۲۳	گروی رکھی ہوئی چیز کا استعمال	۱۵۶
۱۲۴	غصب کردہ چیز سے فائدہ اٹھانا	۱۵۷
❁	**كتاب الوقف** (وقف کا بیان)	❁
۱۲۵	قبرستان کے درختوں کے پھل	۱۵۸
❁	**أحكام المسجد** (مسجد کے احکام)	❁
۱۲۶	مسجد میں داخلہ کی دعاء گیٹ یا دروازے پر؟	۱۵۹
۱۲۷	مسجد میں سونا	۱۶۰
۱۲۸	مسجد کے لائٹ اور پنکھوں کا استعمال	۱۶۱
۱۲۹	مسجد کے نل سے اہلِ محلّہ کا پانی لینا	۱۶۱
۱۳۰	ایک مسجد کی چٹائیاں دوسری مسجد میں	۱۶۲
۱۳۱	روضۂ اقدس کے ڈیزائن کا گنبد بنوانا	۱۶۳
۱۳۲	مسجد کے مینار کی تحدید وتعیین	۱۶۳

۱۳۳	ایصالِ ثواب کے لیے بنوائی گئی مسجد میں پتھر پر نام کندہ کروانا	۱۶۴
❁	**كتاب الأضحية** (قربانی کا بیان)	❁
۱۳۴	قربانی کی نیت سے قربانی کا وجوب	۱۶۵
۱۳۵	دس ذی الحجہ کو زوال کے بعد قربانی	۱۶۶
۱۳۶	نماز عید پڑھے بغیر قربانی	۱۶۶
۱۳۷	ایام قربانی گذر گئے اور قربانی نہ کرسکا	۱۶۷
۱۳۸	اجتماعی قربانی	۱۶۸
۱۳۹	بڑے جانور کی قربانی ایک فرد کی طرف سے	۱۶۹
۱۴۰	مالدار صاحبِ نصاب بیوی پر قربانی	۱۷۰
۱۴۱	سینگ ٹوٹے جانور کی قربانی	۱۷۱
۱۴۲	ایک ہی تھن سے دودھ دینے والے جانور کی قربانی	۱۷۲
۱۴۳	خارش زدہ جانور کی قربانی	۱۷۲
۱۴۴	جس جانور کی تھنوں سے دودھ نہ اترے اس کی قربانی	۱۷۳
۱۴۵	قربانی کی نیت سے خریدے گئے جانور کا دودھ	۱۷۴
۱۴۶	خریدے گئے جانور کے بدلہ دوسرے جانور کی قربانی	۱۷۵
۱۴۷	خصی بکرے اور مینڈھے وغیرہ کی قربانی	۱۷۵
۱۴۸	باؤلے جانور کی قربانی	۱۷۶
۱۴۹	جنابت کی حالت میں قربانی کا جانور ذبح کرنا	۱۷۷

۱۵۰	عورت کا اپنی قربانی کا جانور خود ذبح کرنا	۱۷۸
۱۵۱	بوقتِ ذبح عربی زبان میں ''بسم اللہ''	۱۷۹
۱۵۲	چھری چلانے والے کے ساتھ شریک شخص کا ''بسم اللہ'' کہنا	۱۷۹
۱۵۳	قربانی کے گوشت کی تقسیم اندازے سے	۱۸۰
۱۵۴	قربانی کے شریکوں میں سے کسی فرد کا وفات پانا	۱۸۱
۱۵۵	قربانی کے جانور کے گلے کی رسی یا زنجیر	۱۸۲
۱۵۶	قربانی کا گوشت سکھا کر رکھنا	۱۸۳
❁	**كتاب الهبة** (ہبہ کا بیان)	❁
۱۵۷	زندگی میں جائداد کی تقسیم	۱۸۴
❁	**كتاب اللقطة** (لقطہ کا بیان)	❁
۱۵۸	امانت کو لقطہ کی طرح صدقہ کر دینا	۱۸۵
۱۵۹	مسافر کا گاڑی میں چھوٹا ہوا سامان	۱۸۶
۱۶۰	دوسرے کی مرغی کا انڈا	۱۸۷
❁	**كتاب الحظر والإباحة** (ممنوعات ومباحات کا بیان)	❁
۱۶۱	ہاتھ کی لکیروں سے قسمت کی معرفت	۱۸۹
۱۶۲	سلام کا جواب ''جیتے رہو، خوش رہو'' سے دینا	۱۹۰
۱۶۳	ٹریفک کے قواعد کی خلاف ورزی	۱۹۱

۱۶۴	وکیل کا ناحق مقدمہ لڑنا	۱۹۱
۱۶۵	غیر مسلم ممالک کا رخ کرنا	۱۹۳
۱۶۶	امتحان ہال کا پیڈ (Pad) کمرہ میں لانا	۱۹۴
۱۶۷	کسی کا فوٹو دوسرے کے پاسپورٹ پر لگانا	۱۹۵
۱۶۸	اپریل فول (April Fool)	۱۹۶
❁	**فصل فی اللعب** (کھیل کے بیان میں)	❁
۱۶۹	ستر کھول کر کھیلنا	۱۹۸
۱۷۰	کھیل میں سٹہ بازی	۲۰۰
۱۷۱	کھیل کود میں وقت ضائع کرنا	۲۰۰
۱۷۲	ایسا کھیل جو انسان کے وسیع تر مفاد میں ہو	۲۰۱
۱۷۳	کھیل کی ہار جیت میں جانبین سے شرط	۲۰۳
۱۷۴	کھیل کود کے لیے وقف ہو جانا	۲۰۴
۱۷۵	کھیل کو مقصدِ زندگی بنانا	۲۰۵
۱۷۶	مزاح و مذاق	۲۰۶
۱۷۷	مزاحیہ پروگرام یا مشاعرے	۲۰۷
۱۷۸	لطیفہ گوئی یا مزاح نویسی کو ذریعۂ آمدنی بنانا	۲۰۸
۱۷۹	ہنسنے ہنسانے والے پروگرام	۲۰۹
۱۸۰	تفریحی مقصد سے سفر کرنا	۲۱۰

۱۸۱	پُرخطر مقامات کی تفریح	۲۱۱
۱۸۲	غیر شرعی امور والی جگہوں کی تفریح	۲۱۱
۱۸۳	فوٹوگرافی	۲۱۳
۱۸۴	ذی روح کی فوٹوگرافی	۲۱۳
۱۸۵	تاریخی مقامات اور قدرتی مناظر کی فوٹوگرافی	۲۱۴
۱۸۶	تعلیمی، اصلاحی اور دعوتی مقصد کے لیے فوٹوگرافی	۲۱۵
۱۸۷	مسافروں کے لیے گاڑی، ٹکٹ اور قیام کا نظم کرنا	۲۱۶
۱۸۸	کارٹون سازی	۲۱۷
۱۸۹	واضح خدوخال والے کارٹون	۲۱۸
۱۹۰	اہانت کے مقصد سے کارٹون بنانا	۲۱۸
۱۹۱	عریانیت پر مشتمل کارٹون	۲۱۹
۱۹۲	کارٹون سازی کو ذریعۂ آمدنی بنانا	۲۲۰
۱۹۳	مکالمات اسٹیج کرنا	۲۲۱
۱۹۴	کمپیوٹر، لیپ ٹاپ اور موبائل پر فلم بینی	۲۲۳
❁	**باب الأكل والشرب** (کھانے پینے کا بیان)	❁
۱۹۵	کھانے کے وقت ہاتھ دھونا	۲۲۶
۱۹۶	کھانا حاضر ہونے کے بعد انتظار	۲۲۷
۱۹۷	روٹی کے چار ٹکڑے کرنا	۲۲۸

۱۹۸	کھانے کے بعد میٹھا کھانا	۲۲۹
۱۹۹	کھانے کے بعد پلیٹ میں پانی ڈال کر اسے پی لینا	۲۲۹
۲۰۰	دسترخوان کے طور پر اردو اخبارات کا استعمال	۲۳۰
۲۰۱	کھانے میں ''اجینوموٹو'' کا استعمال	۲۳۲
۲۰۲	کرسی پر بیٹھ کر کھانا	۲۳۲
۲۰۳	آب زم زم کھڑے ہوکر پینا	۲۳۳
۲۰۴	ہومیوپیتھک دواؤں سے علاج	۲۳۴
	متفرق مسائل	
۲۰۵	آئی لینس (Eye Lens) کا استعمال	۲۳۵
۲۰۶	غلط طریقے سے ''او بی سی'' سرٹیفکٹ بنوانا	۲۳۶
۲۰۷	''پی ڈی ایف ایکسل'' میں قرآن کریم محفوظ کرنا	۲۳۷
۲۰۸	ہیئر ڈائز کا استعمال	۲۳۸
۲۰۹	ویلی ڈیٹی (Validity) ختم ہونے کے باوجود موبائل سروس	۲۳۹
۲۱۰	اسم باری تعالیٰ کے ساتھ لفظ ''میاں'' کا استعمال	۲۴۰
۲۱۱	دستی گھڑی کا استعمال	۲۴۱
۲۱۲	اساتذہ وٹیچرس کی طلباء کو مخصوص سزا	۲۴۲
۲۱۳	راشن دکان کا سامان زائد قیمت میں فروخت کرنا	۲۴۲
۲۱۴	نام کے ساتھ لفظ ''مفتی'' یا ''پروفیسر'' لگانا	۲۴۳

۲۱۵	موبائل فون پر قرآنی آیات واحادیث کا میسج	۲۴۴
۲۱۶	آن لائن تعلیمِ قرآن پر اجرت	۲۴۵
۲۱۷	طلبِ علم میں مشغول اولاد کا نفقہ	۲۴۶
۲۱۸	بجلی کے کرنٹ والی مشین سے مچھروں کو مارنا	۲۴۷
	پانی سے متعلق مسائل	
۲۱۹	پانی کی حفاظت اور ذخیرہ اندوزی	۲۴۸
۲۲۰	نشیبی علاقوں میں پلاٹنگ	۲۴۹
۲۲۱	پانی کے نکاسی کی ذمہ داری	۲۵۰
۲۲۲	پانی فراہمی کا معاوضہ	۲۵۱
۲۲۳	پانی کی تجارت	۲۵۲
۲۲۴	بسلیری پانی اور پاؤچ کی خرید وفروخت	۲۵۳
۲۲۵	نہروں سے فائدہ اٹھانا	۲۵۴
۲۲۶	ڈیم کا پانی چھوڑتے وقت بالائی ونشیبی علاقوں کا تحفظ	۲۵۴
۲۲۷	ڈیم کی تعمیر کے لیے آبادی کی منتقلی	۲۵۵
۲۲۸	موقوفہ پانی میں اسراف	۲۵۷
۲۲۹	زائد از ضرورت پانی کا استعمال	۲۵۷
۲۳۰	مملوکہ زمین کے نیچے پانی مباح الاصل ہے	۲۵۸
۲۳۱	مصادر ومراجع	۲۶۰

File F:\DARUL IFTAALL FILE\ALL MASAILE MUHIMMAH\MASAELE MUHIMMAH PART NO 4\Z-930.tif not found.

انتساب

خادم کتاب وسنت، روحِ رواں جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم،
حضرت مولانا غلام محمد صاحب وستانوی دامت برکاتہم کے نام جن
کی سرپرستی میں نہ صرف جامعہ اور شاخہائے جامعہ کے دینی وعصری تعلیمی
شعبے، بلکہ وطنِ عزیز کے بہت سے تعلیمی ادارے اور قومی، ملی، سماجی ورفاہی
تنظیمیں بھی شب وروز مصروفِ عمل رہ کر ترقیات کے زینے طے کررہی ہیں۔
ان فقہاء، محدثین، مفسرین، اصولیین، اور متکلمین کرام کے نام جنہوں نے اپنے
خونِ جگر سے شجرۂ علوم اسلامیہ کی آبیاری کی، اور آج بھی کررہے ہیں۔
مشفق ومربی اساتذہ ووالدین کے نام، جن کی محنتوں اور دعاؤں سے
ہمارے دلوں میں علومِ اسلامیہ کی محبت پیدا ہوئی ہے!

مرتب

دعائیہ کلمات

خادم کتاب وسنت حضرت مولانا غلام محمد صاحب وستانوی دامت برکاتہم
رئیس: جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا

☆ قال النبي ﷺ : " لكل شيء دعامة ، ودعامة الإسلام الفقه في الدين " .

(كنز العمال: ۱۰ /۷۷، رقم الحديث: ۲۸۹۲۰)

(ہر چیز کے لیے ایک ستون ہے جس پر اس کا مدار ہوتا ہے، اور اس دین کا ستون فقہ ہے)

ہر زمانہ میں فقہ وفتاوی کو بڑی قدر ومنزلت کی نگاہ سے دیکھا گیا، اور سماج ومعاشرہ کی اصلاح وانقلاب کا اسے ایک مؤثر ذریعہ سمجھا گیا۔

آج کے اس پُرفتن، خدا بیزار، علوم اسلامیہ سے نہ صرف عدم واقفیت، بلکہ ایک حد تک اسلامی اقدار کے باغی معاشرہ اور سماج میں، بڑی حیرت انگیز تبدیلیاں اور زبردست انقلابات رونما ہوئے، سائنس وٹیکنالوجی کی ترقی نے نئے نئے اُفق پیدا کیے، اور اب دنیا گلوبلائزیشن (Globalization) کی دنیا کہی جانے لگی، معاشی اور اقتصادی امور میں، نت نئی ترقیات نے جہاں نئے نئے مسائل لا کھڑے کر دیئے، وہیں ذرائع ابلاغ کی نئی نئی ایجادات نے فکری ونظری، تہذیبی وثقافتی جنگوں کے محاذ کھول دیئے، اب جو لوگ شریعت اسلامیہ کو اپنی معاشرت، تجارت، اور زندگی کے دوسرے میدانوں میں معیار ہدایت قرار دے کر زندگی گزارنا چاہتے ہیں، ان کے سامنے ایسے سینکڑوں مسائل آ کھڑے ہیں، جن کے بارے میں وہ علماء اسلام واصحابِ افتاء کی طرف نظریں جمائے ہوئے ہیں، کہ کیا یہ جائز ہیں یا ناجائز؟

اس اہم موڑ پر ان کی رہنمائی و رہبری علماء شریعت پر فرض ہے، اسی فرض کی انجام دہی کے لیے جامعہ نے چار سال قبل " قسم الإفتاء و دار الإفتاء " قائم کیا، تاکہ امت کو موجودہ حوادث و مسائل کا شرعی حل مل جائے، اور اس عظیم ذمہ داری کے بارِ گراں کو اٹھانے کے لیے، ملک ہندوستان کی مختلف ریاستوں کے علماء بھی تیار ہوں۔

الحمد للہ! امسال آٹھ فضلاءِ جامعہ اس شعبہ میں زیرِ تعلیم و تربیت رہے، اس شعبہ کی دیگر تعلیمی و تربیتی مصروفیتوں کے ساتھ ساتھ، پورے سال ایک مشغولیت یہ بھی رہی کہ جن مسائل میں لوگوں کا ابتلاء عام ہے، ان میں سے کسی ایک مسئلہ کی پوری صورت قلمبند کر کے، اس پر آیاتِ قرآنیہ، احادیثِ نبویہ، عباراتِ فقہیہ، اور قواعد کی روشنی میں حکمِ شرعی کی تطبیق کے بعد، وہ جامعہ کی مسجد (مسجد میمنی) میں بعد نماز ظہر سنایا جاتا رہا۔

اب انہیں مسائل کا مجموعہ: ﴿المسائل المهمة فيما ابتلت به العامة﴾ کے نام سے منظر عام پر آ رہا ہے، میں نے ان مسائل کو مسجد میمنی میں سنا، ان کو عوام و خواص کیلئے بے انتہاء مفید پایا، اور ان کو شائع کرنے کی اجازت دی، میری دعاء ہے اللہ رب العزت اسے قبولیتِ عامہ عطاء فرمائے، اور امت کی اصلاح کا ذریعہ بنائے، نیز مرتّب، اور ان کے تمام رفقاءِ کار کو دنیا و آخرت میں فلاح و نجاح نصیب فرما کر خدمتِ دین کے لئے تاعمر قبول فرمائے۔

ربنا تقبل منا إنک أنت السميع العليم وتب علينا إنک أنت التواب الرحيم. (آمین)

۲۵/۷/۱۴۳۲ھ / م ۲۷/۶/۲۰۱۱ء

☆☆☆☆☆

ایک اہم وضاحت

مولانا محمد حذیفہ صاحب وستانوی
ناظمِ تعلیمات جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا

اللہ رب العزت کا فرمان ہے: ﴿اتبعوا ما أنزل إليكم من ربكم﴾. (سورۃ الأعراف:۳)
تم لوگ اس (کتاب) کی پیروی کرو جو تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے آئی ہے۔
آپ ﷺ کا ارشاد ہے: " لايؤمن أحدكم حتى يكون هواه متبعا لما جئت به " .
(كنز العمال: ۱/ ۱۲۱)

آیتِ مبارکہ میں "مـــــا" عموم کیلئے ہے، جو تمام مصادرِ شرعیہ یعنی قرآن، حدیث، اجماع اور قیاس وغیرہ کو شامل ہے، ہمارے فقہاء کرام کا ہمیشہ سے یہ طریقہ رہا کہ وہ کتاب، سنت، اجماع اور قیاسِ صحیح ہی سے مسائل کا استخراج واستنباط کرتے رہے، اور پچھلی چودہ صدیوں سے اسی طرح حلال وحرام کی معرفت حاصل کیجاتی رہی ہے۔

اللہ تعالیٰ پوری امت کی طرف سے جزائے خیر دے۔

☆ رسولِ عربی، آقا مدنی ﷺ کو جن کے ذریعہ ہمیں مصادرِ شرعیہ عطا ہوئے۔

☆ حضراتِ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین کو جنہوں نے علومِ وحی کو پوری امانت داری کے ساتھ اپنے بعد والوں تک پہونچادیا۔

☆ حضرات فقہاء، مفسرین، محدثین اور علماء دین کو جنہوں نے کمالِ احتیاط اور نظم وضبط کے ساتھ اصول وقواعد کو مدِ نظر رکھ کر بے شمار مسائل کو حل فرمایا۔

الحمدللہ! جامعہ میں تقریباً چار سال قبل دارالافتاء کا قیام عمل میں آیا تو اول یوم سے ہی یہ کوشش کی گئی کہ اس سے امت کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچایا جائے، اور ہر ممکن طریقہ سے امت کو حلال وحرام سے واقف کرایا جائے، اسی کے پیش نظر یہ کتاب ﴿**المسائل المهمة فيما ابتلت به العامة**﴾ کی طباعت عمل میں آرہی ہے، جو سلسلۂ مسائلِ مہمہ کی چوتھی کڑی ہے، سالِ گزشتہ مسائل مہمہ کی جلدِ ثالث شائع ہوکر منظر عام پر آچکی، عوام وخواص نے اس کو پسندیدہ نگاہوں سے دیکھا، لہذا اس سلسلہ کو آگے بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا، اور اب اس کی چوتھی جلد آپ کے ہاتھوں میں ہے، آئندہ بھی ان شاء اللہ ہر سال عوام وخواص کو پیش آمدہ مسائل تحقیق، تخریج اور تطبیق کے بعد پیش کرنے کی کوشش کی جاتی رہے گی، قارئین کرام سے درخواست ہے کہ وہ اسلامی احکامات پر عمل پیرا ہوں، تاکہ دنیا وآخرت کی کامیابی سے سرخرو ہوجائیں، اور ائمۂ مساجد سے بھی امید کی جاتی ہے کہ اس جانب متوجہ ہوں، اور فضائل کے ساتھ ساتھ مسائل سے بھی امت کو آگاہ کریں۔

اس کتاب میں حتی الامکان یہ کوشش کی گئی کہ ہر مسئلہ کو خوب سے خوب مدلل کیا جائے، اور مسئلہ کیلئے بطورِ دلیل قرآنِ کریم اور حدیثِ رسول ﷺ کو بعد از تتبع پیش کیا جائے، اور ساتھ ہی ساتھ فقہاء امت کی تصنیفات وتالیفات سے بھرپور تعاون حاصل کرتے ہوئے، جزئیاتِ فقہیہ سے بھی تقویت دیجائے، تاکہ مسئلہ بالکل منقّٰی ومجلّٰی ہوکر سامنے آجائے۔

اللهم وفقنا لما تحب وترضٰى. (آمین)

محمد حذیفہ وستانوی

۲۵/۷/۱۴۳۲ھ/ م ۲۷/۶/۲۰۱۱ء

ابتدائیہ

مفتی محمد جعفر صاحب ملی رحمانی
صدر دارالافتاء: جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم
اکل کوا، نندر بار، مہاراشٹر

فرمان باری تعالیٰ ہے: ﴿إن الدين عند الله الإسلام ، ومن يبتغ غير الإسلام ديناً فلن يقبل منه وهو فى الآخرة من الخاسرين﴾ ۔ ''اور جو کوئی اسلام کے سواء کسی اور دین کو تلاش کرے گا، سو وہ اس سے ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا، اور وہ شخص آخرت میں تباہ کاروں میں سے ہوگا''۔ (آل عمران:۸۵)

اور ارشاد نبویؐ ہے: '' تركتكم على البيضاء ليلها كنهارها لا يزيغ عنها بعدى إلا هالك '' ۔ ''میں نے تم کو ایک ایسی روشن شریعت پر چھوڑا کہ اس کی رات بھی اس کے دن کی طرح ہے، اور میرے بعد اس سے وہی شخص انحراف کرے گا، جو تباہ و برباد ہوگا''۔ (اتحاف السادۃ المتقین للزبیدی:۱/۱۸۲)

آیتِ قرآنی وحدیثِ نبوی دونوں سے معلوم ومفہوم ہوتا ہے کہ جن لوگوں کے اعمال وزندگیاں اسلامی تعلیمات کے مطابق ہوں گی کل قیامت کے دن وہی لوگ ، کامیاب وکامران، اور شاداں وفرحاں ہوں گے، اور جن لوگوں کے اعمال وزندگیاں اسلامی تعلیمات سے ہٹ کر گزریں گی وہ لوگ سخت نقصان وخسارہ میں ہوں گے، اسلامی تعلیمات کی اسی اہمیت وضرورت کے پیش نظر رسول عربی ﷺ نے طلبِ علمِ دین کو ہر مسلم مرد وعورت پر فرض قرار دیا ہے، جن لوگوں نے عمر کے اس مرحلہ میں علم دین حاصل نہیں کیا جس میں عموماً علم

دین حاصل کیا جاتا ہے، انہیں دینی تعلم سے آراستہ کرنے اور ان کی زندگیوں کو اسلامی زندگیاں بنانے کیلئے وارثین انبیاء اور بزرگان دین نے بڑی محنتیں اور کوششیں فرمائی ہیں، اور آج بھی یہ محنتیں مختلف انداز وجہتوں سے جاری وساری ہیں۔

علوم اسلامیہ اور احکام شرعیہ کی تعمیم وتشہیر میں مساجد کا بڑا کردار ورول رہا ہے، اور آج بھی مسجدیں اپنے اس اہم کردار کو ادا کررہی ہیں، جیسا کہ ہمارا مشاہدہ ہے کہ جمعہ واعیاد کے موقع پر علماء اسلام وخطباء عظام، مسلمانوں کے جم غفیر کے سامنے موقع محل، موسم اور حالات کے عین مطابق اسلامی ہدایات اور شرعی احکام بیان فرماتے ہیں، جس سے امت کو بڑا فائدہ پہنچتا ہے، اور وہ از سر نو اپنے اعمال وزندگیوں کا جائزلے کر راہ مستقیم پر چلنے عزم وارادہ کر لیتے ہیں، اور واقعہ یہی ہے کہ اس سے بہت سارے لوگوں کی زندگیوں میں بڑا انقلاب برپا ہوا ہے۔

زیر نظر کتاب ''**المسائل المهمة في ما ابتلت به العامة جلد ثالث**'' جو دوسوتیس (۲۳۰) محقق ومدلل، ان مسائل پر مشتمل ہے، جو زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھتے ہیں، اور روزمرہ زندگی میں عام لوگوں کا ان میں ابتلاء ہے، اس کی طباعت میں بھی یہی جذبۂ خیر کارفرما ہے۔

جامعہ کے دارالافتاء کی کوشش ہے کہ ایسے مسائل جن ابتلاء عام ہے، ان کی صورتوں کو قلمبند کر کے ان کی تحقیق وتخریج کی جائے اور لوگوں کو ان سے باخبر کیا جائے، تاکہ وہ اپنے اعمال کی پیشی سے پہلے ان کی اصلاح ودرستی کرلیں، اور بروزِ قیامت فوز وفلاح سے ہمکنار ہوں۔

میں مبارکبادی پیش کرتا ہوں افتاء کے طلباء عزیزم مفتی محمد حمزہ آکولوی اور عزیزم مفتی محمد وسیم اورنگ آبادی کو جو ان مسائل میں سے روزآنہ ایک ایک مسئلہ بلاناغہ سال بھر بعد نماز ظہر ومغرب، جامعہ کی ''مسجد میمنی'' و''مسجد السلام'' میں پڑھتے رہے، **فزادهم الله علماً نافعاً وعملاً متقبلاً**.

اسی طرح میں مشکور ہوں عزیزم مفتی محمد افضل اشاعتی اور مفتی مجیب الرحمٰن اشاعتی صاحبان کا جو بڑی محنت ولگن اور شوق وذوق کے ساتھ ان مسائل کی تحقیق وتخریج میں سال بھر بندے کا تعاون فرماتے رہے۔

اسی طرح میں مشکور ہوں عزیزم مفتی شمشیر احمد اشاعتی ومفتی عبدالمتین اشاعتی صاحبان کا کہ ان دونوں حضرات نے ان مسائل کی تبویب وترتیب، کمپوزنگ و پروف ریڈنگ اور ضروری مراجعتِ کتب جیسے اہم کاموں کو انجام دیا، تقبل الله سعيهما وبارک في علمهما وعملهما . آمين

اگر ائمۂ مساجد تھوڑی سی توجہ دیں، اور پنج وقتہ نمازوں میں سے کسی ایک نماز کے بعد روزانہ ایک مسئلہ اپنے مقتدیوں کو سنانے کا اہتمام کرلیں، تو امید ہے کہ دینی، تعلیمی اور اصلاحی اعتبار سے اس کا بڑا فائدہ ہوگا، وما ذلک على الله بعزيز۔

الحمد لله الذى هدانا لهذا وما كنا لنهتدى لو لا أن هدانا الله

لا حول ولا قوة إلا بالله العلى العظيم

وصلى الله على نبيه الكريم

وعلى آله الطيبين الطاهرين

وسلم تسليماً كثيرا كثيرا

۱۴۳۲/۷/۲۵ھ

۲۰۱۱/۶/۲۷ء

كتاب الطهارة

(طہارت کا بیان)

مسجد میمنی کا حوض

مسئلہ (۱): دہ دردہ حوض کی تعریف یہ ہے کہ اس کا کل رقبہ یعنی طول وعرض کا حاصلِ ضرب سو ذراع برابر ۲۲۵ راسکوائر فٹ ہو، اس لحاظ سے مسجد میمنی کا حوض دہ دردہ مربع حوض کے حکم میں ہے، کیوں کہ اس کے طول وعرض کا حاصلِ ضرب تقریباً ۲۲۶٫۳ راسکوائر فٹ ہے، لہذا اگر اس حوض میں کوئی نجاست گر جاوے، تو جب تک اس کے پانی میں نجاست کا کوئی اثر یعنی رنگ، بو اور مزہ ظاہر نہ ہو، وہ پانی پاک ہی رہے گا، اور اس سے وضو اور غسل وغیرہ کرنا درست ہوگا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الهداية " : قدروا بالمساحة عشراً في عشر بذراع الكرباس توسعة للأمر على الناس وعليه الفتوىٰ . (۱/۳۶)

ما في " الدر المختار مع الشامي " : فلذا أفتى به المتأخرون الأعلام : أي في المربع بأربعين ، وفي المدوّر بستة وثلاثين ، وفي المثلث من كل جانب خمسة عشر ، وربعاً وخمساً بذراع الكرباس ، ولو له طول لا عرض ، لكنه يبلغ عشراً في عشرٍ جاز تيسيراً . الدر المختار .

(۱/۳۴۱، ۳۴۲، ۳۴۳، كتاب الطهارة ، باب المياه ، بيروت)

ما في " الفتاوى الهندية " : وإذا ألقى في الماء الجاري شيء نجس كالجيفة والخمر لا يتنجس ما لم يتغير لونه أو طعمه أو ريحه ، وعند أبي يوسف لا بأس بالوضوء إذا لم يتغير أحد أوصافه .

(۱/۱۷، البحر الرائق : ۱/۱۴۱)=

بارش میں پرنالہ کا پانی

مسئلہ (۲): اگر کوئی شخص بارش کا پانی پرنالہ کے ذریعہ کسی برتن وغیرہ میں روک کر ذخیرہ کرلے، اور اس میں کوئی نجاست نہ ہو تو وہ پانی پاک ہے، اس سے وضو اور غسل کرنا درست ہے۔[1]

= ما فی " الفتاوی الهندية " : يجوز التوضؤ فی الحوض الكبير المنتن إذا لم تعلم نجاسة . (۱/۱۸) ما فی " الدر المختار " : يجوز براكد كثير أی وقع فيه نجس لم ير أثره ولو فی موضع وقوع المرئية . به يفتیٰ . (۱/۳۶)

(کفایت المفتی: ۲/۲۴۵، احسن الفتاوی: ۲/۴۵، روضۃ الفتاوی: ۱/۳۲۲، فتاوی رحیمیہ: ۴/۴۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الدر المختار مع الشامية " : قوله : (ولو شک) فی التاترخانية : من شک فی إنائه أو ثوبه أو بدنه أصابته نجاسة أو لا ، فهو طاهر ما لم يستيقن ، وكذا الآبار والحياض والحباب الموضوعة فی الطرقات ، ويستقی منها الصغار والكبار، والمسلمون والكفار .

(۱/۲۸۳/۲۸۴، مطلب فی ندب مراعاة الخلاف إذا لم يرتكب مكروه مذهبه ، قبيل مطلب فی أبحاث الغسل ، الفتاوی التاتارخانية : ۱/۷۹، نوع آخر فی مسائل الشک ، مكتبة دارالايمان سهارنفور) (فتاوی محمودیہ: ۵/۱۲۸/۱۲۹)

ٹرین کی ٹنکی کا پانی

مسئلہ (۳): ٹرین یعنی ریل گاڑی کی ٹنکی میں جو پانی ہوتا ہے، اگر اس میں اوصافِ ثلاثہ یعنی رنگ، بو اور مزہ میں سے کوئی وصف نہ پایا جائے تو وہ پانی پاک ہے، اس سے وضو اور غسل کرنا درست و جائز ہے، طبعی کراہت کی وجہ سے اس کی پاکی میں شبہ نہ کیا جائے۔ (۱)

پانی کی جدید ٹنکیاں اور ان کی طہارت و نجاست

مسئلہ (۴): آج کل عام شہروں میں گھروں کے اندر غسل خانوں وغیرہ میں پانی پہنچانے کیلئے پائپ سسٹم کا رواج ہے، جیسا کہ خود ہمارے جامعہ میں اس کا مشاہدہ کیا جاسکتا ہے، جس کا طریقۂ عمل یہ ہے کہ بورنگیں چالو کی جاتی ہیں، جس سے ٹنکیوں میں پانی پہنچ جاتا ہے، پھر ان ٹنکیوں کے ذریعہ یہ پانی مختلف جگہوں میں پہنچایا جاتا ہے، عام طور پر یہ ٹنکیاں دہ در دہ (جس کا کل رقبہ یعنی طول و عرض کا حاصلِ ضرب سو ذراع برابر ۲۲۵ راسکوائر فٹ ہو) سے کم ہوتی ہیں، اگر ان میں نجاست ایسی حالت میں گری ہے کہ اس کا پانی دونوں طرف سے جاری ہے، مثلاً بورنگ کے ذریعہ ایک طرف سے پانی چڑھایا جارہا ہے اور دوسری طرف

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " :وعند أبي يوسف : لا بأس بالوضوء ، إذا لم يتغير أحد أوصافه ، كذا في شرح الوقاية ، وفي النصاب : عليه الفتوى ، كذا في المضمرات .

(۱/۱۷، الباب الثالث في المياه ، الفقه على المذاهب الأربعة : ۱/۳۴، كتاب الطهارة ، مباحث الماء الطهور، دار الكتب العلمية بيروت ، الفتاوى التاتارخانية : ۱/۹۲، الفصل الرابع في المياه التي يجوز الوضوء بها والتي لا يجوز الوضوء بها ، مكتبة دار الايمان سهارنفور) (فتاوی محمودیہ:۵/۱۲۸، کراچی)

پائپ کے ذریعہ غسل خانوں، بیت الخلاء وغیرہ میں پانی نکالا جارہا ہو تو اکثر فقہاء کرام کے نزدیک اس وقت یہ ٹنکیاں ماء جاری کے حکم میں ہونے کی وجہ سے اس وقت تک ناپاک نہیں ہوں گی، جب تک پانی کے بنیادی تین اوصاف رنگ، بو اور مزہ میں سے کوئی ایک نہ بدل جائے،(۱) لیکن اگر یہ نجاست ٹنکی میں ایسے وقت گری کہ پانی دونوں طرف سے جاری تھا اور پھر کسی ایک طرف سے پانی کے بند ہونے کے بعد بھی اسی میں پڑی رہی، یا ایسے وقت گری کہ ان ٹنکیوں کا پانی دونوں طرف سے جاری نہ ہو، دونوں طرف میں سے کسی ایک طرف سے بند ہو، مثلاً بورنگ کے ذریعہ پانی چڑھایا تو جارہا ہے مگر اس کا اخراج نہیں ہورہا ہے، یا اخراج ہورہا ہے مگر پانی نہیں چڑھایا جارہا ہے، بلکہ محض ٹنکی میں موجود پانی کا اخراج ہورہا ہے، تو ایسی صورت میں یہ ٹنکیاں ناپاک ہوجائیں گی، اور اگر یہ ٹنکیاں دہ دردہ ہیں تو ماء جاری کے حکم میں ہوں گی، اور ناپاکی گرنے کے بعد اس وقت تک ناپاک شمار نہ ہوں گی جب تک پانی کے تین وصفوں میں سے کوئی ایک وصف نہ بدل جائے، ان دونوں طرح کی ٹنکیوں کی پاکی کا طریقہ یہ ہوگا کہ اگر محسوس جسامت رکھنے والی ناپاکی گری ہے تو اسے ان ٹنکیوں سے نکال دیا جائے، پھر ان کو دونوں طرف سے جاری کردیا جائے، دوسری طرف سے پانی نکلتے ہی یہ ٹنکیاں پاک ہوجائیں گی، پانی کی کسی خاص مقدار کا نکالنا ضروری نہیں ہے، البتہ بعض فقہاء کرام کے نزدیک احتیاطاً تین مرتبہ اور بعض کے ہاں ایک مرتبہ حوض یا ٹنکی کا پانی بھر کر نکال دینا ضروری ہے،(۲) اس لئے احتیاط اس میں ہے کہ ایک طرف سے پاک پانی داخل کرکے دوسری طرف سے اتنا پانی نکال دیا جائے جتنا کہ وقوعِ نجاست کے وقت اس حوض یا ٹنکی میں موجود ہے، اس کے بعد حوض یا ٹنکی اور اس کے پائپ کو پاک سمجھا جائے، اور اگر تھوڑا سا پانی

نکل جانے کے بعد بھی استعمال کرلیا جائے تو قول مختار کے موافق گنجائش ہے۔ (۳)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " نور الإيضاح " : أو جارياً وظهر فيه أثرها والأثر طعم أو لون أو ريح .

(ص/۲۶، كتاب الطهارة)

(۲) ما فی " شرح المنية عن فتاوى قاضی خان " : فإن أدخل يده فی الحوض وعليها نجاسة إن كان الماء ساكنا لا يدخل فيه شيء من انبوبه ، ولا يغترف إنسان بالقصعة يتنجس ماء الحوض وإن كان الناس يغترفون من الحوض بقصاعهم ولا يدخل من الانبوب ماء أو على العكس اختلفوا فيه وأكثرهم على أنه يتنجس ماء الحوض وإن كان الناس يغترفون بقصاعهم ويدخل فيه من الأنبوب اختلفوا فيه وأكثرهم على أنه يتنجس ، انتهى ، فهذا هو الذى ينبغى أن يعتمد عليه . (شرح المنية :ص/۹۹)

(۳) ما فی " شرح المنية " : فإن دخل الماء من جانب حوض صغير كان قد تنجس مائه فخرج من جانب قال أبوبكر بن سعد الأعمش : لا يطهر ما لم يخرج مثل ما كان فيه ثلاث مرات فيكون ذلک غسلا له كالقصعة حيث تغسل إذا تنجست ثلاث مرات ، وقال غيره لا يطهر ما لم يخرج مثل ما كان فيه مرة واحدة ، وقال أبوجعفر الهندوانى : يطهر بمجرد الدخول من جانب والخروج من جانب وإن لم يخرج مثل ما كان فيه ، وهو أى قول الهندوانى اختار صدر الشهيد حسام الدين لأنه حينئذ يصير جارياً والجارى لا ينجس ما لم يتغير بالنجاسة ، والكلام فی غير متغير انتهىٰ .

(شرح المنية : ص : ۹۹) (بحوالہ آلات جدیدہ کے شرعی احکام:ص۱۸۵)

ما فی " الدر المختار مع الشامية " : ثم المختار طهارة المتنجس بمجرد جريانه ، وكذا البئر وحوض الحمام . (الدر المختار) قال الشامی : قوله : (بمجرد جريانه) أى بأن يدخل من جانب ويخرج من آخر حال دخوله وإن قل الخارج . بحر . قال ابن الشحنة : لأنه صار جارياً حقيقة ، وبخروج بعضه رفع الشک فی بقاء النجاسة فلا تبقى مع الشک ، وقيل : لا يطهر حتى يخرج قدر ما فيه ، وقيل ثلاثة أمثاله . (۱/۳۴۵، كتاب الطهارة ، باب المياه ، مطلب يطهر الحوض بمجرد الجريان) (فتاوی عثمانی:۱/۳۶۰، جواہر الفقہ:۵/۱۸۳)

وضو کرتے وقت حوض میں پیر داخل کرنا

مسئلہ (۵): شریعت اسلامیہ نے نہ صرف پانی کو پاک رکھنے کا حکم دیا، بلکہ پانی کو آلودگی سے بچانے کی تاکید بھی فرمائی، لہذا پانی کو آلودگی سے بچانا بھی لازم ہے، بعض لوگ استنجاء خانوں میں بغیر چپل کے جاتے ہیں، اور جب وہ وضو کرتے ہیں تو اپنے پیروں کو اس طرح دھوتے ہیں کہ کچھ پانی تو نالی میں گرتا ہے اور کچھ حوض میں، اور بعض حضرات پیروں کو حوض کے باہر دھونے کی زحمت نہ اٹھاتے ہوئے پیروں کو ہی حوض میں ڈال دیتے ہیں، جس سے پانی میں آلودگی آجاتی ہے، اور اگر آلودگی نہ بھی آئے تو کم از کم اتنا تو ہوتا ہے کہ کوئی دوسرا انسان اس حوض کے پانی سے کلی کرنے اور ناک میں پانی ڈالنے میں طبعی کراہت محسوس کرتا ہے، لہذا اس عمل سے اجتناب ضروری ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الحديث النبوی " : " لا يبولنّ أحدكم فی الماء الدائم الذی لا يجری ثم يغتسل فيه " .

(صحيح البخاری :ص۶۷، كتاب الوضوء ، باب الماء الدائم ، رقم الحديث : ۲۳۹، بيروت)

ما فی " الحديث النبوی " : عن أبی هريرة أن النبی ﷺ قال : " إذا استيقظ أحدكم من نومه فلا يَغْمِسْ يَدَه فی الإناء حتی يغسلها ثلاثاً ، فإنه لا يدری أين باتت يدُه " . (الصحيح لمسلم : ۱/۱۳۶ ، كتاب الطهارة ، باب كراهية غمس المتوضي الخ ، فيصل پبليكشنز ديوبند)

ما فی " الحديث النبوی " : حدثنا أبوهريرة عن محمد رسول الله ﷺ : " لا تبل فی المائد الدائم الذی لا يجري ثم تغتسل منه " . (الصحيح لمسلم : ۱/۱۳۸ ، كتاب الطهارة، باب النهي عن البول في الماء الراكد ، فيصل پبليكشنز ديوبند)=

مچھلی کی سرخ رطوبت

مسئلہ (۶): بعض بڑی مچھلیوں میں سرخ رطوبت زیادہ نکلتی ہے، حضرات فقہاء کرام کی رائے یہ ہے کہ وہ حقیقت میں خون نہیں ہے، کیوں کہ خون کی علامت یہ ہے کہ جب وہ سوکھتا ہے تو سیاہ پڑ جاتا ہے، اور مچھلی سے نکلنے والی رطوبت سوکھنے کے بعد سیاہ نہیں پڑتی، اس لئے راجح قول یہ ہے کہ مچھلی بڑی ہو یا چھوٹی، اور سرخ رطوبت زیادہ مقدار میں ہو یا کم مقدار میں، بہرصورت وہ خون کے حکم میں نہیں ہے، اس لئے کپڑے یا جسم پر لگ جائے تو اس کا دھونا ضروری نہیں،[1] از راہ نظافت دھولیا جائے تو بہتر ہے۔

= ما فی " الشامیة " :کرہ بول وغائط فی ماء ولو جاریا فی الأصح ، وفی البحر : أنها فی الراکد تحریمته ، وفی الجاری تنزیهته ، وفی الرد : نهی أن یبال فی الماء الراکد ، ونهی أن یبال فی الماء الجاری ، والمعنیٰ فیه أنه یقذره ، وربما أدی إلی تنجیسه .

(۱/ ۵۵۵، کتاب الطهارة ، مطلب القول مرجح علی الفعل)

ما فی " الفتاوی الهندیة " : البول فی الماء الجاری مکروه ، کذا فی الخلاصة ، ویکره البول فی الماء الراکد ، وهو المختار . (۱/ ۲۵، الفصل الثانی فیما لا یجوز به التوضؤ)

ما فی " شرح الوقایة " : وإن أراد أن یحفر بئر بالوعة یمنع أیضاً لسرایة النجاسة إلی البئر . (۱/ ۸۱)

ما فی " بدائع الصنائع " : قال الکاسانی : أما تنجیس الطاهر فحرام ، فکان هذا : " لا یبولن أحدکم " نهیاً عن تنجیس الماء الطاهر . (۱/ ۲۰۹) (بیسواں فقہی سیمنار اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا:۲۰۱۱ء)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما فی " الفتاوی الهندیة " : ودم السمک وما یعیش فی الماء لا یفسد الثوب فی قول أبی حنیفة ومحمد ، کذا فی فتاوی قاضیخان .

(۱/ ۴۶، الباب السابع فی النجاسة وأحکامها ، الفصل الثانی فی الأعیان النجسة)=

اس کے علاوہ یہ بات بھی قابل لحاظ ہے کہ خون مطلقاً ناپاک نہیں ہے، بلکہ بہتا ہوا خون جو رگوں سے خارج ہوتا ہے وہ ناپاک ہے،[1] اور مچھلی سے جو خون خارج ہوتا ہے وہ گوشت کا خون ہوتا ہے نہ کہ رگوں کا۔

چھپکلی پانی میں گر جائے

مسئلہ (۷): چھپکلی دو طرح کی ہوتی ہے، بڑی چھپکلی، چھوٹی چھپکلی، بڑی چھپکلی جو شہر میں نہیں بلکہ جنگل میں ہوتی ہے، اور وہ بھی بعض علاقوں میں، اس میں خون ہوتا ہے، اگر وہ چھوٹے کنویں یا حوض میں گر کر مر جائے، تو اس سے کنواں اور حوض ناپاک ہو جائے گا،[1] اور اس چھپکلی کو نکالنے کے بعد، ۲۰ر سے ۳۰ر ڈول پانی نکالنے سے کنواں پاک ہو جائے گا،[2] اور اگر وہ پھول گئی سڑ گئی، تو پورا پانی نکالنا لازم ہوگا، اور اگر یہ ممکن نہ ہو تو ۲۰۰ سے ۳۰۰ر ڈول پانی نکالنے سے کنواں پاک ہو جائے گا،[3] اور جو چھپکلی عامۃً گھروں کی چھتوں اور دیواروں

= ما فی " البحر الرائق " : أما دم السمک فلأنه لیس بدم عن التحقیق ، وإنما هو دم صورة ، لأنه إذا یبس یبیض والدم یسود ، وأیضاً الحرارة خاصیة الدم والبرودة خاصیة الماء ، فلو کان للسمک دم لم یدم سکونه فی الماء ، أطلقه فشمل السمک الکبیر إذا سال منه شیء ، فإن ظاهر الروایة طهارة دم السمک مطلقاً . (۱/۴۰۸، کتاب الطهارة ، باب الأنجاس ، بیروت ، الفتاوی التاتارخانیة : ۱/۱۷۸ ، کتاب الطهارة ، الفصل السابع فی النجاسات وأحکامها)

(۱) ما فی " القرآن الکریم " : ﴿قل لا أجد فیما أوحی إلیَّ محرّماً علی طاعم یطعمه إلا أن یکون میتةً أو دماً مسفوحاً أو لحم خنزیر فإنه رجس﴾ . (سورة الأنعام : ۱۴۵)

ما فی " أحکام القرآن لإبن العربی " : إن التحریم یختص بالمسفوح ، قالته عائشة وعکرمة وقتادة، وروی عن عائشة أنها قالت : " لو لا أن الله قال : ﴿أو دماً مسفوحاً﴾ لتتبّع الناس ما فی العروق . (۲/۷۶۵)

پر ہوتی ہے وہ چھوٹی ہے، اگر وہ پانی میں گر گئی اور پھر نکال دی گئی تو وہ پانی پاک ہے،[۴] اس سے وضو اور غسل جائز ہے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " حلبي كبير " : وكذا الوزغة إذا كانت كبيرة، أي بحيث يكون لها دم ، فإنها تفسد الماء ، لما تقدم في الضفدع .

(ص/۱۶۲ ، فصل في البئر، فتاوى قاضي خان على خامش الفتاوى الهندية : ۱/۱۰ ، فصل في ما يقع في البئر، بهشتي زيور: ۱/۷۷، فتاوى محموديه :۵/۱۵۱/۱۵۲)

(۲) ما في " فتح القدير " : وإن ماتت فيها فأرة أو عصفورة أو صعوة أو سودانية أو سام أبرص نُزح منها ما بين عشرين دلواً إلى ثلاثين بحسب كبر الدلو وصغرها ، يعني بعد إخراج الفأرة .

(۱/۱۰۷ ، الهداية شرح بداية المبتدى : ۱/۲۷ ، حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح : ص/۲۲ ، المكتبة الأشرفية ، نور الإيضاح :ص/۱۶ ، المكتبة العصرية بيروت)

(۳) ما في " الهداية " : فإن انتفخ الحيوان فيها أو تفسخ نُزح جميع ما فيها صغُر الحيوان أو كبُر لإنتشار البلة في أجزاء الماء ..... وعن محمد رحمه الله تعالى نزح مائتا دلو إلى ثلث مائة .

(۱/۲۸ ، مكتبة دار أرقم بيروت)

ما في " نور الإيضاح " : تنزح البئر الصغيرة ..... وبانتفاخ حيوان ولو صغيراً ومائتا دلوٍ لو لم يكن نزحها . (ص/۱۵ ، المكتبة العصرية بيروت)

ما في " حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح " : وتنزح بانتفاخ حيوان أى دموي غير مائي ..... ولو صغيراً . (ص/۲۱ ، المكتبة الأشرفية)

(۴) ما في " بدائع الصنائع " : أما الذى ليس له دم سائل ، فالذباب والعقرب والزنبور والسرطان ونحوها ، وأنه ليس بنجس عندنا..... ولنا ما روى عن سلمان الفارسى رضى الله تعالى عنه عن رسول الله ﷺ أنه قال : موت كل حيوان ليس له نفس سائلة في الماء لا يفسد .

(۱/۳۶۸ ، فصل أما الطهارة الحقيقة) (خیر الفتاوی:۲/۱۵۱)

سانپ کنویں میں مرجائے

مسئلہ (۸): سانپ دوطرح کا ہوتا ہے، بحری اور بری وجنگلی، اگر بحری سانپ جس میں خون نہیں ہوتا، کنویں یا حوض میں مرجائے تو اس سے پانی ناپاک نہیں ہوگا، اور اگر برّی وجنگلی سانپ، جس میں خون ہوتا ہے، چھوٹے حوض یا کنویں میں گر کر مرجائے تو اس کے مرنے سے کنواں یا حوض ناپاک ہوجائے گا۔ (۱)

آپریشن ٹریننگ کے دوران مینڈک کا خون یا پیشاب لگ جانا

مسئلہ (۹): طبیہ کالج کے طلباء کو آپریشن ٹریننگ دینے کیلئے جس مینڈک کا استعمال ہوتا ہے، غالبًا وہ برّی یعنی خشکی کا ہوتا ہے، جس کی انگلیوں کے درمیان پردہ نہیں ہوتا، اس میں خون ہوتا ہے، اگر دورانِ آپریشن اس کا خون یا پیشاب کپڑے یا بدن پر لگ جائے، تو تین بار دھولینے سے پاک ہوجائے گا۔ اور اگر وہ بحری مینڈک (پانی میں رہنے والا، جس میں خون نہیں ہوتا) ہے، اور اس کا پیشاب کپڑے یا بدن پر لگ جائے، تو تین بار دھولینے سے پاک ہوجائے گا۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الدر المختار مع الشامية " : وضفدع إلا بريا له دم سائل ..... فيفسد فی الأصح كحية برية ، إن لها دم وإلا لا . " الدر المختار ". وفی الشامی : قوله : (كحية وبرية) أما المائية فلا تفسد مطلقاً ، قوله : (وإلا لا) أی وإن لم يكن للضفدع البرية والحية البرية دم سائل فلا يفسد .
(۱/ ۳۳۱، باب المياه) (فتاوی عثمانی:۱/ ۳۲۶/ ۳۲۷، فتاوی دار العلوم:۱/ ۱۹۹)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما فی " الفقه على المذاهب الأربعة " : ومنها فضلة الآدمی من بول وعذرة ..... ومنها =

ٹرین میں پانی نہ ملنے پر تیمّم

مسئلہ (۱۰): اگر ٹرین کے کسی ڈبے میں پانی ختم ہوجائے اور قریب کے ڈبے جہاں تک وہ جاسکتا ہے، وہاں بھی پانی نہیں ہے، اور نماز کا وقت ختم ہونے سے پہلے کوئی ایسا اسٹیشن بھی آنے والا نہیں ہے، جہاں ٹرین اتنی دیر رکے، جس میں وضو کیا جاسکے، یا پانی لیا جاسکے، تو شرعاً تیمّم کی اجازت ہوگی، خواہ ٹرین کے گذرتے ہوئے باہر پانی نظر آرہا ہو، کیوں کہ وضو کے واجب ہونے کیلئے پانی کا موجود ہونا شرط نہیں ہے، بلکہ اس کے استعمال پر قدرت شرط ہے، اسی لئے حضرات فقہاء کرام نے پانی کے موجود ہونے کے باوجود اس کے استعمال پر قدرت نہ ہونے کی صورت میں تیمّم کو جائز قرار دیا ہے۔[1]

= فضلة ما لا يؤكل لحمه مما له دم يسيل ، كالحمال والبغل ، الحنفية قالوا : فضلات غير مأكول اللحم فيها تفصيل ، فإن كانت مما يطير في الهواء كالغراب فنجاستها مخففة ، وإلا فمغلظة .

(۱/۲۱، مبحث الأعيان النجسة وتعريف النجاسة ، دارالكتب العلمية بيروت)

ما في " حاشية نور الإيضاح " : فإن كان الضفدع برياً يفسد الماء إذا كان له دم سائل، وهو ما لا سترة له بين أصابعه . (ص/۲۸، رقم الحاشية : ۱۳ ، مكتبه ياسر نديم اينڈ كمپنى)

(فتاوی شاکر خان:۱/۱۰۰/۱۰۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " شرح الوقاية " : هو لمحدث وجنب وحائض ونفساء لم يقدروا على الماء ، أي على ماء يكفي لطهارته . (۱/۸۷، ۸۸ ، كتاب الطهارة ، باب التيمم)

ما في " حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح " : العذر المبيح للتيمم .... (خوف عدوّ) آدمى أو غيره سواء خافه على نفسه أو ماله أ وأمانته أو خافت فاسقاً عند الماء أو خاف المديون المفلس الحبس (وعطش) سواء خافه حالاً أو مآلاً على نفسه . (ص/۱۱۶ ، باب التيمم) =

رہا سوال کہ تیمّم کس سے کریں؟ تو جواباً عرض ہے کہ ٹرین کی بیرونی دیواروں پر؛ کیوں کہ غالباً وہ غبار آلود ہوتی ہیں، اگر ٹرین کی سیٹ یا اندرونی دیوار غبار آلود ہو، تو اس پر بھی تیمّم کیا جاسکتا ہے۔[1]

چمڑے، سوت یا اون کے موزوں پر مسح

مسئلہ (۱۱): اگر کوئی شخص چمڑے کے موزے پہن لے، تو اس کیلئے ان پر مسح کرنا بلا کسی اختلاف کے جائز و درست ہے،[2] مقیم کیلئے مدتِ مسح ایک دن ایک رات اور مسافر

= ما فی " التصحیح والترجیح علی مختصر القدوري " : ومن لم یجد الماء وهو مسافر أو کان خارج المصر بینه وبین المصر نحو المیل أو أکثر أو کان یجد الماء إلا أنه مریض یخاف إن استعمل الماء اشتد مرضه أو خاف الجنب إن اغتسل بالماء یقتله البرد أو یمرضه فإنه یتیمم بالصعید . (ص/۱۴۵، باب التیمم)

(۱) ما فی " الهدایة والبدائع " : وکذا یجوز بالغبار مع القدرة علی الصعید عند أبی حنیفة ومحمد ، لأنه تراب رقیق .

(۱/۳۴، کتاب الطهارة ، باب التیمم ، بدائع الصنائع : ۱/۳۴۰/۳۴۱، کتاب الطهارة)

ما فی " الشامیة " : ولو أن الحنطة أو الشيء الذي لا یجوز علیه التیمم إذا کان علیه التراب فضرب یده علیه وتیمم إن کان یستبین بمده علیه جاز وإلا فلا .

(۱/۴۰۶، باب التیمم ، تبیین الحقائق : ۱/۱۲۳ ، الفتاوی التاتارخانیة : ۱/۱۴۴)

الحجة علی ما قلنا :

(۲) ما فی " الحدیث النبوی " : عن المغیرة بن شعبة أن رسول الله ﷺ مسح علی الخفین ، فقلت : یا رسول الله ! نسیت؟ قال : بل أنت نسیت ، بهذا أمرنی ربی عزّ وجلّ .

(السنن لأبی داود: ص/۲۱، باب المسح علی الخفین ، مکتبة بلال دیوبند)=

کیلئے تین دن تین راتیں ہیں،(۱) اور اگر موزے سوت یا اون کے ہیں، تو ان پر مسح کے جائز ہونے کیلئے چار شرطیں ہیں:

(۱) وہ ایسے دبیز، موٹے اور مضبوط ہوں کہ ان کے نیچے کی کھال نظر نہ آئے۔

(۲) ان کو پہن کر تین میل یا اس سے زیادہ چلنا ممکن ہو۔

(۳) وہ بغیر باندھے پنڈلی پر قائم رہ سکیں۔

(۴) ان میں پانی جذب ہو کر پاؤں تک نہ پہنچے۔(۲)

= ما فی " الحدیث النبوی " : عن المغیرة بن شعبة قال : رأیت النبی ﷺ یمسح علی الخفین علی ظاهرهما . (السنن للترمذی : ۱/۲۹، باب فی المسح علی الخفین ظاهرهما)

ما فی " زجاجة المصابیح " : عن ابن عباسؓ قال : أشهد أن النبی ﷺ مسح علی الخفین ، رواه البزار . (۱/۱۴۲، المسح علی الخفین ، بحواله فتاوی رحیمیه)

(۱) ما فی " الحدیث النبوی " : عن خزیمة بن ثابت عن النبی ﷺ قال : المسح علی الخفین لمسافر ثلاثة أیام وللمقیم یوم ولیلة .

(السنن لأبی داود :ص/۲۱، باب التوقیت فی المسح ، السنن للترمذی : ۱/۲۷)

ما فی " الدر المختار مع الشامیة ": فلو تخففت المحدث ، ثم خاض الماء فابتل قدماه ، ثم تمم وضوءه ، ثم أحدث جاز أن یمسح یوماً ولیلةً لمقیم ، وثلاثة أیام ولیالیها لمسافر . " الدر المختار ". (۱/۴۵۶، باب المسح علی الخفین ، الفتاوی الهندیة : ۱/۲۳، الباب الخامس فی المسح علی الخفین ، البحر الرائق : ۱/۲۹۸، مکتبة رشیدیة)

(۲) ما فی " فتاوی قاضی خان " : وإن کان رقیقین غیر منعلین لا یجوز المسح علیهما ..... والثخینین أن یقوم علی الساق من غیر شد ولا یسقط ولا ینشف ..... معنی قوله : لا ینشفان ، أی لا یجاوز الماء إلی القدم . (۱/۲۵، فصل فی المسح علی الخفین ، مکتبه حقانیه پاکستان)=

آج کل جو نائلون کے موزے استعمال ہوتے ہیں وہ بالکل رقیق اور پتلے ہوتے ہیں، اور ان میں مذکورہ چار شرطیں نہیں پائی جاتی ہیں، اس لئے ان پر مسح کرنا جائز نہیں ہے۔[1]

= ما فی " الدر المختار مع الشامیة " : أو جوربیه ، ولو من غزل أو شعر (الثخینین) بحیث یمشی فرسخاً ، ویثبت علی الساق بنفسه ، ولا یری ما تحته ، ولا یشف إلا أن ینفذ إلی الخف قدر الغرض . " الدر المختار ". قال الشامی رحمه الله تعالی : قوله : (ولو من غزل أو شعر) ..... وقال : وخرج عنه ما کان من کرباس ..... وهو الثوب من القطن الأبیض ، ویلحق بالکرباس کل ما کان ..... من نوع الخیط ، کالکتان ، والإبریسم ونحوهما ..... وأقول: الظاهر أنه إذا وجدت فیه الشرط یجوز، وأنهم أخرجوه لعدم تأتی الشروط فیه غالباً .

(۱/ ۴۵۱، ۴۵۲، باب المسح علی الخفین ، حلبی کبیر :ص/ ۱۲۱ ، المسح علی الخفین)

ما فی " شرح النقایة " : وأجمعوا علی أنه لو کان منعلاً أو مبطناً یجوز المسح علیه ، ولو کان من الکرباس لا یجوز المسح علیه ، وإن کان من الشعر فالصحیح إن کان صلباً ، مستمسکاً یمشی معه فرسخاً أو فراسخ یجوز .

(۱/ ۲۹ ، فصل فی المسح علی الخفین والجبیرة وغیرهما ، بحواله فتاوی رحیمیه)

ما فی " الفتاوی التاتارخانیة " : أما المسح علی الجوارب فلا یخلو : إما أن یکون الجورب رقیقاً ..... وأما إن کان ثخیناً منعلاً ..... ففی هذا الوجه یجوز المسح بلا خلاف .

(۱/ ۲۶۷ ، المسح علی الخفین ، بحواله محمودیه)

(۱) (فتاوی رحیمیہ :۴/ ۶۱، کراچی، فتاوی محمودیہ :۵/ ۱۹۵-۱۹۷، کراچی، فتاوی حقانیہ :۲/ ۶۱۵، دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک، کفایت المفتی :۲/ ۳۲۱، مکتبۃ دار الإشاعت کراچی، علم الفقہ :۱/ ۹۶)

باب الوضوء

(وضو کا بیان)

واش بیسن اور ٹب میں وضو کرتے وقت دعا پڑھنا

مسئلہ (۱۲): آج کل بہت سے لوگ اپنے مکان، دکان، ہوٹل اور مسافر خانہ وغیرہ میں بیت الخلاء کے ایک حصہ میں واش بیشن اور باتھ یعنی غسل کرنے کا ٹب بنواتے ہیں، تو اس طرح کے بنے واش بیشن یا باتھ یعنی ٹب میں وضو کرتے وقت دعاء وضو زبان سے نہ پڑھیں، بلکہ دل میں پڑھ لیں، تاکہ اسمِ باری تعالیٰ کی بے ادبی و بے حرمتی لازم نہ آئے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الحديث النبوى " : عن أنس : كان النبى ﷺ إذا دخل الخلاء وضع خاتمه .

(عون المعبود شرح السنن لأبى داود: ص/ ۲۲، رقم الحديث : ۱۹، باب الخاتم يكون فيه ذكر الله تعالى يدخل به الخلاء ، مكتبة بيت الأفكار الدولية عمان)

ما في " نور الإيضاح " : ويدخل الخلاء برجله اليسرىٰ ، ويستعيذ بالله من الشيطن الرجيم قبل دخوله . وفي حاشيته : قوله : (قبل دخوله) أطلقه وهو مقيد بما إذا كان المكان معداً لذلك ، وإن كان غير معد له كالصحراء فيستعيذ عند أوان الشروع كتشمير الثياب مثلاً ، قبل كشف العورة ، وإن نسي ذلك أتى به في نفسه لا بلسانه .

(ص/ ۳۲، مكتبه ياسر نديم اينڈ كمپنى ديوبند ، مراقى الفلاح مع حاشية الطحطاوى :ص/ ۵۱، مكتبة شيخ الهند بديوبند)

بوقتِ وضو مصنوعی پتلیوں کو نکالنا

مسئلہ (۱۳): وضو میں آنکھوں کے اندرونی حصہ کا دھونا فرض نہیں ہے، لہذا وضو کے وقت مصنوعی پتلیاں نکالنے کی حاجت نہیں ہے، اس کے بغیر بھی وضو شرعاً درست ہے۔ (۱)

کان میں دانہ یا پھنسی وغیرہ کا ٹوٹ جانا

مسئلہ (۱۴): اگر کسی شخص کا کان درد کرتا ہو اور اس سے پانی نکلا کرتا ہے، یا کسی کے کان کے اندر دانہ یا پھنسی ہے، اور وہ ٹوٹ جاوے، تو جب خون، پیپ سوراخ کے اندر اس جگہ تک رہے جہاں غسل میں پانی پہنچانا فرض نہیں ہے، تو وضو نہیں ٹوٹے گا، اور جب ایسی جگہ پر پہنچ جاوے جہاں غسل میں پانی پہنچانا فرض ہے تو وضو ٹوٹ جائیگا، کیوں کہ یہ پانی نجس ہے، اور کچھ درد و تکلیف نہ ہو اور ایسے ہی پانی نکلے تو اس سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الدر المختار " : لا غسل باطن العينين . (۱/۱۹۰)

ما فی " الشامية " : لا غسل باطن العينين لأنه شحم يضره الماء الحار والبارد ، ولهذا لو اكتحل بكحل نجس لا يجب غسله ، كذا فی مختارات النوازل لصاحب الهداية . (۱/۲۷)

ما فی " البحر الرائق " : لا تغسل العين بالماء ولا بأس بغسل الوجه مغمضاً عينيه . (۱/۲۷)

ما فی " بدائع الصنائع " : وإدخال الماء فی داخل العينين ليس بواجب لأن داخل العينين ليس بوجه لأنه لا يواجه إليه ولأن فيه حرجاً . (۱/۶۷)

ما فی " الفتاوى الهندية " : وإيصال الماء إلى داخل العينين ليس بواجب ولا سنة ..... حتى يصل الماء إلى الاسقار وجوانب العينين كذا فی الظهيرية . (۱/۴)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما فی " الفتاوى الهندية " : وإذا خرج من أذنه قيح أو صديد ينظر إن خرج بدون الوجع لاينتقض وضوؤه ، وإن خرج مع الوجع ينتقض وضوؤه ، لأنه إذا خرج مع الوجع فالظاهر أنه =

آنکھ کے اندر دانہ یا پھنسی کا ٹوٹ جانا

مسئلہ (۱۵): اگر کسی کی آنکھ کے اندر کوئی دانہ یا پھنسی وغیرہ تھی، اور وہ ٹوٹ گئی، یا خود اس نے توڑ دیا، اور اس کا پانی بہہ کر آنکھ میں پھیل گیا، لیکن آنکھ سے باہر نہیں نکلا، تو اس کا وضو نہیں ٹوٹا، اور اگر وہ پانی آنکھ سے باہر نکل پڑا تو وضو ٹوٹ جائیگا۔ (۱)

= خرج من الجرح، هكذا حكى فتوى شمس الأئمة الحلوانى رحمه الله تعالى، كذا فى المحيط، وهكذا فى الذخيرة والتبيين والسراج الوهاج . (۱/۱۰-۱۱، نواقض الوضوء)

ما فى " الدر المختار مع الشامية " : لا ينقض لو خرج من أذنه ونحوها كعينه ويديه قيح ، ونحوه كصديد وماء سرة وعين ، لا بوجع ، وإن خرج به أى بوجع نقض ، لأنه دليل الجرح .

(۱/۲۷۹، نواقض الوضوء) (فتاوی رحیمیہ:۴/۲۵؛ بہشتی زیور مکمل:۱/۵۱،۵۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فى " الدر المختار مع الشامية " : لا ينقض لو خرج من أذنه ونحوها كعينه ويديه قيح ، ونحوه كصديد وماء سرة وعين ، لا بوجع ، وإن خرج به أى بوجع نقض، لأنه دليل الجرح .

(۱/۲۷۹، نوقض الوضوء)

ما فى " الفتاوى الهندية " : الدم والقيح والصديد وماء الجرح والنفطة والسرة والثدى والعين والأذن لعلة ، سواء على الأصح ، كذا فى الزاهدى . (۱/۱۰)

ما فى " الفتاوى الهندية " : إذا كان فى عينه قرحة ووصل الدم منها إلى جانب آخر من عينه لا ينقض الوضوء ، لأنه لم يصل إلىٰ موضع يجب غسله ، كذا فى الكفاية . (۱/۱۱)

ما فى " الفتاوى الهندية " : خرج دم من القرحة بالعصر ولو لاه ما خرج نقض فى المختار ، كذا فى الوجيز للكردرى ، وهو الأشبه ، كذا فى القنية ، وهو الأوجه ، كذا فى شرح المنية للحلبي .

(۱/۱۱)

ما فى " الفتاوى الهندية " : ومنها ما يخرج من غير السبيلين ويسيل إلى ما يظهر من الدم والقيح والصديد والماء لعلة . (۱/۱۰) (بہشتی زیور:۱/۵۲؛ علم الفقہ:۱/۷۲)

آنکھوں سے پانی کا نکلنا

مسئلہ (۱۶): اگر کسی کی آنکھوں سے، تیز روشنی، دھوپ کی تپش، سرمہ لگانے، نماز میں کھانسی روکنے، نزلہ یا رونے کی وجہ سے پانی بہے، تو اس سے وضو نہیں ٹوٹتا ہے، کیوں کہ یہ پاک ہے،[۱] اور اگر کسی شخص کی آنکھ دکھنے میں پانی نکلتا ہے، تو بعض نے اسے نجس قرار دے کر ناقضِ وضو کہا ہے،[۲] لیکن حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہیؒ نے اس کو خلاف تحقیق قرار دیا ہے،[۳] نیز علامہ شامیؒ نے بھی ابن ہمامؒ کی یہ تحقیق نقل کی کہ ایسی صورت میں وضو کا حکم استحباباً ہے، وجوباً نہیں،[۴] اور قواعد شرعیہ کے مطابق یہی راجح ہے۔[۵]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الدر المختار مع الشامية " : لا ينقض (لو خرج من أذنه) ونحوها كعينيه وثديه (قيح) ونحوه كصديد وماء سرة وعين لا بوجع . (۱/۲۷۹)

(۲) ما فی " الدر المختار مع الشامی " : وإن خرج (به) أی بوجع (نقض) لأنه دليل الجرح ، فدمع من بعينيه رمد أو عمش ناقض .

(۱/۲۷۹، كتاب الطهارة ، مطلب : نواقض الوضوء ، مطلب فی ندب مراعاة الخلاف إذا لم يرتكب مكروه مذهبه) (فتاوی رحیمیہ:۴/۲۵/۲۶،صحیح بہشتی زیور مکمل:۱/۵۲)

(۳) (فتاوی رشیدیہ:ص/۲۸۳،طہارت کے مسائل، آپ کے مسائل اور ان کا حل:۲/۳۸)

(۴) ما فی " الشامية " : قوله : (ناقض) قال فی المنية : وعن محمد رحمه الله تعالى : إذا كان فی عينيه رمد وتسيل الدموع منها آمره بالوضوء لوقت كل صلاة ، لأنی أخاف أن يكون ما يسيل منها صديداً ، فيكون صاحب العذر . (۱/۲۸۰، مطلب فی نواقض الوضوء)

ما فی " الشامية " : قال فی الفتح : وهذا التعليل يقتضی أنه أمر استحباب ، فإن الشك والاحتمال لا يوجب الحكم بالنقض ، بان اليقين لا يزول بالشك .

(۱/۲۸۰، نواقض الوضوء) (مسائل وضو:ص/۹۷،مفتی رفعت علی قاسمی)=

پھوڑا یا پھنسی سے خون یا پیپ کا نکلنا

مسئلہ (۱۷): اگر کسی شخص کو پھوڑا پھنسی نکل آئے، اور اس سے خون پیپ نکلتا ہی رہتا ہے جس کی بناء پر اس نے اس پر روئی رکھ کر پٹی باندھ دی، اور اب خون اندر ہی اندر نکلتا رہے، پٹی کی وجہ سے باہر نہ نکلے، تو اگر اتنا خون نکلے کہ اسے روکا نہ جاتا تو وہ زخم کے مقام سے آگے بڑھ جاتا، تو اس صورت میں وضو ٹوٹ جائیگا۔ (۱)

= ما فی " الفتاوی الهندية " : ولو كان فی عينيه رمد أو عمش يسيل منهما الدموع ، قالوا : يؤمر بالوضوء لوقت كل صلاة ، لإحتمال أن يكون صديداً أو قبيحاً ، كذا فی التبيين .

(۱/۱۱، نواقض الوضوء)

(۵) (فتاوی دار العلوم: ۱/۱۳۴، جدید فقہی مسائل: ۱/۹۴/۹۵)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الشامية " : قوله : (ولو شدّ) قال في البدائع : ولو ألقى على الجرح الرماد أو التراب فتشرب فيه أو ربط عليه رباطاً ، فابتل الرباط ونفذ ، قالوا : يكون حدثاً لأنه سائل ، وكذا لو كان الرباط ذا طاقتين فنفذ إلى أحدهما لما قلنا . (۱/۲۶۸، كتاب الطهارة ، مطلب نواقض الوضوء)

ما فی " حلبی كبير " : وإن مسح الدم عن رأس الجرح بقطنة أو غيرها ، ثم خرج أيضاً فمسح ثم وثم أو ألقى التراب أو وضع القطن ونحوه عليه فخرج وسرى فيه ، ينظر فيه إن كان بحال لو تركه ولم يمسحه ولم يضع عليه شيئاً لسال نقض وإلا فلا . (ص/۱۳۲، نواقض الوضوء)

گھنی داڑھی، مونچھ اور بھنوؤں کی کھال کا وضو میں دھونا

مسئلہ (۱۸): اگر کسی شخص کی بھنویں، داڑھی یا مونچھ اس قدر گھنی ہیں کہ اس کے نیچے کی کھال نظر نہ آئے، تو وضو میں اس پوشیدہ وچھپی کھال کا دھونا فرض نہیں ہے، اور اگر بھنویں، داڑھی یا مونچھ اس قدر گھنی نہیں ہے اور اس کے اوپر نیچے کی کھال نظر آتی ہے، تو دھونا فرض ہے۔[1]

سونا، چاندی یا سیمنٹ سے پر کیے ہوئے دانتوں میں پانی پہنچانا

مسئلہ (۱۹): دانتوں کے اندر خرابی کی وجہ سے سوراخ ہوجاتے ہیں، اور اس میں غذا کے ذرات داخل ہوکر تکلیف اور درد کا موجب بن جاتے ہیں، اس سے بچنے کیلئے ڈاکٹر بطور علاج سونا، چاندی، سیسہ یا سیمنٹ وغیرہ سے ان سوراخوں کو پُر کردیتے ہیں، تاکہ غذا کے ذرات داخل نہ ہوں، اور وہ بدن کا جزء بن جاتے ہیں، لہذا وضو اور غسل میں اس پر

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : لا غسل باطن العينين والأنف والفم وأصول شعر الحاجبين واللحية والشارب . " الدر المختار ". وفي الشامي : قوله : (وأصول شعر الحاجبين) يحمل هذا على ما إذا كانا كثيفين أما إذا بدت البشرة فيجب ، كما يأتي له قريباً عن البرهان ، وكذا يقال في اللحية والشارب .

(۱/۲۱۱، أركان الوضوء ، وكذا في الفتاوى الهندية : ۱/۴، الفصل الأول في فرائض الوضوء ، الفتاوى التاتارخانية : ۱/۳۹/۴۰، الفصل الأول في الوضوء)

ما في " الاختيار لتعليل المختار " : وسقط غسل باطن العينين لما فيه من المشقة وخوف الضرر بهما . (۱/۱۲، كتاب الطهارة) (فتاوی محمودیہ:۴۲/۵)

پانی پہنچانا کافی ہوگا، اس کے نیچے پانی پہنچانا ضروری نہیں ہے۔[1]

نیز حدیث اور فقہ میں سونے چاندی کے تاروں سے شکستہ دانتوں کو باندھنے اور سونے چاندی کی ناک بنوانے کی اجازت منقول ہے،[2] ظاہر ہے کہ اس کے اندرونی حصہ میں پانی نہیں پہنچتا۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الدر المختار مع الشامية " : ولا يشد سنه المتحرک بذهب بل بفضة ، وجوّزهما محمد . " الدر المختار ". وفی الشامی : قوله : (وجوّزهما محمد) أي جوّز الذهب والفضة ، أی جوّز الشد بهما ، وأما أبو يوسف فقيل معه ، وقيل مع الإمام . (۹/۵۲۰/۵۲۱)

ما فی " الشامية " : قوله : (ويتخذ أنفاً منه) لأن الفضة تنتنه . " در مختار ". قوله : (لأن الفضة تنتنه) الأولیٰ تنتن بلا خمير ..... وأصل ذلک ما روى الطحاوی بإسناده إلى عرفجة بن سعد أنه أصيب أنفه يوم الكلاب فی الجاهلية فاتخذ أنفاً من ورق فأنتن عليه ، فأمره النبی ﷺ أن يتخذ أنفاً من ذهب ، ففعل ..... وفی التاتارخانية : وعلى هذا الاختلاف إذا جدع أنفه أو أذنه أو سقط منه ، فأراد أن يتخذ سناً آخر ، فعند الإمام يتخذ ذلک من الفضة فقط وعن محمد من الذهب أيضاً . (۹/۵۲۱، كتاب الحظر والإباحة ، فصل فی اللبس)

مافی ''مالا بدمنہ فارسی'': بستن دندان شکستہ بہ تار نقرہ جائز است، نہ با تار زر، ونزد صاحبین بہ تار زر ہم جائز است۔ (ص/۱۱۰)

(۲) ما فی " الدر المختار " : ولايمنع ما على ظفر صباغ ولا طعام بين أسنانه أو فی سنه المجوف، به يفتی . الدر المختار . (۱/۲۸۹، مطلب فی أبحاث الغسل) (فتاوی رحیمیہ:۴/۱۸/۱۹)

باب الأذان

(اذان کا بیان)

اذان دیتے وقت دونوں انگلیاں کانوں میں رکھنا

مسئلہ (۲۰): بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ اذان دیتے وقت کانوں میں انگلیاں رکھنے کی حکمت یہ ہے کہ اس سے اذان کی آواز میں تیزی اور بلندی پیدا ہوتی ہے[۱]، جب کہ ہمارے زمانے میں لاؤڈ اسپیکر پر اذان دینے سے یہ حکمت باقی نہ رہی، لہذا اذان دیتے وقت دونوں کانوں میں انگلیاں ڈالنے کی ضرورت نہیں، ان کا یہ خیال سراسر غلط ہے، کیوں کہ بوقت اذان کانوں میں انگلیاں ڈالنے کا عمل تواتر سے ثابت ہے، وہ آج بھی مستحب باقی رہے گا۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الحديث النبوی " : عن سعد بن عمار بن سعد قال : إن رسول الله ﷺ أمر بلالاً أن يجعل أصبعيه في أذنيه وقال : إنه أرفع لصوتک .

(السنن لإبن ماجة :ص/۵۲، أبواب الأذان ، باب السنة في الأذان)

ما في " مراقي الفلاح ": (أن يجعل اصبعيه في أذنيه) لقوله ﷺ لبلال : " اجعل اصبعيک في أذنيک فإنه أرفع لصوتک " . (ص/۷۷، كتاب الصلاة ، باب الأذان)

ما في " الشامية " : قال الشامي تحت قوله : (ويجعل اصبعيه في صماخ أذنيه) لقوله لبلال : " اجعل اصبعيک في أذنيک فإنه أرفع لصوتک " . (۲/۴۹/۵۰، كتاب الصلوٰة ، باب الأذان)

ما في " البحر الرائق " : وإنما كان ذلک أبلغ في الاعلام لأن الصوت يبدأ من مخارج النفس ، فإذا سد أذنيه اجتمع النفس في الفم فخرج الصوت عالياً من غيرضرورة .

(۱/۴۵۳، كتاب الصلاة ، باب الأذان ، بيروت)

(۲) ما في " الحديث النبوی " : عن عون بن أبي جحيفة عن أبيه قال : رأيت بلالاً يؤذن ويدور =

تثویب

مسئلہ (۲۱): اذان کے بعد اعلان کرنا کہ ''جماعت کا وقت ہو چکا یا جماعت کھڑی ہو چکی'' درست ہے، کیوں کہ متاخرین فقہاء نے اذان کے بعد علی الاطلاق تثویب کے جواز کا فتویٰ دیا ہے، نیز تثویب کیلئے کوئی مخصوص لفظ نہیں ہے، بلکہ ہر علاقہ میں اس لفظ سے تثویب کی جاسکتی ہے، جو ان کے نزدیک متعارف ہے۔[1]

= يتبع فاه هاهنا وهاهنا ، واصبعاه فى أذنيه ، قال أبو عيسى : حديث أبى جحيفة حديث حسن صحيح ، وعليه العمل عند أهل العلم يستحبون أن يدخل المؤذن اصبعيه فى أذنيه فى الأذان .

(الجامع للترمذى : ۱/۴۹، أبواب الصلوة ، ما جاء فى إدخال الأصبع فى الأذان عند الأذان) (فتاوی حقانیہ:۳/۵۹)

الحجة على ما قلنا :

ما فى '' مراقى الفلاح '' : ويثوب بعد الأذان فى جميع الأوقات لظهور التوانى فى الأمور الدينية فى الأصح ، وتثويب كل بدل بحسب ما تعارفه أهلها .قوله : (فى جميع الأوقات) استحسنه المتأخرون . (ص/۱۹۸)

ما فى '' كتاب المبسوط '' :والتثويب فى كل بلدة ما يتعارفونه ..... ولا تثويب إلا فى صلوٰة الفجر (ولكن يقال فى هذه العبارة) أما المتأخرون فاستحسنوا التثويب فى جيمع الصلوات ، لأن الناس قد ازدادهم الغفلة ، وقلما يقومون عند سماع الأذان فيستحسن التثويب للمبالغة فى الإعلام ، ومثل هذا يختلف باختلاف أحوال الناس . (۱/۲۷۴)

ما فى '' البحر الرائق '' : وأطلق فى التثويب فأفاد أنه ليس لفظ يخصه بل تثويب كل بلد على ما تعارفوه (إلى قوله) وأفاد أنه لا يحصى صلوٰة ، بل هو فى سائر الصلوات ، وهو اختيار المتأخرين لزيادة غفلة الناس . (۱/۴۵۳، باب الأذان) (فتاوی محمودیہ:۵/۵۰۳)

اذان کے وقت استنجاء

مسئلہ (۲۲): بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ جب اذان ہو رہی ہو تو استنجاء کیلئے جانا صحیح نہیں ہے،[۱] جب کہ صحیح بات یہ ہے کہ ضرورت زیادہ ہو تو فوراً اپنی ضرورت کو پوری کر لے، اذان کے ختم ہونے کا انتظار نہ کرے، اور اگر سخت ضرورت نہیں ہے تو بہتر یہ ہے کہ بعد اذان ضرورت پوری کرے، کیوں کہ زبان سے اذان کا جواب دینا صحیح قول کے مطابق مستحب ہے واجب نہیں ہے۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " البحر الرائق " : ولا يقرأ السامع ولا يسلم ولا يرد السلام ولا يشتغل بشيء سوى الإجابة ، ولو كان السامع يقرأ يقطع القراءة ويجيب .

(۱/ ۴۵۰/ ۴۵۱، كتاب الصلوٰة ، باب الأذان)

ما في " مراقي الفلاح " : (وإذا سمع المؤذن منه) أي الأذان وهو ما لا لحن منه ولا تلحين (أمسك) حتى عن التلاوة ليجيب المؤذن ولو في المسجد وهو الأفضل .

(ص/ ۷۹، كتاب الصلاة ، باب الأذان)

(۲) ما في " بذل المجهود " : وذهب الجمهور إلى عدم الوجوب ، قال الحافظ : واستدلوا بحديث أخرجه مسلم وغيره ، ان النبي ﷺ سمع مؤذنا فلما كبر ، قال : على الفطرة ، فلما تشهد قال : خرج من النار ، قالوا : فلما قال النبي ﷺ غير ما قال المؤذن ؟ علمنا أن الأمر بذلك على الاستحباب . (۳/ ۳۳۰، كتاب الصلاة ، باب ما يقول إذا سمع المؤذن)

ما في " شرح معاني الآثار " : قال الطحاوي : قالوا : ذلك على الاستحباب لا على الوجوب ، وكان من الحجة لهم في ذلك ما حدثنا عن عبد الله قال : كنا مع النبي صلى الله عليه وسم في بعض أسفاره فسمع منادياً وهو يقول : الله اكبر الله أكبر ، فقال رسول الله ﷺ : على الفطرة ، فقال : أشهد أن لا إله إلا الله فقال : خرج من النار ، فهذا رسول الله ﷺ قد سمع المنادي ينادي =

.....
.....
.....
.....

= فقال غير ما قال : فدل ذلک أن قوله : إذا سمعتم المنادى فقولوا مثل الذى يقول ، ان ذلک ليس على الإيجاب وانه على الاستحباب والندبة إلى الخير واصابة الفضل كما علم الناس من الدعاء الذى أمرهم أن يقولوه فى دبر الصلوٰة وما أشبه ذلک .

(۱/۱۱۰ ، كتاب الصلوٰة ، باب ما يستحب للرجل أن يقوله إذا سمع الأذان)

ما فى " حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح " : اختلف فى الإجابة فقيل واجبة ..... وقيل مندوبة ، وبه قال مالک والشافعى وأحمد وجمهور الفقهاء ، واختاره العينى فى شرح البخارى ، وقال الشهاب فى شرح الشفاء : هو الصحيح ، لأنه سمع مؤذناً كبر، فقال : على الفطرة فسمعه تشهد فقال : خرجت من النار..... وأنها مستحبة حتى قالوا ان فعل نال الثواب وإلا فلا إثم ولا كراهة . (ص/۲۰۲ ، كتاب الصلاة ، باب الأذان)

ما فى " عمدة القارى " : وقال مالک والشافعى وأحمد وجمهور الفقهاء : الأمر فى هذا الباب على الاستحباب دون الوجوب ، وهو اختيار الطحاوى أيضاً ، وقال النووى : مستحب إجابة المؤذن بالقول .

(۵/۱۷۲ ، كتاب الأذان ، باب ما يقول إذا سمع المنادى ، الدر المختار مع الشامية : ۲/۶۰ ، كتاب الصلاة ، باب الأذان ، البحر الرائق : ۱/۴۵۰، باب الأذان) (فتاوی دارالعلوم:۲/۱۳۰)

کتاب الصلاۃ

(نماز کا بیان)

استقبالِ قبلہ

مسئلہ (۲۳): بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ نماز میں استقبالِ قبلہ شرط ہے، (۱)تو جس طرح دیگر شرائط میں سے کسی شرط کے فقدان سے نماز درست نہیں ہوتی ہے، اسی طرح قبلہ معلوم نہ ہونے کی صورت میں تحری کرکے نماز پڑھ لی جائے، پھر خطا ظاہر ہوتو نماز درست نہیں ہونی چاہیے، جب کہ ان کا یہ خیال غلط ہے، کیوں کہ استقبال قبلہ کی شرطیت صرف نماز کی تکمیل اور نماز میں ملت کی شیرازہ بندی کیلئے ہے، نماز کا اصل فائدہ اس کے بغیر بھی حاصل ہوجاتا ہے، (۲)جب کہ دیگر شرائط، طہارت وغیرہ اس لئے شرط ہیں کہ ان کے بغیر نماز کی حقیقت ہی وجود میں نہیں آتی، اس لئے اگر کسی شخص کو قبلہ معلوم نہ ہو اور وہ تحری کرکے نماز پڑھ لے گرچہ بعد میں خطا ظاہر ہوجائے، تب بھی اس کی نماز درست ہوجائے گی۔ (۳)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " بدائع الصنائع " : أما شرائط أركان الصلوٰة ..... منها استقبال القبلة لقوله تعالى : ﴿فول وجهک شطر المسجد الحرام، وحيث ما كنتم فولوا وجوهكم شطره﴾ وقول النبي ﷺ: " لا يقبل الله صلوٰة امرئٍ حتى يضع الطهور مواضعه ، ويستقبل القبلة ويقول : الله اكبر " . وعليه إجماع الأمة . (۱/۵۴۶/۵۴۷، كتاب الصلوٰة)

(۲) ما في " حجة الله البالغة " : ولما كان استقبال القبلة شرطاً ، إنما أريد به تكميل الصلاة ، وليس شرطاً لا يتأتى أصل فائدة الصلوٰة إلا به . (۱/۴۳۹، القبلة ، دار المعرفة بيروت)

(۳) ما في " الحديث النبوى " : عن عبد الله بن عامر بن ربيعة عن أبيه قال : كنا مع النبي ﷺ في سفر في ليلة مظلمة فلم ندر أين القبلة ؟ فصلى كل رجل منا على جباله ، فلما أصبحنا ذكرنا =

صحتِ نماز کے لئے زبان سے الفاظِ نیت

مسئلہ (۲۴): نماز کے صحیح ہونے کیلئے زبان سے الفاظ نیت کا کہنا حضرت نبی اکرم ﷺ سے منقول نہیں ہے، درحقیقت نیت نام ہے ارادۂ قلبی کا، چونکہ بہت سے لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں، جن پر خیالات اور وساوس کا ہجوم رہتا ہے، جس کی وجہ سے وہ اپنے ارادۂ قلبی کو مستحکم و مستحضر نہیں کر سکتے، اس لئے ان کے حق میں الفاظ کا ادا کر دینا کافی قرار دیا گیا ہے، لہذا اگر کوئی شخص زبان سے الفاظ نہ کہے، صرف دل میں ارادہ کر لے، تو بھی اس کی نماز بلاشبہ درست ہوگی۔[1]

= ذلک للنبی ﷺ فنزل : ﴿فأينما تولوا فثم وجه الله﴾ قال أبوعيسى : قالوا : إذا صلى فى الغيم لغير القبلة ، ثم استبان له بعد ما صلى أنه صلى لغير القبلة ، فإن صلوته جائزة . (السنن للترمذي : ۱/۲۵۷، أبواب الصلوٰة ، ما جاء فى الرجل يصلى لغير القبلة فى الغيم ، بيروت، رقم الحديث : ۳۴۵)

ما فى " شرح الوقاية " : فإن جهلها وعدم من يسأله تحرى ولم يعد إن أخطأ .

(۱/۱۳۷ ، كتاب الصلوٰة ، باب شروط الصلوٰة)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فى " الفتاوى الهندية " : النية إرادة الدخول فى الصلوٰة والشرط أن يعلم قبله أى صلوٰة يصلى ، وأدناها ما لو سئل لامكنه أن يجيب على البديهية وإن لم يقدر عليه ، إلا بتأمل لم تجز صلوته ، ولا عبرة الذكر باللسان فإن فعله لتجتمع عزيمة قلبه فهو حسن ، كذا فى الكافى ، ومن عجز عن إحضار القلب يكفيه اللسان كذا فى الزاهدى . (۱/۶۵)

ما فى " الدر المختار " : النية هى الإرادة لا مطلق العلم والمعتبر فيها عمل القلب اللازم للإرادة فلا عبرة باللسان إن خالف القلب لأنه كلام لا نية ، وهو أى عمل القلب أن يعلم عند الإرادة بداهة بلا تأمل أى صلوٰة يصلى . (۲/۸۳ ، كتاب الصلوٰة ، بحث النية)=

باب الوتر

(وتر کا بیان)

مسبوق کا وتر میں دعاءِ قنوت پڑھنا

مسئلہ (۲۵): بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ رمضان المبارک کے مہینے میں اگر کوئی شخص وتر کی تیسری رکعت میں امام کے ساتھ شریک ہوا، اور امام کے ساتھ دعاء قنوت بھی پڑھ لی، یا اس نے امام کو تیسری رکعت کے رکوع میں پالیا، اور دعاءِ قنوت نہیں پڑھی تو ایسے مسبوق شخص کو دوبارہ دعاءِ قنوت پڑھنا ضروری ہے، ان کا یہ خیال غلط ہے، کیوں کہ اس سلسلہ میں صحیح بات یہ ہے کہ ایسے مسبوق شخص کیلئے جس نے امام کو تیسری رکعت میں پایا اور دعاءِ قنوت پڑھ لی، یا تیسری رکعت کے رکوع میں امام کے ساتھ شریک ہوا، اور دعاءِ قنوت نہیں پڑھی، دونوں صورتوں میں دعاءِ قنوت کو دوبارہ پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے، اس لئے کہ پہلی صورت میں حقیقۃً اور دوسری صورت میں حکماً اس نے دعاءِ قنوت پڑھ لی ہے۔ (۱)

= ما فی " حلبی کبیر " : ولو نوی بالقلب ولم یتکلم باللسان جاز بلا خلاف بین الأئمة ، لأن النیة عمل القلب لا عمل اللسان ، والمستحب فی النیة أن ینوي بالقلب ویتکلم باللسان بأن یقول : أصلی صلوٰة کذا ، وذلک لإجتماع عزیمته یعنی أن الإنسان قد یغلب علیه تفرق الخاطر ، فإذا ذکر بلسانه کان عوناً علی تجمعه هذا هو المختار . (ص/۲۵۴، الهدایة : ۱/۹۶) (فتاویٰ محمودیہ:۱۰/۳۴۴)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما فی " الدر المختار مع الشامیة " : أما المسبوق فیقنت مع إمامه فقط ویصیر مدرکاً بإدراک الرکوع الثالثة . الدر المختار. قال العلامة ابن عابدین تحت قوله : (فیقنت مع إمامه) لأنه أخر صلوته وما یقضیه أولها حکماً فی حق القراءة وما أشبهها وهو القنوت ، وإذا وقع فی موضعه بیقین لا یکرر ، لأن تکراره غیر مشروع .

(ص/۴۲۱، باب الوتر، البحر الرائق : ۲/۷۲، باب الوتر والنوافل) (فتاویٰ حقانیہ:۳/۳۴۱)

تہجد گذار کے لیے رمضان میں وتر کا حکم

مسئلہ (۲۶): رمضان المبارک میں تہجد گذار شخص کیلئے بھی وتر کو جماعت کے ساتھ پڑھنا، تنہا تہجد کے وقت پڑھنے سے افضل ہے،(۱) کیوں کہ آپ ﷺ نے حضرات صحابہ کو تراویح کے ساتھ وتر کی نماز باجماعت پڑھائی تھی، پھر تراویح کے فرض ہوجانے کے اندیشہ سے اسے ترک فرمایا تھا،(۲) نیز یہی عمل حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت أبی بن کعبؓ کا رہا،(۳) اور اس وقت سے آج تک تمام اسلاف کا معمول بھی یہی ہے کہ تراویح اور وتر رمضان المبارک میں باجماعت ادا کرتے ہیں۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " نور الإيضاح " : وصلوته مع الجماعة في رمضان أفضل من أدائه منفرداً آخر الليل ، في إختيار قاضي خان قال : هو الصحيح . (ص/۹۵، كتاب الصلوٰة ، باب الوتر)

(۲) ما في " مراقي الفلاح " : وفي الفتح والبرهان : ما يفيد أن قول قاضيخان أرجح ، لأنه ﷺ أوتر بهم فيه ، ثم بين عذر الترك ، وهو خشية أن يكتب علينا قيام رمضان ، وكذا الخلفاء الراشدون صلوه بالجماعة .

(ص/۳۸۶، كتاب الصلاة ، باب الوتر وأحكامه ، مكتبة شيخ الهند ديوبند)

وفيه أيضاً : ثم بين العذر في الترك وهو خشيته ﷺ افتراضها علينا .

(ص/۴۱۲، كتاب الصلاة ، فصل في صلاة التراويح ، مكتبة شيخ الهند ديوبند)

(۳) ما في " الفتاوى الهندية " : وقد كان عمر يؤمهم في الفريضة والوتر وكان أبي يؤمهم في التراويح ، كذا في السراج الوهاج . (۱/۱۱۶، فصل في التراويح) (فتاوی رحیمیہ:۵/۲۳۳)

باب سجدة السهو

(سجدۂ سہو کا بیان)

اخیر کی ایک یا دو رکعتوں میں سورت ملانا

مسئلہ (۲۷): بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ چار یا تین رکعت والی فرض نماز کی اخیری رکعتوں میں سورت ملانے سے، رکوع میں تاخیر ہونے کی وجہ سے سجدۂ سہو واجب ہوتا ہے، جب کہ یہ خیال درست نہیں ہے، کیوں کہ صحیح بات یہ ہے کہ اخیر کی دو یا ایک رکعت میں سورت ملانے سے سجدۂ سہو واجب نہیں ہوتا ہے، یہی ظاہر روایت ہے، کیوں کہ اخیر کی رکعتوں میں بلا کسی تعیین کے قرأت مشروع ہے، نیز اخیر کی رکعتوں میں سورۂ فاتحہ پر اکتفاء کرنا مسنون ہے، اور سورت ملانا خلافِ سنت ہے، اور سجدۂ سہو ترکِ واجب سے لازم ہوتا ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : وضم أقصر سورة في الأوليين من الفرض وهل يكره في الأخريين ؟ المختار لا . الدر المختار . قال العلامة ابن عابدين الشامي تحت قوله : (المختار لا) أي لا يكره تحريماً بل تنزيهاً ، لأنه خلاف السنة ، قال في المنية وشرحها : فإن ضم السورة إلى الفاتحة ساهياً يجب عليه سجدتا السهو في قول أبي يوسف لتأخير الركوع عن محله ، وفي أظهر الروايات لا يجب ، لأن القراءة فيهما مشروعة من غير تقدير ، والإقتصار على الفاتحة مسنون لا واجب ، وفي البحر عن فخر الإسلام أن السورة مشروعة في الأخريين نفلاً ، وفي الذخيرة : أنه المختار ، وفي المحيط : وهو الأصح ، والظاهر أن المراد بقوله نفلاً الجواز ، والمشروعية بمعنى عدم الحرمة فلا ينافي كونه خلاف الأولىٰ كما أفاده في الحلية .

(۲/۱۵۰ ، كتاب الصلاة ، باب صفة الصلوٰة ، مطلب واجبات الصلوٰة)=

قعدۂ اخیرہ میں تشہد کو مکرر پڑھنا

مسئلہ (۲۸): اگر کسی شخص نے قعدۂ اخیرہ میں تشہد کو مکرر پڑھا تو اس پر سجدۂ سہو واجب نہیں ہوگا، کیوں کہ قعدۂ اخیرہ میں تشہد کے بعد درود شریف اور دعاء ماثور ہے، اور دعائیں بھی متعدد ہوارد ہوئی ہیں، اس لئے طویل دعاؤں اور تکرار تشہد سے ایسی تاخیر نہیں ہوتی جس سے سجدۂ سہو لازم آئے، البتہ قعدۂ اولیٰ میں تکرارِ تشہد سے تیسری رکعت کے قیام میں تاخیر ہوتی ہے، اس لئے اس میں تکرار تشہد سے سجدۂ سہو لازم ہوگا۔(۱)

= ما فی " الفقه الحنفی فی ثوبه الجدید " : لو ضم سورة فی الرکعتین الأخریین من الفریضة یکره تنزیهاً لمخالفته السنة . (۱/۲۱۰، کتاب الصلوٰة ، واجبات الصلوٰة)

ما فی " البحر الرائق " : ولو ضم السورة إلی الفاتحة فی الأخریین لا سهو علیه فی الأصح .

(۲/۱۶۷، کتاب الصلوٰة ، باب سجود السهو) (فتاویٰ دارالعلوم:۴/۳۷۵)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما فی " البحر الرائق " : لو تکرر التشهد فی القعدة الأخیرة فلا سهو علیه .

(۲/۱۷۲، کتاب الصلوٰة ، باب سجود السهو)

ما فی " حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح " : لو قرأ فی القعود ..... إن کان فی الأخیر فلا سهو علیه لعدم ترک واجب ، لأنه موسع له فی الدعاء والثناء بعده فیه ، ولو قرأ التشهد مرتین فی القعدة الأخیرة لا سهو علیه . (ص/۴۶۱، کتاب الصلوٰة ، باب سجود السهو)

ما فی " حلبی کبیر " : لو قرأ التشهد مرتین فی القعدة الأخیرة أو تشهد قائماً أو راکعاً أو ساجداً لا سهو علیه ، کذا فی المختار علی ما ذکره الإسبیجابی .

(ص/۴۶۰، کتاب الصلوٰة ، فصل فی سجود السهو)

ما فی " البحر الرائق " : لو کرر التشهد فی القعدة الأولیٰ فعلیه السهو لتأخیر القیام .

(۲/۱۷۲، کتاب الصلوٰة ، باب سجود السهو) (فتاویٰ محمودیہ:۷/۴۳۵)

مسبوق کا امام کے ساتھ سجدۂ سہو

مسئلہ (۲۹): مسبوق جو اولِ صلوٰۃ یعنی نماز کے شروع میں امام کے ساتھ شریک نہیں تھا، آخر نماز میں امام کے ساتھ شریک ہوا، اور امام نے کسی واجب کے ترک پر سجدۂ سہو کیا تو مسبوق بھی امام کے ساتھ سجدۂ سہو کرے گا، اور امام کے سلام کے بعد اپنی چھوٹی ہوئی رکعتوں کی قضاء کرے گا، اور اگر مسبوق کو اپنی فوت شدہ رکعتوں کی ادائیگی کے دوران سہو ہو جائے تو اس کو دوبارہ سجدۂ سہو کرنا لازم ہوگا، پہلا سجدۂ سہو کافی نہیں ہوگا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفقه الحنفي في ثوبه الجديد " : والمسبوق الذى فاته أول الصلوة مع الإمام ، وأدرك معه آخرها ، يسجد للسهو مع إمامه قبل أن يقوم لقضاء ما سبق به ، ولو سها المسبوق فيما يقضيه سجد له أيضاً ولا يجزيه عنه سجوده للسهو مع إمامه ، لأنه بعد مفارقة إمامه أصبح كالمنفرد حكماً . (۱/ ۲۸۱، كتاب الصلوة ، سجود السهو)

ما في " البحر الرائق " : المسبوق يتابع إمامه فى سجود السهو ، ثم إذا قام إلى القضاء وسها فإنه يسجد ثانياً فقد تكرر سجود السهو ، وأجاب عنه فى البدائع بأن التكرار فى صلوة واحدة غير مشروع ، وهما صلاتان حكماً وإن كانت التحريمة واحدة ، لأن المسبوق فيما يقضى كالمنفرد .

(۲/ ۱۷۵، كتاب الصلوة ، باب سجود السهو)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : والمسبوق يسجد مع إمامه مطلقاً سواء كان السهو قبل الإقتداء أو بعده ، ثم يقضى ما فاته ولو سها فيه سجد ثانياً . الدر المختار . قال الشامى تحت قوله: (ولو سها فيه) أى فيما يقضيه بعد فراغ الإمام يسجد ثانياً لأنه منفرد فيه ، والمنفرد يسجد لسهوه . (۲/ ۵۴۷، كتاب الصلوة ، باب سجود السهو) (فتاوی دارالعلوم:۴/ ۳۹۷)

امام کے سجدۂ سہو کے بعد اس کی اقتداء

مسئلہ (۳۰): اگر امام پر سجدۂ سہو واجب ہو اور وہ سجدۂ سہو کر کے قعدہ کی حالت میں ہو، اس درمیان کوئی مسبوق نیت باندھ کر امام کے ساتھ شریک ہو تو اس کی اقتداء درست ہوگی، اور اس پر سجدۂ سہو کی قضاء لازم نہیں ہوگی۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

ما في " الدر المختار مع الشامية " : (والمسبوق يسجد مع إمامه مطلقاً) سواء كان السهو قبل الإقتداء أو بعده . الدر المختار. قال الشامي تحت قوله : (سواء كان السهو قبل الإقتداء أو بعده) بيان للإطلاق ، وشمل أيضاً ما إذا سجد الإمام واحدة ثم اقتدىٰ به ، قال في البحر : فإنه يتابعه في الأخرىٰ ولا يقضي قضاء الأولىٰ كما لا يقضيهما لو اقتدىٰ به بعدما سجدهما .

(۲/۵۴۶/۵۴۷، كتاب الصلوٰة ، باب سجود السهو)

ما في " البحر الرائق " : إذا كان مقتدياً به وقت السهو أو لم يكن وما إذا سجد سجدة واحدة ثم اقتدى به ، فإنه يتابعه في الأخرىٰ ولا يقضي الأولىٰ كما لا يقضيهما لو اقتدى به بعدما سجدهما .

(۲/۱۷۵ ، كتاب الصلوٰة ، باب سجود السهو)

ما في " عمدة الرعاية على حاشية شرح الوقاية " : قوله : (والمسبوق يسجد مع إمامه) سواء كان السهو من الإمام قبل اقتداء ه أو بعده .

(۱/۱۸۵ ، كتاب الصلوٰة ، باب سجود السهو ، تبيين الحقائق : ۱/۴۷۸، كتاب الصلوٰة ، باب سجود السهو) (فتاویٰ محمودیہ:۷/۴۳۷)

منفرد یا امام کا سورۂ فاتحہ کے بعد سوچتے رہنا

مسئلہ (۳۱): بعض دفعہ منفرد (تنہا نماز پڑھنے والا) یا امام سورۂ فاتحہ پڑھنے کے بعد کچھ دیر سوچتا ہے کہ کونسی سورت پڑھے، اس کا یہ سوچنا اگر ایک رکن کے ادا کرنے یعنی تین مرتبہ سبحان اللہ پڑھنے کے بقدر ہے، اور اس دوران وہ بالکل خاموش سوچتا رہا، نہ قرأت میں مشغول ہوا اور نہ ذکر و تسبیح میں، تو اس پر سجدۂ سہو واجب ہوگا، اور اگر اس کا سوچنا ایک رکن کی ادائیگی سے کم ہو تو اس پر سجدۂ سہو واجب نہیں ہوگا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الشامية " : واعلم أنه إذا شغله ذلك الشك فتفكر قدر أداء ركن ولم يشتغل حالة الشك بقراءة ولا تسبيح وجب عليه سجود السهو في جميع صور الشك ، سواء عمل بالتحرى أو بنى على الأقل لتأخير الركن . (۲/۵۶۲، كتاب الصلوٰة ، باب سجود السهو)

ما في " البحر الرائق " : وإن طال تفكره فعليه السهو استحساناً لتأخير الأركان عن أوقاتها فتمكن النقصان فيها ..... وفي الذخيرة : هذا إذا كان التفكر يمنعه عن التسبيح .

(۲/۱۷۳، كتاب الصلوٰة ، باب سجود السهو)

ما في " الفتاوى الهندية " : يجب سجود السهو في جميع صور الشك سواء عمل بالتحرى أو بنى على الأقل ..... وإن طال تفكره حتى شغله عن ركعة أو سجدة فعليه سجود السهو استحساناً . هكذا في المحيط .

(۱/۱۳۱، ومما يتصل بذلك مسائل الشك والإختلاف الواقع بين الإمام والمأموم)

ما في " البحر الرائق " : وإن لم يطل فلا سهو عليه ، سواء كان تفكره بسبب شك في هذه الصلوٰة أو في غيرها ، لأن الفكر القليل لا يمكن الإحتراز عنه فكان عفواً دفعاً للحرج .

(۲/۱۷۳، كتاب الصلوٰة ، باب سجود السهو)

ما في " الفتاوى الهندية " : فإن لم يكن تفكره شغل عن أداء ركن بأن يصلي ويتفكر فليس عليه سجود السهو . (۱/۱۳۱، ومما يتصل بذلك مسائل الشك) (فتاوی رحیمیہ:۵/۱۸۸)

باب صلوة المسافر

(مسافر کی نماز کا بیان)

سفر سے واپسی پر نماز کا وقت باقی ہو تو کتنی رکعات پڑھے؟

مسئلہ (۳۲): بعض لوگ سفر سے اپنے وطن پہنچتے ہیں اور وطن میں نماز باجماعت ہو چکی ہوتی ہے، جب کہ نماز کا وقت باقی رہتا ہے، اور ان لوگوں کے ذمہ وقتیہ نماز باقی رہتی ہے، تو وہ یہ خیال کرتے ہیں کہ ان کو دو رکعت ہی پڑھنی ہے، جب کہ ان کا یہ خیال غلط ہے، کیوں کہ دو یا چار رکعت کے وجوب میں آخری وقت کا اعتبار ہوتا ہے، اور آخری وقت یہ لوگ مقیم ہیں، لہذا انہیں نماز پوری پڑھنی ہوگی۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " البحر الرائق " : (والمعتبر فيه آخر الوقت) أي المعتبر في وجوب الأربع أو الركعتين عند عدم الأداء فی الوقت الجزء الأخير من الوقت وهو قدر ما يسع التحريمة ، فإن كان فيه مقيماً وجب عليه أربع وإلا كان مسافراً فركعتان لأنه المعتبر فی السببية عند عدم الأداء فی أول الوقت إن أدى آخره . (۲/۲۴۲، كتاب الصلاة ، باب المسافر)

ما فی " الدر المختار مع الشامية " : والمعتبر فی آخره مسافراً وجب ركعتان وإلا فأربع لأنه المعتبر فی السببية عند عدم الأداء قبله . الدر المختار . قال الشامی تحت قوله : (وإلا فأربع) أی وإن لم يكن فی آخره مسافراً بأن كان مقيماً فی آخره فالواجب أربع ، قال فی النحر : وعلى هذا قالوا : لو صلى الظهر أربعاً ثم سافر أی فی الوقت فصلى العصر ركعتين ثم رجع إلى منزله لحاجة فتبين أنه صلاهما بلا وضوء صلى الظهر ركعتين والعصر أربعاً ، لأنه كان مسافراً فی آخر وقت الظهر ومقيماً فی العصر .

(۲/۶۱۳، كتاب الصلوة ، باب صلوة المسافر ، قبيل مطلب فی الوطن الأصلی الخ ، بيروت)=

مسافر شخص کا مقیم امام کی اقتداء میں اتمام

مسئلہ (۳۳): اگر مسافر شخص مقیم امام کے ساتھ چار رکعت والی وقتیہ نماز کی تیسری رکعت میں شریک ہوا، تو امام کے ساتھ سلام نہیں پھیرے گا، بلکہ امام کے سلام پھیرنے کے بعد مزید دو رکعت اور پڑھ کر اتمام کرے گا، کیوں کہ جس طرح مسافر پر اقامت کی نیت سے اتمام لازم ہوتا ہے، اسی طرح مقیم کی وقتیہ نماز میں اقتداء کرنے سے بھی اتمام لازم ہوجاتا ہے۔[1]

= ما فی " حاشیة الطحطاوي علی مراقی الفلاح " : (والمعتبر فیه) أی لزوم الأربع بالحضر والرکعتین بالسفر (آخر الوقت) فإن کان فی آخره مسافراً صلی رکعتین وإن کان مقیماً صلی أربعاً لأنه المعتبر فی السببیة عند عدم الأداء فیما قبله من الوقت فتلزمه الصلوٰة لو صار أهلاً لها فی آخر الوقت ، قال الطحطاوی تحت قوله : (آخر الوقت) أی بقدر ما یسع إیقاع التحریمة فیه .

(ص/۴۲۸، کتاب الصلوٰة ، باب صلوٰة المسافر ، بدائع الصنائع : ۱/۲۶۲، کتاب الصلوٰة)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما فی " حلبی کبیر " : اعلم أن صلوٰة المسافر کما تتغیر من الرکعتین إلی الأربع ما دام فی الوقت بنیة الإقامة کذلک تتغیر بالإقتداء بالمقیم إن تم الإقتداء ، إذا عرفت هذا فنقول : إذا اقتدی المسافر بالمقیم فی الوقت صح ولزمه الإتمام .(ص/۵۴۲، کتاب الصلوٰة ، باب صلوٰة المسافر)

ما فی " الفقه الحنفی فی ثوبه الجدید " : ویصح إقتداء المسافر بالمقیم فی الوقت ، ویتم لتغیر فرضه بالتبعیة سواء بقی الوقت أو خرج قبل إتمامها . (۱/۳۱۴، کتاب الصلوٰة ، باب صلوٰة المسافر)

ما فی " الفتاوی الهندیة " : إن اقتدیٰ مسافر بمقیم أتم أربعاً . (۱/۱۳۳، باب صلوٰة المسافر)

ما فی " البحر الرائق " : ولو اقتدیٰ المسافر بالمقیم فی الوقت ولو قدر التحریمة علی الأصح صح إقتداء ه ویتم ما شرع فیه أربعاً بالتبعیة . (۲/۲۴۲ ، کتاب الصلوٰة ، باب صلوٰة المسافر ، الدر المختار مع الشامیة : ۲/۶۱۲ ، باب صلوٰة المسافر) (فتاوی دارالعلوم:۴/۴۵۵)

مکروهات الصلاة ومفسداتها

(مکروہات ومفسدات نماز)

امام کا محراب میں کھڑا ہونا

مسئلہ (۳۴): بعض لوگ یہ سمجھتے ہیں اگر امام محراب میں کھڑا ہوکر نماز پڑھائے تو نماز درست نہیں ہوتی، جب کہ صحیح بات یہ ہے کہ نماز درست ہوجاتی ہے، البتہ امام کا محراب میں کھڑا ہوکر نماز پڑھانا مکروہ ہے، لیکن جگہ کی تنگی اور ضرورت کی حالت میں محراب میں کھڑے ہوکر نماز پڑھانے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الدر المختار مع الشامية " : وكره (قيام الإمام فی المحراب لا سجوده) وقدماه خارجه ، لأن العبرة للقدم مطلقاً وإن لم يشتبه حال الإمام إن عال بالتشبه وإن بالاشتباه ولا اشتباه فلا اشتباه فی نفی الكراهة . الدر المختار. قال الشامی : حاصله أنه صرح محمد فی " الجامع الصغير" بالكراهة ولم يفصل فاختلف المشائخ فی سببها ، فقيل كونه يصيراً ممتازاً عنهم فی المكان ، لأن المحراب فی معنى بيت آخر ، وذلک صنيع أهل الكتاب ، واقتصر عليه فی الهداية ، واختاره الإمام السرخسی وقال : إنه الأوجه ، وقيل اشتباه حاله على من فی يمينه ويساره ، فعلى الأول يكره مطلقاً ، وعلى الثانی لا يكره عند عدم الإشتباه .

(۳۵۷/۲، كتاب الصلوٰة ، مطلب إذا تردد الحكم الخ)

ما فی " الفتاوى الهندية " : ويكره قيام الإمام وحده فی الطاق وهو المحراب .

(۱۰۸/۱ ، كتاب الصلوٰة ، الفصل الثانی فيما يكره فی الصلوٰة)

ما فی " تبيين الحقائق " : (وقيام الإمام لا سجوده فی الطاق) أي يكره قيام الإمام فی الطاق وهو المحراب . (۴۱۳/۱، كتاب الصلوٰة ، باب ما يفسد الصلوٰة وما يكره فيها)=

صف میں جگہ ہونے کے باوجود پیچھے کھڑا ہونا

مسئلہ (۳۵): بسا اوقات بڑی مسجد میں یہ صورت پیش آجاتی ہے کہ اگلی صف میں دائیں بائیں جگہ خالی ہوتی ہے، بعد میں آنے والا شخص چاہتا بھی ہے کہ دائیں بائیں خالی جگہ پہنچ کر امام کی اقتداء کرلے، لیکن امام رکوع میں ہوتا ہے، اور ڈر لگا رہتا ہے کہ اگر میں نے صف میں پہنچنے کی کوشش کی تو امام رکوع سے سر اٹھالے گا، اور میری رکعت چھوٹ جائے گی، اس لئے وہ پچھلی صف میں ہی کھڑے ہوکر امام کی اقتداء کرلیتا ہے، رکعت پانے کیلئے یہ عمل مکروہ نہیں ہے، بلکہ افضل ہے،[۱] لیکن جان بوجھ کر اقامت کہی جانے تک ادھر ادھر کی باتیں کرتے کھڑے رہنا، اور پھر امام کے رکوع میں جانے کے بعد رکعت پانے کیلئے جس صف میں چاہے کھڑے ہوجانا، شرعاً درست نہیں ہے۔[۲]

= ما فی " الشامی " : حکی الحلواني عن أبی اللیث : لا یکر قیام الإمام فی الطاق عند الضرورة بأن ضاق المسجد علی القوم . (۲/۲۵۹، کتاب الصلوٰة ، مطلب إذا تردد الحکم الخ)

ما فی " الفتاوی الهندیة " : وإذا ضاق المسجد بمن خلف الإمام فلا بأس بأن یقوم فی الطاق . (۱/۱۰۸ ، کتاب الصلوٰة ، الفصل الثانی فیما یکره فی الصلوٰة وما لا یکره ، تبیین الحقائق : ۱/۴۱۳ ، کتاب الصلوٰة) (فتاویٰ محمودیہ:۶/۵۰۶)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما فی " الشامیة " : قال العلامة ابن عابدین : إذا أدرک الإمام راکعاً فشروعه لتحصیل الرکعة فی الصف الأخیر أفضل من وصل الصف .

(۲/۲۶۸، کتاب الصلوٰة ، ملطب فی الکلام علی الصف الأول)

(۲) ما فی " الحدیث النبوی " : قال رسول الله ﷺ : " وسطوا الإمام وسدوا الخلل " .

(السنن لأبی داود: ص/۹۹ ، الأشباه والنظائر لإبن نجیم :ص/۱۳۹ ، الفن الثانی ، کتاب الصلاة، دار الکتب العلمیة بیروت) (فتاویٰ محمودیہ:۲۱/۴۳۷/۴۳۸)

گوبر سے لیپی ہوئی زمین پر نماز پڑھنا

مسئلہ (۳۶): دیہات میں عام طور پر غریب وخستہ حال لوگ رہتے ہیں، مکان کا فرش کچا ہوتا ہے، ٹائلس (فرش) لگانے کی استطاعت نہیں ہوتی، اس لیے بہت سے لوگ مٹی کے گارے میں گوبر ملا کر، یا عینِ گوبر سے اپنے گھروں کو لیپتے ہیں، تو اس طرح گوبر سے لیپی ہوئی خشک جگہ پر پاک کپڑا بچھا کر نماز پڑھنے میں کوئی حرج ومضائقہ نہیں ہے، بلکہ جائز ہے، نماز صحیح ہوجائیگی۔[1]

بوقتِ نماز شلوار یا پینٹ کو موڑنا

مسئلہ (۳۷): بعض لوگ شلوار یا پینٹ ٹخنوں کے نیچے رکھتے ہیں، اور جب انہیں نماز پڑھنی ہوتی ہے، تو ان کو اوپر موڑ لیتے ہیں، جب کہ دیگر بعض اسی حالت میں بغیر موڑے ادا کرتے ہیں، جو لوگ موڑ کر پڑھتے ہیں ان کی نماز بلا کراہت درست ہوگی، اور جو

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الشامية " : وكذا الثوب إذا فرش على النجاسة اليابسة ، فإن كان رقيقاً يشف ما تحته أو توجد منه رائحة النجاسة على تقدير أن لها رائحة لا تجوز الصلاة عليه ، وإن كان غليظاً بحيث لا يكون كذلك جازت .

(۲/۳۸۷، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، مطلب فی التشبه بأهل الكتاب)

ما فی " مراقی الفلاح " : ولا ينجس ثوب رطب بنشره على أرض نجسة ببول أو سرقين ، لكنها يابسة ، فشدت الأرض من الثوب الرطب ، ولم يظهر أثرها فيه .

(ص/۱۶۴ ، باب الأنجاس) (فتاوی محمودیہ:۵/۲۸۶،فتاوی رحیمیہ:۴/۵۱)

بغیر موڑے پڑھتے ہیں ان کی نماز کراہت کے ساتھ ادا ہوگی،[1] لیکن عام حالات میں بھی مردوں کیلئے پائجامہ یا شلوار کو ٹخنوں کے نیچے تک رکھنا منع ہے،[2] اس لئے اس کا گناہ دونوں پر آئیگا۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الحديث النبوی " : عن أبی هريرة رضی الله تعالی عنه قال : بينما رجل يصلی مسبلاً إزاره إذ قال له رسول الله ﷺ : " إذهب فتوضأ " . فذهب فتوضأ ، ثم جاء ثم قال : " إذهب فتوضأ " . فذهب فتوضأ ثم جاء فقال له رجل : يا رسول الله ﷺ ! ما لک أن يتوضأ ؟ قال إنه كان يصلی وهو مسبل إزاره وإن الله جل ذكره لا يقبل صلوة رجل مسبل إزاره .

(السنن لأبی داود :ص/۹۳، كتاب الصلوة ، باب الاسبال فی الصلوة)

(۲) ما فی " الحديث النبوی " : عن أبی هريرة رضی الله تعالی عنه قال : قال رسول الله ﷺ : " ما أسفل من الكعبين من الإزار فی النار " . (ص/۳۷۳، كتاب اللباس ، الفصل الأول)

ما فی " مرقاة المفاتيح " : ولا يجوز الإسبال تحت الكعبين إن كان للخيلاء وقد نص الشافعی على أن التحريم مخصوص بالخيلاء لدلالة ظواهر الأحاديث عليها ، فإن كان للخيلاء فهو ممنوع منع تحريم وإلا فمنع تنزيه . (۱۹۸/۸ ، كتاب اللباس)

ما فی " شرح النووی على الصحيح لمسلم " : لايجوز إسباله تحت الكعبين إن كان للخيلاء فإن كان لغيرها فهو مكروه ..... فما نزل عن الكعبين فهو ممنوع فإن كان للخيلاء فهو ممنوع منع تحريم وإلا فمنع تنزيه . (۱۹۴/۲ ، كتاب اللباس، باب تحريم جر الثوب خيلاء)

(فتاویٰ محمودیہ:۱۹/۲۷۱،فتاویٰ رحیمیہ:۵/۱۴۵،احسن الفتاویٰ:۳/۴۰۴)

جوتے پہن کر نماز پڑھنا

مسئلہ (۳۸): جوتے پہن کر نماز پڑھنا حضرت نبی کریم ﷺ اور صحابۂ کرام سے بھی منقول ہے،[۱] اب ہماری مساجد کی وہ حالت نہیں جو اس زمانے میں تھی، اب فقہاء کرام نے لکھا ہے کہ جوتا پہن کر مسجد میں جانا مکروہ ہے،[۲] البتہ اگر کوئی شخص اپنے گھر میں پاک جوتوں کے ساتھ نماز پڑھے، تو اس میں کوئی حرج نہیں، بلکہ اتباع سنت کی نیت ہو تو اس پر ثواب بھی ملے گا۔[۳]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الحديث النبوی " : عن أبی سعيد الخدری رضی الله تعالی عنه قال : بينما رسول الله ﷺ يصلی بأصحابه إذ خلع نعليه فوضعها عن يساره ، فلما رأی القوم ذلک ألقوا نعالهم .

(السنن لأبی داود: ص/۹۵)

(۲) ما فی " الفتاوی الهندية " : ودخول المسجد متنعلاً مكروه .

(۵/۳۲۱، كتاب الكراهية ، الباب الخامس فی آداب المسجد والقبلة الخ)

ما فی " الشامية " : وأما المسجد النبوی فقد كان مفروشاً بالحصا فی زمنه بخلافه فی زماننا ، ولعل ذلک يحمل ما فی عمدة المفتی من " أن دخول المسجد مشتغلاً من سوء الأدب".

(۲/۴۲۹، كتاب الصلوٰة ، مطلب فی أحكام المسجد)

(۳) ما فی " الحديث النبوی " : عن عرباض بن سارية يقول : قام فينا رسول الله ﷺ ذات يوم فوعظنا موعظة بليغة ..... : " عليكم بسنتی وسنة الخلفاء الراشدين المهديين" .

(ص/۵، باب اتباع الخلفاء الراشدين المهديين ، مكتبه دار السلام سهارنفور) (فتاوی محمودیہ:۲۲/۳۲۳)

نماز میں جیب سے رومال نکالنا

مسئلہ (۳۹): نماز پڑھنے کی حالت میں جیب سے رومال نکال کر، ناک پوچھنا اگر عمل کثیر کی حد تک پہنچ جائے، تو نماز فاسد ہو جائیگی[۱]، ورنہ مکروہ ہے۔[۲]

نماز میں موبائل فون وائب ریٹ پر رکھنا

مسئلہ (۴۰): بعض لوگ نماز سے پہلے موبائل کو سوئچ آف نہ کرتے ہوئے صرف موبائل کی گھنٹی بند کرکے وائب ریٹ (Vibrate) پر رکھ کر نماز پڑھتے ہیں، ان کا ایسا کرنا مکروہ ہے، کیوں کہ جب کسی کا فون آئیگا تو وائب ریٹ شروع ہوگا، اور دل اس کی طرف مشغول ہوگا، اور نماز کے علاوہ کسی ایسی چیز میں مشغول ہونا جس سے خشوع وخضوع میں خلل واقع ہو مکروہ ہے۔[۳]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الدر المختار مع الشامية " : (ويفسدها كل عملٍ كثيرٍ) ليس من أعمالها .
(۲/۳۳۲، كتاب الصلوٰة ، مطلب فی التشبه بأهل الكتاب)
ما فی " شرح الوقاية " : يفسدها ..... كل عملٍ كثيرٍ . (ص/۱۶۵ ، مفسدات الصلاة)

(۲) ما فی " نور الإيضاح " : يكره للمصلی ..... العمل القليل .
(ص/۹۰ ، كتاب الصلوٰة) (فتاوی محمودیہ:۲۲/۲۰۸)

الحجة على ما قلنا :

(۳) ما فی " الحديث النبوی " : عن أنس : يَبلُغُ به عن النبیِّ ﷺ قال : " إذا حضر العَشَاءُ وأقِيمتِ الصَّلاةُ فابدَءُوْ بالعَشَاء " . قال أبو عيسیٰ : والذی ذهب إليه بعض أهل العلم من أصحاب النبی ﷺ وغيرهم أشبهُ بالاتباع، وإنما أرادوا أن لا يقوم الرجل إلى الصلاة وقلبُه مشغول بسبب شيءٍ .
(السنن للترمذی : ۱/۲۶۳ ، أبواب الصلاة ، ما جاء إذا حضر العشاء وأقيمت الصلاة فابدء وا بالعشاء ، الرقم : ۳۵۳ ، بيروت)=

رکوع وسجدہ پر قدرت کے باوجود کرسی پر نماز

مسئلہ (۴۱): بعض لوگ قیام پر قدرت نہیں رکھتے ہیں، لیکن زمین پر بیٹھ کر رکوع وسجدہ پر قادر ہوتے ہیں، پھر بھی کرسی پر بیٹھ کر اشارہ سے نماز پڑھنے کو جائز سمجھتے ہیں، جب کہ ان کا یہ خیال غلط ہے، کیوں کہ زمین پر بیٹھ کر رکوع وسجدہ پر قادر ہوتے ہوئے کرسی پر بیٹھ کر اشارے سے نماز پڑھنا شرعاً درست نہیں ہے۔ (۱)

= ما فی " مراقی الفلاح " : ویکرہ التنفل کالفرض حال (مدافعة) أحد (الأخبثین) البول والغائط وکذا الریح (و) وقت (حضور طعام تتوقه نفسه و) عند حضور کل (ما یشغل البال) عن استحضار عظمة الله تعالی . (ص/۷۵، قبیل باب الأذان)

ما فی " حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح " : وصرح علماء نا بکراهة الدعاء والاستغفار حال قراءة القرآن ، وکذا کل ما یشغله عن الاستماع فلا یرد سلاماً ولا یشمت عاطساً لما فیه من الاخلال بفرض الاستماع .

(ص/۲۲۸، کتاب الصلوٰة ، باب شروط الصلوٰة وأرکانها ، مکتبة شیخ الهند دیوبند)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما فی " الشامیة " : بل یظهر لی أنه لو کان قادراً علی وضع شیء علی الأرض مما یصح السجود علیه أنه یلزمه ذلک ، لأنه قادر علی الرکوع والسجود حقیقة ولا یصح الإیماء بهما مع القدرة علیهما . (۲/۴۹۷، باب صلوٰة المریض)

ما فی " بدائع الصنائع " : وإن کان قادراً علی القعود برکوع وسجود فصلی بالإیماء لا یجزیه بالإتفاق . (۱/۲۹۱، الصلوٰة علی الدابة والسفینة)

رکوع اور سجدہ پر قادر نہ ہونے کی بناء پر اشارے سے نماز

مسئلہ (۴۲): اگر کوئی مصلی رکوع اور سجدہ پر قادر نہیں ہے، اور قیام پر قدرت رکھتا ہے تو اس مصلی کیلئے بیٹھ کر اشارے سے نماز پڑھنا افضل ہے، اور کھڑے ہو کر اشارے سے نماز پڑھنا بھی جائز ہے۔[1]

فرض نماز کے اعادہ کے ساتھ سنتوں کا اعادہ

مسئلہ (۴۳): اگر کسی شخص نے ظہر، مغرب، یا عشاء کی نماز کو باجماعت ادا کرلیا، اور فرض نماز کے بعد والی سنتیں بھی پڑھ لی، پھر معلوم ہوا کہ پڑھی ہوئی فرض نماز فاسد ہوگئی، تو فرض نماز کے اعادہ کے ساتھ سنتوں کا اعادہ بھی لازم ہوگا، بشرطیکہ نماز کا وقت باقی ہو،

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الدر المختار مع الشامية " : وإن تعذر إلا القيام أومأ قاعداً . الدر المختار .

قال الشامی : قال فی البحر : لم أر ما إذا تعذر الركوع دون السجود غير واقع ، لأنه متى عجز عن الركوع عجز عن السجود . (۲/۴۹۵ ، باب صلوة المريض)

ما فی " الفتاوى التاتارخانية " : فإن كان يقدر على القيام ولا يقدر على السجود أومى إيماء وهو قاعد ، كذا ذكره الشيخ شمس الأئمة الحلوانی والسرخسی ، وذكر الشيخ المعروف بخواهرزاده والشيخ الصفار ، أنه بالخيار إن شاء صلى قائماً بإيماء وإن شاء صلى قاعداً بإيماء ، وهو الأفضل عندنا ، وفی الخانية : والمستحب أن يصلى قاعداً بإيماء .

(۱/۵۸۲ ، الفصل الحادی والثلاثون فی صلوة المريض)

ما فی " البحر الرائق " : وإن تعذر الركوع والسجود لا القيام أومأ قاعداً ، لأن ركنية القيام للتوصل به إلى السجدة لما فيها من نهاية التعظيم ، وإذا كان لا يعقبه السجود لا يكون ركناً فيتخير ، والأفضل هو الإيماء قاعداً ، لأنه أشبه بالسجود . (۲/۲۰۵ ، باب صلوة المريض)

کیوں کہ سنتیں فرض نماز کے تابع ہوتی ہیں،[۱] البتہ وتر کو فرض کے فاسد ہونے کی وجہ سے نہیں لوٹایا جائے گا، کیوں کہ وتر مستقل نماز ہے۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " شرح الوقایة " : (یعید العشاء والسنة) یعنی تذکر أنه صلی العشاء بلا وضوء والسنة ، والوتر بوضوء یعید العشاء والسنة ، لأنه لم یصح أداء السنة مع أنها أدیت بالوضوء لأنها تبع للفرض. (۱/۱۸۲، کتاب الصلوٰة ، باب قضاء الفوائت)

ما فی " عمدة الرعایة علی شرح الوقایة " : لأنها علة لقوله : (لم یصح) یعنی لم یصح أداء السنة وإن صلی بالوضوء ، لأن السنة تبع للفرائض وتؤدی بعد أدائه فإذا لم یتأد الفرض لم یتأد السنة ، فتلزم إعادتها عند إعادة الفرض . (۱/۱۸۲، کتاب الصلوٰة ، باب قضاء الفوائت)

ما فی " الفتاوی الهندیة " : لو تبین أن العشاء صلاها بلا طهارة دون التراویح والوتر أعاد التراویح مع العشاء دون الوتر ، لأنها تبع للعشاء ، هذا عند أبی حنیفة ..... وأما إعادة التراویح وسائر سنن العشاء فمتفق علیها إذا کان الوقت باقیة . (۱/۱۱۵، فصل فی التراویح)

(۲) ما فی " شرح الوقایة " : (یعید العشاء والسنة لا الوتر) ..... أما الوتر فصلوٰة مستقلة عنده فصح أداء ه لأن الترتیب وإن کان فرضاً بینه وبین العشاء لکنه أدی الوتر بزعم أنه صلی العشاء بالوضوء فکأن ناسیاً أن العشاء کان فی ذمته فسقط الترتیب .

(۱/۱۸۲، کتاب الصلوٰة ، باب قضاء الفوائت)

ما فی " الفتاوی الهندیة " : لو تبین أن العشاء صلاها بلا طهارة دون التراویح والوتر أعاد التراویح مع العشاء دون الوتر ..... فإن الوتر غیر تابع للعشاء فی الوقت عنده ..... فیصح إذا أدی قبل العشاء بالنسیان . (۱/۱۱۵، فصل فی التراویح)

ما فی " بدائع الصنائع " : من صلی العشاء علی غیر وضوء وهو لا یعلم ثم توضأ فأوتر ثم تذکر أعاد صلاة العشاء بالإتفاق ، ولا یعید الوتر فی قول أبی حنیفة . وعندهما یعید ، ووجه البناء علی هذا الأصل أنه لما کان واجباً عند أبی حنیفة کان أصلاً بنفسه فی حق الوقت لا تبعاً للعشاء .

(۱/۲۰۱، کتاب الصلاة ، صلاة الوتر ، دار الکتاب دیوبند) (فتاویٰ محمودیہ:۷/۳۴، فتاویٰ حقانیہ:۳/۲۴۲)

ظہر سے پہلے کی چار رکعت سنت ایک سلام سے ضروری ہے

مسئلہ (۴۴): بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ ظہر کی نماز سے پہلے چار رکعت سنتِ مؤکدہ ادا کرتے ہوئے، اگر فرض نماز شروع ہوجائے تو دو رکعت پر سلام پھیر کر فرض نماز میں شریک ہونے، اور اس سے فراغت کے بعد دو رکعت پڑھ لینے سے پہلی والی چار رکعت سنت مؤکدہ ادا ہوجاتی ہے، جب کہ ان کا یہ خیال غلط ہے، کیوں کہ ظہر میں فرض سے پہلے چار رکعت ایک سلام کے ساتھ مسنون ہے، اگر کسی نے ان کو دو سلام سے ادا کیا تو سنت ادا نہیں ہوگی، (۱) بلکہ فرض کے بعد چار رکعت سنت کو ایک ہی سلام کے ساتھ ادا کرنا ہوگا، (۲) کیوں کہ فرض سے پہلے جن دو رکعت پر سلام پھیر دیا تھا وہ نفل ہوگئیں۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " شرح معاني الآثار للطحاوي " : عن أبي أيوب الأنصاري قال : أدمن رسول الله ﷺ أربع ركعات بعد زوال الشمس فقلت : يا رسول الله ! إنک تدمن هؤلاء الأربع ركعات فقال : يا أبا أيوب ! إذا زالت الشمس فتحت أبواب السماء فلن ترتج حتى يصلى الظهر، فأحب أن يصعد لي فيهن عمل صالح قبل أن ترتج فقلت : يا رسول الله ! في كلهن قراءة ؟ قال : نعم قلت : بينهن تسليم فاصل ؟ قال : لا إلا التشهد . (۱/۳۳۲، كتاب الصلوٰة ، باب التطوع بالليل والنهار كيف هو)

ما في " مجمع الأنهر " : والسنة قبل فرض الظهر..... وقبل الجمعة أربع بتسليمة فلو صلى بتسليمتين لم يعد من السنة ، لأنه عليه الصلوٰة والسلام سئل عن هذه الأربع بتسليمة أو بتسليمتين ؟ فقال : بتسليمة واحدة من غير فصل بين الظهر والجمعة . (۱/۱۹۴، كتاب الصلوٰة)

ما في " تبيين الحقائق " : والسنة قبل الظهر والجمعة وبعدها أربع ، لما روى عن عائشة أنها قالت : كان النبي ﷺ يصلى قبل الظهر أربعاً وبعده ركعتين . (۱/۴۲۸، كتاب الصلوٰة)

(۲) ما في " مراقي الفلاح " : شرع في سنة الظهر فأقيمت الجماعة سلم بعد الجلوس على رأس ركعتين ، كذا روي عن أبي يوسف والإمام ، وهو الأوجه لجمعه بين المصلحتين ، ثم قضى السنة أربعاً لتمكنه منه بعد أداء الفرض . (ص/۱۷۴، كتاب الصلوٰة) =

فصل في التراويح

(تراویح کے بیان میں)

تراویح کے اعادہ کی وجہ سے وتر کا اعادہ

مسئلہ (۴۵): اگر کسی شخص نے رمضان المبارک میں تراویح کی ۲۰/رکعت کی ادائیگی کے بعد وتر کی نماز ادا کرلیا، پھر معلوم ہوا کہ تراویح کی دو رکعت میں غلطی کی وجہ سے وہ واجب الاعادہ ہے، تو وتر کو لوٹانے کی ضرورت نہیں ہے، کیوں کہ وتر کو تراویح سے پہلے پڑھنا بھی صحیح ہے، اور بعد میں پڑھنا بھی صحیح ہے۔[1]

= ما فی " الدر المختار " : وكذا سنة الظهر وسنة الجمعة إذا أقيمت أو خطب الإمام يتمها أربعاً على القول الراجح ، لأنها صلوة واحدة وليس القطع للإكمال بل للإبطال .

(۴۴۲/۲، كتاب الصلوة ، باب إدراك الفريضة) (فتاوی محمودیہ:۷/۱۹۸/۱۹۹)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " نور الإيضاح " : ويصح تقديم الوتر على التراويح وتأخيره عنها .

(ص/۱۰۰، فصل فی التراويح)

ما فی " مراقی الفلاح مع حاشية الطحطاوي " : لو تبين فساد العشاء دون التراويح والوتر ، أعادوا العشاء ثم التراويح دون الوتر عند أبی حنيفة بوقوعها نافلة مطلقة بوقوعها فی غير محلها هو الصحيح . (ص/۴۱۳، فصل في التراويح)

ما فی " الفتاوى الهندية " : لو تبين أن العشاء صلاها بلا طهارة دون التراويح والوتر أعاد التراويح مع العشاء دون الوتر لأنها تبع للعشاء هذا عند أبی حنيفة . (۱۱۵/۱، فصل فی التراويح ، حلبی كبير :ص/۴۰۳/۴۰۴، فصل فی التراويح) (فتاوی رحیمیہ:۵/۲۳۳)

باب الجنازة

(جنازے کا بیان)

غیر مسلم نرس کا میت بچہ کو غسل اور کفن دینا

مسئلہ (۴۶): بسا اوقات کسی بچہ کی ولادت ہسپتال میں ہوتی ہے، اور وہ وہیں مرجاتا ہے، تو ہسپتال کی غیر مسلم نرسیں اسے غسل وکفن کردیتی ہیں، اور اس کے بعد اسے گھر پر غسل نہیں دیا جاتا، اور قبرستان میں دفنا دیا جاتا ہے، شرعاً ایسا کرنا درست ہے، کیوں کہ غیر مسلم کے ہاتھوں دیا گیا غسل صحیح ہے، غسل دینے والے کا مکلفِ شرع ہونا شرط نہیں ہے، مگر چونکہ اس صورت میں دو خرابیاں پائی جاتی ہیں، اول تو یہ کہ غیر مسلم کے ہاتھوں دیا گیا غسل خلافِ سنت ہوگا، ثانی یہ کہ مسلم جنازہ کی تجہیز وتکفین مسلمانوں پر لازم ہے، اور یہ ذمہ داری ان پر باقی رہ جاتی ہے، لہذا بہتر یہ ہے کہ اس بچہ کو دوبارہ موافقِ سنت غسل دیا جائے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الشامية " : وأنه يسقط ، وإن لم يكن الغاسل مكلفاً . (۸۸/۳، باب صلوٰة الجنازة)

ما فی " عمدة القاری " : الغسل والتكفين والصلوٰة فرض على الكفاية بالإجماع على أن غسل الميت فرض كفاية . (۵۲/۸، الجنائز)

ما فی " حاشية الطحطاوی على مراقی الفلاح " : كفنه ودفنه تجهيزه فرض كفاية بالإجماع فيكفر منكرها لإنكاره الإجماع . (ص/۵۸۰، الجنائز) (فتاوی رحیمیہ: ۶/۷)

میت پر سوگ اور تعزیت

مسئلہ (۴۷): شوہر کے سوا کسی دوسرے کے مرنے پر تین دن سے زیادہ سوگ منانا جائز نہیں ہے،[۱] اسی طرح تعزیت کی شرعی مدت تین دن ہے، البتہ جو شخص بر وقت حاضر نہ ہوسکا اور بعد میں آیا تو وہ تین دن گذر جانے کے بعد بھی تعزیت کرسکتا ہے، بار بار تعزیت کرنا مکروہ ہے، کہ اس میں ورثاء کے غم کو تازہ کرنا ہے، بعض علاقوں میں لوگ چالیس دن تک تعزیت کا سلسلہ جاری رکھتے ہیں، اور چالیس دن مکمل ہونے پر ہی یہ سلسلہ بند ہوتا ہے، جسے ''میت کا بستر اٹھانا'' کی رسم سے جانا جاتا ہے، شرعاً یہ رسم غلط، بے بنیاد اور قابلِ ترک ہے۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الحديث النبوى " : عن زينب بنت أبى سلمة قالت : دخلت على أم حبيبة زوج النبى ﷺ فقالت : سمعت رسول الله ﷺ يقول : " لا يحل لإمرأة تؤمن بالله واليوم الآخر أن تحد على ميتٍ فوق ثلث إلا على زوج أربعة أشهر وعشراً " . ثم دخلت على زينب بنت جحش حين توفى أخوها فدعت بطيب فشمت به ثم قالت : ما لي بالطيب من حاجةٍ غير أنى سمعت رسول الله ﷺ : " لا يحل لإمرأة تؤمن بالله واليوم الآخر أن تحد على ميت فوق ثلث إلا على زوج أربعة أشهر وعشراً " .

(الصحيح للبخارى : ۱/۱۷۱، كتاب الجنائز ، باب احداد المرأة على غير زوجها ، الصحيح لمسلم : ۱/۴۸۶، كتاب الطلاق ، باب وجوب الاحداد فى عدة الوفاة ، مشكوة المصابيح : ص/۲۸۸/۲۸۹، باب العدة ، الفصل الأول)

(۲) ما فى " الدر المختار مع الشامية " : وبالجلوس لها فى غير مسجد ثلاثة أيام ، وأولها =

کتاب الزکوٰۃ

(زکوۃ کا بیان)

ادائیگی سے پہلے زکوۃ کی رقم کا ضائع ہونا

مسئلہ (۴۸): کسی شخص نے اپنے مال وغیرہ کا حساب لگا کر جتنی زکوٰۃ اس پر ہوتی تھی نکال کر علیحدہ کردی، اب اس کی جیب کسی نے کاٹ لی، یا کسی طرح اس کی زکوٰۃ کی رقم ضائع ہوگئی، تو اس صورت میں اس کی زکوٰۃ ادا نہیں ہوگی، بلکہ اسے دوبارہ زکوٰۃ دینی ہوگی۔[1]

= أفضل ، وتكره بعدها إلا لغائب ، وتكره التعزية ثانياً . الدر المختار. قال الشامي : وتكره بعدها لأنها تجدد الحزن ..... لا ينبغي لمن عزى مرة أن يعزى مرة أخرى .

(۳/۱۳۹/۱۴۰ ، باب صلاة الجنازة ، مطلب في كراهة الضيافة من أهل الميت)

ما في " الموسوعة الفقهية " : جمهور الفقهاء على أن مدة التعزية ثلاثة أيام ، واستدلوا لذلك بإذن الشارع في الاحداد في الثلاث فقط، بقوله ﷺ : " لا يحل لإمرأة تؤمن بالله " الحديث ..... وتكره بعدها ، لأن المقصود منها سكون قلب المصاب ، والغالب سكونه بعد الثلاثة ، فلا يجدد له الحزن بالتعزية ، إلا إذا كان أحدهما (المعز أو المعزىٰ) غائباً ، فلم يحضر إلا بعد الثلاثة ، فإنه يعزيه بعد الثلاثة .(۱۲/۲۸۸، تعزية) (فتاوی دارالعلوم:۵/۴۱۷)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : ولا يخرج عن العهدة بالعزل بل بالأداء للفقراء . الدر المختار. قال الشامي تحت قوله : (ولا يخرج عن العهدة بالعزل) فلو ضاعت لا تسقط عنه الزكوٰة . (۳/۱۸۹، كتاب الزكوٰة)

ما في " البحر الرائق " : قال ابن نجيم تحت قوله : (وشرط أدائها نية مقارنة للأداء ولعزل ما وجب) أشار المصنف إلى أنه لا يخرج بعزل ما وجب عن العهدة ، بل لا بد من الأداء إلى الفقير لما في الخانية لو أفرز من النصاب خمسة ثم ضاعت لا تسقط عنه الزكوٰة . (۲/۳۶۹، كتاب الزكوٰة)=

فقیر قوم پر زکوۃ

مسئلہ (۴۹): فرضیتِ زکوٰۃ کا تعلق کسی خاص قوم مسلم سے نہیں، بلکہ جو شخص بھی صاحب نصاب ہوگا اس پر قاعدہ شرعی کے موافق زکوٰۃ فرض ہوجائے گی، خواہ وہ کسی قوم سے ہو، ہمارے معاشرے میں بعض لوگ فقیر قوم سے تعلق رکھتے ہیں اور فقیری یعنی مانگنا ان کا آبائی پیشہ ہوتا ہے، وہ صاحب نصاب ہونے کے باوجود محض اس لئے زکوٰۃ نہیں دیتے کہ وہ فقیر قوم سے تعلق رکھتے ہیں، جب کہ فقیر مانگ مانگ کر اگر اتنی رقم اکٹھا کرلے کہ خود صاحب نصاب بن جائے، تو اس پر بھی زکوٰۃ واجب ہوگی، [۱] اور اب اس کیلئے مانگنا جائز نہیں ہوگا، اگر کوئی شخص اس کی حالت کو جاننے کے باوجود اس کو زکوٰۃ وغیرہ کی رقم دیتا ہے، تو وہ بھی گناہگار ہوگا، کیوں کہ اس نے فعل ممنوع وحرام پر تعاون کیا ہے۔ [۲]

= ما في " الفقه الحنفي في ثوبه الجديد " : ولا يخرج المكلف بالزكوٰة عن عهدة التكليف بعزل مال الزكوٰة إلا بالأداء إلى مستحقيها ، فلو ضاعت قبل ذلك لا تسقط عنه .

(۱/۳۵۹، كتاب الزكاة ، أداء الزكاة) (فتاوی محمودیہ:۱۴/۱۵۸)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " البحر الرائق " : وشرط وجوبها العقل والبلوغ والإسلام والحرية وملك نصاب حولي فارغ عن الدين وحاجته الأصلية نام ولو تقديراً . (۲/۳۵۳/۳۵۵، كتاب الزكوٰة)

ما في " الدر المختار " : وشرط افتراضها عقل وبلوغ وإسلام وحرية ، وسببه أي سبب افتراضها ملك نصاب حولي . (۳/۱۷۳/۱۷۴، كتاب الزكاة)

ما في " الفتاوى التاتارخانية " : الزكوٰة واجبة على الحر العاقل البالغ المسلم إذا ملك نصاباً ملكاً تاماً . (۲/۳، كتاب الزكوٰة ، الهداية : ۱/۱۸۵، كتاب الزكوٰة)

(۲) ما في " الدر المختار مع الشامية " : ولا يحل أن يسأل شيئاً من القوت من له قوت يومه بالفعل أو بالقوة كالصحيح المكتسب ويأثم معطيه إن علم بحاله لإعانته على المحرّم .

(۳/۳۰۶، تبيين الحقائق : ۱/۴۶۹، كتاب الزكوٰة ، باب المصرف ، المحيط البرهاني : ۲/۲۱۹، كتاب الزكوٰة ، الفصل الثامن من يوضع فيه الزكوٰة) (فتاوی محمودیہ:۱۴/۲۵)

موبائل پر زکوۃ

مسئلہ (۵۰): آج کل کمپنیاں طرح طرح کے قیمتی موبائل ایجاد کررہی ہیں، اگر کسی شخص کے پاس اپنے ذاتی استعمال کیلئے ایک یا چند موبائل ہوں، اور وہ اتنی قیمت کے ہیں کہ اتنی قیمت پر آدمی صاحب نصاب ہوجاتا ہے، تو بھی ان کی مالیت پر زکوٰۃ واجب نہیں ہوگی، خواہ وہ کتنے ہی قیمتی ہوں، کیوں کہ یہ اموال تجارت میں شامل نہیں ہیں، البتہ اگر کوئی شخص موبائل کی تجارت کرتا ہے اور موبائل کی مالیت بقدر نصاب ہونے کے ساتھ اس پر سال گذر جائے، تو موبائل پر اس کی مالیت کے اعتبار سے زکوٰۃ واجب ہوگی۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " فتح القدير " : وليس فی دور السكنىٰ .....وسلاح الاستعمال زكوٰة ..... وعلى هذا كتب العلم لأهلها وآلات المحترفين .

قوله : (وآلات المحترفين) يريد بها ما ينتفع بعينه ولا يبقى أثره فی المعمول كالصابون والحرض وغيرها كالقدور وقوارير العطار ونحوها لكون الأجر حينئذ مقابلاً بالمنفعة فلا يعد من مال التجارة . (۱۷۳/۲، كتاب الزكوٰة)

ما فی " الشامية " : قال العلامة ابن عابدين تحت قوله : (وفارغ عن حاجته الأصلية لأن المشغول بها كالمعدوم) وفسره ابن ملك المشغول بالحاجة الأصلية وهی ما يدفع الهلاك عن الإنسان كالنفقة ودور السكنى وآلات الحرب ، أو تقديراً كالدين وآلات الحرفة ، وظاهر قوله أن المراد من قوله : (فارغ عن حاجته الأصلية) ما كان نصاباً من النقدين أو أحدهما فارغاً عن الصرف إلى تلك الحوائج . (۱۶۶/۳، مطلب فی زكوٰة ثمن المبيع وفاءً)

کرایہ پر چلائی جانے والی گاڑیوں پر زکوۃ

مسئلہ (۵۱): جو گاڑیاں کرایہ پر چلتی ہیں جیسے ٹرک، ٹیکسی اور رکشہ وغیرہ، ان پر زکوٰۃ واجب نہیں ہے،[۱] کیوں کہ اس صورت میں ان گاڑیوں کو باقی رکھتے ہوئے ان سے منفعت حاصل کرنا مقصود ہے، البتہ اگر ان سے حاصل منفعت کی مالیت بقدر نصاب ہو اور اس پر سال گذر جائے تو ڈھائی فیصد زکوٰۃ واجب ہوگی۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " فتاوى قاضي خان " : ولو اشترى قدوراً من صفر يمسكها أو يؤاجرها ، لا تجب فيها الزكوٰة كما لا تجب في بيوت الغلة ، وكذا لو اشترى جوالق بعشر آلاف درهم ليؤاجر من الناس فحال عليه الحول لا زكوٰة فيها لأنه اشتراها للغلة . (۱/۱۲۰ ، فصل في التجارة)

ما في " فتح القدير " : وليس في دور السكنى ..... وسلاح الاستعمال زكوٰة وعلى هذا كتب العلم لأهلها وآلات المحترفين ، قوله : (آلات المحترفين) يريد بها ما ينتفع بعينه ولا يبقى أثره في المعمول كالصابون والحرض وغيرهما كالقدور وقوارير العطار ونحوها لكون الأجر حينئذ مقابلاً بالمنفعة فلا يعد من مال التجارة .

(۲/۱۷۳ ، كتاب الزكاة ، الشامية : ۳/۱۶۶ ، مطلب في زكاة ثمن المبيع وفاءً ، الفتاوى الهندية: ۱/۱۷۲ ، كتاب الزكاة ، الباب الأول ، هدايه : ۱/۱۸۶ ، البحر الرائق : ۲/۳۶۱)

(۲) ما في " الدر المختار " : (وسببه) أي سبب افتراضها (ملك نصاب حولي) .

(۳/۱۶۳ ، كتاب الزكوٰة ، البحر الرائق : ۲/۳۵۵، كتاب الزكوٰة)

مکان بنانے کے لیے جمع کردہ رقم پر زکوۃ

مسئلہ (۵۲): کسی شخص نے مکان بنانے کیلئے کوئی رقم جمع کی اور اس جمع شدہ رقم پر سال گذر گیا، تو اس پر زکوٰۃ فرض ہوگی، زکوٰۃ ادا کرے پھر مکان وغیرہ بنالے، جب تک یہ رقم مکان بنانے میں خرچ نہیں ہوتی، سال گذرنے پر اس پر زکوٰۃ واجب ہوتی رہے گی۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الدر المختار مع الشامية " : (وشرطه) أی شرط افتراض أدائها حولان الحول وهو فی ملكه وثمنية المال كالدراهم والدنانير لتعينهما للتجارة بأصل الخلقة ، فتلزم الزكوٰة كيفما أمسكهما ولو للنفقة . (۱۸۶/۳ ، كتاب الزكوٰة)

ما فی " البحر الرائق " : فالخلقی : الذهب والفضة لأنها تصلح للإنتفاع بأعيانها فی دفع الحوائج الأصلية ، فلا حاجة إلى الإعداد من العبد للتجارة بالنية إذ النية للتعيين ، وهی متعينة للتجارة بأصل الخلقة ، فتجب الزكوٰة فيها نوی التجارة أو لم ينو أصلاً أو نوی النفقة .

(۳۶۶/۲، كتاب الزكوٰة)

ما فی " بدائع الصنائع " : الاعداد للتجارة فی الأثمان المطلقة من الذهب والفضة ثابت بأصل الخلقة لأنها لا تصلح للإنتفاع بأعيانها فی دفع الحوائج الأصلية فلا حاجة إلى الإعداد من العبد للتجارة بالنية ، إذ النية للتعيين وهی متعينة للتجارة بأصل الخلقة فلا حاجة إلى التعيين بالنية ، فتجب الزكوٰة فيها نوی التجارة أو لم ينو أصلاً أو نوی النفقة .

(۳۹۵/۲، كتاب الزكوٰة ، فصل فی شرائط التی ترجع إلى المال) (فتاوی محمودیہ:۴۲/۱۴)

شادی کے لیے رکھے گئے زیورات پر زکوۃ

مسئلہ (۵۳): بسا اوقات ماں باپ شادی سے پہلے اپنی بچی کیلئے زیورات بنا کر رکھتے ہیں، اگر وہ زیورات لڑکی کی ملک کر دیئے گئے ہیں، اور لڑکی نابالغ ہے تو اس کی زکوٰۃ نہ لڑکی پر واجب ہے اور نہ والدین پر، لڑکی پر اس لئے نہیں کہ وہ بالغہ نہیں ہے، جب کہ وجوب زکوٰۃ کیلئے بلوغت شرط ہے، اور والدین پر اس لئے نہیں کہ یہ زیورات ان کے قبضے میں تو ہیں لیکن ملکیت میں نہیں، ہاں بالغ ہونے کے بعد لڑکی پر اس کی زکوٰۃ فرض ہوگی، بشرطیکہ وہ نصاب کے برابر ہوں۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : وشرط إفتراضها عقل وبلوغ فلا تجب على مجنون وصبى لأنها عبادة محضة وليسا مخاطبين بها ، وسببه أى سبب افتراضها (ملك نصاب حولى) .
(۳/۱۷۳/۱۷۴، كتاب الزكاة)

ما في " البحر الرائق " : وشرط وجوبها العقل والبلوغ والإسلام والحرية وملك نصاب حولى.
(۲/۳۵۳/۳۵۴، كتاب الزكاة)

ما في " الهداية " : الزكوٰة واجبة على الحر العاقل البالغ المسلم إذا ملك نصاباً مُلكاً تاماً ، وحال عليه الحول .
(۱/۱۱۷ ، كتاب الزكاة ، دار الأرقم بيروت ، التاتارخانية : ۲/۳، كتاب الزكاة)
(فتاوی محمودیہ:۱۴/۸۲)

آٹو رکشا یا فوروہیلر کی قیمت پر زکوۃ

مسئلہ (۵۴): کسی شخص کے پاس ایک آٹو رکشا یا فوروہیلر گاڑی تھی، جس کو کرایہ پر چلا کر اس کی آمدنی سے اس نے سال بھر میں مزید آٹو یا فوروہیلر گاڑیاں کرایہ پر چلانے کیلئے خریدی، اور آخر سال میں اس کے پاس اس کمائی سے کوئی نقد رقم باقی نہ رہی، یا باقی رہی مگر بقدر نصاب نہ رہی، تو اس شخص پر ان آٹو رکشا یا فوروہیلر گاڑیوں کی قیمت پر زکوٰۃ واجب نہیں، کیوں کہ یہ ذرائع آمدنی میں داخل ہیں، اور ذرائع آمدنی پر زکوٰۃ واجب نہیں ہوتی۔[۱]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " تنوير الأبصار وشرحه " : (شرطه) أي شرط افتراض ادائها ثمنية المال كالدراهم والدنانير لتعينها للتجارة أو السوم أو نية التجارة في العروض . (۱۸۶/۳ ، كتاب الزكاة)

ما في " الفتاوى الهندية " : فليس في دور السكنٰى ..... وأثاث المنزل ودواب الركوب وعبيد الخدمة وسلاح الاستعمال زكوة..... وكذا الآلات المحترفين .

(۱۷۲/۱ ، كتاب الزكاة ، الباب الأول)

ما في " فتاوى قاضيخان " : ولو اشترى قدوراً من صفر يمسكها أو يؤاجرها لا تجب فيها الزكوٰة كما لا تجب في بيوت الغلة ، وكذا لو اشترى جوالق بعشر آلاف درهم ليؤاجر من الناس فحال عليها الحول لا زكوٰة فيها ، لأنه اشتراها للغلة . (۱۲۰/۱ ، فصل في التجارة)

ما في " الفتاوى التاتارخانية " : إذا اشترى داراً أو عبداً فآجره خرج من أن يكون للتجارة لأنه لما آجره فقد قصد الغلة فخرج عن حكم التجارة .

(۱۸/۲ ، زكاة عروض التجارة) (فتاوی محمودیہ: ۱۳۸/۱۴)

اموال تجارت کی زکوۃ باعتبار قیمتِ خرید یا فروخت

مسئلہ (۵۵): تاجروں پر اپنے اموال تجارت کی زکوٰۃ سال ختم ہونے پر بازاری قیمت کے اعتبار سے واجب ہے، نہ کہ اصل قیمتِ خرید کے اعتبار سے، لہذا اگر تاجر نے بنیت تجارت کوئی پلاٹ پانچ ہزار روپے میں خریدا تھا، اور آج اس کی مارکیٹ قیمت سات لاکھ روپے ہیں، تو زکوٰۃ میں مارکیٹ قیمت کا چالیسواں حصہ یعنی سترہ ہزار پانچ سو روپے دینا ہوگا۔[1]

باپ کے ساتھ کاروبار میں معاون لڑکوں پر زکوۃ

مسئلہ (۵۶): کسی کاروبار میں اصل رقم والد صاحب کی ہے، اس سے تجارت شروع کی گئی، لڑکے بھی اس کاروبار میں والد کے ساتھ کام کرتے ہیں، کسی کو روپیہ کی ضرورت ہو تو اس کی ضرورت کے مطابق اسے روپیہ دیا جاتا ہے، باقی تمام آمدنی تجارت ہی

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : إذا كان له مائتا قفيز حنطة للتجارة تساوى مأتى درهم فتم الحول ثم زاد السعر أو انتقص ، فإن أدى من عينها أدى خمسة أقفزة وإن أدى القيمة تعتبر قيمتها يوم الوجوب . (۱/۱۷۹ ، كتاب الزكوٰة)

ما في " الفتاوى التاتارخانية " : رجل له مائتا قفيز حنطة للتجارة حال عليها الحول وقيمتها مائتا درهم حتى وجبت عليها الزكوٰة ، فإن أدى من عينها أدى ربع عشر عينها خمسة أقفزة حنطة ، وإن أدى من قيمتها ربع عشر القيمة أدى خمسة دراهم ، فإن لم يؤد حتى تغير سعر الحنطة إلى زيادة وصارت تساوى أربع مائة ، فإن أدى من عين الحنطة أدى ربع العشر خمسة أقفزة بالإتفاق ، وإن أدى من القيمة أدى خمسة دراهم قيمتها يوم حولان الحول الذى هو يوم الوجوب عند أبى حنيفة . (۲/۲۰ ، كتاب الزكاة ، بيان زكاة عروض التجارة ، المحيط البرهاني : ۲/۳۹۳، كتاب الزكاة ، الفصل الثالث فى بيان مال الزكاة) (فتاوی محمودیہ:۱۴/۱۷۳)

میں لگادی جاتی ہے، تو اس کاروبار کا اصل مالک باپ ہی ہوگا، اور لڑکے باپ کے معاون شمار ہوں گے،[۱] اس لئے زکوٰۃ صرف باپ پر ہی واجب ہوگی، کاروبار میں شریک لڑکوں پر نہیں، اسی طرح ان لڑکوں کیلئے اپنے باپ کی اجازت کے بغیر صدقہ، عطیہ اور زکوٰۃ وغیرہ کی رسیدیں بنوانا جائز نہیں ہے، اور نہ ان کے عمل سے اس طرح باپ پر واجب زکوٰۃ ادا ہوگی۔[۲]

نابالغ کی جمع شدہ رقم پر زکوٰۃ

مسئلہ (۵۷): کسی آدمی نے اپنے نابالغ لڑکے کے نام سے بینک یا ڈاکخانہ میں روپیہ جمع کیا، اور وہ روپیہ اسی نابالغ کی ملک ہے، گرچہ وہ روپیہ نصاب یا اس سے زیادہ ہو اس پر زکوٰۃ واجب نہیں ہے، کیوں کہ وجوب زکوٰۃ کیلئے بالغ ہونا ضروری ہے۔[۳]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الشامية " : قال الشامي : الأب وابنه يكتسبان فی صنعة واحدة ولم يكن لها شيء فالكسب كله للأب إن كان الإبن فی عياله لكونه معيناً له .

(۳۹۲/۲، كتاب الشركة ، مطلب اجتمعا فی دار واحدة)

(۲) ما فی " الفتاوى التاتارخانية " : من أدّى زكوٰة مال غيره من مال نفسه بأمر من عليه الزكوٰة جاز ، بخلاف ما إذا أدى بغير أمره ثم أجاز .

(۴۸/۲، كتاب الزكوٰة ، الفصل التاسع فی المسائل المتعلقة بمعطی الزكوٰة)

ما فی " الشامية " : قال الشامی : لو أدى زكوٰة غيره بغير أمره فبلغه فأجاز لم يجز ، لأنها وجدت نفاذاً على المتصدق لأنها ملكه ولم يصر نائياً عن غيره فنفذت عليه .

(۱۸۸/۳ ، كتاب الزكوٰة ، البحر الرائق : ۳۶۹/۲، كتاب الزكوٰة) (فتاوی محمودیہ:۱۶۴/۱۴)

الحجة على ما قلنا :

(۳) ما فی " الدر المختار " : وشرط افتراضها عقل وبلوغ وإسلام وحرية .

(۱۷۳/۳ ، كتاب الزكاة ، البحر الرائق : ۳۵۲/۲، كتاب الزكاة ، الهداية : ۱۸۵/۱ ، كتاب الزكاة)

ما فی " المحيط البرهانی " : ومن جملة الموانع الصبی والجنون حتی لا تجب الزكوة فی مال الصبی والمجنون عندنا . (۴۵۰/۲، كتاب الزكاة ، الفصل العاشر ما يمنع وجوب الزكاة) (فتاوی محمودیہ:۴۲/۱۴)

باب المصرف

(مصارف کا بیان)

زکوۃ کا بہترین مصرف

مسئلہ (۵۸): زکوٰۃ کا سب سے بہترین مصرف اپنے دیندار اقرباء ہیں، جب کہ وہ مستحق زکوٰۃ ہوں، اس کے ساتھ اگر وہ دین میں مشغول ہوں تو اس میں رشتہ داری اور تعلیم دین دونوں کی رعایت ہوسکتی ہے، فساق، فجار، جواری اور شرابی جو نہ نماز پڑھتے ہیں اور نہ روزہ رکھتے ہیں، بلکہ محض بھیک مانگتے پھرتے ہیں، ان کو دینے سے تعلیم دین میں مشغول ہونے والوں کو دینا بہر حال افضل و بہتر ہے،(۱) پھر بھی اگر کسی نے دیدیا اور یہ لوگ صاحب نصاب نہیں ہیں، تو زکوٰۃ ادا ہوجائے گی۔(۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الفتاوی الهندية " : الأفضل فی الزكوة والفطر والنذور الصرف أولاً إلى الإخوة والأخوات ثم إلى أولادهم ثم إلى الأعمام والعمات ثم إلى أولادهم ثم إلى الأخوال والخالات . (۱/۱۹۰)

ما فی " مجمع الأنهر " : الأفضل إخوته ثم أولادهما ، ثم أعمامه وعماته ثم أولادهما ، ثم أخواله وخالاته ثم أولادهما ، ثم جيرانه ثم أهل سكنه ثم أهل حرفته ثم أهل مصرفه أو قريته كما فی الجوهرة وغيرها . (۱/۳۳۳/۳۳۴، كتاب الزكوة ، قبيل باب صدقة الفطر ، الشامية : ۳/۳۰۴، كتاب الزكوة ، باب المصرف)

(۲) ما فی " تبيين الحقائق " : (مصرف الزكوة) والأصل فيه قوله تعالى : ﴿إنما الصدقت للفقراء والمسٰكين﴾ قال رحمه الله تعالى : (هو الفقير والمسكين) أی المصرف هو الفقير والمسكين لما تلونا . (۲/۱۱۱/۱۱۲، كتاب الزكوة ، باب المصرف)=

کن لوگوں کو زکوۃ نہیں دی جاسکتی؟

مسئلہ (۵۹): اصول یعنی ماں باپ، دادا، دادی، نانا، نانی وغیرہ، اسی طرح فروع یعنی بیٹا، بیٹی، پوتا، پوتی، نواسہ، نواسی وغیرہ، ان رشتہ داروں کو زکوۃ نہیں دی جاسکتی، اسی طرح شوہر اپنی بیوی کو اور بیوی اپنے شوہر کو زکوۃ نہیں دے سکتی، البتہ مالِ زکوۃ کے علاوہ دوسرے مال سے ان کی خدمت کرنا انتہائی ثواب وسعادت کی بات ہے۔[1]

= ما فی " الدر المختار " : مصرف الزكوٰة والعشر هو فقير وهو من له أدنىٰ شيء أی دون نصاب، أو قدر نصاب غير تام مستغرق فی الحاجة ، ومسكين من لا شيء له على المذهب .

(۲۸۳/۳، ۲۸۴، كتاب الزكوٰة ، باب المصرف) (فتاوی محمودیہ:۱۴/۱۷۷)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " مجمع الأنهر " : ولا يدفع المزكی زكاته إلى أصله وإن علا وفرعه وإن سفل أو زوجته إتفاقاً ولو معتدته بائن أو ثلاث ، وكذا لا تدفع هی إلى زوجها عنده .

(۱/ ۳۳۱، كتاب الزكوٰة ، باب فی بيان أحكام المصرف)

ما فی " تبيين الحقائق " : قال رحمه الله تعالى : (وأصله وإن علا وفرعه وإن سفل وزوجته وزوجها وعبده ومكاتبه ومدبر) أی لا يجوز الدفع إلى أصوله وهم الأبوان والأجداد والجدات من قبل الأب والأم وإن علوا ، ولا إلى فروعه وهم الأولاد وأولاد الأولاد وإن سفلوا إلى آخر ما ذكر . (۱۲۲/۲، كتاب الزكوٰة ، باب المصرف)

ما فی " الفتاوى التاتارخانية " : ولا يعطى من الزكاة والداً وإن علا ، ولا ولداً وإن سفل من قبل الذكور والإناث ..... ولا يعطى زوجته بلا خلاف بين أصحابنا ، وكذا لا تعطى المرأة زوجها عند أبی حنيفة . (۴۰/۲، كتاب الزكاة ، الفصل الثامن بمن توضع فيه الزكاة) (فتاوی محمودیہ:۱۴/۱۸۳)

زکوۃ کی رقم اشتہارات پر خرچ کرنا

مسئلہ (۶۰): آج کل بہت سے سماجی اور رفاہی ادارے زکوۃ، چرمہائے قربانی اور دوسرے عطیات جمع کرنے کیلئے ان ہی مدات میں سے بہت سی رقم پبلسٹی اور اشتہارات پر خرچ کرتے ہیں، ان کا یہ عمل شرعاً جائز نہیں ہے۔ (۱)

حقیقی غریب بھائی، بہن اور بھتیجے وغیرہ کو زکوۃ

مسئلہ (۶۱): اپنے حقیقی غریب بھائی، بہن، بھتیجے، بھتیجی، بھانجہ اور بھانجی کو زکوۃ دینا درست ہی نہیں بلکہ افضل ہے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الحديث النبوى " : عن ابن عباس أن رسول الله ﷺ بعث معاذاً إلى اليمن فقال : " إن الله قد فرض عليهم صدقة ، تؤخذ من أغنيائهم فترد على فقرائهم ".

(مشكوة المصابيح : ۱/۱۵۵ ، كتاب الزكوٰة ، الفصل الأول)

ما في " تبيين الحقائق " : إن الزكوة يجب فيها تمليك المال ، لأن الإيتاء من قوله تعالى : ﴿وآتوا الزكوٰة﴾ يقتضى التمليك . (۲/۱۸ ، كتاب الزكوة)

ما في " البحر الرائق " : وفى اصطلاح الفقهاء ما ذكره المصنف قوله : هى تمليك المال من فقير مسلم..... لقوله تعالى : ﴿وآتوا الزكوٰة﴾ والإيتاء هو التمليك ، ومراده تمليك جزء من ماله ، وهو ربع العشر أو ما يقوم مقامه . (۲/۳۵۲، كتاب الزكوٰة ، بيروت)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " الفقه الحنفى فى ثوبه الجديد " : والأفضل أن يبدأ بأخوته وأخواته ثم أولادهم ثم أعمامه وعماته ثم أخواله وخالاته ثم ذووا أرحامه .

(۱/۳۷۳، مصارف الزكاة ، الشامية :۳/۳۰۴، كتاب الزكاة ، باب المصرف ، مجمع الأنهر: ۱/۳۳۳ ، كتاب الزكاة ، باب المصرف) =

زکوٰۃ کی رقم سے داماد کو اعلیٰ تعلیم دلوانا

مسئلہ (۶۲): اگر کوئی شخص خود اپنے داماد کو اپنی زکوٰۃ کی رقم سے اعلیٰ تعلیم دلوانا چاہتا ہے اور داماد صاحب نصاب یعنی ساڑھے باون تولہ چاندی یا اتنی قیمت نقد کا مالک نہیں ہے، اور نہ ہی وہ سید ہے، تو شرعاً یہ جائز ہے، اور اس صورت میں خسر کی زکوٰۃ بھی ادا ہو جائے گی۔ (۱)

کھیتی باڑی والے شخص کا زکوٰۃ لینا

مسئلہ (۶۳): کسی شخص کے پاس بہت سی کھیتی باڑی کی زمین ہے، جس کی قیمت لاکھوں روپئے ہوتی ہیں، مگر وہ آباد نہیں ہے، اس سے پیداوار نہیں ہوتی ہے، یا ہوتی تو ہے مگر اتنی نہیں ہوتی کہ جس سے اس کی اور اس کے بال بچوں کی سال بھر کی ضرورتیں پوری

= ما فی " الفتاوی الهندية " : الأفضل فی الزكوة والفطر والنذور الصرف أولاً إلى الإخوة والأخوات ثم إلى أولادهم . (۱۹۰/۱، كتاب الزكوة ، الباب السابع فی المصارف)

ما فی " الفتاوی التاتارخانية " : ويبدأ فی الصدقات بالأقارب ، الأول إخوته الفقراء وأخواته ثم إلى أولادهم . (۳۹/۳، كتاب الزكوة ، الفصل الثامن بمن توضع فيه الزكوة) (فتاوی محمودیہ:۲۱۲/۱۴)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الشامية " : ويجوز دفعها لزوجة أبيه وابنه وزوج ابنته .

(۲۹۳/۳، كتاب الزكوة ، باب المصرف)

ما فی " الفتاوی التاتارخانية " : ويجوز أن يعطى امرأة أبيه وابنه وزوج ابنته .

(۴۱/۲، كتاب الزكوة ، الفصل الثانی بمن توضع فيه الزكوة)

ما فی " الفقه الإسلامی وأدلته " : ويجوز دفع الزكوة لزوجة أبيه وإبنه وزوج ابنته (الصهر) .

(۱۹۷۰/۳، مصارف الزكوة) (فتاوی محمودیہ:۲۱۱/۱۴)

ہوجائیں، تو ایسا شخص بھی زکوٰۃ لے سکتا ہے۔[1]

شادی کے لیے زکوۃ دینا

مسئلہ (۶۴): اگر کوئی لڑکی مستحق زکوٰۃ ہے، اور اس کے والدین بھی غریب ہیں، مصارف نکاح کا تحمل نہیں کرسکتے، اور وہ اپنی بچی کی شادی بیاہ کے لئے کسی سے زکوٰۃ کی رقم طلب کرتے ہیں، تو صاحب نصاب شخص کے لئے انہیں اپنی زکوٰۃ کی رقم دینا شرعاً درست ہے،[2] اب شخص مذکور اس رقم کا مالک بن جانے کے بعد اپنی بچی کی شادی کی تمام ضرورتوں

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الشامية " : قال الشامی : له أرض يزرعها أو حانوت يستغلها أو دار غلتها ثلاثة آلاف ولا تكفی لنفقته ونفقة عياله سنة يحل له أخذ الزكوٰة وإن كانت قيمتها تبلغ ألوفا ، وعليه الفتوىٰ .

(۲۹۶/۳، كتاب الزكوٰة ، باب المصرف ، قبيل مطلب فی جهاز المرأة)

ما فی " البحر الرائق " : ويحل لمن له دور وحوانيت تساوی نصاباً وهو محتاج لغلتها لنفقته ونفقة عياله . (۴۲۷/۲، كتاب الزكوٰة ، باب المصرف)

ما فی " فتح القدير " : لو كان له حوانيت أو دار غلة تساوی ثلاثة آلاف وغلتها لا تكفی لقوته وقوت عياله يجوز صرف الزكوٰة إليه . (۲۸۲/۲ ، كتاب الزكوٰة ، باب من يجوز دفع الصدقة ، الفتاوی التاتارخانية : ۴۴/۲ ، كتاب الزكوٰة ، الفصل الثانی بمن توضع فيه الزكوٰة) (فتاوی محمودیہ: ۲۰۵/۱۴)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما فی " القرآن الكريم " : ﴿إنما الصدقٰت للفقرآء والمسٰكين﴾ . (سورة التوبة : ۶۰)

ما فی " الحديث النبوی " : عن ابن عباس رضی الله تعالی عنهما قال : قال رسول الله ﷺ لمعاذ بن جبل حين بعثه إلى اليمن.... : " فأخبرهم إن الله قد فرض عليهم صدقة ، تؤخذ من أغنيائهم فترد على فقرائهم " .

(الصحيح للبخاری : ۲۰۲/۱ ، كتاب الزكوٰة ، باب أخذ الصدقة من الأغنياء وترد فی الفقراء)=

میں اسے خرچ کرسکتا ہے،[۱] اگر وہ اسی رقم سے باراتیوں کیلئے کھانے کا انتظام کرے اور باراتیوں میں صاحب نصاب لوگ بھی ہوں، تو ان کے لیے یہ کھانا کھانا جائز ہے، کیوں کہ ملکیت کے بدل جانے سے اب وہ زکوٰۃ کی رقم، زکوٰۃ کی نہ رہی۔[۲]

زکوۃ کی رقم سے دیئے گئے لحاف وبستر طلباء سے واپس لینا

مسئلہ (۶۵): کسی شخص نے منتظم مدرسہ کو زکوٰۃ کی رقم دی، تاکہ وہ مدرسہ کے طلباء کو لحاف وبستر وغیرہ بنائے، منتظم صاحب نے اس رقم سے لحاف وبستر بنائے اور مستحق طلباء کے مابین تقسیم کردیئے، تو اب یہ لحاف وبستر سالانہ تعطیلات کے موقع پر طلباء سے اس اندیشہ سے واپس نہیں لئے جاسکتے کہ پتہ نہیں وہ آئندہ سال مدرسہ واپس آئیں یا نہ آئیں، کیوں کہ زکوٰۃ کی ادائیگی اسی وقت صحیح ہوتی ہے جب کہ زکوٰۃ کی رقم یا اس سے خریدی ہوئی چیزوں کا مستحقین کو مالک بنادیا جائے، لحاف وبستر کو واپس لینے کی صورت میں یہ محض مستعار ہوں گے، جب کہ مستعار دینے سے زکوٰۃ ادا نہیں ہوگی۔[۳]

=(۱) ما فی " شرح المجلة لسليم رستم باز " : كل يتصرف فی ملكه كيف ما شاء .
(ص/ ۶۵۴، رقم المادة : ۱۱۹۲)

(۲) ما فی " الحديث النبوی " : عن أنس رضی الله تعالى عنه أن النبی ﷺ أتی بلحم تصدق على بريرة ، فقال : " هو عليها صدقة وهو لنا هدية " . (صحيح البخاری : ۱/ ۲۰۲، كتاب الزكاة ، باب إذا تحولت الصدقة ، الصحيح لمسلم : ۱/ ۳۴۵، كتاب الزكاة ، باب إباحة الهدية للنبی ﷺ) الحجة على ما قلنا :

(۳) ما فی " الدر المختار " : ويشترط أن يكون الصرف تمليكاً لا إباحةً .
(۳/ ۳۹۱، كتاب الزكوة ، باب المصرف)=

زکوۃ کی رقم طویل عرصہ تک روکے رکھنا

مسئلہ (۶۶): بعض تنظیمیں مستحقین کیلئے زکوۃ اور فطروں کی رقومات جمع کرتی ہیں، اور سال بھر مستحقینِ زکوۃ کو اس جمع کردہ رقم میں سے دیا کرتی ہیں، ان کا یہ عمل قابل تحسین ہی نہیں بلکہ باعثِ اجر وثواب بھی ہے،[1] البتہ ان تنظیموں کو اس بات کا پورا خیال رکھنا چاہیے کہ آئندہ سال آنے تک اپنے پاس جمع رقم مستحقین تک پہنچادے، جمع نہ رکھیں، ورنہ ان کا یہ عمل ''نیکی برباد، گناہ لازم'' کا مصداق ہوگا، کیوں کہ علامہ شامیؒ فرماتے ہیں کہ زکوۃ کو آئندہ سال تک اپنے پاس جمع رکھنا اور مصارف میں خرچ نہ کرنا گناہ کی بات ہے۔[2]

= ما فی " مجمع الأنهر " : ولا تدفع الزكوة لبناء مسجد ، لأن التمليک شرط فيها ولم يوجد ، وكذا بناء القناطير وإصلاح الطرقات وكرى الأنهار والحج والجهاد ، وكل ما لا تمليک فيه .
(۱/۳۲۸، كتاب الزكوة ، بيان أحكام المصرف)

ما فی " تبيين الحقائق " : قال رحمه الله تعالى : (وبناء مسجد) أن لا يجوز أن يبنى بالزكوة المسجد ، لأن التمليک شرط فيها ولم يوجد ، وكذا لا يبنى بها القناطير والسقايات وإصلاح الطرقات وكرى الأنهار والحج والجهاد ، وكل ما لا تمليک فيه . (۱/۱۲۰، كتاب الزكوة ، باب المصرف ، البحر الرائق : ۲/۴۲۴، كتاب الزكوة ، باب المصرف) (فتاوی محمودیہ:۱۴/۱۷۴)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " القرآن الكريم " : ﴿وتعاونوا على البر والتقوىٰ﴾ . (سورة المائدة : ۲)
ما فی " عون المعبود شرح السنن لأبي داود " : قال رسول الله ﷺ : " من دل على خير فله مثل أجر فاعله " . (ص/۲۱۸۸، كتاب الأدب ، باب فی الدال على الخير ، رقم الحديث : ۵۱۲۹)
(۲) ما فی " الدر المختار مع الشامية " : وافتراضها عمرى أى على التراخى وصححه الباقانى وغيره ، وقيل فورى أى واجب على الفور، وعليه الفتوى ، فيأثم بتأخيره . الدر المختار .=

.....

.....

.....

.....

= قال الشامی : المراد أن لا یؤخر إلی العام القابل . (۳/۱۹۱/۱۹۲، کتاب الزکوٰۃ)

ما فی " فتح القدیر " : (هی واجبة علی الفور لأنه مقتضی الأمر) قال ابن الهمام : وهو قول الکرخی فإنه قال : یأثم بتأخیر الزکوٰۃ بعد التمکن ، وروی عن محمد : من أخر الزکوٰۃ من غیر عذر لا تقبل شهادته ، وفرق بینها وبین الحج ، فقال : لا یأثم بتأخیر الحج ویأثم بتأخیر الزکوٰۃ لأن فی الزکوٰۃ حق الفقراء فیأثم بتأخیر حقهم . (۲/۱۶۵، کتاب الزکوٰۃ)

ما فی " الفقه الحنفی فی ثوبه الجدید " : وأداء الزکوٰۃ واجب علی الفور، فلا یؤخر عن أول وقت الإمکان فإذا لم یؤدها حتی مضی حولان فقد أساء وأثم لأن الأمر بالصرف إلی الفقیر لدفع حاجته وهی معجلة ، فإذا لم تجب علی الفور لم یحصل المقصود .

(۱/۳۵۹، کتاب الزکوٰۃ ، أداء الزکوٰۃ) (فتاویٰ محمودیہ:۱۴/۱۶۳)

کتاب الصوم

(روزے کا بیان)

روزے میں دانت اکھڑوانا

مسئلہ (۶۷): بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ بحالتِ روزہ دانت اکھڑوانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے، جب کہ صحیح یہ ہے کہ روزے کی حالت میں دانت اکھڑوانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا ہے، کیوں کہ روزہ کے ٹوٹنے اور نہ ٹوٹنے کا تعلق ایسی چیزوں سے ہے جو حلق کے نیچے پہنچتی ہو، دانت چونکہ حلق سے اوپر ہے، اس لئے بذاتِ خود دانت نکالنے میں کوئی حرج نہیں ہے، البتہ اگر دانت اکھڑواتے وقت جو خون نکلا اس کو تھوک کے ساتھ نگل لیا اور خون تھوک پر غالب تھا تو روزہ ٹوٹ جائیگا، اور اگر دونوں برابر ہوں تب بھی استحساناً روزہ ٹوٹ جائیگا۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الشامية " : المفطر إنما هو الداخل من المنافذ . (۳/۳۶۷)

ما فی " الفتاوى الهندية " : الدم إذا خرج من الأسنان ودخل حلقه إن كانت الغلبة للبزاق لا يضر، وإن كانت الغلبة للدم يفسد صومه ، وإن كان سواء أفسد أيضاً استحساناً . (۱/۲۰۳)

ما فی " المحيط البرهانی " : الدم إذا خرج من الأسنان ودخل الحلق إن كانت الغلبة للبزاق لا يفسد صومه ، وإن كانت الغلبة للدم فسد صومه ، وإن كان على السواء فسد صومه احتياطاً .

(۲/۵۵۷، كتاب الصوم) (کتاب الفتاویٰ:۳/۳۹۹،فتاویٰ حقانیہ:۴/۱۶۳)

روزے کی حالت میں لفافہ کی گوند زبان سے چاٹنا

مسئلہ (۶۸): روزے کی حالت میں لفافے کی گوند کو اپنی زبان سے تر کرنا مکروہ ہے، کیوں کہ گوند میں ذائقہ ہوتا ہے، اور روزے کی حالت میں کسی بھی چیز کے ذائقے کو چکھنا مکروہ ہے، البتہ اگر انگلی میں تھوک لیکر اس سے گوند کو تر کرے تو کوئی حرج نہیں ہے۔[۱]

روزے کی حالت میں ٹوتھ پیسٹ کرنا

مسئلہ (۶۹): روزے کی حالت میں ٹوتھ پیسٹ (Tooth Past) کرنا مکروہ ہے، کیوں کہ اس میں ذائقہ ہوتا ہے، اور روزے کی حالت میں کسی بھی چیز کے ذائقے کو چکھنا مکروہ ہے، اس لئے روزے کی حالت میں ٹوتھ پیسٹ کرنے سے بچنا چاہیے۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " المحيط البرهانی " : قال فی " الأصل " : ويكره للصائم أن يذوق شيئاً بلسانه .

(۲/۵۶۳، كتاب الصوم ، الفصل السادس فيما يكره للصائم)

ما فی " البناية شرح الهداية " : من ذاق شيئاً بفمه لم يفطره لعدم الفطر (صورةً ومعنىً) أما صورة فلأنه لم يصل إلى الجوف شيء من المنفذ المعهود ، وأما معنى فلأنه لم يصل إلى البدن ما يصلحه (ويكره له) أى للصائم (ذلك) أى ذوق الشيء بالفم (لما فيه) أى لما فيه من تعريض الصوم على الفساد ، لأنه لا يؤمن أن يصل إلى جوفه . (۲/۲۷۵، كتاب الصوم ، باب ما يوجب القضاء والكفارة ، فتاوى قاضى خان على هامش الفتاوى الهندية : ۱/۲۰۴، الفصل الرابع فيما يكره ، الدر المختار مع الشامية : ۳/۳۵۲، مطلب فيما يكره للصائم) (کتاب الفتاوی:۳/۴۰۱)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما فی " البناية شرح الهداية " : من ذاق شيئاً بفمه لم يفطره لعدم الفطر (صورةً ومعنىً) أما صورة فلأنه لم يصل إلى الجوف شيء من المنفذ المعهود ، وأما معنى فلأنه لم يصل إلى البدن ما يصلحه =

سانس کے مریض روزہ دار کا پمپ کے ذریعہ منہ میں ہوا لینا

مسئلہ (۷۰): روزے کی حالت میں سانس کے مریض کا پمپ کے ذریعہ منہ میں ہوا لینے سے روزہ فاسد ہو جائیگا،[۱] کیوں کہ آج کل جو پمپ استعمال ہوتا ہے، اس میں دوا کے اجزاء ہوتے ہیں، اور ان اجزاء کا معدہ میں پہنچنا یقینی ہوتا ہے، البتہ اگر پمپ میں کسی قسم کی دوا نہ ڈالی جائے، تو محض پمپ کے ذریعہ ہوا لینے سے روزہ فاسد نہیں ہوگا۔[۲]

=(ویکره له) أی للصائم (ذلک) أی ذوق الشیء بالفم (لما فیه) أی لما فیه من تعریض الصوم علی الفساد، لأنه لا یؤمن أن یصل إلی جوفه. (۲/۲۷۵، کتاب الصوم، باب ما یوجب القضاء والکفارة) ما فی " الدر المختار مع الشامیة " : کره له ذوق شیء، وکذا مضغه بلا عذر.

(۳/۳۵۲، مطلب فیما یکره للصائم، فتاوی قاضیخان علی هامش الفتاوی الهندیة : ۱/۲۰۴، الفصل الرابع فیما یکره، المحیط البرهانی : ۲/۵۶۳، کتاب الصوم، الفصل السادس فیما یکره للصائم)

(فتاوی محمودیہ: ۱۰/۱۵۹، فتاوی حقانیہ: ۴/۱۷۴، کتاب الفتاوی: ۳/۴۰۱)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما فی " خلاصة الفتاوی " : وما وصل إلی جوف الرأس والبطن من الأذن والأنف والدبر فهو مفطر بالإجماع وفیه القضاء، وهی مسائل الإفطار فی الأذن والسعوط والوجور والحقنة، وکذا من الجائفة والآمة عند أبی حنیفة. (۱/۲۵۳)

ما فی " بدائع الصنائع " : وأما إذا وصل إلی الجوف فلا شک فیه لوجود الأکل من حیث الصورة. (۲/۲۴۳)

ما فی " البحر الرائق " : إن احتقن أو استعط أو أقطر فی أذنه أو داوی جائفة أو آمة بدواء ووصل الدواء إلی جوفه أو دماغه أفطر. (۲/۴۸۵، باب ما یفسد الصوم و ما لا یفسد، الفتاوی الهندیة : ۱/۲۰۴، الباب الرابع فیما یفسد وما لا یفسد)

(۲) ما فی " مراقی الفلاح " : أو دخل حلقه غبار ولو کان غبار دقیق من الطاحون أو دخل حلقه ذباب، أو دخل أثر طعم الأدویة فیه فلا یفسد الصوم بدخولها.

(ص/۲۳۹، باب فی بیان ما لا یفسد الصوم)=

روزہ دار کا ناک میں دوا ڈالنا

مسئلہ (۱۷): روزے کی حالت میں ناک میں دوا ڈالنے سے روزہ فاسد ہوجاتا ہے، کیوں کہ ناک میں کسی شئ کے معدے تک پہنچنے کی گذرگاہ موجود ہے، اسی وجہ سے بحالت روزہ استنشاق میں مبالغہ کرنے سے منع کیا گیا ہے، لہذا روزہ کی حالت میں ناک میں دوا ڈالنے سے پرہیز کیا جائے۔[1]

= ما فی " فتاوی قاضی خان علی هامش الفتاوی الهندية " : إذا دخل الدخان أو الغبار أو ريح العطر أو الذباب حلقه لا يفسد الصوم .

(۱/۲۰۸، الفصل الخامس فيما لا يفسد الصوم ، الشامية : ۳/۳۶۷، كتاب الصوم ، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسد ، مطلب يكره السهو إذا خاف فوت الصبح) (فتاوی محمودیہ:۱۰/۱۵۴)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الشامية " : أو استعط فی أنفه شيئاً . الدر المختار . قال الشامی : والسعوط : الدواء الذی صب فی الأنف . (۳/۳۳۶، كتاب الصوم ، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسده)

ما فی " فتاوی قاضی خان علی هامش الفتاوی الهندية " : وكذا السعوط والوجور والقطور فی الأذن ، أما الحقنة والوجور فلأنه وصل إلى الجوف ما فيه صلاح البدن .

(۱/۲۰۱، الفصل السادس فيما يفسد الصوم)

ما فی " تبيين الحقائق " : إن احتقن أو استعط أو أقطر فی أذنه أو داوی جائفة أو آمة بدواء ووصل إلى جوفه أو دماغه أفطر . (۲/۱۸۱)

ما فی " المفطرات المعاصرة " : القطرة التی تستخدم عن طريق الأنف هل هی مفطرة ؟ أنها تفطر ، قال ابن باز وابن عثيمين : واستدلوا بحديث لقيط بن صبرة مرفوعاً ، وبالغ فی الاستنشاق إلا أن تكون صائماً ، فهذا دليل على أن للأنف منفذاً إلى المعدة ، وإذا كان كذلک فاستخدام هذه القطرة نهی عنه النبی ﷺ . (ص ۴۷) (فتاوی دارالعلوم:۶/۴۱۶، فتاوی محمودیہ:۱۰/۱۳۹)

روزہ دار کا آنکھوں میں دواڈالنا

مسئلہ (۷۲): روزہ کی حالت میں آنکھوں میں دواڈالنے سے روزہ فاسد نہیں ہوتا ہے، اگرچہ اس دوا کا اثر حلق کے اندر محسوس ہو، کیوں کہ آنکھ، دماغ اور معدے کے درمیان کوئی گذرگاہ نہیں ہے کہ آنکھوں کے راستے سے دوا، دماغ یا معدے میں پہنچ جائے۔ (۱)

روزہ دار کا کان میں تیل یا دواڈالنا

مسئلہ (۷۳): روزے کی حالت میں کان میں دوا یا تیل ڈالنے سے روزہ فاسد ہوجاتا ہے، کیوں کہ فقہاء متقدمین کے قول کے مطابق کان میں ڈالی ہوئی چیز کیلئے دماغ تک پہنچنے کیلئے گذرگاہ موجود ہے، مگر جدید سائنسی تحقیق سے یہ بات ثابت ہے کہ کان اور

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : لو أقطر شيئاً من الدواء في عينيه لا يفطر صومه عندنا ، وإن وجد طعمه في حلقه . (۱/۲۰۳، كتاب الصوم ، باب ما لا يفسد الصوم)

ما في " المحيط البرهاني " : وأما إذا اكتحل أو أقطر شيئاً من الدواء في عينه لا يفسد صومه عندنا ، وإن وجد طعمه ذلك في حلقه . (۲/۵۵۶، كتاب الصوم ، الفصل الرابع)

ما في " المفطرات المعاصرة " : قطرة العين أنه لا يفطر وهو مذهب الحنفية والشافعية ، ويستدلون بأنه لا منفذ بين العين والجوف ، قطرة العين ليست مفطرة ، قال به ابن باز وابن عثيمين وغيرهما ، واستدلوا بأن قطرة العين الواحدة..... من السنتيميتر المكعب ، وهذا المقدار لن يصل إلى المعدة ، فإن هذه القطرة أثناء مرورها بالقناة الدمعية ، فإنها تمتص جميعاً ولا تصل إلى البلعوم ، وإذا قلنا أنه سيصل إلى المعدة شيء فهو يسير ، والشيء اليسير يعفى عنه . (ص/۷)

(فتاوی حقانیہ:۴/۱۷۰،فتاوی رحیمیہ:۷/۲۴۶)

دماغ کے درمیان کوئی گذرگاہ نہیں ہے، اگر ایسا ہی ہے تو کان میں دوا ڈالنے سے روزہ فاسد نہیں ہوگا، اس لئے بہتر یہی ہے کہ بحالتِ روزہ کان میں دوا ڈالنے سے احتیاط برتی جائے۔[۱]

شوگر کے مریض روزہ دار کا انسولین کا انجکشن لینا

مسئلہ (۷۴): روزہ کی حالت میں شوگر کے مریض کا انسولین (Insulin) کا انجکشن لینا روزہ کو فاسد نہیں کرے گا،[۲] کیوں کہ فسادِ صوم کیلئے منافذِ اصلیہ (ناک، کان اور دبر) سے کسی چیز کا جوفِ معدہ یا دماغ میں داخل ہونا شرط ہے۔[۳]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح " : أو أقطر في أذنه دهنا اتفاقاً أو أقطر في أذنه ماء في الأصح لوصول المفطر دماغه بفعله فلا عبرة بصلاح البدن وعدمه .

(ص/۳۶۸، باب ما يفسد الصوم ويوجب القضاء)

ما في " فتح القدير " : ومن احتقن أو استعط أو أقطر في أذنه لقوله عليه السلام : " الفطر مما دخل " . ولوجود معنى الفطر . (۲/۳۴۶، باب ما يوجب القضاء أو الكفارة ، الفتاوى الهندية : ۱/۲۰۴ ، الفتاوى التاتارخانية : ۲/۱۰۱ ، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسد ، الفصل الرابع)

ما في " المفطرات المعاصرة " : قطرة الأذن والمراد بها عبارة عن دهن " مستحضرات طبية " يصب في الأذن فهل يفطر أو لا ؟ الرأى الثانى لإبن حزم أنه لا يفطر ، وعلته أن ما يقطر في الأذن لا يصل إلى الدماغ وإنما يصل بالمسام . والطب الحديث : بَيَّن أنه ليس بين الأذن والدماغ قناة يصل بها المائع إلا في حالة واحدة ، وهي ما إذا وصل خرق في طبلة الأذن ، وعلى هذا الصواب أنها لا تفطر . (ص/۶۲) (فتاوی رحیمیہ:۷/۲۴۶،خیر الفتاوی:۴/۷۶،جامع الفتاوی:۵/۳۱۹)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " المفطرات المعاصرة " : الإبر التي يتعاطاها مريض السكر ليست مفطرة .(ص/۸)

ما في " الفتاوى الهندية " : وما يدخل من مسام البدن من الدهن لا يفطر ، هكذا في شرح المجمع .

(۱/۲۰۳، كتاب الصوم ، الباب الرابع ، البحر الرائق : ۳/۱۶/۱۷ ، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسده)

(۳) ما في " الشامية " : قال الشامي : المفطر إنما هو الداخل من المنافذ . (۳/۳۶۷) =

روزہ دار کے لیے وکس یا بام کا استعمال

مسئلہ (۷۵): روزہ کی حالت میں وکس (Viks) یا بام (Balm) لگانا یا سونگھنا روزے کو فاسد نہیں کرے گا، کیوں کہ فسادِ صوم کیلئے منافذِ اصلیہ سے کسی چیز کا جوفِ معدہ یا دماغ میں داخل ہونا شرط ہے، جب کہ وکس یا بام لگانے یا سونگھنے میں یہ شرط نہیں پائی جاتی ہے۔[1]

= ما فی " بدائع الصنائع " : وما وصل إلى الجوف أو إلى الدماغ من المخارق الأصلية كالأنف والأذن والدبر بأن استعط أو احتقن أو أقطر فی أذنه فوصل إلى الجوف أو إلى الدماغ فسد صومه.
(۲/۲۴۳، مكتبة زكريا ديوبند)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " فتاوى قاضی خان على هامش الفتاوى الهندية " : إذا دخل الدخان أو الغبار أو ريح العطر أو الذباب لا يفسد صومه . (۱/۲۰۸)

ما فی " مراقی الفلاح " : أو دخل حلقه غبار ولو كان غبار دقيق من الطاحون أو دخل حلقه ذباب أو دخل أثر طعم الأدوية فيه ، أي في حلقه ، لأنه لا يمكن الاحتراز عنها ، فلا يفسد الصوم بدخولها . (ص/۶۲۰، ۶۲۱، باب فی بيان ما لا يفسد الصوم ، مكتبة شيخ الهند ديوبند)

ما فی " الدر المختار مع الشامية " : أو ادهن أو اكتحل أو احتجم وإن وجد طعمه فی حلقه ..... وفی القسهتانی : طعم الأدوية وريح العطر إذا وجد فی حلقه لم يفطر كما فی المحيط .
(۳/۲۲۶/۲۲۷، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسد) (کتاب الفتاویٰ:۳/۳۹۶)

كتاب الحج

(حج کا بیان)

طواف یا سعی میں موبائل پر گفتگو کرنا

مسئلہ (۷۶): بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ بحالت طواف یا صفا مروہ کے درمیان سعی کرتے ہوئے بذریعہ موبائل گفتگو کرنا، یا کسی کے کال کا جواب دینا درست نہیں ہے، جب کہ یہ خیال صحیح نہیں ہے، کیوں کہ موبائل پر ضروری گفتگو کرنے سے طواف یا سعی میں کوئی خرابی نہیں آتی ہے، البتہ بہتر یہ ہے کہ بلاضرورت کسی طرح کی گفتگو نہ کرے، اور طواف وسعی کے درمیان ذکر واذکار میں مشغول رہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " المصنف لإبن أبي شيبة " : عن يزيد بن أبي زياد قال : كان مجاهد وسعيد بن جبير وعلي بن عبد الله بن العباس والحسين بن الحسن وأبو جعفر يتكلمون وهم يطوفون بالبيت بين الصفا والمروة . (۸/۶۴، كتاب الحج ، من رخص في الكلام في الطواف)

ما في " الموسوعة الفقهية " : صرح الحنفية بكراهة الكلام اثناء الطواف لكنه محمول على ما لا حاجة فيه ، لأن ذلك يشغله عن الدعاء ..... قال الترمذي : العمل على هذا عند أكثر أهل العلم ، يستحبون أن لا يتكلم الرجل في الطواف إلا لحاجة أو بذكر الله تعالى أو من العلم ، والكلام المباح الذي يحتاج إليه لا بأس به ، أما الكلام غير المحتاج إليه فإنه يكره لقول ابن عمر : " أقلوا الكلام في الطواف فإنما أنتم في صلاة " . (۳۵/۱۱۹/۱۲۰، الكلام في الطواف)

کتاب النکاح

(نکاح کا بیان)

نکاح کی حقیقت

مسئلہ (۷۷): شرعاً نکاح کی حقیقت بس اتنی ہے کہ ایک طرف سے ایجاب ہو اور دوسری طرف سے قبول، اور یہ دو گواہوں کے سامنے ہو، جو دونوں مرد ہوں، یا ایک مرد اور دو عورتوں کے سامنے ہو،[1] اس طرح شرعاً نکاح منعقد ہو جائے گا۔

نکاح میں خطبہ پڑھنا، نکاح کا اعلان کرنا، نکاح کا مسجد میں ہونا، نکاح پڑھانے والے کا نیک چلن ہونا، شاہدوں کا عادل ہونا وغیرہ امور مسنون و مستحب ہیں، اگر نکاح میں خطبہ نہ بھی پڑھا جائے، یا خطبہ میں معروف و مشہور آیاتِ قرآنیہ اور احادیث نبویہ نہ پڑھی جائیں، یا ان میں سے کوئی ایک چھوٹ جائے، تب بھی نکاح ہو جائیگا۔[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " تنوير الأبصار وشرحه " : وينعقد ملتبساً بإيجاب من أحدهما وقبول من الآخر .... وشرط حضور شاهدين حرين أو حر وحرتين مكلفين سامعين قولهما معاً .

(۴/۶۸. ۸۸ . ۹۱، كتاب النكاح ، بيروت)

ما في " الهداية " : النكاح ينعقد بالإيجاب والقبول بلفظين يعبر بهما عن الماضي ..... ولا ينعقد نكاح المسلمين إلا بحضور شاهدين حرين عاقلين بالغين مسلمين رجلين ، أو رجل وامرأتين عدولاً كانوا أو غير عدولاً . (۲/۳۰۶، كتاب النكاح)

ما في " شرح الوقاية " : النكاح ينعقد بإيجاب وقبول ..... وشرط سماع كل واحد منهما لفظ الآخر ، وحضور حرين أو حر وحرتين . (۲/۳-۵، كتاب النكاح)

(۲) ما في " الدر المختار " : ويندب إعلانه وتقديم خطبة ، وكونه في مسجد يوم جمعة بعاقد رشيد وشهود عدول . (۴/۶۶/۶۷، كتاب النكاح)=

اسی طرح نکاح کو رجسٹر میں درج کرنا نہ فرض ہے نہ واجب نہ سنت، بلکہ یہ قانونی چیز ہے کہ بوقت ضرورت عدالت میں کام دے سکے، اور جھگڑے ونزاع کو ختم کرنا آسان ہو، نفسِ نکاح بغیر اندراجِ رجسٹر کے بلاتکلف درست ہے۔

مسجدوں میں نکاح کی مجلس

مسئلہ (۷۸): آج کل الحمدللہ مسجدوں میں نکاح کا رواج عام ہورہا ہے، جو عین تعلیماتِ اسلام کے مطابق ہے، اس کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ مسجد ہونے کی وجہ سے لوگ بہت سے منکرات سے بچ جاتے ہیں، لیکن اس صورت میں بعض لوگوں کو یہ اشکال پیدا ہوتا ہے کہ بعضے اوقات باراتیوں میں غیر مسلم شخصیات بھی ہوتی ہیں، اور وہ طہارت کے بغیر مسجد میں آجاتے ہیں جو اچھی بات نہیں ہے، ان کے اس اشکال کا جواب یہ ہے کہ غیر مسلموں کا مسجد میں داخل ہونا منع نہیں ہے، جائز ہے، کیوں کہ آپ ﷺ کے زمانے میں غیر مسلم مہمانوں کو مسجد ہی میں ٹھہرایا جاتا تھا،[1] غیر مسلم قیدی مسجد ہی کے ستون سے باندھے

= ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : يستحب للزواج أن يخطب الزوج قبل العقد عند التماس التزويج ..... وإعلان الزواج لقوله ﷺ : " أعلنوا النكاح " . فإن عقد الزواج من غير خطبة جاز ، فالخطبة مستحبة غير واجبة . (۹/۶۶۱۶/۶۶۱۸، المبحث الخامس)

(فتاوی محمودیہ:۱۰/۴۲۳-۶۰۰)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الحديث النبوی " : عن ابن عباس قال : قدم وفد عبد القيس على رسول الله ﷺ ..... وفي رواية : فقال : إن وفد عبد القيس أتوا رسول الله ﷺ ، فقال رسول الله ﷺ : " من الوفد؟ " . أو : " من القوم؟ " . قالوا : ربيعةُ ، قال : " مرحباً بالقوم " أو : " بالوفد ، غير خَزَايا ولا النَّدامیٰ " . (الصحيح لمسلم: ۱/۳۳، ۳۴، كتاب الإيمان ، باب الأمر بالإيمان بالله تعالى ورسوله ﷺ الخ ، مكتبه بلال ديوبند) =

جاتے تھے،[1] لہذا اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے، بلکہ ایسے موقع پر اسلام کے طریقہ نکاح کو اچھی طرح واضح کیا جائے، تو دعوتِ اسلام بھی ہے، البتہ مسلمان ہو یا غیر مسلم دونوں کیلئے ضروری ہے کہ ان کے جسم یا کپڑے پر ایسی نجاست نہ لگی ہو، جس سے مسجد کے آلودہ ہونے کا اندیشہ ہو۔[2]

= ما فی " أحكام القرآن للجصاص " : وقد روى عن حماد بن سلمة عن حميد عن الحسن عن عثمان بن أبى العاص : إن وفد ثقيف لما قدموا على رسول الله ﷺ ضرب لهم قبة فى المسجد ، فقالوا : يا رسول الله ﷺ قوم أنجاس ، فقال رسو ل الله ﷺ : " إنه ليس على الأرض من أنجاس الناس شيء ، إنما أنجاس الناس على أنفسهم ". وروى يونس عن الزهرى عن سعيد بن المسيب ، أن أبا سفيان كان يدخل مسجد النبى ﷺ وهو كافر .

قال أبوبكر : فأما وفد ثقيف فإنهم جاء وا بعد فتح مكة إلى النبى ﷺ ، والآية نزلت فى السنة التى حج فيها أبوبكر ، وهى سنة تسع ، فأنزل لهم النبى ﷺ فى المسجد وأخبر أن كونهم أنجاساً لا يمنع دخولهم المسجد ، وفى ذلك دلالة على أن نجاسة الكفر لا تمنع الكافر من دخول المسجد ، وأما أبوسفيان مشركاً حينئذ . (۳/۱۱۵ ، تحت الآية : إنما المشركون نجس)

(۱) ما فى " السنن للنسائي " : عن سعيد بن أبى سعيد أنه سمع أبا هريرة رضى الله تعالى عنه يقول : بعث رسول الله ﷺ خيلا قبل نجد فجاء ت رجل من بنى حنيفة يقال له : ثمامة بن أثال سيد أهل اليمامة ، فربط بسارية من سوارى المسجد .

(۱/۸۳، كتاب المساجد ، ربط الأسير بسارية المسجد)

(۲) ما فى " الدر المختار مع الشامية " : (و)كره تحريماً ..... (إدخال نجاسة فيه) . الدر المختار . قال الشامى : عبارة الأشباه : إدخال نجاسة فيه يخاف منها التلويث ، وفى الفتاوى الهندية : لا يدخل المسجد من على بدنه نجاسة. (۲/۳۷۱، كتاب الصلوٰة ، فى أحكام المسجد) ما فى " الفتاوى الهندية " : ذكر الفقيه فى التنبيه : حرمة المسجد خمسة عشر ..... الرابع عشر أن ينزهه عن النجاسات . (۵/۴۲۱، كتاب الكراهية ، الباب الخامس فى آداب المسجد ، البحر الرائق : ۲/۶۱ ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها) (فتاوی دارالعلوم:۱۴/۱۹۱،فتاوی محمودیہ:۱۵/۲۴۲)

مجلسِ نکاح میں تلاوت ونعت

مسئلہ (۷۹): مجلس نکاح میں خطبہ مسنونہ اور ایجاب وقبول ثابت ہے،[۱] تلاوت قرآن کریم ،نعت شریف اگرچہ عمدہ چیز ہے،مگر مجلس نکاح میں مستقلاً یہ ثابت نہیں، پھر مجلس نکاح میں اس کی پابندی کرنا غیر ثابت چیز کی پابندی کرنا ہے، جو شرعاً ناپسند ہے،[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الحديث النبوی " : عن عبد الله بن مسعود قال : علمنا رسول الله التشهد في الصلاة ..... والتشهد فی الحاجة : " إن الحمد لله ونستعينه ونستغفره ونعوذ بالله من شرور أنفسنا ، من يهده الله فلا مضل له ، ومن يضلل فلا هادی له ، وأشهد أن لا إله إلا الله ، وأشهد أن محمداً عبده ورسوله ، ويقرأ ثلاث آيات : ﴿يآيها الذين اٰمنوا اتقوا الله حق تقاته ولا تموتنّ إلا وأنتم مسلمون ، يآيها الناس اتقوا ربكم الذی خلقكم من نفس واحدة ، وخلق منها زوجها وبثّ منهما رجالاً كثيراً ونسآءً ، واتقوا الله الذی تسآء لون به والأرحام ، إن الله كان عليكم رقيباً ، يآيها الذين اٰمنوا اتقوا الله وقولوا قولاً سديداً ، يصلح لكم أعمالكم ويغفرلكم ذنوبكم ، ومن يطع الله ورسوله فقد فاز فوزاً عظيماً﴾ رواه أحمد والترمذي وأبوداود والنسائي وابن ماجة والدارمي .

(ص/۲۷۲، كتاب النكاح ، باب اعلان النكاح والخطبة والشرط ، الفصل الثانی ، رقم الحديث: ۳۱۴۹ ، مكتبه رشيديه محله مبارک شاه ، سهارنفور)

ما فی " تنوير الأبصار وشرحه " : وينعقد ملتبساً بإيجاب من أحدهما وقبول من الآخر .

(۴/۶۸، ۶۹، كتاب النكاح ، بيروت ، الفقه الإسلامی وأدلته : ۹/۶۶۱۲)

(۲) ما فی " فتح الباری " : قال ابن المنير : إن المندوبات قد تنقلب مكروهات إذا رفعت عن رتبتها التيامن من مستحب فی كل شيء أی من أمور العبادة ، لكن لما خشی ابن مسعود أن يعتقدوا وجوبه أشار إلى كراهته . (۲/۴۳۷)=

لیکن اگر اس کی پابندی نہ کی جائے اور نہ اس کو ضروری سمجھا جائے، تو اس میں کوئی مضائقہ بھی نہیں ہونا چاہیے، لیکن اس میں اس بات کا بھی خیال رکھا جائے کہ قرآن کریم اور نعت پڑھنے کا مقصد مجمع کو جوڑنا اور محض وقت گزاری نہ ہو، کیوں کہ یہ قرآن کریم کی شان وعظمت اور آپ ﷺ کی نعت کے رفعت کے خلاف ہے۔ (۱)

صرف عورتوں کی شہادت سے نکاح

مسئلہ (۸۰): آج کل مرد وعورت میں مساواتِ حقوق، یعنی حقوق کی برابری کا نعرہ دے کر بعض مغربی فکر سے سوچنے والے، اور اس کی نظر سے دیکھنے والے نام نہاد مجتہدین کہیں عورتوں کی امامت اور اس کی خطابت کو جائز قرار دے رہے ہیں، تو کہیں جمعہ کی نماز بجائے جمعہ کے دن ادا کرنے کے اتوار کے دن پڑھنے کی ترغیب وتلقین کر رہے ہیں کہ وہ چھٹی کا دن ہوتا ہے، اسی طرح وہ صرف عورتوں کی شہادت سے نکاح کے جائز ہونے کی بات کو بھی عام کر رہے ہیں، جب کہ اسلام نے مرد وعورت دونوں کی خلقت وپیدائش کی

= ما فی " مرقاة المفاتيح " : أن من أصر على أمر مندوب وجعله عزماً ولم يعمل بالرخصة فقد أصاب منه الشيطان من الإضلال ، فكيف من أصر على بدعة ومنكر . (۲۶/۳)

ما فی " السعاية فی كشف ما فی شرح الوقاية " : الإصرار على المندوب يبلغه إلى حد الكراهة ، فكيف إصرار البدعة التی لا أصل له فی الشرع . (ص/۲۶۵، باب صفة الصلاة)

(۱) ما فی " الأشباه والنظائر " : الأمور بمقاصدها ، قال ابن نجيم : الحارس إذا قال فی الحراسة: لا إله إلا الله ، يعنی لأجل الإعلام بأنه مستيقظ . (ص/۱۳/۱۱۶) (فتاوی محمودیہ:۱۷/۴۴۲)

اغراض الگ الگ بیان کی ہے،[۱] اور اسی لحاظ سے انہیں حقوق عطا کئے، اور ذمہ داریاں بھی سونپی ہیں، مگر مغرب، اسلام دشمنی میں نئے نئے ہتھکنڈے اپنا کر، پرفریب الفاظ کا نعرہ دے کر، اسلامی تعلیمات اور اس کی خصائص میں خلل اندازی کی پوری کوشش کر رہا ہے، اس لئے اگر کسی نکاح میں صرف عورتیں ہی شاہد ہوں، خواہ وہ چار عورتیں ہی کیوں نہ ہوں، نکاح صحیح نہیں ہوگا، جب تک کہ دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتیں نہ ہوں۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " نور الأنوار لملا جيون " : والغرض من خلقة الرجل هو كونه نبياً وإماماً ، وشاهداً في الحدود والقصاص ، ومقيماً للجمعة والأعياد ونحوه ، والغرض من المرأة كونها مستفرشة آتية بالولد ، مدبرة لحوائج البيت وغير ذلك . (ص/۱۸، مبحث الخاص)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿واستشهِدوا شهيدين من رِّجالكم ، فإن لم يكونا رجلين فرجلٌ وامرأتان مِمَّن تَرضونَ من الشهداء﴾ . (سورة البقرة : ۲۸۲)

ما في " الهداية " : ولا ينعقد نكاح المسلمين إلا بحضور شاهدين حرين عاقلين بالغين مسلمين رجلين ، أو رجل وامرأتين . (۳۰۶/۲، كتاب النكاح)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : شرط عند الجمهور بأن يكون الشاهدان رجلين ، فلا يصح الزواج بشهادة النساء وحدهنّ . (۶۵۶۳/۹، كتاب النكاح)

ما في " الفتاوى الهندية " : ولا ينعقد بشهادة المرأتين بغير رجل .

(۲۶۷/۱/۲۶۸، كتاب النكاح ، الباب الأول)

ما في " الدر المختار " : ونصابها لغيرها من الحقوق ، سواء كان الحق مالاً أو غيره كنكاح وطلاق ووكالة ووصية واستهلال صبي ، رجلان أو رجل أو امرأتان ، ولم يقبل شهادة أربع بلا رجل لئلا يكثر خروجهن . (۹۸/۹۷/۱۱، كتاب الشهادة)

ما في " البحر الرائق " : (ولغيرها رجلان أو رجل وامرأتان) للآية أطلقه فشمل المال وغيره كالنكاح والطلاق ..... وإنما لا تقبل شهادة الأربع من غير رجل لئلا يكثر خروجهن .

(۱۰۴/۷، كتاب الشهادة) (فتاوی محمودیہ:۱۶۶/۱۷)

غیر محرم وکیل اور شاہدوں کا لڑکی سے اجازت لینا

مسئلہ (۸۱): آج کل نکاح کے موقع پر، نکاح کی اجازت لینے کیلئے ایک وکیل اور دو شاہد لڑکی کے پاس جاتے ہیں، اور بسا اوقات یہ وکیل اور دونوں شاہد غیر محرم ہوتے ہیں،[۱] جب کہ اجازت لینے کیلئے وکیل اور گواہ محرم ہونا چاہیے، بالخصوص جب لڑکی بالغہ ہو اور اس کا ولی (سرپرست) موجود ہو، تو وہ خود لڑکی سے اجازت لے لے، یعنی اس سے کہدے کہ میں فلاں لڑکی سے اتنے مہر پر تمہارا نکاح کرتا ہوں، کیا تم کو منظور ہے؟ اس پر اگر لڑکی اجازت دیدے یا خاموش رہے، تو بس اتنا کافی ہے،[۲] اس کیلئے نہ گواہ کی ضرورت ہے نہ وکیل کی، اور اگر ولی موجود نہ ہو تو لڑکی اپنے کسی محرم (جس کے ساتھ اس کا نکاح حرام ہے) کو وکیل بنادے، اس کے لیے بھی گواہ ضروری نہیں ہے، اگر کوئی محرم موجود نہ ہو تو وہ غیر محرم کو بھی بذریعہ تحریر یا زبانی پردہ کے پیچھے سے وکیل بنادے، تب بھی کافی ہے، یا خود لڑکے کو

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الحديث النبوى " : عن الحسن مرسلاً قال : بلغني أن رسول الله ﷺ قال : " لعن الله الناظر والمنظور إليه " . رواه البيهقي في شعب الإيمان .

(مشكوة المصابيح :ص/۲۷۰، كتاب النكاح ، باب النظر إلى المخطوبة ، مكتبه رشيديه محله مبارک شاه ، سهارنفور)

(۲) ما في " الدر المختار " : فإن استأذنها هو أى الولى فسكتت أو ضحكت أو تبسمت أو بكت بلا صوت فهو إذن . (۴/۱۵۹، كتاب النكاح ، باب الولى)

ما في " مختصر القدورى " : وإذا استأذنها الولى فسكتت أو ضحكت أو بكت بغير صوت فذلک إذن منها . (ص/۱۵۹، كتاب النكاح)=

وکیل بنادے کہ آپ میرا نکاح اپنے سے کرلیں، خواہ یہ وکیل بنانا زبانی ہو یا تحریری، یہ سب صورتیں درست ہیں،[۱] قابلِ لحاظ بات یہ ہے کہ غیر محرم شخص وکیل یا گواہ بن کر لڑکی کے پاس بے پردہ نہ جائے۔

فون اور انٹرنیٹ پر نکاح

مسئلہ (۸۲): لڑکی ہندوستان میں اور لڑکا کسی اور ملک میں ہو، اور دونوں اپنے اپنے ملک میں رہ کر نکاح کرنا چاہتے ہیں، تو اس کی صورت یہ ہے کہ لڑکا فون یا انٹرنیٹ کے ذریعہ ہندوستان میں کسی کو اپنا وکیل بنادے کہ وہ اس کی طرف سے فلاں لڑکی کا نکاح قبول کرلے، اب ہندوستان میں مجلس نکاح منعقد کی جائے، قاضی صاحب یا لڑکے کے والد وغیرہ جو بھی نکاح پڑھائیں، وہ دو گواہوں کی موجودگی میں کہیں کہ میں نے فلاں لڑکی کا نکاح فلاں لڑکے سے، جو فلاں ملک میں ہے کردیا، اور وکیل کہے کہ میں اس نے لڑکی کو فلاں کے نکاح میں قبول کیا، تو اس طرح نکاح منعقد ہوجائے گا۔[۲]

=(۱) ما فی " الفتاوی الهندية " : يصح التوكيل بالنكاح ..... امرأة وكلت رجلاً بأن يزوجها عن نفسه فقال : زوجت فلانة من نفسي يجوز ، وإن لم تقل قبلت ، كذا في الخلاصة .

(۱/۲۹۴/۲۹۵، كتاب النكاح ، الباب السادس في الوكالة بالنكاح) (فتاوی محمودیہ:۱۷/۱۸۱)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما فی " الفتاوی الهندية " : امرأة وكلت رجلاً ليتزوجها من نفسه فقال الوكيل بحضرة الشهود : تزوجت فلانة ، ولم يعرف الشهود فلانة لا يجوز النكاح ما لم يذكر اسمها أو اسم أبيها .

(۱/۲۶۸، كتاب النكاح)=

نابالغ لڑکا لڑکی کا اپنی مرضی سے نکاح

مسئلہ (۸۳): والدین کو راضی رکھنا اور ان کی خوشی کو اپنی خوشی پر مقدم رکھنا بچوں کیلئے سعادت کی بات ہے، لیکن اگر وہ ایسی جگہ شادی کرنا چاہیں، جہاں لڑکے یا لڑکی کی طبیعت بالکل آمادہ نہیں، اور وہ جانتے ہیں کہ نکاح کے بعد ایک دوسرے کے حقوقِ زوجیت ادا نہیں کرسکیں گے، نباہ نہیں ہوگا، جو والدین کیلئے بھی کوفت کا سبب بنے گا، اس مجبوری سے شادی سے انکار کرسکتے ہیں، ان شاء اللہ وہ نافرمانی کے گنہگار نہیں ہوں گے، مگر بچوں کو چاہیے کہ نرمی سے والدین کا احترام ملحوظ رکھتے ہوئے پوری بات ان کے سامنے پیش کردیں، پھر بتادیں کہ فلاں جگہ شادی کرنا مناسب ہے، اور انہیں اعتماد میں لے کر اس جگہ شادی کرلیں، البتہ اگر لڑکی والدین یا اولیاء کی رضامندی کے بغیر غیر کفو میں نکاح کرلے گی، تو والدین اور دیگر اولیاء کو حق اعتراض حاصل ہوگا، اور وہ قاضی کی عدالت میں اس نکاح کے فسخ کا مطالبہ کرسکتے ہیں۔[1]

= ما فی " الدر المختار مع الشامیة " : لا ینعقد بقبول بالفعل کقبض مهر ، ولا بتعاط ، ولا بکتابة حاضر بل غائب یشترط إعلام الشهود بما فی الکتاب ما لم یکن بلفظ الأمر فیتولی الطرفین . الدر المختار . قال الشامی : هذا إذا کان الکتاب بلفظ التزوج ، أما إذا کان بلفظ الأمر کقوله : زوّجی نفسک منی لا یشترط إعلامها الشهود بما فی الکتاب ، لأنها تتولی طرفی العقد بحکم الوکالة . (۴/۷۳/۷۴، کتاب النکاح ، مطلب التزوج بإرسال کتاب)

ما فی " مختصر القدوری " : کل عقد یضیفه الوکیل إلی مؤکله کالنکاح والخلع والصلح عن دم العمد ، فإن حقوقه تتعلق بالمؤکل دون الوکیل فلا یطالب وکیل الزوج بالمهر ، ولا یلزم وکیل المرأة تسلیمها . (ص/۱۲۲ ، کتاب الوکالة) (فتاوی محمودیہ:۱۶/۲۲۵)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما فی " القرآن الکریم " : ﴿وقضیٰ ربک أن لا تعبدوا إلا إیاه وبالوالدین احساناً﴾ .

(سورة بنی اسرائیل : ۲۳)=

منہ بولی اولاد کو اپنی طرف منسوب کرنا

مسئلہ (۸۴): بسا اوقات کسی شخص کو اولاد نہ ہونے کی وجہ سے، وہ دوسرے کی اولاد کو گود لیتا ہے، اور ولدیت میں بجائے اس کے والد کے نام کے، اپنا نام لکھتا ہے، اور اسی کو شہرت بھی دیتا ہے، شرعاً اس طرح ولدیت کو بدلنا درست نہیں ہے،[۱] اگر اس طرح لڑکے کا نکاح کسی لڑکی کے ساتھ کر دیا گیا اور نکاح کے رجسٹر میں بھی اس کے اصل والد کے نام کی جگہ گود لینے والے کا نام باقی رکھا گیا، اور وہ لڑکا مجلس نکاح میں حاضر تھا، تو نکاح ہو جائے گا، اس میں کوئی خرابی نہیں آئے گی، کیوں کہ والد کے نام کی ضرورت جہالت کو دور کرنے کیلئے ہوتی ہے، جب کہ لڑکے کے مجلس نکاح میں حاضر ہونے کی وجہ سے اس کی ضرورت باقی نہ رہی۔[۲]

= ما فی " شرح الوقایة " : نفذ نکاح حرة مکلفة ولو من غیر کفو بلا ولی . (۱۹/۲، کتاب النکاح ، باب الولی والکفوء ، النهر الفائق : ۲۰۲/۲، کتاب النکاح، باب الأولیاء والأکفاء)

ما فی " مختصر القدوری " : والکفاءة فی النکاح معتبرة ، فإذا تزوجت المرأة بغیر الکفوء فللأولیاء أن یفرقوا بینهما . (ص/۱۶۰، کتاب النکاح)

ما فی " شرح الوقایة " : للولی الاعتراض فی غیر الکفو .

(۱۹/۲، کتاب النکاح ، باب الولي والکفوء) (فتاوی محمودیہ:۲۴۵/۱۶)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما فی " القرآن الکریم " : ﴿أدعوهم لآبائهم هو أقسط عند الله﴾ . (سورة الأحزاب : ۵)

ما فی " عون المعبود " : عن سعد بن مالک قال : سمعته أذنای ووعاه قلبی من محمد أنه قال : " من ادّعی إلی غیر أبیه وهو یعلم أنه غیر أبیه ، فالجنة علیه حرام " .

(ص/۲۱۸۲ ، کتاب الأدب ، باب فی الرجل ینتمي إلی غیر موالیه ، رقم الحدیث : ۵۱۱۳)

(۲) ما فی " الشامیة " :الحاصل أن الغائبة لا بد من ذکر اسمها واسم أبیها وجدها وإن کانت =

مخطوبہ کو دیکھنا

مسئلہ (۸۵): اگر کوئی شخص کسی عورت سے نکاح کرنا چاہتا ہے اور اس کی خواہش ہے کہ وہ پہلے ایک نظر اس کو دیکھ لے، تو شریعت نے اس کی گنجائش دی ہے، کہ کہیں موقع مل جائے تو چھپ چھپا کر دیکھ لیں، حضرت جابر بن عبداللہ کی روایت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی شخص کسی عورت کو پیغام نکاح دینا چاہتا ہے، تو اگر ممکن ہو تو اسے دیکھ لیں''۔ (۱)

حضرت مولانا مفتی محمود الحسن صاحبؒ فرماتے ہیں: ''صاف صاف مطالبہ کرنا کہ مجھے دکھاؤ میں خود دیکھ لوں گا، تو یہ مناسب نہیں ہے، کیوں کہ اگر ہر شخص صاف صاف دیکھنے کا

= معروفة عند الشهود على قول ابن الفضل ، وعلى قول غيره : يكفى ذكر اسمها إن كانت معروفة عندهم ، وإلا فلا ، وبه جزم صاحب الهداية فى التجنيس وقال : لأن المقصود من التسمية التعريف وقد حصل ، وأقره فى الفتح والبحر .

(۴/۹۰، كتاب النكاح ، مطلب الخَصَّافُ كبيرٌ في العلم يجوز الاقتداء به ، بيروت)

ما فى " الفتاوى التاتارخانية " : إذا ذكروا فى النكاح اسم رجل وكنية أبيه ولم يذكروا إسم أبيه إن كان الرجل حاضراً مشاراً إليه جاز .

(۲/۲۶۰، كتاب النكاح ، الفصل الخامس فى تعريف المرأة والزوج) (فتاوی محمودیہ:۱۶/۱۱۵)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فى " بذل المجهود " : عن جابر بن عبد الله قال : قال رسول الله ﷺ : " إذا خطب أحدكم المرأة ، فإن استطاع أن ينظر إلى ما يدعوه إلى نكاحها فليفعل " .

(۱/۲۸۴، كتاب النكاح ، باب الرجل ينظر إلى المرأة وهو يريد تزويجها)=

مطالبہ کرے اور یہ دروازہ کھول دیا جائے، تو نہیں معلوم ایک ایک لڑکی کو شادی کرنے کیلئے کتنے کتنے لڑکوں کو دکھانے کی نوبت آئے گی، ایک ناپسند کرے اس کی بھی شہرت ہوگی، اس سے احباب ناپسندیدگی کی وجہ دریافت کریں گے، وہ اسی کا حلیہ پوری تفصیل سے بتائے گا، گھوڑی اور گائے کی سی کیفیت ہوجائے گی کہ گاہک آتے ہیں، دیکھتے ہیں، ناپسند کرتے ہیں اور چلے جاتے ہیں۔[1]

منگیتر کے ساتھ خلوت وتنہائی

مسئلہ (۸۶): نکاح سے پہلے منسوبہ کو چھپ چھپ کر دیکھنا جائز تو ہے[2]، مگر بعض لوگوں نے اس امر جائز سے ناجائز فائدہ اٹھانا شروع کر دیا ہے، کہ تنہا کمرہ میں اپنی منسوبہ سے ملاقات کر کے ہاتھ میں ہاتھ ملا کر، دیر تک اس سے گفتگو اور خوش طبعی کرتے ہیں،

=(۱) ما فی " اعلاء السنن " : فدل على أنه لا يجوز له أن يطلب من أولياء ها أن يحضروها بين يديه لما فی ذلک من الاستخفاف بهم ، ولا يجوز ارتكاب مثل ذلک لأمر مباح ، وقد يفضی ذلک إلى مفاسد عظيمة كما لا يخفىٰ ، وإنما يجوز له أن يتخبا لها وينظر إليها خفية .

(۱۷/۳۸۴، كتاب الحظر والإباحة ، باب جواز النظر إلى المخطوبة) (فتاوی محمودیہ:۱۶/۴۵)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما فی " الحديث النبوی " : عن جابر قال : قال رسول الله ﷺ : " إذا خطب أحدكم المرأة، فإن استطاع أن ينظر إلى ما يدعوه إلى نكاحها فليفعل " . رواه أبوداود .

(مشكوة المصابيح :ص/۲۶۸، كتاب النكاح ، باب النظر إلى المخطوبة وبيان العورات ، مكتبه رشيديه سهارنفور)

ما فی " عون المعبود " : قوله : (فكنت أتخبّأ) أی اختفی . (ص/۹۲۸)=

اور بعض لوگ تو لڑکے اور لڑکی کو کسی جگہ ساتھ رہنے اور زندگی کا کچھ حصہ مل کر گذارنے کیلئے تجربہ کے طور پر بھیج دیتے ہیں، شرعاً یہ دونوں باتیں ناجائز وحرام ہیں[1]، کیوں کہ نکاح سے پہلے دونوں اجنبی ہیں، اور اجنبیہ کے ساتھ خلوت وتنہائی کو فقہاء کرام نے حرام قرار دیا ہے۔

جہیز کا مطالبہ

مسئلہ (۸۷): شادی کے موقع پر لڑکے یا اس کے گھر والوں کا لڑکی کے گھر والوں سے سامان، یا نقد رقم کا مطالبہ شرعاً رشوت اور حرام ہے، لڑکے والوں پر اس کی واپسی لازم ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ''تم لوگوں کا مال باطل اور ناجائز طریقہ سے مت کھاؤ''۔[2]

=(۱) ما فی " الحدیث النبوی " : عن جابر قال : قال رسول الله ﷺ : " ألا لا یبیتَنَّ رجلٌ عند امرأة ثیِّب إلا أن یکون ناکحاً أو ذا محرمٍ " .

(مشکوة المصابیح : ص/ ۲۶۸، کتاب النکاح ، باب النظر إلی المخطوبة وبیان العورات)

ما فی " مرقاة المفاتیح " : والمراد من البیتوتة هنا التخلی لیلاً کان أو نهاراً .

(۲۵۲/۶، کتاب النکاح)

ما فی " الدر المختار " : الخلوة بالأجنبیة حرام . (۵۳۹/۹، کتاب الحظر والإباحة ، فصل فی النظر)

ما فی " الفقه الإسلامی وأدلته " : وأما المعاشرة قبل الزواج والذهاب معاً إلی الأماکن العامة وغیرها کله ممنوع شرعاً . (۲۵/۷)

ما فی " البحر الرائق " : لا تسافر المرأة فوق ثلاثة أیام إلا بزواج أو محرم . (۱۹۴/۸)

(فتاوی محمودیہ:۴۷/۱۶)

الحجة علی ما قلنا :

(۲) ما فی " القرآن الکریم " : ﴿یآیها الذین امنوا لا تأکلوا أموالکم بینکم بالباطل﴾ .

(سورة النساء : ۲۹)=

اور آپ ﷺ کا ارشاد ہے: ”کسی مسلمان کا مال اس کی رضامندی اور خوش دلی کے بغیر کھانا جائز نہیں ہے“۔[۱]

لہذا شادی کے موقع پر لڑکے والوں کا، لڑکی والوں سے نقد یا سامان کا مطالبہ شرعاً ناجائز ہے، اور اگر لڑکی والے بلا مطالبہ دیں تب بھی اس کا لینا جائز نہیں ہے، کیوں کہ فقہ کا مسلم اصول ہے: ”المعروف کالمشروط“[۲]، کہ جو چیز ماحول اور معاشرت میں عام ہو اس کو شرط لگا کر لیں، یا بلا شرط لگا کر لیں، دونوں کا حکم یکساں ہے۔ البتہ لڑکی کے ماں باپ وغیرہ اپنی لڑکی کو، اپنی وسعت کے مطابق سامانِ جہیز دے سکتے ہیں[۳]، اور یہ لڑکی کی ملک ہوگا، نہ کہ لڑکے کی۔

= (۱) ما فی ”الحدیث النبوی“: قال رسول اللہ ﷺ: ”لا یحل مال امرئ مسلم إلا بطیب نفس منه“. (مشکوۃ المصابیح: ص/۲۵۵، السنن الکبریٰ للبیهقی: ۶/۱۶۶)

ما فی ”الشامیة“: لا یجوز لأحد من المسلمین أخذ مال أحد بغیر سبب شرعي.

(۶/۷۷، کتاب الحدود، باب التعزیر، مطلب فی التعزیر بأخذ المال، البحر الرائق: ۵/۶۸، کتاب الحدود، فصل فی التعزیر)

(۲) ما فی ”درر الحکام شرح مجلة الأحکام“: المعروف عرفاً کالمشروط شرطاً.

(۱/۵۱، رقم المادة: ۴۳، شرح القواعد الفقهیة لعلي أحمد الندوي: ص/۲۳۷)

(۳) ما في ”السنن للنسائي“: عن علي رضي الله عنه قال: ”جهز رسول اللہ ﷺ فاطمة في خمیل وقربة ووسادة حشوها اذخر“. (۲/۷۷، باب جهاز الرجل ابنته)

ما في ”النهر الفائق“: ولو جهز بنته وسلمه إلیها لیس له في الاستحسان استرداده منها، وعلیه الفتوی. (۲/۲۶۵، کتاب النکاح، باب المهر) (فتاویٰ محمودیہ: ۱۷/۴۰۵)

میاں بیوی کا آپس میں دی گئیں اشیاء کا طلب کرنا

مسئلہ (۸۸): بسا اوقات رشتۂ نکاح طے کرتے وقت لڑکا لڑکی کے خاندانوں کی معیشت ومعاشرت، خو، بو، طور، طریقہ میں یکسانیت کا لحاظ نہیں کیا جاتا ہے،[۱] جس کی وجہ سے مصالح نکاح کا نظم برقرار رہنا دشوار ہوتا ہے، اور میاں بیوی کے درمیان تفریق وجدائیگی کی نوبت آجاتی ہے، تو لڑکی اور لڑکے کے والدین عقد نکاح میں دیئے ہوئے کپڑے، زیورات اور دوسرے اخراجات ایک دوسرے سے مانگتے ہیں، اس سلسلے میں شرعی ہدایت یہ ہے کہ جو چیزیں فریقین نے ایک دوسرے کو بطور تملیک دی تھیں وہ واپس نہیں لی جاسکتیں،[۲] اور جو چیزیں عاریۃً دی گئی تھیں وہ واپس لی جاسکتی ہیں،[۳] رہا بوقت نکاح آنے والا خرچ تو وہ واپس نہیں لیا جاسکتا۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الدر المختار مع الشامية " : أو تعتبر الكفاءة للزوم النكاح . الدرالمختار . وفي الشامي : أى على ظاهر الرواية ولصحة على رواية الحسن المختارة للفتوىٰ .

(۲۰۹/۴، كتاب النكاح ، باب الكفاءة)

ما فی " مختصر القدوری " : إن وهب هبة لذى رحم محرم منه فلا رجوع فيها ، وكذلك ما وهبه أحد الزوجين للآخر . (ص/۱۳۷، كتاب الهبة)

(۲) ما فی " مختصر القدوری " : وللمعير أن يرجع فى العارية متى شاء .

(ص/۱۴۵، كتاب العارية)

(۳) ما فی " الفتاوى الهندية " : وإذا وهب أحد الزوجين لصاحبه لا يرجع فى الهبة ، وإن انقطع النكاح بينهما . (۳۸۶/۴، كتاب الهبة ، الباب الخامس فى الرجوع فى الهبة)

شادی میں چھوہارے لٹانا

مسئلہ (۸۹): بعض لوگ کہتے ہیں کہ شادی میں تقسیم کئے جانے والے چھوہارے لڑکی والوں کو لانا ضروری ہیں، جب کہ بعضوں کا یہ خیال ہے کہ یہ لڑکے والوں پر لازم ہے، صحیح بات یہ ہے کہ لازم وضروری کسی پر بھی نہیں ہے، جو اس فضیلت کو حاصل کرنا چاہے لے آئے۔(۱)

نکاح کے بعد دولہے کا حاضرین کو سلام

مسئلہ (۹۰): بعض علاقوں میں یہ رواج عام ہے کہ نکاح کے فوراً بعد، دولہا حاضرینِ مجلس کو سلام کرتا ہے، اور بعض لوگوں سے مصافحہ بھی کرتا ہے، جب کہ شرع اسلامی میں اس کا کوئی ثبوت نہیں ہے، لہذا یہ بے اصل وبدعت ہے، اس سے بچنا ہی بہتر ہے۔(۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " القرآن الكريم " : ﴿فاستبقوا الخيرات﴾ . (سورة البقرة : ۱۴۸)

ما فی " أحكام القرآن للجصاص " : يعنى المبادرة والمسارعة إلى الطاعات ، وهذا يحتج به فی أن تعجيل الطاعات أفضل من تأخيرها ما لم تقم الدلالة على فضيلة التاخير . (۱/۱۱۱)

ما في "الحديث": عن معاذ بن جبل رضي الله عنه ، أن النبي ﷺ حضر في أملاک (أي نكاح) فأتي بطباق عليها جوز ولوز وثمر فنثرت فقبضنا أيدينا ، فقال : ما بالكم لا تأخذون ؟ فقالوا : لأنک نهيت عن النهبىٰ ، فقال : " ما نهيتكم عن نهبى العساكر ، خذوا على إسم الله فجازينا وجازيناه " .

(إعلاء السنن : ۱۱/۱۷ ، كتاب النكاح ، باب جواز الوليمة)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما فی " الحديث النبوى " : " من أحدث فی أمرنا هذا ما ليس منه فهو رد " .

(صحيح البخاري : ۱/۳۷۱، كتاب الصلح ، باب إذا اصطلحوا الخ ، رقم الحديث : ۲۶۹۷)=

رسومات والے نکاح میں شرکت

مسئلہ (۹۱): جس شادی میں سہرا باندھنا، آتش بازی، فوٹو گرافی، ویڈیو سازی اور دیگر رسومات وخرافات ہوں، تو ایسی شادی میں شرکت کرنا، خاص کر ان حضرات علماء کیلئے جو مقتداء ہوں، اور پہلے سے انہیں اس کا علم بھی ہو درست نہیں ہے، اور اگر پہلے سے اس کا علم نہیں تھا اور حاضر ہو گیا تو ان خرافات سے روک دیں، اور اگر روکنے کی قدرت نہیں تو واپس چلے آئیں، اور شرکت نہ کریں۔[1]

= ما في " كتاب التعريفات للجرجاني": البدعة هي الأمر المحدث الذي لم يكن عليه الصحابة والتابعون ، ولم يكن مما اقتضاه الدليل الشرعي . (ص/۴۷)

ما فی " الشامية " : اعلم أن المصافحة مستحبة عند كل لقاءٍ ، وأما ما اعتاده الناس من المصافحة بعد صلوٰة الصبح والعصر فلا أصل له فی الشرع .

(۹/۵۴۷، كتاب الحظر والإباحة ، باب الاستبراء)

ما فی " السعاية " : إن السلام إنما هو سنة عند الملاقاة كما ثبت ذلک فی الأخبار لا فی أثناء المجالسة . (۲/۲۶۴، باب صفة الصلوٰة) (فتاویٰ محمودیہ:۱۷/۴۲۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " القرآن الكريم " : ﴿فلا تقعد بعد الذكرىٰ مع القوم الظٰلمين﴾ . (سورة الأنعام :۶۸)

ما فی " صحيح البخاري " : ورأى ابن مسعود صورةً فی البيت فرجع ، ودعا ابن عمر أبا أيوب فرأى فی البيت ستراً على الجدار ، فقال ابن عمر : غَلَبَنَا عليه النساء ، فقال : من كنت أخشىٰ عليه فلم أكن أخشىٰ عليک ، والله لا أطعم لكم طعاماً فرجع . (ص/۹۵۳، كتاب النكاح ، باب هل يرجع إذا رأى منكراً فی الدعوة ، رقم الحديث : ۵۱۸۱ ، دار احياء التراث العربي بيروت)

ما فی " الدر المختار مع الشامی " : دعي إلى وليمة وثمة لعب أو غناء ..... فلو على المائدة لا ينبغی أن يقعد بل يخرج معرضاً لقوله تعالى : ﴿فلا تقعد بعد الذكرىٰ مع القوم الظٰلمين﴾ فإن قدر =

شادی کارڈ (Wedding Card) چھپوانا

مسئلہ (۹۲): مجلسِ عقد میں شرکت کی دعوت آپ ﷺ سے ثابت ہے، آپ ﷺ نے حضرت فاطمہؓ کے نکاح کے وقت حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کبارِ صحابہ، مثلاً حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف اور حضرات انصار رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی ایک جماعت کے پاس بھیج کر، انہیں مجلس عقد میں دعوتِ شرکت دی تھی[1]، اس لیے مجلس عقد میں دعوت شرکت دینے کیلئے شادی کارڈ کا چھپوانا جائز ہے، بشرطیکہ

= على المنع فعل وإلا صبر إن لم يكن ممن يقتدىٰ به ، فإن كان مقتدى ولم يقدر على المنع خرج ولم يقعد ، لأن فيه شين الدين ، وإن علم أولاً لا يحضر أصلاً .

(۹/۵۰۱، ۵۰۲، كتاب الحظر والإباحة ، قبيل فصل فى اللبس)

ما فى " الفتاوى الهندية " : من دعى إلى وليمة فوجد ثمة لعبا أو غناء فلا بأس أن يقعد ويأكل ، فإن قدر على المنع يمنعهم ، وإن لم يقدر يصبر ، هذا إذا لم يكن مقتدى به ، أما إذا كان ولم يقدر على منعهم ، فإنه يخرج ولا يقعد ، ولو كان ذلك على المائدة لا ينبغى أن يقعد ، وإن لم يكن مقتدى به ، وهذا كله بعد الحضور ، أما إذا علم قبل الحضور فلا يحضر ، لأنه لا يلزمه حق الدعوة .

(۵/۳۴۳، كتاب الكراهية ، الباب الثانى عشر فى الهدايا ، البحر الرائق : ۸/۱۸۸ ، كتاب الحظر والإباحة ، فصل فى الأكل والشرب)

ما في " الحديث النبوي " :عن أبي سعيد الخدري ، عن رسول الله ﷺ قال : " من رأى منكم منكراً فليغيره بيده ، فإن لم يستطع فبلسانه ، فإن لم يستطع فبقلبه ، وذلك أضعف الإيمان " . رواه مسلم (مشكوة المصابيح :ص/۴۲۶، باب الأمر بالمعروف ، الفصل الأول) (فتاوی محمودیہ:۱۷/۴۴۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فى " شرح الزرقاني مع المواهب اللدنية " : عن أنس رضى الله تعالى عنه ، خطبها علي بعد أن خطبها أبو بكر ثم عمر ، قال أنس : ثم دعاني عليه الصلوٰة والسلام بعد أيام فقال : أدع لي أبا بكر وعمر وعثمان وعبد الرحمن بن عوف ، وعدة من الأنصار جماعة بينهم له . (۲/۲، ۳)=

وہ اِسراف وفضول خرچی کی حد میں داخل نہ ہو[۱]، جیسا کہ آج کل اس میں بڑے اِسراف سے کام لیا جاتا ہے، کہ ایک ایک دعوت نامہ پچاس پچاس، یا سوسو روپئے، یا اس سے بھی زائد کا ہوتا ہے، جب کہ اس کا مقصد صرف نکاح کی دعوت دینا ہوتا ہے، اور جسے وہ دیا جاتا ہے، وہ بھی اسے اپنے سر آنکھوں پر نہیں رکھتا بلکہ لاپرواہی سے ڈالدیتا ہے، کہ وہ کسی کام میں آ بھی نہیں سکتا، اس اعتبار سے یہ اضاعتِ مال میں داخل ہے، حالانکہ شریعتِ اسلامیہ کے مقاصد میں سے ایک عظیم مقصد حفاظتِ مال بھی ہے[۲]، یہی وجہ ہے کہ اس نے مال کو ضائع کرنے اور بے جا خرچ کرنے سے منع فرمایا ہے، امید کہ اس سے پرہیز کیا جائے گا۔

=(۱) ما فی " القرآن الکریم " : ﴿کلوا واشربوا ولا تسرفوا ، إنه لا یحب المسرفین﴾ .
(سورة الأعراف : ۳۱)
ما فی " أحکام القرآن لإبن العربی " : الإسراف تعدی الحد ، فنهاهم عن تعدی الحلال إلی الحرام ، وقیل ألا یزیدوا علی قدر الحاجة . (۲/۷۸۱)
ما فی " القرآن الکریم " : ﴿ولا تبذر تبذیراً ، إن المبذرین کانوا إخوان الشیطین﴾ .
(سورة الإسراء :۲۶/۲۷)
ما فی " التفسیر الکبیر للرازی " : والتبذیر فی اللغة : إفساد المال وانفاقه فی السرف . (۷/۳۲۸)
ما فی " الحدیث النبوی " : عن المغیرة بن شعبة قال : قال النبی ﷺ : " إن الله حرم علیکم عقوق الأمهات ، ووأد البنات ، ومنع وهات ، وکره لکم قیل وقال ، وکثرة السوال ، وإضاعة المال " . (صحیح البخاری : ۱/۳۲۴، رقم الحدیث : ۲۴۰۸، کتاب فی الاستقراض)
ما فی " فتح الباری " : قوله : (وإضاعة المال) وقد قال الجمهور : إن المراد به السرف فی إنفاقه. (۵/۸۶)
(۲) ما فی " الموافقات فی أصول الأحکام للإمام الشاطبی " : ومجموع الضروریات خمسة ، وهی حفظ الدین والنفس والنسل والمال والعقل . (۲/۴، کتاب المقاصد ، المسئلة الأولی)
(فتاوی محمودیہ:۱۷/۳۸۹)

نکاح والوں سے مسجد کے لیے رقم لینا

مسئلہ (۹۳): بعض گاؤں اور علاقوں میں نکاح کے موقع پر نکاح خوانی کی اجرت کے علاوہ لڑکے اور لڑکی والوں کی طرف سے، مسجد کیلئے ایک مقرر رقم لی جاتی ہے، اور اس کا دینا لازم وضروری سمجھا جاتا ہے، شرعاً اس طرح اس رقم کا لینا جائز نہیں ہے، اور نہ ہی اس رقم کا استعمال مصارف مسجد میں درست ہے، ہاں لڑکے لڑکی والے بخوشی کچھ رقم دیدیں، تو اس کے لینے کی اجازت ہے، پابندیٔ رسم کی وجہ سے مجبوراً دیں تو درست نہیں ہے۔[1]

مہر میں کمی زیادتی

مسئلہ (۹۴): جواز نکاح کا مقصد محض عورتوں کا حلال ہونا نہیں، بلکہ اس کے عظیم مقاصد میں سلسلۂ توالد وتناسل کا قیامت تک جاری رہنا ہے، وہیں میاں بیوی کی عزت وعصمت اور بدنگاہی سے صیانت وحفاظت بھی ہے، نکاح کے یہ عظیم مقاصد اسی وقت حاصل

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الحديث النبوى " : قال رسول الله ﷺ : " ألا لا تظلموا ، ألا لا يحل مال امرئ إلا بطيب نفس منه " . (مشكوة المصابيح :ص/۲۵۵ ، باب الغصب والعارية ، الفصل الثاني)

ما في " درر الحكام شرح مجلة الأحكام " : لا يجوز لأحد أن يتصرف في ملك الغير بلا إذنه .... وفيه أيضاً : لا يجوز لأحد أن يأخذ مال أحد بلا سبب شرعي .

(۱/۱۹۶ . ۱۹۸ ، رقم المادة : ۹۶ . ۹۸)

ما في " الشامية " : قال الشامي : قال تاج الشريعة : أما لو أنفق في ذلك مالاً خبيثاً ، ومالاً سببه الخبيث والطيب فيكره ، لأن الله تعالى لا يقبل إلا الطيب ، فيكره تلويث بيته بما لا يقبله .

(۲/۳۷۳، كتاب الصلوة، مطلب كلمة لا بأس) (فتاوی محمودیہ:۱۷/۴۶۵)

ہوں گے جب کہ نکاح میں دوام وقرار ہو، اور دوام وقرار اسی وقت حاصل ہوگا جب کہ عورت مرد کے نگاہ میں معزز ومکرم ہو، اور یہ اس وقت ہوگا جب کہ عورت کا حصول ایسے مال کے عوض ہو جس کی خاطر خواہ عظمت ہو،[1] اسی لئے شریعت نے نکاح میں مہر کو واجب قرار دیا ہے،[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " بدائع الصنائع " : لأن ملک النکاح لم یشرع لعینه بل لمقاصد لا لحصول لها إلا بالدوام علی النکاح والقرار علیه ، ولا یدوم إلا بوجوب ..... المهر بنفیس العقد لما یجری بین الزوجین من الأسباب التی تحمل الزوج علی الطلاق من الوحشة والخشونة ، فلو لم یجب المهر بنفس العقد لا یبالی الزوج عن إزالة هذا الملک بأدنی خشونة تحدث بینهما ، لأنه لا یشق علیه إزالته لما لم یخف لزوم المهر فلا تحصل المقاصد المطلوبة من النکاح ، ولأن مصالح النکاح ومقاصده لا تحصل إلا بالموافقة ، ولا تحصل الموافقة إلا إذا کانت المرأة عزیزة مکرمة عند الزوج ، ولا عزة إلا بانسداد طریق الوصول إلیها إلا بمال له خطر عنده .

(۴۸۵/۳، کتاب النکاح)

ما فی " حجة الله البالغة " : أقول : والیسر فیما سنن أنه ینبغی أن یکون المهر بما یتشاح به ، ویکون له بال ینبغی ألا یکون مما یتعذر أداء ه عادة بحسب ما علیه قومه ، وهذا القدر نصاب صالح حسبما کان علیه الناس فی زمانه ﷺ ، وکذلک أکثر الناس بعده اللهم إلا ناس أغنیاؤهم بمنزلة الملوک علی الأسرة ، وکان أهل الجاهلیة یظلمون النساء فی صدقاتهن بمطل أو نقص ، فأنزل الله تعالی : ﴿واتوا النسآء صدقاتهنّ نحلة ، فإن طبن لکم﴾ . (۲۲۶/۲، صفة النکاح)

(۲) ما فی " القرآن الکریم " : ﴿قد علمنا ما فرضنا علیهم فی أزواجهم﴾ .

(سورة الأحزاب : ۵۰)

ما فی " أحکام القرآن للجصاص " : قال قتادة : فرض أن لا ینکح امرأة إلا بولی وشاهدین وصداقٍ . (۴۸۰/۳)=

زیادہ سے زیادہ مہر کی مقدار شریعت نے مقرر نہیں کی، وہ میاں بیوی کی رائے پر موقوف ہے،[۱] جتنی مقدار بآسانی ادا کر سکے، اور لڑکی کے حالات کے مناسب بھی ہو، تجویز کرنا چاہیے، البتہ شریعت نے مہر کی کم سے کم مقدار کو متعین کیا ہے، اور وہ دس درہم، یعنی ہمارے موجودہ وزن کے اعتبار سے ساڑھے تین تولہ چاندی یا اس کی قیمت ہے،[۲] اس سے کم مہر رکھنا شرعاً درست نہیں ہے، آج ہمارا معاشرہ مہر کے سلسلے میں افراط وتفریط کا شکار ہے، کہیں مہر اس قدر زیادہ رکھا جاتا ہے کہ شوہر کیلئے اس کی ادائیگی بڑا مسئلہ بن جاتا ہے،[۳] آخر کار وہ یا تو مہر معاف کرواتا ہے، یا ادا کئے بغیر ہی مر جاتا ہے، اور کہیں مہر اس قدر کم رکھا جاتا ہے کہ وہ مہر کی کم سے کم مقدار شرعی کے برابر بھی نہیں ہوتا، اس لئے روپیوں میں مہر متعین کرتے وقت ساڑھے تین تولہ چاندی کی موجودہ قیمت معلوم کر کے ہی مہر مقرر کرنا چاہیے، امید کہ اس جانب خاص توجہ دی جائے گی۔

= (۱) ما في " أصول الشاشي " : قد علمنا ما فرضنا عليهم في أزواجهم ، خاص في التقدير الشرعي فلا يترك العمل به باعتبار أنه عقد مالي ، فيعتبر بالعقود المالية ، فيكون تقدير المال فيه موكولاً إلى رأي الزوجين . (ص/۵)

(۲) ما في " سنن الدار قطني " : عن جابر بن عبد الله قال : قال رسول الله ﷺ : " لا تنكحوا النساء إلا الأكفاء ، ولا يزوجهن إلا الأولياء ، ولا مهر دون عشرة دراهم " .

(۳/۱۷۳ ، كتاب النكاح ، رقم الحديث : ۳۵۵۹)

(۳) ما في " مشكوة المصابيح " : عن عمر بن الخطاب قال : " ألا تغالوا في صدقة النساء ، فإنها لو كانت مكرمة في الدنيا وتقوى عند الله لكان أولكم بها نبي الله ﷺ " .

(ص/۲۷۷ ، باب الصداق) (فتاوی محمودیہ:۱۷/۲۷۵)

فصل في الطلاق والحضانة

(طلاق اور پرورش کے مسائل)

طلاق کے بعد بچوں کی پرورش کا حق

مسئلہ (۹۵): اگر میاں بیوی کے درمیان طلاق وغیرہ کے ذریعہ جدائیگی ہوجائے اوران کے چھوٹے چھوٹے بچے ہوں، تو لڑکا سات سال کا ہونے تک اورلڑکی بالغہ ہونے تک ماں کی پرورش میں رہیں گے،[۱] اوران کا خرچ باپ کے ذمہ واجب ہوگا۔[۲]

رہی خرچ کی مقدار تو وہ شریعت نے متعین نہیں کی، اس کی مقدار زمانہ کے نرخ اجناس وغیرہ کے اعتبار سے، باہمی مصالحت یا جماعت کے مشورہ سے طے کی جائے گی، اور شوہر کو وہ مقدار تسلیم کرنی ہوگی۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الحديث النبوی " : عن عبد الله بن عمرو أن امرأة قالت : يا رسول الله ﷺ ! إن ابني هذا كان بطني له وعاء ، وثديي له سقاء ، وحجری له حواء ، وإن أباه طلقني ، وأراد أن ينزعه مني ، فقال لها رسول الله ﷺ : " أنت أحق به ما لم تنكحي " .

(السنن لأبی داود :ص/۳۱۰، كتاب الطلاق ، باب من أحق بالولد)

ما فی " الفتاوى الهندية " : والأم والجدة أحق بالغلام حتى يستغني ، وقدر بسبع سنين ، وقال القدوری: حتى يأكل وحده ويشرب وحده ، ويستنجي وحده ، وقدره أبو بكر الرازی بتسع سنين ، والفتوى الأول ، والأم والجدة أحق بالجارية حتى تحيض . (۱/۵۴۲، الباب السادس عشر فی الحضانة)

(۲) ما فی " المبسوط للسرخسی " : إن النفقة بعد الفطام على الأب لا يشاركه أحد في ذلك باعتبار أن الولد جزء منه ، والانفاق عليه كالإنفاق على نفسه .

(۶/۱۹۶ ، باب حكم الولد عند افتراق الزوجين)=

حلالہ کے بعد زوجِ اول کو نکاح پر مجبور کرنا

مسئلہ (۹۶): جب شوہر اپنی بیوی کو تین طلاق دیدے، تو اس پر اس کی بیوی حرام ہوجاتی ہے، اب دوبارہ ایک ساتھ رہنے کی کوئی صورت نہیں، سوائے اس کے کہ عدت گذر جانے کے بعد یہ عورت کسی اور مرد سے نکاح کرلے، وہ اس کے ساتھ میاں بیوی کے تعلقات قائم کرلے، پھر یا تو وہ طلاق دیدے، یا مرجائے، اب عورت عدتِ طلاق یا وفات گذار کر زوجِ اول کے لیے حلال ہوگی۔[1]

= ما فی " الهداية " : ونفقة الأولاد الصغار على الأب ، لا يشاركه فيها أحد كما لا يشاركه فی نفقة الزوجة . (۴۴۴/۲، كتاب الطلاق ، باب النفقة ، كذا فی الكافی فی الفقه الحنفی : ۱۰۴۶/۳ ، نفقة الحضانة على من)

ما فی " الدر المختار مع الشامية " : ويقدر بقدر الغلاء والرخص ولا تقدر بدراهم ودنانير . الدر المختار . قال الشامی : أی يراعی كل وقت أو مكان بما يناسبه ..... أی لا تقدر بشيء معين بحيث لا يزيد ولا تنقص فی كل مكان وزمان ..... وإنما على القاضی فی زماننا اعتبار الكفاية بالمعروف كما فی الذخيرة . (۲۳۶/۵، باب النفقة ، مطلب فی أخذ المرأة كفيلا بالنفقة، المبسوط للسرخسی :۷۳/۵، باب النفقة) (فتاوی رحیمیہ:۴۵۲/۸)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿فإن طلّقها فلا تحل له من بعدُ حتى تنكحَ زوجاً غيره﴾ .

(سورة البقرة : ۲۲۹)

ما في " الموسوعة الفقهية الكويتية " : وإنما تنتهي الحرمة وتحل للزوج الأول بشروط : النكاح .... أو ل شروط التحليل : النكاح ، لقوله تعالى : ﴿حتى تنكح زوجاً غيره﴾ فقد نفى حل المرأة لمطلقها ثلاثاً ..... صحة النكاح : يشترط في النكاح الثاني لكي تحل المرأة للأول : أن يكون صحيحاً ، ولا تحل للأول إذا كان النكاح فاسداً ، حتى لو دخل بها ... الوطء في الفرج :=

عموماً لوگ عدت گذر جانے سے پہلے ہی اس عورت کا کسی مرد سے نکاح کر دیتے ہیں، اور وہ چند ایام اس کے ساتھ گذار کر طلاق دیدیتا ہے، اور ابھی اس کے طلاق کی عدت گذرنے بھی نہیں پاتی کہ زوجِ اول اس سے نکاح کر لیتا ہے، اس صورت میں یہ عورت نہ زوجِ ثانی کے لیے حلال ہے، کیوں کہ نکاح عدت میں ہوا[1]، اور نہ زوجِ ثانی کے نکاح کے بعد زوجِ اول کے لیے حلال ہے، کیوں کہ زوجِ ثانی کا نکاح، نکاحِ فاسد ہے، اور نکاحِ فاسد سے حلالہ نہیں ہوتا۔

=ذهب الجمهور إلى أنه يشترط مع صحة الزواج : أن يطأها الزوج الثاني في الفرج ، فلو وطئها دون الفرج ، أو في الدبر لم تحل للأول ، لأن النبي ﷺ علق الحل على ذوق العسيلة منهما ، فقال لامرأة رفاعة القرظي : " أتريدين أن ترجعي إلى رفاعة ؟ لا ، حتى تذوقي عُسيلته ويذوق عسيلتك " . (١٠/٢٥٥ ، تحليل)=

= (١) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تعزموا عُقدةَ النكاح حتى يبلغَ الكتابُ أجله﴾ .

(سورة البقرة :٢٣٥)

ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : ﴿ولا تعزموا عقدة النكاح﴾ والمعنى لا تعزموا عقد النكاح في زمان العدة ..... قال النحاس : ويجوز أن يكون : ولا تعقدوا عقدة النكاح معنى تعزموا تعقدوا واحدا . (٣/١٩٢)

ما في " الشامية " : أما نكاح منكوحة الغير ومعتدته فالدخول فيه لا يوجب العدة إن علم أنها للغير ، لأنه لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلا . (٤/٢٠٣ ، مطلب في النكاح الفاسد)

ما في " الموسوعة الفقهية " : اتفق العلماء على أنه لا يجوز للرجل نكاح المعتدة . (٢٩/٣٤٦)

ما في " الفتاوى الهندية " : لا يجوز للرجل أن يتزوج زوجة غيره ، وكذا المعتدة .

(١/٢٨٠ ، في بيان المحرمات)=

اسی طرح بسا اوقات لڑکی کے والدین وغیرہ حلالہ کے بعد زوجِ اول کو دوبارہ اس عورت سے شادی کرنے پر مختلف انداز سے مجبور کرتے ہیں، اور نکاح نہ کرنے کی صورت میں کورٹ میں اس کے خلاف مقدمہ دائر کرنے کی دھمکی دیتے ہیں، شرعاً ان کا یہ عمل بھی جائز نہیں ہے، کیوں کہ حلالہ کے بعد شریعت نے شوہر کو اختیار دیا ہے، چاہے تو وہ نکاح کرے اور چاہے تو نہ کرے، اس پر دوبارہ نکاح کرنا واجب ولازم نہیں ہے، کیوں کہ یہ مشروعیتِ طلاق کی حکمت کے خلاف ہے۔

حکمتِ طلاق یہ ہے کہ جب میاں بیوی ایک دوسرے پر واجب حقوق ادا کرنے سے عاجز ہوں، اور نباہ کی کوئی صورت باقی نہ رہے، تو وہ طلاق وغیرہ کے ذریعہ ایک دوسرے سے چھٹکارا پالے، اور مستقل کرب واضطراب، ٹینشن وڈپریشن کے ساتھ زندگی نہ گذاریں۔[1]

=(۱) ما في " الدر المختار الشامية " : ومن محاسنه التخلص به من المكاره . الدر المختار. قوله: (ومن محاسنه التخلص به من المكاره) أي الدينية والدنيوية . بحر. أي كأن عجز عن إقامة حقوق الزوج ، أو كان لا يشتهيها . (۴/۴۲۹، كتاب الطلاق)

ما في " الشامية " :وأما الطلاق فإن الأصل فيه الحظر ، بمعنى أنه محظور إلا لعارض يبيحه ، وهو معنى قولهم : " الأصل فيه الحظر" . والإباحة للحاجة إلى الخلاص ..... ولهذا قالوا : إن سببه الحاجة إلى الخلاص عند تباين الأخلاق وعروض البغضاء الموجبة عدم إقامة حدود الله تعالى ..... وعليه حديث : " أبغض الحلال إلى الله الطلاق " . قال في الفتح : ويحمل لفظ المباح على ما أبيح في بعض الأوقات : أعني أوقات تحقق الحاجة المبيحة اهـ. وإذا وجدت الحاجة المذكورة أبيح ..... إن إباحته للحاجة إلى الخلاص ، فلم يبيحوه إلا عند الحاجة إليه لا عند مجرد إرادة الخلاص ، وإن أراد الخلاص عند الحاجة إليه فهو المطلوب .

(۴/۴۲۸، كتاب الطلاق ، دار الكتب العلمية بيروت)

باب العدة والنفقة

(عدت اور نفقہ کا بیان)

عدت، طلاق کے بعد معتبر ہوتی ہے

مسئلہ (۹۷): بسا اوقات نکاح کے بعد میاں بیوی کچھ دن یا مہینے ساتھ میں رہتے ہیں، پھر دونوں میں کسی بات پر اَن بَن ہونے کی وجہ سے عورت ناراض ہوکر اپنے والدین کے گھر بیٹھ جاتی ہے، اور اس طرح ایک لمبا عرصہ (مثلاً دو تین سال) گذر جاتا ہے، اور دونوں کے دوبارہ ایک ساتھ رہنے کی کوئی صورت نہیں بن پاتی ہے، تو شوہر اسے طلاق دیدیتا ہے، اب خود عورت یا اس کے والدین یہ خیال کرتے ہیں کہ چوں کہ ایک لمبے عرصے سے ازدواجی تعلقات کی نوبت نہیں آئی، اس لئے عورت پر عدت واجب نہیں ہوگی، اور طلاق کے فوراً بعد کسی اور سے اس کا نکاح کردیتے ہیں، جو شرعاً جائز نہیں ہے،[۱] کیوں کہ عدت کا اعتبار شوہر کی وفات یا طلاق کے بعد ہوتا ہے،[۲] اس سے پہلے نہیں، اس لئے صورتِ مذکورہ میں عورت پر طلاق کے بعد عدتِ طلاق کا گذارنا ضروری ہے، اس کے بعد ہی وہ کسی اور کے ساتھ نکاح کرسکتی ہے۔[۳]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فى " الفتاوى الهندية " : لا يجوز للرجل أن يتزوج زوجة غيره ، وكذلك المعتدة ، كذا فى السراج الوهاج ، سواء كانت العدة عن طلاق أو وفاة .

(۱/ ۲۸۰، كتاب النكاح ، القسم السادس المحرمات التى يتعلق بها حق الغير)

ما فى " بدائع الصنائع " : فى شرط الزوجة : منها أن لا تكون معتدة الغير لقوله تعالى :﴿ولا تَعزِموا عُقدةَ النكاح حتى يبلغ الكتابُ أجلَه﴾ أى ما كتب عليها من التربص ، ولأن بعض أحكام =

.....

.....

.....

.....

.....

= النكاح حالة العدة قائم فكان النكاح قائماً من وجه ، والثابت من وجه كالثابت من كل وجه في باب الحرمات . (۳/ ۴۵۱، كتاب النكاح ، فصل في شرط الزوجة)

(۲) ما في " البحر الرائق " : (ومبدأ العدة بعد الطلاق والموت) يعني إبتداء عدة الطلاق من وقته وإبتداء عدة الوفاة من وقتها ..... لأن سبب وجوبها الطلاق أو الوفاة فيعتبر إبتداء ها من وقت وجود السبب كذا في الهداية . (۴/۲۴۳ ، باب العدة)

ما في " الفتاوى الهندية " : وإبتداء العدة في الطلاق عقيب الطلاق وفي الوفاة عقيب الوفاة كذا في الهداية . (۱/ ۵۳۱، الباب الثالث عشر في العدة)

ما في " الدر المختار " : ومبدأ العدة بعد الطلاق وبعد الموت على الفور .

(۵/۲۰۲ ، باب العدة ، الهداية : ۲/۴۲۵ ، باب العدة ، شرح الوقاية : ۲/۱۵۰ ، باب العدة ، عمدة الرعاية على هامش شرح الوقاية : ۲/۱۵۰)

(۳) ما في " القرآن الكريم " : ﴿فإذا بلغن أجلهنّ فلا جناح عليكم فيما فعلن في أنفسهنّ بالمعروف ، والله بما تعملون خبير﴾ . (سورة البقرة :۲۳۴)

ما في " أحكام القرآن لإبن العربي " :﴿فإذا بلغن أجلهنّ﴾ يعني انقضت العدة فلا جناح عليكم فيما فعلن في أنفسهنّ ، هذا خطاب للأولياء ، وبيان أن الحق في التزويج لهن فيما فعلن في أنفسهن بالمعروف أي من جائز شرعاً يريد من اختيار أعيان الأزواج . (۱/ ۲۱۲)

(فتاوی رحیمیہ :۸/ ۴۲۵،فتاوی حقانیہ:۴/ ۵۳۸)

عدتِ وفات ختم ہونے پر عورت کو نیا جوڑا دینا

مسئلہ (۹۸): جب کسی عورت کی عدتِ وفات ختم ہوجاتی ہے، تو اس کے عزیز ورشتہ دار اس کو نیا جوڑا یا انگوٹھی وغیرہ دینا ضروری خیال کرتے ہیں، جب کہ شرعاً اس کی کوئی اصل وبنیاد نہیں ہے،[۱] ہاں! اگر یہ چیزیں جذبۂ ہمدردی وخیر خواہی کے اظہار کیلئے دی جارہی ہیں، تو اس کیلئے عدت کا ختم ہونا ضروری نہیں ہے، زمانۂ عدت میں بھی یہ دی جاسکتی ہیں، البتہ عورت پر لازم ہوگا کہ وہ زینت کی چیزوں کو عدت میں استعمال نہ کریں۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الحديث النبوى " : عن عائشة أن رسول الله ﷺ قال : " من أحدث في أمرنا هذا ما ليس منه فهو رد " . (السنن لإبن ماجة : ص/۱۳)

(۲) ما في " البحر الرائق " : تحد معتدة البت والموت بترك الزينة والطيب والكحل والدهن والحناء ولبس المعصفر والمزعفر إن كانت مسلمة بالغة .

(۲۵۲/۴، كتاب الطلاق ، فصل في الإحداد)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : (تحد مكلفة مسلمة ولو أمة منكوحة إذا كانت معتدة بت أو موت) وإن أمرها المطلق أو الميت بتركه لأنه حق الشرع إظهاراً للتأسف على فوات النكاح (بترك الزينة) بحلي والحناء ولبس المعصفر والمزعفر .الدر المختار . قال الشامي تحت قوله: (لأنه حق الشرع) أي فلا يملك العبد اسقاطه ، ولأن هذه الأشياء دواعي الرغبة ، وهي ممنوعة عن النكاح فتجتنبها لئلا تصير ذريعة إلى الزوج في المحرم .

(۱۷۴/۵، كتاب الطلاق ، فصل في الحداد)

ما في " مجمع الأنهر " : تحد معتدة البائن والموت إن كانت مكلفة بترك الزينة ولبس المزعفر والمعصفر والطيب والدهن والكحل والحناء .

(۱۵۲/۲ / ۱۵۳، كتاب الطلاق ، فصل الإحداد) (فتاوی محمودیہ:۵۴/۲۰)

معتدہ کا تنخواہ لینے کے لیے نکلنا

مسئلہ (۹۹): عورت اپنے شوہر کے انتقال کے بعد زمانہ عدت میں اس کی باقی تنخواہ یا فنڈ کی رقم لینے کیلئے دفتر جاسکتی ہے، بشرطیکہ اس کے گئے بغیر یہ تنخواہ یا فنڈ کی رقم ملنا دشوار ہو، اور کام ہوجانے پر جلد واپس آجائے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " البحر الرائق " : (ومعتدة الموت تخرج يوماً وبعض الليل) لتكتسب لأجل قيام المعيشة لأنه لا نفقة لها ..... والحاصل أن مدار الحل كون خروجها بسبب قيام شغل المعيشة فيتقدر بقدره . (۲۵۸/۴/۲۵۹، كتاب الطلاق ، فصل فی الإحداد)

ما فی " الدر المختار مع الشامية " : ومعتدة موت تخرج فی الجديدين ، وتبيت أكثر الليل فی منزلها لأن نفقتها عليها فتحتاج للخروج ..... وجوز فی " القنية " خروجها لإصلاح ما لا بد لها منه كزراعة ولا وكيل لها. الدر المختار . قال الشامی : الحاصل أن مدار حل خروجها بسبب قيام شغل المعيشة فيتقدر بقدره . (۱۸۰/۵، كتاب الطلاق ، فصل فی الحداد)

ما فی " الدر المنتقی فی شرح الملتقی " : (ومعتدة الموت تخرج نهاراً وبعض الليل) قدر ما تستكمل به حوائجها إذ لا نفقة لها (ولا تبيت فی غير منزلها) وكذا لو خرجت لإصلاح ما لا بد لها منه كزراعة وطلب نفقة ولا وكيل لها كما فی البحر عن القنية .

(۱۵۴/۲/۱۵۵، كتاب الطلاق ، باب العدة)

ما فی " قواعد الفقه " : الضرورات تبيح المحظورات . الضرورات تتقدر بقدرها .

(ص/۸۹، رقم القاعدة :۱۷۰-۱۷۱) (فتاوی محمودیہ:۴۹/۲۰)

معتدہ کا ووٹنگ کے لیے نکلنا

مسئلہ (۱۰۰): جو عورت طلاق یا وفات کی عدت گذار رہی ہے، اس کیلئے ووٹ ڈالنے کیلئے گھر سے نکلنے کی اجازت نہیں ہے، کیوں کہ الیکشن میں ووٹ ڈالنا ایسی ضرورت نہیں ہے، جس کی وجہ سے عدت میں عورت کو نکلنے کی اجازت دی جائے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " القرآن الكريم " : ﴿لا تخرجوهنّ من بيوتهنّ ، ولا يخرجن إلا أن يأتين بفاحشة مبينة﴾ . (سورة الطلاق : ۱)

ما فی " أحكام القرآن للجصاص " : فيه نهى للزوج عن إخراجها ونهى لها عن الخروج ، وفيه دليل على وجوب السكنىٰ لها ما دامت فی العدة ، لأن بيوتهن التی نهى الله عن إخراجها منها هی البيوت التی كانت تسكنها قبل الطلاق ، فأمر بتبقيتها فی بيتها ونسبها إليها بالسكنىٰ كما قال : ﴿وقرن فی بيوتكنّ﴾ . (۲۰۷/۳، سورة الطلاق)

ما فی " البحر الرائق " : لا تخرج معتدة الطلاق لقوله تعالى : ﴿لا تخرجوهنّ من بيوتهنّ ، ولا يخرجن إلا أن يأتين بفاحشة مبينة﴾ أی لا تخرجوا المعتدات من المساكن التی كنتم تسكنون فيها قبل الطلاق ..... وعلى الزوجات أيضاً أن لا يخرجن حقا لله تعالى إلا لضرورة ظاهرة ..... (ومعتدة الموت تخرج يوماً وبعض الليل) لتكسب لأجل قيام المعيشة لأنه لا نفقة لها حتى لو كان عندها كفايتها صارت كالمطلقة فلا يحل لها أن تخرج لزيارة ولا لغيرها ليلاً ولا نهاراً ..... وأقول : لو صح هذا عمم أصحابنا الحكم فقالوا : لا تخرج المعتدة عن طلاق أو موت إلا لضرورة ، لأن المطلقة تخرج للضرورة بحسبها ليلاً كان أو نهاراً ، والمعتدة عن موت كذلک فأين الفرق . (۲۵۶/۴، ۲۵۸/۲۵۹، فصل فی الإحداد)

ما فی " الشامية " : قال العلامة ابن عابدين : لا تخرج المعتدة عن طلاق أو موتٍ إلا لضرورة . (۱۸۰/۵، كتاب الطلاق ، فصل فی الاحداد ، مطلب الحق أن المفتی أن ينظر فی خصوص الوقائع ، مجمع الأنهر : ۱۵۳/۲، ۱۵۴، كتاب الطلاق ، باب العدة) (فتاوی محمودیہ:۴۸/۲۰)

معتدہ کا دواخانہ جانا

مسئلہ (۱۰۱): اگر کوئی عورت طلاق یا وفات کی عدت گذار رہی تھی، اور دوران عدت وہ بیمار ہوگئی، تو دوا وعلاج کیلئے ڈاکٹر کو گھر ہی پر بلا لیا جائے، البتہ اگر طبیعت زیادہ خراب ہو اور کوئی مسلمان دیندار تجربہ کار ڈاکٹر یا حکیم ہسپتال میں داخل کر کے دوا وعلاج کا مشورہ دے، اور اس کی شدید ضرورت بھی ہو، تو بقدر ضرورت گھر سے باہر نکلنے اور ہسپتال میں داخل ہو کر دوا وعلاج کرانے کی گنجائش ہے، کیوں کہ دورانِ عدت اگر چہ عورت کیلئے شرعاً شوہر کے گھر سے نکلنا جائز نہیں ہے، مگر فقہاء نے اس میں ضروریات کو مستثنیٰ کیا ہے، اور انہی ضروریات میں بدرجۂ مجبوری دوا وعلاج کیلئے عورت کو دواخانہ لیجانا بھی داخل ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الشامية " : لا تخرج المعتدة عن طلاق أو موت إلا لضرورة .

(۵/۱۸۰، كتاب الطلاق ، فصل فی الإحداد)

ما فی " البحر الرائق " : لا تخرج معتدة الطلاق ، لقوله تعالى : ﴿لا تخرجوهنّ من بيوتهنّ ، ولا يخرجن إلا أن يأتين بفاحشة مبينة﴾ أی لا تخرجوا المعتدات من المساكن التی كنتم تسكنون فيها قبل الطلاق ..... وعلى الزوجات أيضاً أن لا يخرجن حقا لله تعالى إلا لضرورة ظاهرة ..... قال ابن نجيم : أقول : لو صح هذا عمم أصحابنا الحكم فقالوا : لا تخرج المعتدة عن طلاق أو موت إلا لضرورة ..... لأن المطلقة تخرج للضرورة بحسبها ليلاً كان أو نهاراً ، والمعتدة عن موت كذلك فأين الفرق .

(۴/۲۵۶/۲۵۷/۲۵۸، كتاب الطلاق ، فصل فی الاحداد)

ما فی " قواعد الفقه " : الضرورات تبيح المحظورات . الضرورة تتقدر بقدرها .

(ص/۸۹، رقم القاعدة : ۱۷۰/۱۷۱) (فتاوی رحیمیہ:۸/۴۲۳)

معتدہ کا دوسرے مکان یا صحن میں نکلنا

مسئلہ (۱۰۲): معتدہ عورت کا دوسرے مکان میں یا ایسے صحن میں جو ملک کے اعتبار سے مشترک ہو، جانا جائز نہیں ہے، البتہ اگر اس عورت کے شوہر کی ملک میں ایسا مکان ہو، جو چند کمروں اور صحن پر مشتمل ہو، تو معتدہ کیلئے جائز ہوگا، جس کمرے میں چاہے جاسکتی ہے۔ (۱)

عورت کو اطلاع کے بغیر اس کی عدت کا گذر جانا

مسئلہ (۱۰۳): اگر کسی عورت کو اس کے شوہر نے طلاق دیدی یا اس کا انتقال ہوگیا، اور عورت کو اس کا علم نہیں ہوا، اور طلاق یا وفات کی عدت گذر گئی تب بھی اس عورت کی عدت ختم ہوجائیگی، کیوں کہ عدت طلاق یا عدت وفات شوہر کے طلاق دینے یا وفات پانے کے وقت سے ہی شروع ہوجاتی ہے، خواہ عورت عدت میں بیٹھے یا نہ بیٹھے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الدر المختار مع الشامية " : ولا تخرج معتدة رجعي وبائن لو حرة مكلفة من بيتها أصلاً لا ليلاً ولا نهاراً ولا إلى صحن دار فيها منازل لغيره ولو بإذنه لأنه حق الله تعالى . الدر المختار . قال الشامي تحت قوله : (فيها منازل لغيره) أي غير الزوج ، بخلاف ما إذا كانت له ، فإن لها أن تخرج إليها وتبيت في أي منزل شاء ت ، لأنها تضاف إليها بالسكنى . (۵/۲۲۳/۲۲۴، كتاب الطلاق ، باب الحداد)

ما فی " الهندية " : للمعتدة أن تخرج من بيتها إلى صحن الدار وتبيت في أي منزل شاء ت إلا أن يكون في الدار منازل لغيره ، فلا تخرج من بيتها إلى تلك المنازل .

(۱/۵۳۵، الباب الرابع عشر في الحداد) (احسن الفتاوی:۵/۴۴۱)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما فی " الهداية " : وإبتداء العدة في الطلاق عقيب الطلاق ، وفي الوفاة عقيب الوفاة ، فإن لم تعلم بالطلاق أو الوفاة حتى مضت مدة العدة فقد انقضت عدتها ، لأن سبب وجوب العدة الطلاق والوفاة ، فيعتبر ابتداء ها من وقت وجود السبب . (۲/۴۲۵، باب العدة)=

البتہ طلاق یا وفات کی خبر ہونے کے باوجود شوہر کے گھر میں عدت میں نہ بیٹھنا اور بلاضرورت گھر سے نکلنا سخت گناہ کی بات ہے۔[1]

= ما فی " شرح الوقایة " : ومبدأها عقیبهما أی عقیب الطلاق والموت . (۱۵۰/۲ ، باب العدة)
ما فی " عمدة الرعایة علی هامش شرح الوقایة " : الحاصل أن انقضاء العدة لا یتوقف علی علمها بطلاق الزوج أو موته ، بل تنقضی بانقضاء الأجل من وقت الطلاق أو الموت ، وإن لم تعلم الزوجة به ، لأن العدة أجل فلا یشترط العلم بمضیه .
(۱۵۰/۲ ، باب العدة ، الدر المختار : ۲۰۲/۵ ، کتاب الطلاق ، باب العدة ، الفتاوی الهندیة : ۵۳۱/۱ ، الباب الثالث عشر فی العدة ، البحر الرائق : ۲۴۳/۴ ، باب العدة)

(۱) ما فی " القرآن الکریم " : ﴿لا تخرجوهنّ من بیوتهنّ ، ولا یخرجن إلا أن یأتین بفاحشة مبینة﴾ . (سورة الطلاق : ۱)
ما فی " أحکام القرآن للجصاص " : فیه نهی الزوج عن إخراجها ونهی لها عن الخروج ، وفیه دلیل علی وجوب السکنیٰ لها ما دامت فی العدة ، لأن بیوتهن التی نهی الله عن إخراجها منها هی البیوت التی کانت تسکنها قبل الطلاق ، فأمر بتبقیتها فی بیتها ونسبها إلیها بالسکنیٰ کما قال : ﴿وقرن فی بیوتکنّ﴾ . (۲۰۷/۳ ، الطلاق)
ما فی " الشامیة " : قال الشامی : لا تخرج المعتدة عن طلاق أو موت إلا لضرورة .
(۱۸۰/۵ ، کتاب الطلاق ، فصل فی الحداد)
ما فی " البحر الرائق " : لا تخرج معتدة الطلاق، لقوله تعالی : ﴿لا تخرجوهنّ من بیوتهنّ ، ولایخرجن إلا أن یأتین بفاحشة مبینة﴾ أی لا تخرجوا المعتدات من المساکن التی کنتم تسکنون فیها قبل الطلاق ..... وعلی الزوجات أیضاً أن لا یخرجن حقا لله تعالی إلا لضرورة ظاهرة ..... قال ابن نجیم : أقول : لو صح هذا عمم أصحابنا الحکم فقالوا : لا تخرج المعتدة عن طلاق أو موت إلا لضرورة .... لأن المطلقة تخرج للضرورة بحسبها لیلاً کان أو نهاراً ، والمعتدة عن موت کذلک فأین الفرق . (۲۵۶/۴ ، ۲۵۷ ، ۲۵۸ ، کتاب الطلاق ، فصل فی الاحداد)

عدت طلاق کا عدتِ وفات میں بدل جانا

مسئلہ (۱۰۴): اگر کسی عورت کے شوہر نے اس کو ایک یا دو طلاقِ رجعی دی، اور عدتِ طلاق کے دوران ہی اس کے شوہر کا انتقال ہوگیا، تو اس مطلقہ عورت کی عدت، عدتِ طلاق سے عدتِ وفات میں تبدیل ہوجائے گی، یعنی اب وہ عدتِ طلاق کی بجائے از سرِ نو چار ماہ دس دن عدتِ وفات گذارے گی، کیوں کہ مطلقہ بہ طلاقِ رجعی کی زوجیت دورانِ عدت باقی رہتی ہے، تو یہ گویا ایسا ہی ہوا کہ کسی عورت کے نکاح میں ہوتے ہوئے اس کے شوہر کا انتقال ہوجائے، تو اس پر عدتِ وفات لازم ہوتی ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " بدائع الصنائع " : قال العلامة الكاساني : إذا طلق امرأته ثم مات فإن كان الطلاق رجعياً انتقلت عدتها إلى عدة الوفاة ، سواء طلقها في حالة المرض أو الصحة ، وانهدمت عدة الطلاق ، وعليها أن تستأنف عدة الوفاة في قولهم جميعاً ، لأنها زوجته بعد الطلاق ، إذ الطلاق الرجعي لا يوجب زوال الزوجية ، وموت الزوج يوجب على زوجته عدة الوفاة ، لقوله تعالى : ﴿والذين يُتوفَّونَ منكم ويَذرونَ أزواجاً يَتربَّصنَ بأنفسهنّ أربعة أشهر وعشراً﴾ كذا لو مات قبل الطلاق .

(۴/۴۳۸، كتاب الطلاق ، فصل في إنتقال العدة)

ما في " عمدة الرعاية على هامش شرح الوقاية " : قوله : (وللرجعي ما للموت) يعني إذا طلقها المريض بمرض الموت طلاقاً رجعياً ولم تنقض عدة الطلاق أي ثلاثة قروء حتى مات زوجها فتجب عليه عدة الوفاة ، وهذا باتفاق أئمتنا ، لأن النكاح لا ينقطع بالكلية بالرجعي فتصدق الزوجية عند وفاته . (۲/۱۴۸، باب العدة)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : قال الشيخ وهبة الزحيلي : إذا مات الرجل في إثناء عدة زوجته التي طلقها طلاقاً رجعياً ، انتقلت بالإجماع من عدتها بالأقراء أو الأشهر إلى عدة وفاة ، وهي أربعة أشهر وعشرة أيام رجعياً تعد زوجة ما دامت في العدة ، وموت الزوج يوجب على زوجته عدة الوفاة . (۹/۷۱۸۹، الفصل الرابع في العدة والاستبراء)=

عدتِ وفات میں زیب وزینت

مسئلہ (۱۰۵): جس عورت کے شوہر کا انتقال ہوگیا ہو، اس کیلئے چوڑیاں پہننا جائز نہیں ہے، اگر پہلے سے ہاتھوں میں ہوں تو ان کا اتارنا لازم ہے، کیوں کہ جس عورت کا شوہر فوت ہوجائے، اس کیلئے چار ماہ دس دن، زیب وزینت اور بناؤ سنگھار کرنا حرام ہے۔ (۱)

= ما فی " الفتاوی الهندية " : إذا طلق امرأته ثم مات فإن كان الطلاق رجعياً انتقلت عدتها إلى الوفاة ، سواء طلقها فی حالة المرض أو الصحة ، وانهدمت عدة الطلاق .

(۱/۵۳۰، كتاب الطلاق ، باب العدة) (فتاوی حقانیہ:۴/۵۴۳،فتاوی محمودیہ:۱۳/۴۱۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الدر المختار مع الشامية " : إذا كانت معتدة بيت أو موت وإن أمرها المطلق أو الميت بتركه لأنه حق الشرع ، إظهاراً للتأسف على ما فوات النكاح بترك الزينة بحلى أو حرير . " الدر المختار ". قال الشامی تحت قوله : (بحلى) أی بجميع أنواعه من فضة وذهب وجواهر ، قال القهستانی : والزينة ما تتزين به المرأة من حلى أو كحلى كما فی الكشاف .

(۵/۲۱۷، كتاب الطلاق ، باب العدة ، فصل فی الحداد)

ما فی " البحر الرائق " : وجب فی الموت إظهاراً للتأسف على فوات نعمة النكاح فوجب على المبتوتة إلحاقاً لها بالمتوفى عنها زوجها بالأولى ، لأن الموت أقطع من الإبانة ..... دخل فی ترك الزينة الامتشاط بمشط أسنانه ضيقة لا الواسعة كما فی المبسوط ، وشمل لبس الحرير بجميع أنواعه وألوانه ولو أسود ، وجميع أنواع الحلى من ذهب وفضة وجواهر ، زاد فی التاتارخانية القصب . (۴/۲۵۳، كتاب الطلاق ، فصل فی الإحداد)

ما فی " تعليق بدائع الصنائع " : الإحداد فی الشرع ترك الزينة ونحوها لمعتدة موت أو طلاق بائن ..... وذلك تجتنب المعتدة كل ما يحصل به الزينة فلا تلبس الحلى بأنواعه من ذهب وفضة وجواهر وقصب وزمرد وياقوت ومرجان .

(۴/۴۵۷، كتاب الطلاق ، فصل فی أحكام العدة) (فتاوی حقانیہ:۴/۵۵۰)

عدت میں شیمپو کا استعمال

مسئلہ (۱۰۶): بعض عورتیں اپنے شوہر کی عدتِ وفات میں یا تین طلاقوں کی عدت میں سر سے جوؤں کو ختم کرنے کیلئے خوشبودار شیمپو وغیرہ استعمال کرتی ہیں، ان کا یہ عمل شرعاً درست نہیں ہے، کیوں کہ معتدہ کیلئے زیب وزینت کا اختیار کرنا اور بدن یا کپڑوں میں خوشبودار چیزوں کا استعمال منع ہے، تاہم اگر ایسا شیمپو وغیرہ ہو، جس میں خوشبو نہ ہو، تو ان کے استعمال کی اجازت ہوگی۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " بدائع الصنائع " : أما الطيب ، فلما روت أم سلمة أن النبی ﷺ نهى المعتدة أن تختضب بالحناء ، وقال النبی ﷺ : " الحناء طيب " . فيدل على وجوب إجتناب الطيب ، ولأن الطيب فوق الحناء ، فالنهى عن الحناء يكون نهياً عن الطيب دلالةً ، كالنهى عن التأفيف نهى عن الضرب والقتل دلالة ، وكذا لبس الثوب المطيب والمصبوغ بالمعصفر والزعفران له رائحة طيبة فكان كالطيب . (۴/۴۲۱، كتاب الطلاق ، فصل فی أحكام العدة)

ما فی " الدر المختار مع الشامية " : تحد ..... بترک الزينة والطيب . الدر المختار . قال الشامی تحت قوله : (والطيب) أی استعماله فی البدن أو الثوب .

(۵/۲۱۸، كتاب الطلاق ، باب العدة ، فصل فی الاحداد)

ما فی " البحر الرائق " : تحد معتدة البت والموت بترک الزينة والطيب ..... وأطلق فی ترک الطيب فلا تحضر عمله ولا تتجر فيه ، وإن لم يكن لها كسب إلا فيه .

(۴/۲۵۲/۲۵۳، فصل فی الإحداد)

ما فی " شرح الوقاية " : تحد معتدة البائن والموت كبيرة مسلمة ..... بترک الزينة ولبس المزعفر والمعصفر والحناء والطيب . (۲/۱۵۲/۱۵۳، باب العدة)

ما فی " موسوعة مصطلحات أصول الفقه عند المسلمين " : متى لم تكن العلة لم يكن الحكم . انتفاء العلة لانتفاء الحكم . (۱/۹۵۸ . ۹۷۶، باب العلة) (فتاوی حقانیہ:۴/۵۴۹)

دورانِ عدت عورت کی خوراک پوشاک اور رہائش

مسئلہ (۱۰۷): اگر کسی شخص نے اپنی بیوی کو طلاق دی، خواہ یہ طلاق رجعی ہو یا بائن، بہر دو صورت عدتِ طلاق کے دوران عورت کی خوراک، پوشاک اور رہائش کے جملہ اخراجات خاوند کے ذمہ لازم ہوں گے،[۱] شوہر پر مطلقہ کے اخراجات کے لازم ہونے کی تین وجوہات ہیں:

(۱) عدت کے دوران مطلقہ کا نکاح دوسری جگہ جائز نہیں ہے[۲]، اس لئے شریعت نے اس کے اخراجات کا متبادل انتظام نہ ہونے تک خاوند کو عورت کے اخراجات کا ذمہ دار قرار دیا ہے۔

(۲) مطلقہ اگر حاملہ ہے تو بچہ کی ولادت تک عورت خاوند کے حق میں محبوس رہے گی، اور جو شخص حقِ غیر کی وجہ سے محبوس ہوتا ہے، اس کا نفقہ اسی غیر پر واجب ہوتا ہے۔[۳]

(۳) طلاقِ رجعی کی صورت میں ممکن ہے کہ مطلقہ رجعی کا خاوند کے گھر میں رہنا دوبارہ تعلقات کی بحالی کا ذریعہ ثابت ہو جائے۔

ان وجوہات کے پیشِ نظر شریعت نے شوہر پر عورت کیلئے زمانۂ عدت کے جملہ اخراجات کو لازم کر دیا ہے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿أسكنوهنّ من حيث سكنتم من وُّجدِكم ولا تضآرّوهنّ لتُضيّقُوا عليهنّ ، وإن كُنَّ أولاتِ حملٍ فأنفِقوا عليهنّ حتى يضعنَ حملهنَّ﴾ . (سورة الطلاق : ٦)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : (أسكنوهنّ) وقد تضمنت هذه الآية الدلالة على وجوب نفقة المبتوتة من ثلاثة أوجه ؛ أحدها : أن السكنى لما كانت حقا في مال ، وقد أوجبها الله لها =

= بنص الكتاب ، إذ كانت الآية قد تناولت المبتوتة والرجعية ، فقد اقتضى ذلك وجوب النفقة ، إذ كانت السكنىٰ حقا فى مال وهى بعض النفقة ، والثانى : (ولا تضاروهنّ) والمضارة والتضييق قد يكون فى النفقة أيضاً ، فعليه أن ينفق عليها ولا يضيق عليها فيها . (۳/۶۱۴)

ما فى " الدر المختار مع الشامية " : (وتجب المطلقة الرجعى والبائن) . الدر المختار . قال الشامى : كان عليه إبدال المطلقة بالمعتدة ، لأن النفقة تابعة للعدة ..... وفى الذخيرة : وأطلق فشمل الحامل وغيرهما والبائن بثلاث أو أقل كما فى الخانية .

(۵/۳۳۳، كتاب الطلاق ، باب النفقة ، مطلب فى نفقة المطلقة)

ما فى " البحر الرائق " : (ولمعتدة الطلاق) أى تجب النفقة والكسوة والسكنىٰ ..... فإن كانت بلا خلاف ، لأن ملك النكاح قائم فكان الحال بعد الطلاق كالحال قبله ، وإن كان الطلاق ثلاثاً أو بائناً فلها النفقة والسكنى إن كانت حاملاً بالإجماع لقوله تعالى :﴿وإن كنّ أولاتِ حملٍ فأنفِقوا عليهنّ حتى يضعنَ حملهنّ﴾ وإن كانت حائلا فلها النفقة والسكنى عند أصحابنا ، ولنا قوله تعالى :﴿أسكنوهنّ من حيث سكنتم من وُّجدِكم﴾ وفى قراءة ابن مسعود : (أسكنوهن من حيث سكنتم ، وأنفقوا عليهنّ من وجدكم) ، ولا اختلاف بين القراءتين ، لكن إحداهما تفسير الأخرىٰ ..... لأن الأمر بالإسكان أمر بالانفاق ، لأنها إذا كانت محبوسة ممنوعة عن الخروج لا تقدر على اكتساب النفقة ، فلو لم تكن نفقتها على الزوج ولا مال لها لهلكت أو ضاق الأمر عليها وعسر ، وهذا لا يجوز ..... ﴿وإن كنّ أولات حمل﴾ ففيها أمر بالإنفاق على الحامل وأنه لا ينفى وجوب الإنفاق على غير الحامل .

(۴/۴۶۳-۴۶۴-۴۶۷-۴۷۶-۴۷۷، كتاب الطلاق ، فصل فى أحكام العدة)

(۲) ما فى " الفتاوى الهندية " : لا يجوز للرجل أن يتزوج زوجة غيره ، وكذلك المعتدة ، كذا فى السراج الوهاج ، سواء كانت العدة عن طلاق أو وفاة .

(۱/۲۸۰، كتاب النكاح ، القسم السادس المحرمات التى يتعلق بها حق الغير)

ما فى " بدائع الصنائع " : فى شرط الزوجة : منها أن لا تكون معتدة الغير ، لقوله تعالى :﴿ولا تعزموا عُقدة النكاح حتى يبلغَ الكتابُ أجله﴾ أى ما كتب عليها من التربص ، ولأن بعض أحكام النكاح حالة العدة قائم فكان النكاح قائماً من وجه ، والثابت من وجه كالثابت من كل وجه فى باب المحرمات . (۳/۴۵۱، كتاب النكاح ، فصل فى شرط الزوجة)

(۳) ما فى " الهداية " : لأن النفقة جزاء الاحتباس ، وكل من كان محبوسا بحق مقصود لغيره كانت نفقته عليه . (۲/۴۳۷، كتاب الطلاق ، باب النفقة) (فتاوىٰ رحيميه:۸/۳۹۹)

عدتِ وفات میں عورت کا نفقہ

مسئلہ (۱۰۸): بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ جس طرح عدتِ طلاق میں عورت نفقہ کی مستحق ہوتی ہے، ایسے ہی عدتِ وفات میں بھی شوہر کے چھوڑے ہوئے مال میں نفقہ کی مستحق ہوگی، جب کہ ان کا یہ خیال غلط ہے، کیوں کہ نفقہ حقِ مہر کی طرح محض عقد سے یکبارگی لازم نہیں ہوتا، بلکہ علی حسب الضرورت گاہے بہ گاہے لازم ہوتا ہے، اور جب تک شوہر زندہ تھا ضرورت کے مطابق نفقہ ادا کرتا رہا، اور جب اس کا انتقال ہوگیا تو اس کی تمام جائداد کے مالک اس کے ورثاء ہوگئے، اور ورثاء کے مال میں نفقہ کو لازم کرنا جائز نہیں ہے، نیز عورت کا عدتِ وفات گذارنا بھی حقِ زوج کیلئے نہیں ہے، کہ شوہر پر نفقہ کو لازم کیا جائے، بلکہ حقِ شرع کیلئے ہے، لہذا عدتِ وفات میں عورت، خواہ حاملہ ہو یا غیر حاملہ نفقہ کی مستحق نہیں ہوگی۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " بدائع الصنائع " : إن كانت معتدة عن وفاة فلا سكنىٰ لها ولا نفقة في مال الزوج ، سواء كانت حائلاً أو حاملاً ، فإن النفقة في باب النكاح لا تجب بعقد النكاح دفعة واحدة كالمهر ، وإنما تجب شيئاً فشيئاً على حسب مرور الزمان ، فإذا مات الزوج انتقل ملك أمواله إلى الورثة ، فلا يجوز أن تجب النفقة والسكنىٰ في مال الورثة . (۴/۴۷۹، كتاب الطلاق ، فصل في أحكام العدة)

ما في " الهداية " : ولا نفقة للمتوفى عنها زوجها ، لأن احتباسها ليس لحق الزوج بل لحق الشرع فإن التربص عبارة منها ، ألا ترى أن معنى عن براءة الرحم ليس بمراعى فيه حتى لا يشترط فيه الحيض فلا تجب نفقتها عليه ، ولأن النفقة تجب شيئاً فشيئاً ولا ملك له بعد الموت ، فلا يمكن إيجابها في ملك الورثة . (۲/۴۴۳/۴۴۴، كتاب الطلاق ، باب النفقة)=

شوہر کی اجازت کے بغیر میکے چلی جانے پر نفقہ

مسئلہ (۱۰۹): اگر مطلقہ عورت زمانۂ عدت میں اپنے شوہر کے گھر نہیں رہی، اور اس کی اجازت ومرضی کے بغیر اپنے والدین کے گھر پر چلی گئی، تو شوہر کے ذمہ نفقۂ عدت لازم نہیں ہے، [1] اور اگر شوہر کی اجازت ومرضی سے چلی گئی تو شوہر کے ذمہ نفقۂ

= ما فی " البحر الرائق " : قال ابن نجیم تحت قوله : (وبموت أحدهما تسقط المقضية) أی بموت أحد الزوجين تسقط النفقة المقضی بها ، لأن النفقة صلة ، والصلات تسقط بالموت كالهبة والدية والجزية وضمان العتق . (۳۲۰/۴، كتاب الطلاق ، باب النفقة)

ما فی " الدر المختار " : لا نفقة لأحد عشر ..... ومعتدة موت .

(۲۸۶/۵، كتاب الطلاق ، باب النفقة) (فتاوی دارالعلوم:۱۱۵/۱۱)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما فی " الدر المختار مع الشامية " : لا نفقة لأحد عشر ..... خارجة من بيته بغير حق ، وهی الناشزة حتی تعود ولو بعد سفره ، وسقط به المفروضة . الدر المختار . قال الشامي تحت قوله : (تسقط به) أی بالنشوز النفقة المفروضة . (۲۸۶/۵/۲۸۷، كتاب الطلاق ، باب النفقة)

ما فی " البحر الرائق " : قال ابن نجيم تحت قوله : (لا ناشزة) لا تجب النفقة للناشزة ، وهی فی اللغة : العاصية علی الزوج المبغضة له ..... وفی الشرع كما قال الخصاف : الخارجة عن منزل زوجها ، المانعة نفسها منه ، والمراد بالخروج كونها فی غير منزله بغير إذنه .

(۳۰۳/۴، كتاب الطلاق ، باب النفقة)

ما فی " الهداية " : وإن نشزت فلا نفقة لها حتی تعود إلی منزله ، لأن فوت الاحتباس منها ، وإذا عادت جاء الإحتباس فتجب النفقة . (۴۳۸/۲، كتاب الطلاق ، باب النفقة)=

عدت لازم تو ہوگا،[۱] لیکن شوہر کے گھر میں عدت گذارنا اور بلاضرورت گھر سے نہ نکلنا حق شرع ہے، اس لئے عورت ان دونوں صورتوں میں گنہگار ہوگی۔[۲]

نفقہ کی مقدار شرعاً مقرر نہیں

مسئلہ (۱۱۰): جس مطلقہ کا نفقہ شریعت نے اس کے شوہر کے ذمہ لازم کیا ہے، اس کی مقدار شریعت نے مقرر نہیں کی، کیوں کہ زمان ومکان کے اختلاف سے اجناس (چیزوں) کی قیمتوں میں کافی تفاوت ہوتا ہے، لہذا نفقہ کی مقدار زمان ومکان کا لحاظ کرتے ہوئے باہمی مصالحت یا جماعت کے مشورہ سے بقدر کفایت طے کی جائیگی، اور شوہر اس کو تسلیم کرنے کا مکلّف وپابند ہوگا، اور وہی مقدار، مقدارِ نفقہ ہوگی۔[۳]

=(۱) ما فی " الدر المختار مع الشامیة " : فتجب للزوجة بنکاح صحیح ..... ولو هی فی بیت أبیها . الدر المختار . قال الشامی تحت قوله : (ولو هی فی بیت أبیها) تعمیم لقوله : " فتجب للزوجة " وهذا ظاهر الروایة ، فتجب النفقة من حین العقد الصحیح ، وإن لم تنتقل إلی منزل الزوج إذا لم یطلبها . (۵/۲۸۴، کتاب الطلاق ، باب النفقة)

(۲) ما فی " أصول الشاشي " : جاز أن یؤثر فعله فیما هو حقه لا فیما هو حق الشرع ، وعلی اعتبار هذا المعنی قال مشایخنا : إذا شرطا فی الخلع أن لا نفقة لها ولا سکنیٰ سقطت النفقة دون السکنیٰ ، حتی لا یتمکن الزوج من إخراجها عن بیت العدة ، لأن السکنی فی بیت العدة حق الشرع ، فلا یتمکن العبد من إسقاطه بخلاف النفقة .

(ص/۳۹/۴۰، فصل : الأمر بالفعل لا یقتضی التکرار)

ما فی " أحکام القرآن للجصاص " : ﴿لا تخرجوهنّ من بیوتهنّ ولا یخرجن﴾ فیه نهی للزوج عن إخراجها ونهی لها عن الخروج . (۳/۲۰۷) (فتاوی دارالعلوم:۱۱/۱۲۴_۱۲۹)

الحجة علی ما قلنا :

(۳) ما فی " الدر المختار مع الشامیة ": ویقدرها بقدر الغلاء والرخص ولا تقدر بدراهم ودنانیر کما فی الاختیار . الدر المختار . قال الشامی تحت قوله : (بقدر الغلاء والرخص) أی یراعی کل=

.....

.....

.....

.....

.....

= وقت أو مكان بما يناسبه ، وفي البزازية : إذا فرض القاضي النفقة ثم رخص تسقط الزيادة ولا يبطل القضاء ، وبالعكس لها طلب الزيادة ، وكذا لو صالحته على شيء معلوم ثم غلا السعر أو رخص . وقوله : (لا تقدر بدراهم ودنانير) أي لا تقدر بشيء معين بحيث لا تزيد ولا تنقص في كل مكان وزمان ، وما ذكره محمد من تقديرها على المعسر بأربعة دراهم في كل شهر فليس بلازم ، وإنما هو على ما شاهد في زمانه ، وإنما على القاضي في زماننا اعتبار الكفاية بالمعروف كما في الذخيرة . (۲۹۶/۵، كتاب الطلاق ، باب النفقة)

ما في " البحر الرائق " : قال العلامة ابن نجيم تحت قوله : (تجب النفقة للزوجة على زوجها والكسوة بقدر حالهما) ولم يذكر المصنف تقديراً للنفقة لما في الذخيرة وغيرها من أنه ليس في النفقة عندنا تقدير لازم ، لأن المقصود من النفقة الكفاية ، وذلك مما يختلف فيه طباع الناس وأحوالهم ، ويختلف باختلاف الأوقات أيضاً ، ففي التقدير بمقدار إضرار بأحدهما ..... فالذي يحق على القاضي في زماننا اعتبار الكفاية بالمعروف ، وأصله حديث هند حيث اعتبر الكفاية .

(۲۹۶/۴، كتاب الطلاق ، باب النفقة)

ما في " الاختيار لتعليل المختار " : تعتبر بقدر حاله وهو مقدر بكفايتها بلا تقتير ولا إسراف لما تقدم من حديث هند ، وليس فيها تقدير لازم لاختلاف ذلك باختلاف الأوقات والطباع والرخص والغلاء . (۲۷۴/۳، باب النفقة ، فتح القدير :۳۴۳/۴، باب النفقة ، مجمع البحرين : ص/ ۶۰۰، فصل في النفقة) (فتاوی دارالعلوم:۱۴۰/۱۱)

کتاب الأیمان والکفارۃ

(قسم اور کفارہ کا بیان)

غلط کام پر قرآن کی قسم

مسئلہ (۱۱۱): غلط کام کرکے اس کا انکار کرنا اور اس پر قرآن شریف اٹھا کر قسم کھانا یمینِ غموس ہے، جو گناہِ کبیرہ ہے، اس کا وبال بہت سخت اور خطرناک ہے، جھوٹ ظاہر ہوکر بہت رسوائی اور ذلت ہوتی ہے، دنیا میں اس کا کوئی کفارہ نہیں، توبہ کرتا رہے، روتا رہے، کہ حق تعالیٰ معاف فرمائے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الحدیث النبوی " : عن عبد الله بن عمر قال : قال رسول الله ﷺ : " الکبائر الإشراک بالله ، وعقوق الوالدین ، وقتل النفس ، والیمین الغموس " .

(مشکوة المصابیح :ص/۱۷ ، الفصل الأول ، باب الکبائر وعلامات النفاق)

ما فی " الفتاوی الهندیة " : غموس وهو الحلف علی إثبات شیء أو نفیه فی الماضی أو الحال یتعمد الکذب فیه ، فهذه الیمین یأثم فیها صاحبها ، وعلیه فیها الاستغفار والتوبة دون الکفارة .

(۵۲/۲، کتاب الأیمان ، الباب الأول فی تفسیرها)

ما فی " البحر الرائق " : الغموس وهو أن یحلف علی أمر ماض یتعمد الکذب فیه سمیت غموساً ، لأنها تغمس صاحبها فی الذنب ثم فی النار ..... أثم إثماً عظیماً کما فی حاوی القدسی فی الیمین الأولی ، وهی یمین الغموس ..... وإنما أثم فی الأولی لحدیث : " من حلف علی یمین مصبورة کاذباً فلیتبوأ مقعده من النار " . والمراد بالمصبورة الملزمة بالقضاء أی المحبوس علیها لأنها مصبور علیها ..... (علی آت منعقدة وفیها کفارة فقط) أن معنی قوله : " فقط " أنه لا کفارة فی غیرها من الغموس بیاناً لذلک خلافاً للشافعي .(۴/۴۶۲/۴۷۰/۴۷۱، کتاب الأیمان)

ما فی " مجمع الأنهر " : غموس وهی حلفه علی أمر ماضٍ أو حال کذباً عمداً، وحکمها الإثم ولا کفارة فیها إلا التوبة . (۲/۲۵۹/۲۶۰، کتاب الأیمان) (فتاویٰ محمودیہ:۱۸۴/۲۰)

جھوٹی قسم

مسئلہ (۱۱۲): بعض لوگ کسی بات میں جھوٹے ہونے کے باوجود اپنی سچائی ثابت کرنے کیلئے قرآن کریم کو ہاتھ میں لے کر اُس بات کو کہتے ہیں، اور یہ خیال کرتے ہیں کہ یہ قسم ہے، جب کہ محض قرآن کریم کو ہاتھ میں لے کر کوئی بات کہی جائے، تو اس سے قسم نہیں ہوتی ہے، لیکن اس طرح کا عمل دوسروں کو دھوکہ دینا اور کذب بیانی پر مشتمل ہونے کی وجہ سے حرام ہے،(۱) ہاں! ہاتھ میں قرآن کریم کو لے کر زبان سے اس کی قسم بھی کھائے کہ میں قرآن کریم کی قسم کھاتا ہوں، جب کہ وہ جھوٹا ہے، تو یہ یمین غموس ہے، جس کا اس دنیا میں کوئی کفارہ نہیں، توبہ کرتا رہے، روتا رہے، کہ حق تعالیٰ معاف فرمائیں۔(۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الحديث النبوى " : عن عبد الله قال : قال رسول الله ﷺ : " إن الصدق يهدى إلى البر ، وإن البر يهدى إلى الجنة..... وإن الكذب يهدى إلى الفجور ، وإن الفجور يهدى إلى النار ، وإن الرجل ليكذب حتى يكتب عند الله كذاباً " .

(الصحيح لمسلم : ۳۲۵/۲، باب قبح الكذب)

ما في " الموسوعة الفقهية " : اتفق الفقهاء على أن الغش حرام ، سواء أكان بالقول أم بالفعل ، وسواء أكان بكتمان العيب في المعقود عليه أو الثمن أم بالكذب والخديعة ، وسواء أكان في المعاملات أم في غيرها من المشورة والنصيحة . (۲۱۹/۳۱، فتاوى حقانيه : ۱۲۵/۶)

(۲) ما في " الفتاوى الهندية " : لو حلف بالقرآن يكون يميناً ، وبه أخذ جمهور مشائخنا رحمهم الله . (۵۳/۲، كتاب الأيمان ، الباب الثاني فيما يكون يميناً وما لا يكون يميناً)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : ولا يخفى أن الحلف بالقرآن الآن متعارف فيكون يميناً ..... وقال العيني : وعندى أن المصحف يمين لا سيما في زماننا ، وعند الثلاثة المصحف والقرآن وكلام الله يمين . الدر المختار . قال الشامي : ونقل في الهندية عن المضمرات ، وقد=

غیر اللہ کے لیے نذر ماننا

مسئلہ (۱۱۳): غیر اللہ کے لیے نذر ماننا بالاجماع باطل وحرام ہے، اور اس نذر کے مال کا حکم یہ ہے کہ اگر اس کا مالک معلوم ہے تو یہ مال اسے لوٹا دیا جائے، ورنہ مصالح مسلمین اور فقراء پر صرف کیا جائے۔[1]

= قیل هذا فی زماننا فیمین، وبه نأخذ ونأمر ونعتقد، وقال محمد بن مقاتل الرازی: إنه یمین، وبه أخذ جمهور مشایخنا، فهذا مؤید لکونه صفة تعورف الحلف بها کغرة الله وجلاله.

(۳۸۶/۳۸۵/۵، کتاب الأیمان، مطلب فی القرآن)

ما فی "البحر الرائق": لا یخفی أن الحلف بالقرآن الآن متعارف فیکون یمیناً کما هو قول الأئمة الثلاثة. (۴۸۲/۴، کتاب الأیمان، بیروت، فتاوی محمودیه: ۱۷۷/۲۰)

ما فی "الفتاوی الهندیة": غموس وهو الحلف علی إثبات شیء أو نفیه فی الماضی أو الحال یتعمد الکذب فیه، فهذه الیمین یأثم فیها صاحبها وعلیه فیها الاستغفار والتوبة دون الکفارة.

(۵۲/۲، کتاب الأیمان، الباب الأول فی تفسیرها)

الحجة علی ما قلنا:

(۱) ما فی "البحر الرائق": ما یؤخذ من الدراهم والشمع والزیت وغیرها، وینقل إلی ضرائح الأولیا تقرباً إلیهم فحرام بإجماع المسلمین. (۵۲۱/۲، قبیل باب الاعتکاف)

ما فی "الدر المختار مع الشامیة": واعلم أن النذر الذی یقع للأموات من أکثر العوام، وما یؤخذ من الدراهم والشمع والزیت ونحوها إلی ضرائح الأولیاء الکرام تقرباً إلیهم فهو بالإجماع باطل وحرام. الدر المختار. قال العلامة الشامی رحمه الله تعالی: النذر للمخلوق لا یجوز، لأنه عبادة، والعبادة لا تکون لمخلوق. (۳۷۹/۳، کتاب الصوم، مطلب النذر الذی یقع للأموات)

ما فی "مختصر فتاوی دار الإفتاء المصریة": إذا کان النذر الذی لغیر الله تعالی فهو حرام، والمال المنذور یجب رده إلی صاحبه إن علم، وإلا یکون من قبیل المال الضائع الذی لا یعلم مستحق فیتصرف علی مصالح المسلمین أو علی الفقراء. (ص/۴۵)

منت کی مٹھائی کا مستحق

مسئلہ (۱۱۴): بسا اوقات کوئی شخص اسی طرح نذر ومنت مانتا ہے کہ اگر وہ، یا اس کا کوئی متعلق بیماری سے اچھا ہوجائے، یا اس کا بیٹا امتحان وغیرہ میں کامیاب ہوجائے، تو وہ مسجد یا مدرسہ میں مٹھائی تقسیم کرے گا، اس صورت میں شرط کے پوری ہوجانے پر منت کا پورا کرنا لازم ہوتا ہے،[۱] اور منت کی اس مٹھائی وغیرہ کے مستحق غریب وفقیر ہیں، مالدار نہیں۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " مجمع الأنهر " : (ومن نذر نذراً مطلقاً) غير معلق بشرط بقرينة التقابل، مثل أن يقول: لله عليّ حج أو عمرة أو اعتكاف ، أو لله عليّ نذر ، وأراد به شيئاً بعينه كالصدقة ، فإن هذه عبادات مقصودة ، ومن جنسه واجب (أو معلقاً بشرط يريده) كان قدم غائبی ووجد لزمه الوفاء .

(۲/۲۷۴/۲۷۵، كتاب الأيمان ، قبيل باب اليمين فی الدخول والخروج)

ما فی " الدر المختار " : إن علقه بشرط يريده كإن قدم غائبی أو شفی مريضی يوفی وجوباً إن وجد الشرط . (۵/۴۱۶ ، كتاب الأيمان ، مطلب فی أحكام النذر)

ما فی " البحر الرائق " : ومن نذر نذراً مطلقاً أو معلقاً بشرط ، ووجد وفّى به أی وفی بالمنذور لقوله عليه السلام : " من نذر وسمی فعليه الوفاء بما سمی " . وهو باطلاقه يشمل المنجز والمعلق . (۴/۴۹۶، كتاب الأيمان)

(۲) ما فی " البحر الرائق " : مصرف النذر الفقراء .

(۲/۵۲۱، كتاب الصوم ، قبيل باب الاعتكاف ، حاشية الطحطاوي على المراقي : ص/۶۹۳، كتاب الصوم ، باب ما يلزم الوفاء به) (فتاوی محمودیہ:۲۰/۲۴۸)

کتاب البیوع

(خرید وفروخت کا بیان)

بیع میں خیار نقد

مسئلہ (۱۱۵): اگر کسی چیز کے بیچتے وقت عقد میں یہ شرط لگائی جائے کہ اگر خریدنے والے نے مقررہ مدت تک کل رقم یا اس کا کچھ حصہ ادا نہیں کیا، تو یہ بیع ختم ہو جائے گی، تو یہ صورت ''خیار نقد'' کی ہے، اور بیع میں یہ شرط لگانا جائز ہے، اور یہ شرط اپنے وقت پر مؤثر بھی ہوگی، یعنی مقررہ مدت میں کل رقم یا اس کا کچھ حصہ ادا نہیں کیا گیا، تو بائع (بیچنے والا) یک طرفہ طور پر بیع کو ختم کر کے مبیع خریدنے والے سے واپس لے سکتا ہے، اور ثمن کا جتنا حصہ اس نے وصول کیا ہے، وہ خریدنے والے کو واپس لوٹا دے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " درر الحكام شرح مجلة الأحكام " : إذا تبايعا على أن يؤدي المشتري الثمن في وقت كذا ، وإن لم يؤده فلا بيع بينهما صح البيع ، وهذا يقال له خيار النقد. (۱/۳۰۹، رقم المادة : ۳۱۳)

ما في " بدائع الصنائع " : وأما بيان ما يرفع حكم البيع فنقول وبالله التوفيق : حكم البيع نوعان : نوع يرتفع بالفسخ ، وهو الذي يقوم برفعه أحد المتعاقدين وهو حكم كل بيع غير لازم ، كالبيع الذي فيه أحد الخيارات الأربع والبيع الفاسد .

(۷/۳۷۹، كتاب البيوع ، فصل في بيان ما يرفع حكم البيع)

ما في " شرح المجلة لسليم رستم باز " : إذا لم يؤد المشتري الثمن في المدة المعينة كان البيع الذي فيه خيار النقد فاسداً ، ولكل من العاقدين فسخه إذا بقي المبيع على حاله .

(ص/۱۶، رقم المادة : ۳۱۴) (فتاویٰ عثمانی: ۳/۲۶۰)

والد کی دکان سے دوستوں کو رعایت پر سامان دینا

مسئلہ (۱۱۶): اگر کسی شخص کے والد کی دکان ہو، اور شخص مذکور اس دکان پر بحیثیت ملازم کام کرتا ہو، تو وہ اپنے والد کی مرضی کے بغیر اپنے دوست واحباب اور متعلقین کو ایسی رعایت سے سامان فروخت نہیں کرسکتا، جو عام طور سے تاجر نہ کرتے ہوں،[۱] اور نہ اس سے رعایتی داموں پر خریدنا جائز ہوگا۔[۲]

اسی طرح اگر وہ دکان میں حصہ دار ہے تب بھی یہی حکم ہے،[۳] ہاں! اگر دکان کا مالک وہی ہے اور باپ اور بھائی اس میں بطور ملازم یا تبرعاً کام کرتے ہوں، تو اس صورت میں اس کیلئے رعایت کرنا اور اس سے رعایت پر سامان خریدنا دونوں عمل جائز ہیں، کیوں کہ وہ مالک ہے، اور مالک کو اپنے مال میں تصرف کی اجازت ہوتی ہے۔[۴]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الحديث النبوى " : عن أبي حرة الرقاشي عن عمه قال : قال رسول الله ﷺ : " ألا لا تظلموا ، ألا لا يحل مال امرئ إلا بطيب نفس منه " .

(مشكوة المصابيح :ص/۲۵۵، باب الغصب والعارية)

ما في " تنوير الأبصار وشرحه " : لا يجوز التصرف في مال غيره بلا إذنه ولا ولايته .

(۹/۲۴۰، كتاب الغصب ، مطلب فيما يجوز من التصرف بمال الغير)

(۲) ما في " الدر المختار مع الشامية " : الحرمة تتعدد مع العلم بها . الدر المختار . قال الشامي: أما لو رأى المكاس مثلاً يأخذ من أحد شيئاً من المكس ثم يعطيه آخر ، ثم يأخذ من ذلك الآخر آخر فهو حرام . (۷/۲۲۳، باب البيع الفاسد ، مطلب الحرمة تتعدد)

(۳) ما في " تبيين الحقائق " : وكل أجنبي في قسط صاحبه ، أي كل واحد منهما أجنبي في نصيب صاحبه حتى لا يجوز له أن يتصرف فيه إلا بإذنه كما لغيره من الأجانب . (۴/۲۳۵، كتاب الشركة)

(۴) ما في " شرح المجلة لسليم رستم باز " : كل يتصرف في ملكه كيف ما شاء .

(ص/۶۵۴، رقم المادة : ۱۱۹۲) (فتاوی عثمانی:۳/۲۴۶)

ذبح سے پہلے جانور کی کلیجی اور بھیجہ کا سودا

مسئلہ (۱۱۷): بعض لوگ قصاب کے نزدیک کسی اچھے جانور، مثلاً بکرا، گائے وغیرہ کو دیکھ کر اس کے ذبح کیے جانے سے پہلے ہی اس کے سر، پاؤں، کلیجی، بھیجہ، چاپ، دل اور گردے وغیرہ کا سودا کر لیتے ہیں، اور قصاب بھی اسے بیچ دیتے ہیں، شرعاً یہ عمل جائز نہیں ہے۔[۱]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : ولؤلؤ في صدف للغرر ، وصوف على ظهر غنم ..... كذا كل ما اتصاله خلقي كجلد حيوان ونوى تمر وبن وبطيخ ، لما مر أنه معدوم عرفاً . " الدر المختار ". قال الشامي : قلت : ويؤيده ما في التجنيس : رجل اشترىٰ لؤلؤة في صدف ، قال أبويوسف : البيع جائز ، وله الخيار إذا رآه ، وقال محمد : البيع باطل ، وعليه الفتوى .

(۷/۲۵۲، كتاب البيوع ، باب البيع الفاسد ، مطلب : استثناء الحمل في العقود على ثلاث مراتب)

ما في " تكملة الشامية " : قوله : (باطل) أي للجهل وعدم القدرة على الإطلاع ، إذ لا يمكن الإطلاع إلا بكسر الصدف ، وفي ذلك ضرر على صاحبه ، إذ يحتمل أن لا يوافق رغبة المشترى .

(۷/۲۵۲، دار الكتب العلمية بيروت ، فتاوى قاضي خان : ۲/۳۴۷، باب البيع الفاسد ، مكتبه حقانيه پاكستان ، البحر الرائق : ۶/۱۲۲ ، باب البيع الفاسد ، دار الكتب العلمية بيروت ، الفتاوى الهندية : ۳/۱۲۹ ، الفصل التاسع في بيوع الأشياء المتصلة بغيرها)

ما في " الفتاوى الهندية " : ولو باع الجلد والكرش قبل الذبح لا يجوز ، فإن ذبح بعد ذلك ونزع الجلد والكرش وسلم لا ينقلب العقد جائزاً ، كذا في الذخيرة . (۳/۱۲۹)

ما في " الهداية شرح البداية " : ولا بيع الحمل ولا النتاج..... ولا اللبن في الضرع ..... ولا الصوف على ظهر الغنم ..... وجذع في السقف . (۳/۳۴/۳۶، كتب خانه رشيديه جامع مسجد دهلي ، مجمع الأنهر : ۳/۸۱، دار الكتب العلمية بيروت)

(امداد الفتاوی:۳/۶۱، امداد الاحکام:۳/۴۱۷/۴۱۸، فتاوی عثمانی:۳/۷۹، مکتبہ نعیمیہ دیوبند)

مختلف ملکوں کی کرنسی کا تبادلہ

مسئلہ (۱۱۸): مختلف ملکوں کی کرنسی کا کمی بیشی کے ساتھ تبادلہ جائز ہے، بشرطیکہ کم از کم ایک فریق اپنے روپے پر مجلس بیع میں ہی قبضہ کرے، لیکن اس صورت میں اتنی بات یاد رہے کہ یہ معاملہ ادھار کا ہو، تو مبادلہ کیلئے ثمن مثل کو ضروری قرار دیا جائے، یعنی معاملہ کے دن کرنسی کا جو نرخ مارکیٹ میں ہے، اسی کو معیار بنا کر معاملہ کیا جائے، تاکہ سود کا دروازہ بند ہو جائے۔[۱]

تعمیر سے پہلے فلیٹ کی خرید وفروخت

مسئلہ (۱۱۹): آج کل بلڈنگ کے تعمیر ہونے سے پہلے ہی، اس کے فلیٹوں (Flats) کی خرید وفروخت شروع ہو جاتی ہے، اور ضروری پیمینٹ کی ادائیگی کی وجہ سے وہ فلیٹ بکنگ کرنے والوں کو ملک کے بعد ہی دیا جاتا ہے، اس لئے جائز و درست ہے۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " المستدرک للحاکم " : عن ابن عمر أن النبی ﷺ نهی عن بيع الكالی بالكالی ، وهو النسيئة بالنسيئة . (۲/۶۵/۶۶، رقم الحديث : ۲۳۷۳)

ما في " المقاصد الشرعية " : إن الوسيلة أو الذريعة تكون محرمة إذا كان المقصد محرماً ، وتكون واجبةً إذا كان المقصد واجباً . (ص/۴۶) (فتاویٰ عثمانی:۳/۱۴۴)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " المبسوط للسرخی " : وإذا استصنع الرجل عند الرجل خفين أو قلنسوة أو طستاً أو كوزاً من أوانی النحاس فالقياس أن لا يجوز ..... ولكنا نقول : نحن تركنا القياس لتعامل الناس في ذلک ، فإنهم تعاملون من لدن رسول الله ﷺ إلى يومنا هذا من غير نكير منكر ، وتعامل الناس من غير نكير أصل من الأصول كبير . (۱۲/۱۶۵، كتاب البيوع)=

واضح ہو کہ ایسی صورت حال میں کسی بلڈنگ کی مکمل تعمیر سے پہلے، اس میں تعمیر کئے جانے والے دفاتر یا مکانات وغیرہ کا خریدنا اور بک کروانا، اگر محض پہلی مرتبہ ہی ہو، تو بیع استصناع کے طور پر جائز و درست ہے، پھر بیع استصناع میں جب تک شئ تیار کر کے مشتری کے سپرد اور حوالہ نہ کی جائے، تو اس وقت تک مشتری کی ملک نہ ہونے اور شئ کے معدوم ہونے کی بناء پر اس کا آگے کسی دوسرے کے نام فروخت کرنا شرعاً جائز نہیں، لہذا محض قانونی اجازت اور کاغذات کو بنیاد بنا کر اسے آگے بیچنا اور اس پر بروکری (دلالی) کرنا اور کمیشن لینا ہر دو امور شرعاً ناجائز اور ممنوع ہیں، جن سے اجتناب واحتراز لازم ہے۔[1]

= ما فی " الکافی فی فقه الحنفی " : الاستصناع شرعاً : أن یقول لصاحب خف أو صفار (نحاس) : اصنع لی طوله کذا ، وسعته کذا مما تعورف ..... وقد تعارف الناس الیوم الاستصناع فی البیوع ، فیعرض المقاول مشروع ، عمارة فیها بیان سعة کل شقة وغرفها ، وطول الغرف وعرضها ونوع مواد البناء المختلفة ونوع البلاط والدهان ، ویطلب کذا ، وأن یسلمها بتاریخ کذا وکذا ، ویبین ثمن الشقة وأنه یطلب ثمنها علی أقساط کذا وکذا إلی تمام البناء ، فهل یعد استصناعاً ، إذا تحقق انتفاء ما یجلب النزاع والحاجة إلیه ما سة ، أری أنه إذا انتفی التنازع والخلاف فلا بأس به للعادة . (۱۱۴۴/۳ ، کتاب البیوع ، الاستصناع)

ما فی " الهدایة " : وإن استصنع شیئاً من ذلک (أی فی طشت أو قمقمة و خف وغیره) بغیر أجل جاز استحساناً للإجماع الثابت بالتعامل ، وفی القیاس لا یجوز ، لأنه بیع المعدوم ، والصحیح أنه یجوز بیعاً لا عدة ، والمعدوم قد یعتبر موجوداً حکماً . (۸۴/۳، کتاب البیوع ، باب السلم)

(۱) ما فی " الموسوعة الفقهیة " : للمبیع شروط ؛ هی أن یکون المبیع موجوداً حین العقد ، فلایصح بیع المعدوم ، وذلک باتفاق العلماء . (۱۴/۹ ، البیع)

ما فی " درر الحکام شرح مجلة الأحکام " : المال هو یمیل إلیه طبع الإنسان ویمکن ادخاره إلی وقت الحاجة منقولاً أو غیر منقولاً ..... وکما کان المعدوم لا یمکن احرازه ولا ادخاره فلیس بمال ، والبیع بما لیس بمال باطل ، فبیع المعدوم باطل . (۱۷۷/۱ ، المادة : ۱۹۷)

دودھ میں پانی ملا کر بیچنا

مسئلہ (۱۲۰): اگر کوئی شخص دودھ میں پانی ملا کر بیچتا ہے، اور گاہک کو یہ نہیں بتلاتا کہ میں نے اس میں پانی ملایا ہے، تو اس کا یہ عمل دھوکہ دینا ہے، جو شرعاً ناجائز اور گناہ ہے،[1] لیکن جب وہ پانی ملانا ظاہر کر دیتا ہے اور گاہک کو بتلا دیتا ہے کہ میں نے اس میں پانی

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الحديث النبوی " : عن أبی هريرة رضی الله عنه أن رسول الله ﷺ قال : " من غشنا فليس منا " . (الصحيح لمسلم : ۱/۷۰، باب قول النبی ﷺ من غشنا)

ما فی " الحديث النبوی " : عن أبی الجمراء قال : رأيت رسول الله ﷺ مر بخبات رجل ، عنده طعام فی وعاء ، فأدخل يده فيه ، فقال : " لعلک غششت ، من غشنا فليس منا " . (السنن لإبن ماجة :ص/۱۶۱ ، أبواب التجارة ، باب النهي عن الغش)

ما فی " الدر المختار مع الشامية " : لا يحل كتمان العيب فی مبيح أو ثمن ، لأن الغش حرام . الدر المختار . قال الشامي تحت قوله : (لأن الغش حرام) إذا باع سلعة معيبة عليه البيان . (۷/۱۶۷ ، كتاب البيوع ، باب خيار العيب)

ما فی " البحر الرائق " : كتمان عيب السلعة حرام ، وفی البزازية وفی الفتاوی : إذا باع سلعة معيبة عليه البيان . (۶/۵۸، كتاب البيوع ، أول باب خيار العيب)

ما فی " تبيين الحقائق " : ولكون السلامة كالمشروط فی العقد لا يحل له أن يبيع المعيب حتی يبين عيبه لقوله عليه السلام : " لا يحل لمسلم باع من أخيه بيعاً وفيه عيب إلا بينه له " . رواه ابن ماجة وأحمد بمعناه ، ومر عليه السلام برجل يبيع طعاماً فأدخل يده فيه ، فإذا هو مبلول فقال : " من غشنا فليس منا " . رواه مسلم . (۴/۳۳۵، كتاب البيوع)=

ملایا ہے، تو یہ دھوکہ دینا نہیں ہے، اب خریدنے والے کو اختیار ہے، خریدے یا نہ خریدے،[۱] لیکن بغیر پانی ملائے فروخت کرنے میں بڑی خیر و برکت ہے، جس سے پانی ملانے والے محروم ہیں۔

سیونگ اکاؤنٹ میں رقم جمع کرنا

مسئلہ (۱۲۱): بعض لوگ یونیورسٹی، کالج، سرکاری اور نیم سرکاری اور نجی اداروں میں ملازمت کرتے ہیں، اور یہ ادارے اپنے ملازمین کی تنخواہیں ان کے بینک اکاؤنٹ میں منتقل کرتے ہیں، اس صورت میں ملازمین پر لازم ہے کہ وہ بینکوں میں اپنے سیونگ اکاؤنٹ کی بجائے کرنٹ اکاؤنٹ کھلوائیں، تاکہ سود جیسی لعنت سے حفاظت ہو سکے،[۲] اور اس صورت میں تنخواہ کے بینک اکاؤنٹ میں منتقل ہو جانے میں بھی کوئی حرج نہیں، لیکن اگر تنخواہ ایسے اکاؤنٹ میں منتقل ہوئی جس میں سود لگتا ہے، تو سود کے نام پر جمع ہونے والی تمام رقم بلانیت ثواب صدقہ کرنا لازم ہے۔[۳]

=(۱) ما فی " الهداية " : وإذا اطلع المشترى على عيب فى المبيع فهو بالخيار ، إن شاء أخذه بجميع الثمن وإن شاء رده ، لأن مطلق العقد يقتضى وصف السلامة ، فعند فواته يتخير كيلا يتضرر بلزوم ما لا يرضى . (۲۳/۳، كتاب البيوع ، باب خيار العيب) (فتاوی محمودیہ:۱۸۷/۲۴)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما فی " القرآن الكريم " : ﴿أحل الله البيع وحرم الربوا﴾ . (سورة البقرة : ۲۷۵)

ما فی " الحديث النبوى " : عن عبد الله بن مسعود أن رسول الله ﷺ لعن آكل الربوا وموكله وشاهديه وكاتبه . (السنن لإبن ماجة : ص/۱۶۵)

ما فی " الحديث النبوى " : عن أبى هريرة رضى الله تعالى عنه قال : قال رسول الله ﷺ: " الربوا سبعون جزءاً ، أيسرها أن ينكح الرجل أمه " . (ص/۲۷۶، باب الربوا)

(۳) ما فی " الموسوعة الفقهية " : ما يكسبه المقامرة هو كسب خبيث ، وهو من المال الحرام مثل كسب المخادع والمقامر ، والواجب فى الكسب خبيث تفريغ الذمة منه برده إلى أربابه إن علموا ، وإلا إلى الفقراء . (۴۰۷/۳۹، الميسر)=

اناج، پیاز، لہسن کی ذخیرہ اندوزی

مسئلہ (۱۲۲): بعض لوگ پیاز، لہسن، آلو، گیہوں وغیرہ کے موسم میں ان کو خرید کر جمع کر لیتے ہیں، اور جب یہ چیزیں مہنگی ہوجاتی ہیں، تب ان کو بیچتے ہیں، اگر ان کے اس عمل سے بازار میں ان اشیاء کی کمی واقع نہیں ہوتی اور عام لوگوں کو کوئی تنگی پیش نہیں آتی، تو یہ ممنوع ذخیرہ اندوزی میں داخل نہیں ہے، اور ان چیزوں کے موسم گذر جانے کے بعد ان کو اس قدر گراں بیچنا جو قابل برداشت ہو، اس میں بھی کوئی گناہ نہیں ہے، لیکن اگر اس ذخیرہ اندوزی سے بازار و مارکیٹ میں ان اشیاء کی کمی واقع ہوجاتی ہے، اور لوگوں کو تنگی کا سامنا کرنا پڑتا ہے، یا موسم گذر جانے پر ان کو اس قدر گراں بیچا جاتا ہے، جو نا قابل برداشت ہے، تو یہ سخت گناہ کی بات اور ان کا یہ عمل باعثِ لعنت ہے۔[1]

= ما فی " الدر المختار مع الشامیة " : والحاصل أنه إن علم أرباب الأموال وجب رده علیهم ، وإلا فإن علم عین الحرام لا یحل له ، ویتصدق به بنیة صاحبه . (۷/ ۳۰۱، کتاب البیوع)

ما فی " بذل المجهود " : صرح الفقهاء بأن من اکتسب مالاً بغیر حق ، فأما إذا کان عند رجل مال خبیث ، فأما إن ملکه بعقد فاسد أو حصل له بغیر عقد ولا یمکنه أن یرده إلی مالکه ، ویرید أن یدفع مظلمة عن نفسه ، فلیس له حیلة إلا أن یدفعه إلی الفقراء . (۱/ ۳۵۹، کتاب الطهارة)

(فتاوی بنوریہ، رقم الفتوی:۱۰۱۸۱)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما فی " الحدیث النبوی " : عن عمر بن الخطاب قال: قال رسول الله ﷺ : " الجالب مرزوق، والمحتکر ملعون " . (السنن لإبن ماجة :ص/ ۱۵۶ ، أبواب التجارات ، باب الحکرة والجلب)

ما فی " الحدیث النبوی " : عن معمر بن عبد الله ، عن رسول الله ﷺ : " لا یحتکر إلا خاطئ " . (الصحیح لمسلم : ۲/ ۳۱، کتاب المساقاة والمزارعة ، باب تحریم الاحتکار فی الأقوات)=

.....

.....

.....

.....

.....

= ما فی " شرح مسلم للنووی " : قال العلماء : والحکمة فی تحریم الاحتکار دفع الضرر عن عامة الناس . (۱۲۱/۲ ، رقم الحدیث : ۱۲۰۵ ، دار احیاء التراث العربي بیروت)

ما فی " تنویر الأبصار وشرحه مع الشامیة " : وکره احتکار قوت البشر کتین وعنب ولوز والبهائم کتبن وقت فی بلد یضر بأهل لحدیث : " الجالب مرزوق والمحتکر ملعون " . فإن لم یضر لم یکره . التنویر مع الدر . قال الشامی : والتقیید بقوت البشر قول أبی حنیفة ومحمد ، وعلیه الفتوی ، کذا فی الکافی ، وعن أبی یوسف : کل ما أضر بالعامة حبسه فهو احتکار .

(۴۸۶/۹/۴۸۷، کتاب الحظر والإباحة ، فصل فی البیع)

ما فی " الفتاوی الهندیة " : وإن اشتری فی ذلک المصر وحبسه ولا یضر بأهل المصر لا بأس به ، کذا فی التاتارخانیة ناقلاً عن التجنیس ، وإذا اشتری من مکان قریب من المصر فحمل طعاماً إلی المصر وحبسه ، وذلک یضر بأهله فهو مکروه .

(۲۱۳/۳، الباب العشرون فی البیاعات المکروهة ، فصل فی الاحتکار، البحر الرائق : ۳۶۹/۸/۳۷۰ ، کتاب الکراهیة ، فصل فی البیع ، تبیین الحقائق : ۲۰/۷ ، کتاب الکراهیة ، فصل فی البیع ، مجمع الأنهر :۲۱۳/۴، کتاب الکراهیة ، فصل فی البیع ، المحیط البرهانی : ۲۶۶/۸ ، کتاب البیع ، فصل فی الاحتکار) (فتاوی محمودیہ:۲۳۴/۱۶)

باب الرهن والغصب

(گروی اور غصب کا بیان)

گروی رکھی ہوئی چیز کا استعمال

مسئلہ (۱۲۳): اگر کوئی شخص کسی سے قرض لے اور قرض خواہ کے پاس اپنی موٹر سائیکل گروی رکھے، تو قرض خواہ کیلئے اس کا استعمال جائز نہیں ہے[۱]، البتہ اگر استعمال کا کرایہ بازاری نرخ کے مطابق مقرر کرکے اسے قرض میں محسوب کیا جائے تو یہ جائز ہے، مگر اب عقد رہن ختم ہوکر عقد اجارہ ہوجائیگا، اور تجدید قبضہ ضروری ہوگا۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " أحكام القرآن للجصاص " : قال أبو حنيفة وأبو يوسف ومحمد والحسن بن زياد وزفر: لا يجوز للمرتهن الإنتفاع بشيء من الرهن ، ولا للراهن أيضاً . (۱/۶۴۴)

ما فی " الدر المختار مع الشامية " : قال فی " المنح " : عن عبد الله بن محمد بن أسلم السمرقندی ، وكان من كبار علماء سمرقند ، أنه لا يحل له أن ينتفع بشيء منه بوجه من الوجوه ، وإن أذن له الراهن ، لأنه أذن له فی الربا ، لأنه يستوفی دينه كاملاً ، فتبقى له المنفعة فضلاً فيكون رباً ، وهذا أمر عظيم .

(۱۰/۷۰، كتاب الرهن)

(۲) ما فی " الدر المختار مع الشامية " : وأما الإجارة فالمستاجر إن كان هو الراهن فهی باطلة ، وكانت بمنزلة ما إذا أعار منه أو أودعه ، وجدر القبض للإجارة أو أجنبياً بمباشرة أحدهما العقد بإذن الآخر بطل الرهن ، والأجرة للراهن . (۱۰/۱۰۴ ، كتاب الرهن ، باب التصرف فی الرهن والخيانة عليه)

ما فی " الدر المختار مع الشامية " : فائدة : قال فی " التاتارخانية " : ما نصه ولو استقرض دراهم وسلم حماره إلى المقرض يستعمله إلى شهرين حتى يوفيه دينه أو داره ليسكنها فهو بمنزلة الإجارة الفاسدة ، إن استعمله فعليه أجر مثله ، ولا يكون رهنا . (۱۰/۷۱، كتاب الرهن)

ما فی " الفتاوى الهندية " : وكذلک لو استاجره المرتهن صحت الإجارة وبطل الرهن إذا جد ، والقبض للإجارة . (۵/۴۶۵، الباب الثامن فی تصرف الراهن أو المرتهن فی المرهون)

(فتاوی عثمانی:۳/۴۲۳، فتاوی حقانی:۶/۲۲۹، جدید معاملات کے شرعی احکام:۲/۱۰۰)

غصب کردہ چیز سے فائدہ اٹھانا

مسئلہ (۱۲۴): اگر کسی شخص نے کسی کے ہزار روپئے غصب کر لئے، یا امانت میں خیانت کر کے رکھ لیا، اور اس ہزار روپئے سے تجارت وکاروبار کیا، جس سے بڑا نفع ہوا، تو شخص مذکور پر لازم ہے کہ وہ ایک ہزار روپئے اصل مالک کو واپس دیدے،[۱] اور اپنی اس غلطی اور خیانت کی وجہ سے اس سے معافی بھی مانگے، توبہ استغفار بھی کرے اور جو کچھ نفع کمایا اس کو غرباء پر صدقہ کر دے۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الهداية " : وعلى الغاصب رد العين المغصوبة معناه ما دام قائماً ، لقوله عليه السلام : " على اليد ما أخذت حتى ترد " . وقال عليه السلام : " لا يحل لأحد أن يأخذ متاع أخيه لاعباً ولا جاداً ، فإن أخذه فليرده عليه " . (۳۵۷/۳، كتاب الغصب)

ما في " مجمع الأنهر " : (ووجب رد عينه) أي عين المغصوب (في مكان غصبه .... إن كانت) العين (باقية) لقوله عليه السلام : " على اليد ما أخذت حتى ترد " أي يجب على اليد الغاصب رد ما أخذت حتى ترد ، فإذا رد سقط وجوب الرد . (۷۸/۴، كتاب الغصب)

ما في " البحر الرائق " : (ويجب رد عينه في مكان غصبه) لقوله عليه السلام : " على اليد ما أخذت حتى ترد " أي على صاحب اليد ، وقوله عليه الصلاة والسلام : " لا يحل لأحد أن يأخذ مال أخيه لاعباً ولا جاداً ، وإن أخذه فليرده عليه " . (۱۹۸/۸ ، كتاب الغصب)

(۲) ما في " الهداية " : ومن غصب ألفاً فاشترى بها جاريةً فباعها بثلاثة آلاف درهم ، فإنه يتصدق بجميع الزرع . (۳۵۹/۳، كتاب الغصب)

ما في " مجمع الأنهر " : (ويتصدق بالفضل) عند الطرفين حتى إذا غصب أرضاً فزرعها كرين فأخرجت ثمانية أكرار، ولحقه من المؤنة قدر كر ونقصها قدر كر ، فإنه يأخذ منه أربعة أكرار ويتصدق بالباقي . (۸۱/۴، كتاب الغصب ، البحر الرائق : ۲۰۵/۸، كتاب الغصب) (فتاوی محمودیہ:۳۶۹/۲۳)

کتاب الوقف

(وقف کا بیان)

قبرستان کے درختوں کے پھل

مسئلہ (۱۲۵): اگر وقف قبرستان کے اندر پھل کے درخت ہیں، مثلاً آم، امرود اور انار وغیرہ، تو ان کے پھلوں کو فروخت کر کے قبرستان کی ضروریات میں قیمت کو صرف کرنا لازم ہے، عام لوگوں کیلئے نہ ان پھلوں کا استعمال درست ہے اور نہ ان کی قیمت۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الدر المختار مع الشامية " : شرط الواقف كنص الشارع .

(۶۴۹/۶، كتاب الوقف ، مطلب نقل كتب الوقف في محلها ، بيروت)

ما فی " الفتاوى الهندية " : فی فتاویٰ أهل سمرقند : مسجد فيه شجرة تفاح يباح للقوم أن يفطروا بهذا التفاح ، قال الصدر الشهيد : المختار أنه لا يباح ، كذا فی الذخيرة .

(۴۷۷/۲، كتاب الوقف ، مطلب الكلام على الأشجار فی المقبرة)

ما فی " المحيط البرهانی " : مسجد فيه شجرة تفاح يباح للقوم أن يفطروا بهذا التفاح ، قال الصدر الشهيد : والمختار أنه لا يباح ، لأنه صار للمسجد لا يصرف إلا إلى مصالح المسجد .

(۱۴۹/۷ ، كتاب الوقف ، الفصل الثالث والعشرون فی المسائل التی تعود إلى الأشجار التی فی المقابر ، دار احياء التراث العربي بيروت)

ما فی " فتاوى قاضی خان على هامش الهندية " :مسجد فيه شجرة التفاح قال بعضهم : يباح للقوم أن يفطروا بهذا التفاح ، والصحيح أنه لا يباح ، لأن ذلك صار للمسجد يصرف إلى عمارة المسجد . (۳۱۰/۳، كتاب الوقف ، فصل فی الأشجار) (فتاویٰ محمودیہ:۳۳۴/۲۲،مکتبہ محمودیہ)

أحكام المسجد

(مسجد کے احکام)

مسجد میں داخلہ کی دعاء گیٹ یا دروازے پر؟

مسئلہ (۱۲۶): مسجد میں جو جگہ نماز کیلئے متعین اور وقف ہے، وہاں ناپاکی کی حالت میں جانا جائز نہیں ہے، خواہ وہ جگہ مسقّف ہو یا غیر مسقّف، وہاں پیر رکھتے وقت مسجد میں داخل ہونے کی دعا " اللهم افتح لي أبواب رحمتك " پڑھنی چاہیے،[1] اور جو جگہ مسجد کے مسقّف یا غیر مسقّف حصہ سے متصل ہے، اور وہ نماز کیلئے متعین اور وقف نہیں، وہاں ناپاکی کی حالت میں بھی جانا جائز ہے، کیوں کہ وہ شرعی مسجد نہیں ہے، گرچہ احاطہ میں داخل ہے،[2] اور وہاں داخل ہوتے وقت دعا بھی نہ پڑھے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الحديث النبوى " : عن أبي أسيد قال : قال رسول الله ﷺ : " إذا دخل أحدكم المسجد فليقل : " اللهم افتح لي أبواب رحمتك " .

(الصحيح لمسلم : ۱/۲۴۸، كتاب صلوة المسافرين ، باب ما يقول إذا دخل المسجد)

(۲) ما في " حلبي كبير " : وفناء المسجد له حكم المسجد ، حتى لو اقتدى بالإمام منه يصح اقتداء ه ، وينبغي أن يختص بهذا الحكم دون حرمة مرور الجنب ونحوه ، وفناء ه هو المكان المتصل ليس بينه وبينه طريق . (ص/۶۱۴، فصل في أحكام المسجد)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : (كفناء مسجد) هو المكان المتصل به ليس بينه وبينه طريق ، فهو كالمتخذ لصلوة جنازة أو عيد فيما ذكر من جواز الإقتداء وحل دخوله لجنب ونحوه .

(۲/۳۷۲، كتاب الصلوة ، قبيل مطلب : كلمة لا بأس دليل على المستحب وغيره)

(فتاوی محمودیہ: ۲۲/۳۱۹، مکتبہ محمودیہ میرٹھ)

مسجد میں سونا

مسئلہ (۱۲۷): بعضے طلباء باوجود اس کے کہ انہیں دارالاقامہ میں رہنے کی جگہ دی گئی ہوتی ہے، پھر بھی روزانہ مسجد ہی میں سوتے ہیں، ان کا یہ عمل مکروہ اور احترام مسجد کے خلاف ہے،[1] ہاں! اگر کسی پر نیند کا غلبہ ہو، اور اس کی جماعت ترک ہوتی یا نماز قضاء ہو جاتی ہے، اور مسجد میں سونے سے نماز باجماعت کی پابندی نصیب ہوتی ہے، یا تہجد کی توفیق ہوتی ہے، یا مسجد کی حفاظت مقصود ہوتی ہے یا کوئی اور دینی ضرورت ہے، جو بغیر مسجد میں سوئے حاصل نہیں ہوتی ہے، تو اس کیلئے اجازت ہے، بعض صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین بھی دینی ضرورت کیلئے مسجد میں سوتے تھے۔[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : ويكره النوم والأكل فيه بغير المعتكف . (۵/۳۲۱، كتاب الكراهية، الباب الخامس في آداب المسجد ، حلبي كبير :ص/۶۱۲، فصل في أحكام المسجد)

(۲) ما في " صحيح البخاري " : عن نافع قال : أخبرني عبد الله بن عمر أنه كان ينام وهو شاب أعزب، لا أهل له في مسجد النبي ﷺ . (۱/ ۶۳ ، كتاب الصلوٰة ، باب نوم الرجال في المسجد)

ما في " عمدة القاري " : ذكر ما يستنبط منه ، وهو جواز النوم في المسجد لغير الغريب ، وقد اختلف العلماء في ذلك ، فممن رخص في النوم فيه ابن عمر ، وقال : كنا نبيت فيه ونقيل على عهد رسول الله ﷺ ، وعن سعيد بن المسيب والحسن البصري إلى قوله ..... فروى عنه أنه قال : " لا تتخذوا المسجد مرقداً " . وروى عنه أنه قال : " إن كنت تنام فيه لصلوة فلا بأس " ..... وذكر الطبري عن الحسن قال : رأيت عثمان بن عفان نائماً فيه ، ليس حوله أحد ، وهو أمير المؤمنين . قال : وقد نام في المسجد جماعة من السلف بغير محذور للانتفاع به .

(۴/۲۹۳، كتاب الصلوٰة ، باب نوم الرجال في المسجد ، مكتبه رشيديه كوئٹه)

مسجد کے لائٹ اور پنکھوں کا استعمال

مسئلہ (۱۲۸): مسجد کے پنکھے اور ٹیوب لائٹ چونکہ نماز کے وقت استعمال کرنے کیلئے لگائے گئے ہیں، ان کو دیگر اوقات میں استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے،[۱] البتہ اگر ان پنکھوں اور ٹیوب لائٹ دینے والوں کی طرف سے اس کی اجازت ہو، اور استعمال کی وجہ سے لائٹ کے جو مصارف بڑھ جاتے ہیں، وہ دیدیئے جائیں تو اس کی اجازت ہے۔[۲]

مسجد کے نل سے اہلِ محلّہ کا پانی لینا

مسئلہ (۱۲۹): مسجد کے اندر لگے ہوئے نل سے اہل محلّہ کو پانی لینا اسی صورت میں درست ہے، جب کہ ان لوگوں کی طرف سے اجازت ہو، جن کے چندہ سے وہ نل لگائے گئے ہیں، نیز ان پر لازم ہے کہ احتیاط سے استعمال کریں، اگر خراب ہوجائے تو اس کی اصلاح بھی کرادیا کریں، یہ بات نہ ہو کہ پانی تو اہل محلّہ بھریں اور مرمت مسجد کے ذمہ رہے۔[۳]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : لا بأس بالجلوس في المسجد لغير الصلوٰة لكن لو تلف به شيء يضمن . (۱/۱۱۰، قبيل الباب الثامن في صلوٰة الوتر)

ما في " الفتاوى الخانية على هامش الهندية " : لا بأس بالجلوس في المسجد لغير الصلوٰة ، لكن لو تلف به شيء يضمن . (۱/۶۶، كتاب الطهارة ، باب التيمم ، فصل في المسجد)

(۲) ما في " الشامية " : شرط الواقف كنص الشارع . (۶/۵۰۸، كتاب الوقف) (فتاویٰ محمودیہ:۲۲/۲۱۲)

الحجة على ما قلنا :

(۳) ما في " الفتاوى الهندية " : ولو وقف على دهن السراج للمسجد لا يجوز وضعه جميع الليل، بل بقدر حاجة المصلين ، ويجوز إلى ثلث الليل أو نصفه إذا احتيج إليه للصلوٰة فيه =

ایک مسجد کی چٹائیاں دوسری مسجد میں

مسئلہ (۱۳۰): اگر کسی مسجد میں زائد چٹائیاں موجود ہیں، اور حفاظت کی کوئی صورت نہیں، خراب اور ضائع ہورہی ہیں، تو متولی اور دیگر اہل الرائے حضرات کے مشورہ سے یہ زائد چٹائیاں، ضرورت مند مساجد میں بچھادینا درست ہے۔[1]

=كذا في السراج الوهاج ، ولا يجوز أن يترك فيه كل الليل إلا في موضع جرت العادة فيه بذلك ، كمسجد بيت المقدس ومسجد النبي والمسجد الحرام ، أو شرط الواقف تركه فيه كل الليل .

(۴۵۹/۲، كتاب الوقف ، الباب الحادي عشر في المسجد)

ما في " البحر الرائق " : وفي الإسعاف : وليس لمتولي المسجد أن يحمل سراج المسجد إلى بيته ، ولا بأس بأن يترك سراج المسجد فيه من المغرب إلى وقت العشاء ، ولا يجوز أن يترك فيه كل الليل إلا في موضع جرت العادة فيه بذلك ، كمسجد بيت المقدس ومسجد النبي والمسجد الحرام ، أو شرط الواقف تركه فيه كل الليل كما جرت العادة به في زماننا .

(۴۲۰/۵ ، كتاب الوقف) (فتاویٰ محمودیہ:۲۰۱/۲۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار " : ومثله حشيش المسجد وحصره مع الاستغناء عنهما ، وكذا الرباط والبئر إذا لم ينتفع بهما ، فيصرف وقف المسجد والرباط والبئر والحوض إلى أقرب مسجد أو رباط أو بئر أو حوض إليه . (۴۲۹/۶، كتاب الوقف ، مطلب فيما لو خرب المسجد)

ما في " فتاوى قاضي خان على هامش الهندية " : رباط في طريق بعيد استغنى عنه المارة وبجنسه رباط آخر ، قال السيد الإمام أبو شجاع : يصرف غلته إلى الرباط الثاني كالمسجد إذا خرب واستغنى عنه أهل القرية ، فرفع ذلك إلى القاضي فباع الخشب وصرف الثمن إلى مسجد آخر جاز . (۳۱۵/۳، الفتاوى البزازية على هامش الهندية : ۲۷۰/۶) (فتاویٰ محمودیہ:۲۸۷/۲۱)

روضۂ اقدس کے ڈیزائن کا گنبد بنوانا

مسئلہ (۱۳۱): بعض ذمہ داران واہلیان مساجد اپنی مسجدوں میں روضۂ اقدس کے ڈیزائن کا گنبد بنواتے ہیں، اگر ان کا مقصد تلبیس وفریب ہے کہ اس مسجد کو لوگ مسجد نبوی سمجھیں، اور اس کے ساتھ وہی عقیدت رکھیں، تو ان کا یہ عمل ناجائز ہے،[۱] ورنہ نہیں۔

اسی طرح بعض ذمہ داران مسجد وقبرستان، اپنی مسجد وقبرستان کا نام مسجد نبوی اور جنت البقیع رکھتے ہیں، اگر ان کا مقصد تلبیس وفریب نہیں بلکہ محض تبرک کے طور پر یا تشویق کیلئے ہے کہ اس کو دیکھ کر روضۂ اقدس کا شوق پیدا ہو تو درست ہے،[۲] ورنہ نہیں۔

مسجد کے مینار کی تحدید وتعیین

مسئلہ (۱۳۲): مسجد کے مینار کے متعلق شریعت کی طرف سے کوئی تحدید وتعیین نہیں ہے، البتہ مسجد کی ہیئت ایسی ہونی چاہیے کہ دیکھنے والے پہچان لیں کہ یہ مسجد ہے، عامۃً دو مینار بنانے کا معمول ہے، کسی مسجد میں چار اور کسی میں اس سے زائد بھی ہیں، مگر یہ سب کسی شرعی امر کی وجہ سے نہیں، نہ ممانعت ہے، البتہ بلا وجہ پیسہ خرچ نہ کیا جائے، خاص کر وقف کا پیسہ کہ اس میں بہت احتیاط ضروری ہے۔[۳]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الحديث النبوي " : عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه قال : ..... " من غشنا فليس منا " . (الصحيح لمسلم : ۱/۷۰، كتاب الإيمان ، باب قول النبي ﷺ من غشنا فليس منا)

(۲) ما في " الأشباه والنظائر " : الأمور بمقاصدها . (۱/۱۱۳) (فتاوی محمودیہ:۲۲/۳۱۶)

الحجة على ما قلنا :

(۳) ما في " الدر المختار مع الشامية " : ولا بأس بنقشه خلا محرابه ..... بجص وماء ذهب لو =

ایصالِ ثواب کے لیے بنوائی گئی مسجد میں پتھر پر نام کندہ کروانا

مسئلہ (۱۳۳): ایصالِ ثواب کیلئے مسجد بنوادینا اور اس نیت سے پتھر پر مرحوم کا نام کھدوا کر لگانا کہ دوسروں کو بھی اس قسم کے کاموں کی رغبت ہو، یا کوئی شخص اس پتھر کو دیکھ کر میت کیلئے خصوصیت سے ایصالِ ثواب کرے، درست ہے،[۱] اور اگر اس عمل سے شہرت وناموری مقصود ہو تو درست نہیں ہے۔[۲]

= بمالہ الحلال لا من مال الوقف ، فإنه حرام . الدر المختار . قال الشامي : وأما من مال الوقف فلا شک أنه لا يجوز للمتولي فعله مطلقاً لعدم الفائدة فيه .

(۳۷۳/۲/۳۷۴، كتاب الصلوة ، مطلب : كلمة لا بأس دليل على المستحب وغيره)

ما في " حلبي كبير " : ولا بأس بنقش المسجد بالجص والساج وماء الذهب ونحوه ..... هذا إذا فعل من مال نفسه ، أما المتولي فلا يجوز أن يفعل من مال الوقف .

(ص/۵۱۵/۵۱۶، فصل في أحكام المسجد)

ما في " الفتاوى الهندية " : لا يكره نقش المسجد بالجص وماء الذهب ، كذا في التبيين ، وهذا إذا فعل من مال نفسه ، أما المتولي يفعل من مال الوقف ما يرجع إلى أحكام البناء ، دون ما يرجع إلى النقش ، حتى لو فعل يضمن ، كذا في الهداية .

(۱۰۹/۱ ، كتاب الصلاة ، الفصل الثاني فيما يكره في الصلوة وما لا يكره) (فتاوی محمودیہ:۳۸۳/۲۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الأشباه والنظائر " : الأمور بمقاصدها . (۱۱۳/۱)

(۲) ما في " عمدة القاري " : " من بنى لله مسجداً بنى الله مثله في الجنة " إلى قوله : والمراد بوجه الله ذات الله ، وابتغاء وجه الله في العمل هو الإخلاص ، وهو أن تكون نيته في ذلک طلب مرضاة الله تعالى من دون رياء وسمعة حتى قال ابن الجوزي : من كتب اسمه على المسجد الذي يبنيه كان بعيداً من الإخلاص . (۳۱۴/۴، كتاب الصلاة ، باب من بنى مسجداً ، فتح الباري : ۷۰۶/۱، كتاب الصلوة ، باب من بنى مسجداً) (فتاوی محمودیہ:۳۹۹/۲۱)

كتاب الأضحية

(قربانی کا بیان)

قربانی کی نیت سے قربانی کا وجوب

مسئلہ (۱۳۴): بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ گھر میں پالے ہوئے جانور کے بارے میں اگر کسی شخص نے قربانی کی نیت کرلی، تو اس نیت سے اس جانور کی قربانی کرنا لازم ہوجاتا ہے، اور ایسے جانور کو بدلنا اور فروخت کرنا بھی جائز نہیں ہے، جب کہ یہ خیال صحیح نہیں ہے، جانور کے پہلے سے ملکیت میں ہوتے ہوئے اس میں قربانی کی نیت کرلینے سے اس کی قربانی لازم نہیں ہوتی ہے، اس جانور کے علاوہ دوسرے جانور کی بھی قربانی کرسکتا ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (شراها لها) فلو كانت في ملكه فنوى أن يضحي بها أو اشتراها ولم ينو الأضحية وقت الشراء ، ثم نوى بعد ذلك لا يجب ، لأن النية لم تقارن الشراء فلا تعتبر . (۹/۳۸۹، كتاب الأضحية)

ما في " بدائع الصنائع " : إذا اشترى شاة للأضحية وهو موسر ثم إنها ماتت ..... في أيام النحر أنه يجب عليه أن يضحي بشاة أخرى، لأن الوجوب في جملة الوقت ، والمشترىٰ لم يتعين للوجوب، والوقت باق . (۴/۱۹۹ ، كتاب الأضحية)

ما في " الفتاوى الهندية " : لو ملك إنسان شاة فنوى أن يضحي بها أو اشترى شاة ولم ينو الأضحية وقت الشراء ، ثم نوى بعد ذلك أن يضحي بها لا تجب عليه ، سواء كان غنياً أو فقيراً . (۵/۲۹۱ ، كتاب الأضحية ، الباب الأول)

دس ذی الحجہ کو زوال کے بعد قربانی

مسئلہ (۱۳۵): اگر کسی شہر میں دس ذی الحجہ کو نماز عید کسی وجہ سے نہیں پڑھی گئی، تو اس روز زوال کے بعد جانور ذبح کرنا جائز ہوگا۔[۱]

نماز عید پڑھے بغیر قربانی

مسئلہ (۱۳۶): بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ اگر قربانی کرنے والے نے عید کی نماز نہیں پڑھی اور مسجد یا عیدگاہ میں نماز عید ہوچکی ہے، تو اس صورت میں عید کی نماز پڑھے بغیر قربانی کرنا جائز نہیں ہوگا، جب کہ نماز عید پڑھے بغیر قربانی کرنا درست ہے،

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الفتاوی الهندية " : إذا ترک الصلوٰة يوم النحر بعذر أو بغير عذر لا تجوز الأضحية ، حتى تزول الشمس . (۵/۲۹۵، الباب الثالث فی وقت الأضحية)

ما فی " البحر الرائق " : ولو لم يصل الإمام صلوٰة العيد فی اليوم الأول ، أخروا الأضحية إلى الزوال ثم ذبحوا ، ولا تجزئهم التضحية إذا لم يصل الإمام إلا بعد الزوال .

(۸/۳۲۲، كتاب الأضحية)

ما فی " تبيين الحقائق " : ولو لم يصل الإمام العيد فی اليوم الأول ، أخروا التضحية إلى الزوال ثم ذبحوا ، ولاتجزئهم التضحية ما لم يصل الإمام العيد فی اليوم الأول إلا بعد الزوال ، فحينئذ يجوز لخروج وقتها . (۶/۴۷۷، كتاب الأضحية)

ما فی " الدر المختار مع الشامية " : وأول وقتها بعد الصلوٰة إن ذبح فی مصر ..... وبعد مضی وقتها لو لم يصلوا لعذر . الدر المختار . قال الشامی : ووقت الصلوٰة من الإرتفاع إلى الزوال .

(۹/۳۸۶، كتاب الأضحية) (فتاوی محمودیہ: ۱۷/۴۵۳)

بشرطیکہ مسجد یا عیدگاہ میں نماز عید ہو چکی ہو، کیوں کہ خود قربانی کرنے والے کا عید کی نماز سے فارغ ہونا شرط نہیں ہے، بلکہ مسجد یا عیدگاہ میں عید کی نماز ہو جانا کافی ہے۔[1]

ایام قربانی گذر گئے اور قربانی نہ کر سکا

مسئلہ (۱۳۷): کسی شخص پر قربانی واجب تھی، لیکن قربانی کے تین دن گذر گئے، اور اس نے قربانی نہیں کی، تو ایک بکری یا بھیڑ کی قیمت خیرات کر دے، اور اگر قربانی کا جانور خرید لیا، اور کسی وجہ سے قربانی نہ کر سکا، تو زندہ جانور صدقہ کر دے، اور اس کا گوشت خود نہ کھائے، کیوں کہ اب واجب، قربانی سے تصدق کی طرف منتقل ہو چکا ہے۔[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الشامية " : ولو ضحى بعد ما صلى أهل المسجد ولم يصل أهل الجبانة أجزأه استحساناً ، لأنها صلوة معتبرة ، حتى لو اكتفوا بها أجزأتهم .

(۹/۳۸۵، كتاب التضحية ، تبيين الحقائق :۶/۴۷۷ ، البحر الرائق : ۸/۳۲۲)

ما في " فتاوى قاضي خان على هامش الهندية " : ولو خرج الإمام بطائفة إلى الجبانة وأمر رجلاً ليصلي بالضعفة في المصر ، وضحى بعد ما صلى أحد الفريقين جاز استحساناً .

(۳/۳۴۴، فصل في صفة الأضحية ووقت وجوبها)

ما في " بدائع الصنائع " : إذا صلى أهل أحد المسجدين أيهما كان جاز ذبح الأضاحي ، وذكر في الأصل : إذا صلى أهل المسجد فالقياس أن لا يجوز ذبح الأضحية ، وفي الاستحسان يجوز .... ووجه الاستحسان أن الشرط صلوٰة العيد ، والصلوٰة في المسجد الجامع تجزى عن صلوٰة العيد بدليل أنهم لو اقتصروا عليها جاز ، ويقع الاكتفاء بذلك فقد وجد الشرط فجاز .

(۴/۱۱۱/۲۱۲، كتاب التضحية) (فتاویٰ محمودیہ:۱۷/۴۵۵)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " الشامية " : إذا أوجب شاة بعينها أو اشتراها ليضحي بها ، فمضت أيام النحر قبل أن يذبحها تصدق بها حية ، ولا يأكل من لحمها ، لأنه انتقل الواجب من إراقة الدم إلى التصدق ، =

اجتماعی قربانی

مسئلہ (۱۳۸): موجودہ دور میں اجتماعی قربانی کا رواج عام ہو رہا ہے، اور بہت سارے ادارے یہ خدمت انجام دے رہے ہیں، شرعاً یہ جائز ہے، اس میں کوئی قباحت نہیں ہے، (۱) لیکن اجتماعی قربانی میں مشترکہ جانور کو ذبح کرنے سے پہلے جن سات شریکوں کی طرف سے یہ قربانی ہے، ان کی تعیین اور ذبح کرتے وقت ان کی طرف سے قربانی کی نیت کرنا ضروری ہے، ورنہ تعیین نہ ہونے کی وجہ سے قربانی صحیح نہیں ہوگی۔ (۲)

= وإن لم يوجب ولم يشتر وهو موسر وقد مضت أيامها تصدق بقيمة شاة تجزى للأضحية .
(۳۸۹/۹، كتاب الأضحية)

ما في " الفتاوى الهندية " : وقد اشترى شاة بنية الأضحية فلم يفعل حتى مضت أيام النحر تصدق بها حيةً ، وإن كان من لم يضح غنياً ولم يوجب على نفسه شاة بعينها تصدق بقيمة شاة اشترى أو لم يشتر ، كذا في العتابية . (۲۹۶/۵، كتاب الأضحية ، الباب الرابع ، بدائع الصنائع :۲۰۲/۴)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : والبقر والبعير يجزى عن سبعة إذا كانوا يريدون وجه الله ، والتقدير بالسبع يمنع الزيادة ، ولا يمنع النقصان ، كذا في الخلاصة . (۳۰۴/۵)

ما في " الهداية " : تذبح بقرة أو بدنة عن سبعة ، والقياس أن لا تجوز إلا عن واحد ، لأن الإراقة واحدة وهي القربة إلا إنا تركناه بالأثر ، وهو ما روى عن جابر رضي الله تعالى عنه أنه قال : نحرنا مع رسول الله ﷺ البقرة عن سبعة والبدنة عن سبعة .

(۴۴۴/۴، كتاب الأضحية ، مجمع الأنهر : ۱۶۸/۴)

(۲) ما في " الدر المختار مع الشامية " : ذبح حيوان مخصوص بنية القربة في وقت مخصوص . قال في " البدائع " : فلا تجزى التضحية بدونها لأن الذبح قد يكون للحم ، وقد يكون للقربة ، والفعل لا يقع قربة بدون النية . (۳۷۸/۹، كتاب الأضحية)=

بڑے جانور کی قربانی ایک فرد کی طرف سے

مسئلہ (۱۳۹): بڑے جانور میں سات افراد کا شامل ہونا ضروری نہیں ہے، بلکہ اگر بڑے جانور میں سات افراد سے کم، مثلاً کسی بڑے جانور میں چھ یا پانچ یا اس سے بھی کم شریک ہوں تب بھی جائز و درست ہے،[۱] یہاں تک کہ اگر تنہا ہی ایک آدمی پورے بڑے جانور کی قربانی اپنی طرف سے کرے تو بھی جائز ہے۔[۲]

= ما فی " الفقه الإسلامی وأدلته للزحیلي" : ویشترط لجواز إقامة التضحیة علی المکلف بها نیة الأضحیة ، فلا تجزی الأضحیة بدونها ، لأن الذبح قد یکون للحم وقد یکون للقربة ، والفعل لا یقع قربة بدون النیة . (۲۷۱۳/۴، کتاب الأضحیة)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما فی " البحر الرائق " : وتجوز عن ستة أو خمسة أو أربعة أو ثلاثة ذکره فی الأصل ، لأنه لما جاز عن سبعة فما دونها أولیٰ . (۳۱۹/۸، کتاب الأضحیة)

ما فی " الهدایة " : وتجوز عن خمسة أو ستة أو ثلاثة ، ذکره محمد فی الأصل ، لأنه لما جاز عن سبعة فعن دونهم أولیٰ . (۴۴۴/۴، کتاب الأضحیة ، مجمع الأنهر : ۱۶۸/۴)

ما فی " الدر المختار مع الشامیة " : وتجزی عما دون سبعة بالأولیٰ .

(۳۸۳/۹، کتاب الأضحیة ، بدائع الصنائع : ۲۰۵/۴)

(۲) ما فی " مجمع الأنهر " : (وهی) أی الأضحیة (شاة) تجوز من فرد فقط (أو بدنة) تجوز من واحد أیضاً . (۱۶۸/۴ ، کتاب الأضحیة) (کتاب الفتاوی: ۱۴۴/۴)

مالدار صاحبِ نصاب بیوی پر قربانی

مسئلہ (۱۴۰): اگر بیوی مالدار صاحب نصاب ہے، یا اس کی ملکیت میں ضرورت سے زائد اتنی چیزیں ہیں، کہ ان کی مالیت ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیمت کے برابر ہے، تو اس پر قربانی واجب ہے، اور اس پر لازم ہے کہ اپنی طرف سے ایک حصہ قربانی کرے، رہا شوہر! تو اس پر بیوی کی طرف سے قربانی کرنا ضروری نہیں، لیکن اگر وہ بیوی کی اجازت سے اس کیلئے بھی ایک حصہ قربانی کرے گا، تو بیوی کی طرف سے قربانی ادا ہو جائے گی۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : وشرائطها الإسلام والإقامة واليسار الذى يتعلق به وجوب صدقة الفطر لا الذكور فتجب على الأنثىٰ . الدر المختار . وفي الشامي : قوله : (اليسار) بأن ملك مأتي درهم أو عرضا يساويها غير مسكنة ..... يحتاجه إلى أن يذبح الأضحية .

(۳۷۹/۹، كتاب الأضحية)

ما في " الفتاوى الهندية " : (وأما شرائط الوجوب) منها اليسار ، وهو ما يتعلق به وجوب صدقة الفطر . (۲۹۲/۵، كتاب الأضحية ، الباب الأول)

ما في " مجمع الأنهر " : وشرائطها الإسلام واليسار الذى يتعلق به صدقة الفطر فتجب على الأنثىٰ .

(۱۶۶/۴ ، كتاب الأضحية ، البحر الرائق : ۳۱۷/۸)

ما في " الفتاوى الهندية " : وليس على الرجل أن يضحى عن أولاده الكبار وامرأته إلا بإذنه .

(۲۹۳/۵، كتاب الأضحية ، الباب الأول)

سینگ ٹوٹے جانور کی قربانی

مسئلہ (۱۴۱): جس جانور کے پیدائش سے سینگ نہیں، یا سینگ تو تھے مگر ٹوٹ گئے، تو اس کی قربانی درست ہے،[۱] البتہ اگر سینگ بالکل جڑ سے ٹوٹ گئے ہوں، تو قربانی درست نہیں ہے۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الفتاوی الهندية " : ويجوز بالجماء التی لا قرن لها ، وكذا مكسورة القرن ، كذا فی الكافی . (۵/۲۹۷، كتاب الأضحية)

ما فی " الشامية " : قال ابن عابدين تحت قوله : (ويضحى بالجماء) هی التی لا قرن لها خلقة ، وكذا العظماء التی ذهب بعض قرنها بالكسر أو غيره . (۹/۳۹۱، كتاب الأضحية)

ما فی " الموسوعة الفقهية " : أما الأنعام تجزئ التضحية بها ، لأن عيبها ليس بفاحش ، فهی الجماء ، وتسمى الجلحاء ، وهی التی لا قرن لها خلقة ، ومثلها مكسورة القرن إن لم يظهر عظم دماغها ، لما صح عن علي أنه قال لمن سأله عن مكسورة القرن : لا بأس .

(۵/۸۵، البحر الرائق : ۸/۳۲۳، الفقه الإسلامی وأدلته : ۴/۲۷۲۷)

(۲) ما فی " الفتاوی الهندية " : وإن بلغ الكسر المشاش لا يجزيه ، والمشاش رؤس العظام مثل الركبتين والمرفقين ، كذا فی البدائع .

(۵/۲۹۷ ، كتاب الأضحية ، الباب الخامس فی بيان محل إقامة الواجب)

ما فی " الشامية " : إن بلغ الكسر إلى المخ لم يجز " قهستانی " . وفی " البدائع " : إن الكسر المشاش لا يجزی ، والمشاش رؤوس العظام مثل الركبتين والمرفقين .

(۹/۳۹۱، كتاب الأضحية) (فتاوی محمودیہ: ۱۷/۳۸۳، ۳۸۴، فتاوی دار العلوم دیوبند: ۱۵/۵۳۲)

ایک ہی تھن سے دودھ دینے والے جانور کی قربانی

مسئلہ (۱۴۲): اگر بھیڑ، بکری، دنبی وغیرہ کے ایک تھن سے دودھ نہ اترتا ہو، تو اس کی قربانی درست نہیں ہے، کیوں کہ ایک تھن سے دودھ نہ اترنا بھیڑ، بکری، دنبی وغیرہ میں عیب ہے، اور عیب دار جانور کی قربانی کرنے سے قربانی درست نہیں ہوتی ہے۔ (۱)

خارش زدہ جانور کی قربانی

مسئلہ (۱۴۳): جس جانور کو کھجلی کی بیماری ہے، اور اس کا اثر گوشت تک نہ پہنچا ہو، تو اس کی قربانی درست ہے، اور اگر بیماری اور زخم کا اثر گوشت تک پہنچا ہو، تو اس کی قربانی صحیح نہیں ہے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الشامية " : قال الشامی تحت قوله : (وهی التی عولجت) فاقطع اللبن عن إحدى ضرعيها . (۳۹۳/۹، كتاب الأضحية)

ما فی " الفتاوى الهندية " : والشطور لا تجزی ، وهی من الشاة ما قطع اللبن عن إحدى ضرعيها . (۲۹۹/۵ ، كتاب الأضحية ، الباب الخامس ، الموسوعة الفقهية :۸۳/۵، الفقه الإسلامی وأدلته : ۲۷۲۷/۴ ، البحر الرائق : ۳۲۳/۸، كتاب الأضحية) (فتاوی محمودیہ:۳۸۰/۱۷)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما فی " الدر المختار مع الشامية " : (ويضحى ..... بالجر بالسمينة) فلو مهزولة لم يجز ، لأن الجرب فی اللحم نقص . الدر المختار . قال الشامی تحت قوله : (فلو مهزولة) قال فی الخانية : وتجوز بالثولاء والجرباء السمينتين فلو مهزولة فيها بعض الشحم جاز .

(۳۹۱/۹، كتاب الأضحية)=

جس جانور کی تھنوں سے دودھ نہ اترے اس کی قربانی

مسئلہ (۱۴۴): اگر اونٹنی، گائے اور بھینس کی دو تھنوں سے دودھ نہ اترتا ہو، تو اس کی قربانی درست نہیں ہے، کیوں کہ یہ عیب ہے، اور عیب والے جانور کی قربانی درست نہیں ہوتی۔(۱)

= ما فی " بدائع الصنائع " : وتجوز الجرباء إذا كانت سمينة ، فإن كانت مهزولة لا تجوز .

(۲۱۶/۴، كتاب التضحية ، أما شرائط جواز إقامة الواجب)

ما فی " الفتاوى الهندية " : وتجوز الجرباء إذا كانت سمينة ، فإن كانت مهزولة لا تجوز .

(۲۹۸/۵، الباب الخامس)

ما فی " الموسوعة الفقهية " : تجزى التضحية ..... الجرباء السمينة بخلاف المهزولة .....

لا تجزى التضحية ..... بالعجفاء التى لا تنقى ، وهى المهزولة التى ذهب نقيها ، وهو المخ الذى فى داخل العظام فإنها لا تجزى . (۸۵/۸۴/۵)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الشامية " : قال الشامى تحت قوله : (وهى التى عولجت) ومن الإبل والبقر ما قطع من ضرعيها ، لأن لكل واحد منهما أربع أضرع . (۳۹۳/۹)

ما فی " الفتاوى الهندية " : ومن الإبل والبقر ما انقطع اللبن من ضرعيها ، لأن لكل منهما أربع أضرع ، كذا فى التتارخانية .

(۲۹۹/۵، كتاب الأضحية ، الباب الخامس ، المحيط البرهانى : ۴۷۹/۶، الباب الخامس)

قربانی کی نیت سے خریدے گئے جانور کا دودھ

مسئلہ (۱۴۵): اگر کسی شخص نے قربانی کی نیت سے جانور خریدا، تو خریدنے کے بعد اس جانور سے دودھ نکالنا، خواہ خود اس کے استعمال کیلئے ہو یا فروخت کرنے کیلئے ہو، جائز نہیں ہے، اور اگر کسی شخص نے دودھ نکال لیا، تو دودھ یا اس کی قیمت کا صدقہ کرنا واجب ہوگا۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الفتاوی الهندية " : لو اشترى شاة للأضحية يكره أن يحلبها أو يجز صوفها فينتفع به ، لأنه عينها للقربة فلا يحل له الإنتفاع بجزء من أجزائها قبل إقامة القربة بها ..... ولو حلب اللبن من الأضحية قبل الذبح أو جز صوفها يتصدق به ولا ينتفع به ، كذا فی الظهيرية .

(۵/۳۰۰/۳۰۱، كتاب الأضحية ، الباب السادس)

ما فی " البحر الرائق " : ويكره بيع لبنها ..... ولو اكتسب مالاً من لبنها يتصدق بمثل ذلک .

(۸/۳۲۷، كتاب الأضحية)

ما فی " الدر المختار مع الشامية " : (ويكره الإنتفاع بلبنها) . الدر المختار . قال الشامی : فإن كانت التضحية قريبة تصنع ضرعها بالماء البارد وإلا حلبه وتصدق به ، كما فی الكفاية .

(۹/۳۹۹، كتاب الأضحية)

ما فی " بدائع الصنائع " : لو اشترى شاة للأضحية فيكره أن يحلبها أو يجز صوفها فينتفع به ، لأنه عينها للقربة فلا يحل له الإنتفاع بجزء من أجزائها قبل إقامة القربة فيها .

(۴/۲۱۹، كتاب التضحية ، ما يستحب قبل التضحية ، الفتاوى البزازية على هامش الهندية : ۶/۲۹۴ ، السادس فی الإنتفاع) (فتاویٰ محمودیہ: ۱۷/۴۷۹)

خریدے گئے جانور کے بدلہ دوسرے جانور کی قربانی

مسئلہ (۱۴۶): اگر کسی شخص نے قربانی کی نیت سے ایک جانور خریدا، اور وہ اس کے بدلے کسی دوسرے جانور کی قربانی کرنا چاہے، تو دوسرا جانور پہلے جانور کی قیمت سے کم پر نہ خریدے، اور اگر اس نے دوسرا جانور پہلے جانور سے کم قیمت پر خرید لیا، تو پہلے اور دوسرے جانور کی قیمت میں جتنا فرق ہے اتنی قیمت صدقہ کردے۔ (۱)

خصی بکرے اور مینڈھے وغیرہ کی قربانی

مسئلہ (۱۴۷): بعض لوگ خصی بکرے، مینڈھے اور بیل کی قربانی کو ناجائز سمجھتے ہیں، جب کہ خصی جانور کی قربانی بلا کراہت درست ہے، چاہے خصیتین کاٹ کر نکال دیئے جائیں یا دبا کر، دونوں صورتوں میں قربانی صحیح ہے، کیوں کہ یہ عیب گوشت کی عمدگی کیلئے قصداً کیا جاتا ہے، اس لئے اس میں کوئی کراہت نہیں ہے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : رجل اشترى شاة للأضحية وأوجبها بلسانه ثم اشترى أخرى جاز له بيع الأولىٰ في قول أبي حنيفة ومحمد رحمهما الله تعالى ، وإن كانت الثانية شرا من الأولى فذبح الثانية ، فإنه يتصدق بفضل ما بين القيمتين ، لأنه لما أوجب الأولىٰ بلسانه فقد جعل مقدار مالية الأولىٰ لله تعالى ، فلا يكون له أن يستفصل لنفسه شيئاً ، ولهذا يلزمه التصدق بالفضل .

(٥/٢٩٤، الباب الثاني في وجوب الأضحية بالنذر وما هو في معناه)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " الحديث النبوي " : عن جابر رضي الله تعالى عنه قال : " ذبح النبي ﷺ يوم الذبح كبشين أقرنين أملحين موجوئين " . (مشكوة المصابيح :ص/۱۲۸، باب الأضحية ، الفصل الثاني)=

باؤلے جانور کی قربانی

مسئلہ (۱۴۸): بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ باؤلے جانور کی قربانی درست نہیں ہے، جب کہ اس کی قربانی جائز ہے، کیوں کہ باؤلا پن قربانی کیلئے عیب نہیں ہے، ہاں اگر باؤلے پن کی وجہ سے کھا پی نہ سکتا ہو، تو اس کی قربانی درست نہیں ہے۔[1]

= ما فی " بدائع الصنائع " : لما روی جابر رضی الله تعالی عنه ، أن رسول الله ﷺ ضحی بکبشین أملحین أقرنین موجوأین عظیمین سمینین ..... والموجوء قیل هو مدقوق الخصیتین ، وقیل هو الخصی ، کذا روی عن أبی حنیفة ، فإنه روي عنه أنه سئل عن التضحیة بالخصی ، فقال : ما زاد فی لحمه أنفع مما هب من خصیته . (۴/۲۲۳، کتاب التضحیة ، أما الذی یرجع إلی الأضحیة)

ما فی " البحر الرائق " : (ویضحی بالجماء والخصی) وعن أبی حنیفة هو أولیٰ ، لأن لحمه أطیب، وقد صح أنه علیه الصلوٰة والسلام ضحی بکبشین أملحین موجوأین ، والموجوء المخصی من الوجء ، وهو أن یضرب عروق الخصیته بشيء . (۸/۳۲۳، کتاب الأضحیة)

ما فی " الهدایة " : ویجوز أن یضحی بالخصی ، لأن لحمها أطیب ، وقد صح أن النبی ﷺ ضحی بکبشین أملحین موجوأین . (۴/۴۲۳، کتاب الأضحیة)

ما فی " الفتاوی الهندیة " : والخصی أفضل من الفحل لأنه أطیب لحماً .

(۵/۲۹۹، الباب الخامس)

ما فی " مجمع الأنهر " : وعن الإمام أن الخصی أولیٰ لأن لحمه ألذّ وأطیب .

(۴/۱۷۱، کتاب الأضحیة ، الدر المختار مع الشامیة : ۹/۳۹۱، کتاب الأضحیة)

(فتاوی محمودیہ: ۱۷/۳۴۰)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما فی " الفتاوی الهندیة " : وتجوز الثولاء وهی المجنونة إلا إذا کان ذلک یمنع الرعی والاعتلاف فلا یجوز . (۵/۲۹۸، الباب الخامس) =

جنابت کی حالت میں قربانی کا جانور ذبح کرنا

مسئلہ (۱۴۹): بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ بحالت جنابت قربانی کے جانور کو ذبح کرنا صحیح نہیں ہے، جب کہ صحیح بات یہ ہے کہ قربانی کے جانور کو ذبح کرنے کیلئے پاک ہونا شرط نہیں ہے، بحالت جنابت ذبح کرنے سے بھی قربانی درست ہوجائے گی، البتہ پاکی حالت میں ذبح کرنا اولیٰ وبہتر ہے۔[1]

= ما فی " الدر المختار " : ویضحی بالجماء والخصی والثولاء أی المجنونة إذا لم یمنعها من السوم والرعی ، وإن منعها لا تجوز التضحیة بها . (۹/۳۹۱، کتاب الأضحیة)

ما فی " البحر الرائق " : (ویضحی بالجماء والخصی والثولاء) وهی المجنونة لأنه لا یخل بالمقصود إذا کانت تعتلف . (۸/۳۲۳، کتاب الأضحیة)

ما فی " الموسوعة الفقهیة " : الثولاء وهی المجنونة ، ویشترط فی أجزائها لا یمنعها الثول عن الاعتلاف ، فإن منعها منه لم تجزی ، لأن ذلک یفضی إلی هلاکها . (۵/۸۶)

ما فی " الفقه الإسلامی وأدلته " : ویجوز أن یضحی بالجماء والثولاء (المجنونة) إذا کان ترعی ، فإن امتنعت من الرعی لم تجز . (۴/۲۸، کتاب الأضحیة)

ما فی " الهدایة " : ویجوز أن یضحی بالجماء والثولاء وهی المجنونة ، وقیل : هذا إذا کانت تعتلف ، لأنه لا یخل بالمقصود ، وأما إذا کانت لا تعتلف لا تجزیه .

(۴/۴۴۸، کتاب الأضحیة ، بدائع الصنائع :۴/۲۱۶، کتاب الأضحیة)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما فی " الدر المنتقی فی شرح الملتقی " : وتحل ذبیحة مسلم ولو امرأة حائضاً أو نفساء أو جنبیاً . (۴/۱۵۴، کتاب الذبائح)

ما فی " الفقه الإسلامی وأدلته " : شروط الذابح ، وهی أن یکون ممیزاً عاقلاً مسلماً أو کتابیاً ..... قاصداً التذکیة ولو کان مکرهاً ذکراً أو أنثیٰ طاهراً أو حائضاً أو جنبیاً .

(۴/۲۷۶۳، کتاب الذبائح)=

عورت کا اپنی قربانی کا جانور خود ذبح کرنا

مسئلہ (۱۵۰): بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ عورت کا اپنی قربانی کا جانور خود اپنے ہاتھ سے ذبح کرنا درست نہیں ہے، جب کہ صحیح بات یہ ہے کہ عورت اگر ذبح کرنے پر قادر ہو، تو وہ اپنے قربانی کے جانور کو خود ذبح کرسکتی ہے، اور ذبیحہ بھی درست ہے۔[1]

= ما فی " التنف فی الفتاوی " : فإن ذبح كل مسلم وكل كتابی (حلال) رجلاً كان أو أنثیٰ ، حراً كان أو عبداً ، جنباً كان أو طاهراً . (ص/۱۴۷ ، كتاب الذبائح والصيد) (فتاوی محمودیہ:۱۷/۲۳۰)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما فی " صحيح البخاري " : عن ابن لكعب بن مالک عن أبيه أن امرأة ذبحت شاة بحجر ، فسئل النبی عن ذلک ، فأمر بأكلها . (۲/۸۲۷ ، كتاب الذبائح والصيد ، باب ذبيحة الأمة والمرأة)

ما فی " فتح الباری " : عن إبراهيم النخعي أنه قال فی ذبيحة المرأة والصبی : لا بأس إذا أطاق الذبيحة وحفظ التسمية ، وهو قول الجمهور .

(۹/۷۸۲ كتاب الذبائح والصيد، باب ذبيحة الأمة والمرأة ، دار السلام الرياض)

ما فی " الدر المختار " : فتحل ذبيحتهما أی الكتابی الذمی والحربی ولو الذابح مجنوناً أو امرأة أو صبياً يعقل التسمية والذبح ويقدر .

(۹/۳۵۹، كتاب الذبائح ، البحر الرائق : ۸/۳۰۵/۳۰۶، كتاب الذبائح)

ما فی " مجمع الأنهر " : (وتحل ذبيحة مسلم وكتابی وذمی أو حربی ولو كان الذابح امرأة أو صبياً أو مجنوناً يعقلان) حل الذبيحة بالتسمية ، ويضبطان شرائط الذبح ، ويقدران على الذبح .

(۴/۱۵۳/۱۵۴ ، كتاب الذبائح ، الفتاوی البزازية علی هامش الهندية : ۶/۳۰۴، كتاب الذبائح، اعلاء السنن : ۱۷/۱۰۳ ، كتاب الذبائح ، باب جواز ذبح المرأة والصبی ، الفقه الإسلامی وأدلته :۴/۲۷۶۳ ، التنف فی الفتاوی : ص/۱۴۷ ، كتاب الذبائح والصيد ، الموسوعة الفقهية : ۲۱/۱۸۴) (فتاوی محمودیہ:۱۷/۲۲۸)

بوقتِ ذبح عربی زبان میں ''بسم اللہ''

مسئلہ (۱۵۱): بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ بوقت ذبح ''بسم اللہ'' کا بزبان عربی کہنا ضروری ہے، جب کہ صحیح بات یہ ہے کہ تسمیہ کسی بھی زبان میں ہو، خواہ ذابح (ذبح کرنے والا) عربی جانتا ہو یا نہ جانتا ہو طوط دونوں صورتوں میں قربانی ہو جائے گی۔ (۱)

چھری چلانے والے کے ساتھ شریک شخص کا ''بسم اللہ'' کہنا

مسئلہ (۱۵۲): جو لوگ چھری چلانے والے کے ساتھ، چھری چلانے میں شریک ہوں ان پر ''بسم اللہ'' کہنا واجب ہے، ورنہ جانور حرام ہو جائے گا، اس کا گوشت کھانا جائز نہیں ہوگا، البتہ ہاتھ پیر اور منہ پکڑنے والا شریک نہیں محض معاون ہے، لہذا اس پر ''بسم اللہ'' کہنا واجب نہیں ہے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " بدائع الصنائع " :سواء كانت التسمية بالعربية أو بالفارسية أو أی لسان كان ، وهو لا يحسن العربية أو يحسنها ، كذا روى بشر عن أبی يوسف : لو أن رجلاً سمى على الذبيحة بالرومية أو الفارسية ، وهو يحسن العربية أو لا يحسنها أجزاه ذلك عن التسمية .

(۴/۱۲۹ ، كتاب الذبائح والصيد ، فصل فی شرط حل الأكل فی الحيوان المأكول ، الفتاوى الهندية :۵/۲۸۵ ، كتاب الذبائح ، الباب الأول فی ركنه وشرائطه)

ما فی " الدر المختار مع الشامية " : والشرط فی التسمية هو الذكر الخالص بأی إسم كان مقرونا بصفة كـألله أكبر أو أجل أو أعظم ..... جهل التسمية أو لا بالعربية أو لا ، ولو قادراً عليها .

(۹/۳۶۴، كتاب الذبائح)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما فی " الدر المختار " : أراد التضحية فوضع يده مع يد القصاب فی الذبح وأعانه على الذبح سمى كل وجوباً ، فلو تركها أحدهما أو ظن أن تسمية أحدهما تكفی حرمت . (۹/۴۰۵، كتاب الأضحية)=

قربانی کے گوشت کی تقسیم اندازے سے

مسئلہ (۱۵۳): اگر کسی بڑے جانور میں چند لوگ شریک ہوں، تو قربانی کا گوشت اندازہ سے تقسیم کرنا جائز نہیں ہے، وزن کرکے برابر تقسیم کرنا ضروری ہے، اگر کسی حصہ میں گوشت کی کمی بیشی ہوگی تو سود ہوجائے گا، اور سود لینا دینا، کھانا اور کھلانا سب حرام ہے،[1] البتہ اگر کسی شریک نے سر اور پائیں لے لئے، تو پھر اس کے حصے میں کم گوشت دینا جائز ہوگا۔[2]

= ما فی " الفتاوی الهندية " : رجل أراد أن يضحي فوضع صاحب الشاة يده على السكين مع يد القصاب، حتى تعاونا على الذبح ، قال الشيخ الإمام : يجب على كل واحد منهما التسمية ، حتى لو ترک أحدهما التسمية لا يجوز ، كذا في الظهيرية . (۳۰۴/۵، كتاب الأضحية ، الباب السابع) (فتاوی محمودیہ:۲۴۴/۱۷)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " البحر الرائق " : وإذا جاز عن الشركة يقسم اللحم بالوزن ، لأنه موزون ، وإذا أقسموا جزافاً لا يجوز ، لأن القسمة فيها معنى المبادلة . (۳۱۹/۸، كتاب الأضحية)

ما فی " بدائع الصنائع " : قال هشام : سألت أبا يوسف عن البقرة إذا ذبحها سبعة في الأضحية أيقسمون لحمها جزافاً أو وزناً ؟ قال : بل وزناً ..... أما عدم جواز القسمة مجازفة فلأن فيها معنى التمليک ، واللحم من الأموال الربوية ، فلا يجوز تمليكه مجازفة كسائر الأموال الربوية .

(۲۰۲/۱۰۱/۴، كتاب التضحية ، كيفية الوجوب)

ما فی " الفتاوی الهندية " : لو اشترى عشرة عشر أغنام بينهما فضحى كل واحد واحدة ، ويقسم اللحم بينهما بالوزن . (۳۰۶/۵، كتاب الأضحية ، الباب الثامن)

ما فی " الدر المختار مع الشامية " : ويقسم اللحم وزناً لا جزافاً . الدر المختار . قال العلامة ابن عابدين تحت قوله : (لا جزافاً) لأن القسمة فيها معنى المبادلة ، قال في " البدائع " : أما عدم جواز القسمة مجازفة ، فلأن فيها معنى التمليک ، واللحم من أموال الربا ، فلا يجوز تمليكه مجازفة . (۳۸۵/۹)

(۲) ما فی " الفتاوی الهندية " : وإن اقتسموا مجازفةً يجوز إذا كان أخذ كل واحد شيئاً من الأركاع أو الرأس أو الجلد . (۳۰۶/۵، كتاب الأضحية ، الباب الثامن)=

قربانی کے شریکوں میں سے کسی فرد کا وفات پانا

مسئلہ (۱۵۴): اگر سات افراد شریک ہوکر ایک بڑا جانور قربانی کیلئے خریدیں، اور قربانی کرنے سے پہلے ان میں سے ایک شخص مرگیا، مگر مردہ کے بالغ ورثاء نے ان شرکاء کو اجازت دیدی کہ آپ لوگ میت اور اپنی طرف سے قربانی کرلیں، تو ان کا قربانی کرنا جائز ہوگا، اور سب کی قربانی ادا ہوجائے گی،[۱] اور اگر میت کے وارثوں کی اجازت کے بغیر قربانی کریں تو درست نہیں ہوگی، اور کسی بھی شریک کی قربانی ادا نہیں ہوگی۔[۲]

= ما فی " الدر المختار " : لا جزافاً إلا إذا ضح معه من الأركاع أو الجلد ضرفاً للجنس لخلاف جنسه . (۳۸۵/۹، كتاب الأضحية)

ما فی " البحر الرائق " :وإذا اقتسموا جزافاً لا يجوز إلا إذا كان معه شيء آخر من الأركاع والجلد . (۳۱۹/۸، كتاب الأضحية)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الدر المختار مع الشامية " : وإن مات أحد السبعة المشتركين فی البدنة ، وقال الورثة : اذبحوا عنه وعنكم ، صح عن الكل استحسانا ، لقصد القربة من الكل .

(۳۹۵/۹، كتاب الأضحية ، دار الكتاب ديوبند)

ما فی " مجمع الأنهر " : وإن مات أحد سبعة الذين شاركوا فی البدنة ، وقال ورثته وهم كبار : اذبحوا عنكم وعنه ، صح ذبحها استحساناً عن الجميع لوجود قصد القربة عن الكل .

(۱۷۳/۴، كتاب الأضحية ، البحر الرائق : ۳۲۵/۸، كتاب الأضحية ، الهداية : ۴۴۹/۴، كتاب الأضحية)

(۲) ما فی " الدر المختار " : لو ذبحوها بلا إذن الورثة لم يجزهم ، لأن بعضها لم يقع قربة . (۳۹۵/۹)

ما فی " الهداية " : ولو مات واحد منهم فذبحها الباقون بغير إذن الورثة لا يجزيهم ، لأنه لم يقع بعضها قربة . (۴۴۹/۴، كتاب الأضحية)

ما فی " الدر المنتقى فی شرح الملتقى " : لو ذبحوها بلا إذن الورثة لم يجزهم . (۳۲۶/۸)

قربانی کے جانور کے گلے کی رسی یا زنجیر

مسئلہ (۱۵۵): اگر کسی شخص نے قربانی کا جانور خریدا، تو جانور خریدتے وقت جانور کے گلے میں جو رسی یا زنجیر وغیرہ ہے، اس کا صدقہ کردینا مستحب ہے،[۱] اور اگر فروخت کردیا تو اس کی قیمت کا صدقہ کرنا واجب ہے،[۲] اور اگر رسی یا زنجیر خود استعمال کرنا چاہے تو کرسکتا ہے۔[۳]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " السنن الكبرى للبيهقي " : عن علي قال : " أمرني رسول الله ﷺ أن أقوم على بدنة ، وأن أقسم جلودها وجلالها " ..... وفی رواية : أن أتصدق بلحمها وجلودها وأجلتها .

(۹/۴۹۵، كتاب الضحايا، باب لايبيع من أضحية شيئاً، رقم الحديث: ۱۹۲۳۲)

ما فی " الدر المختار مع الشامية " : (ويتصدق بجلدها) .الدر المختار . قال الشامی : وكذا بجلالها وقلائدها ، فإنه يستحب إذا أوجب بقرة يجللها ويقلدها . (۹/۳۹۸، كتاب الأضحية)

ما فی " الفتاوى الهندية " : وإذا ذبحها تصدق بجلالها وقلائدها .

(۵/۳۰۰، كتاب الأضحية ، بدائع الصنائع :۴/۲۲۰)

(۲) ما فی " بدائع الصنائع " : روى أن النبی ﷺ قال لعلي : " تصدق بجلالها وخطامها ولا تعطى أجر الجزار منها " ..... فإن باع شيئاً من ذلک نفذ عند أبی حنيفة ومحمد ، ويتصدق بثمنه ، لأن القربة ذهبت عنه فيتصدق به ، ولأنه استفاده بسبب محظور ، وهو البيع فلا يخلو عن خبث ، فكان سبيله التصدق . (۴/۲۲۵)

(۳) ما فی " البحر الرائق " : (أو يعمل منه نحو غربال أو جراب) لأنه جزء منها وكان له التصدق والإنتفاع به . (۸/۳۲۷، كتاب الأضحية ، بدائع الصنائع :۴/۲۲۵) (فتاوی محمودیہ:۱۷/۴۸۸)

قربانی کا گوشت سکھا کر رکھنا

مسئلہ (۱۵۶): بعض لوگ قربانی کے گوشت کو ہفتوں اور مہینوں تک سکھا کر کھانے کو غلط سمجھتے ہیں، جب کہ قربانی کے گوشت کو سکھا کر (خواہ کتنے ہی دن ہوں) کھانے میں کوئی قباحت نہیں ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

ما فی " الحديث النبوی " : عن سليمان بن بريدة عن أبيه قال : قال رسول الله ﷺ : " كنت نهيتكم عن لحوم الأضاحی فوق ثلاث ليتسع ذو الطول على من لا طول له ، فكلوا ما بدا لكم وأطعموا وادخروا " .

(السنن للترمذی : ۱ / ۲۷۷ ، أبواب الأضاحی، باب الرخصة فی أكلها بعد ثلاث)

ما فی " الصحيح لمسلم " : عن جابر عن النبی ﷺ أنه نهی عن أكل لحوم الضحايا بعد ثلاث ، ثم قال بعد : " كلوا وتزودوا وادخروا " .

(۲ / ۱۵۸ ، كتاب الأضاحی، ما كان عن النهی عن أكل لحوم الأضاحی)

ما فی " السنن لإبن ماجة " : عن نبيشة أن رسول الله ﷺ قال : " كنت نهيتكم عن لحوم الأضاحی فوق ثلاثة أيام فكلوا وادخروا " . (ص/ ۲۲۸ ، باب ادخار لحوم الأضاحی)

ما فی " الدر المختار مع الشامية " : (ويؤكل غنياً ويدخر) لقوله عليه الصلوٰة والسلام بعد النهی عن الإدخار : " كلوا وأطعموا وادخروا " . (۹/۳۹۷، كتاب الأضحية)

ما فی " الهداية " : ويأكل من لحم الأضحية ويطعم الأغنياء والفقراء ويدخر لقوله عليه السلام : " كنت نهيتكم عن أكل لحوم الأضاحی ، فكلوا منها وادخروا " . ومتى جاز أكله وهو غنی جاز أن يؤكل غنياً . (۴/۴۳۳/۴۳۴، كتاب الأضحية)

کتاب الهبة

(ہبہ کا بیان)

زندگی میں جائداد کی تقسیم

مسئلہ (۱۵۷): بعض لوگ اپنی حیات ہی میں بطورِ حفظ ما تقدم کہ آئندہ اہل وعیال میں جھگڑا وفساد نہ ہو، اپنی جائیداد تقسیم کردیتے ہیں، ان کا یہ عمل شرعاً جائز ہے، کیوں کہ آدمی اپنی مملوکہ جائیداد میں تصرف کا مجاز ومختار ہے، جس کو جس قدر مناسب سمجھے دے سکتا ہے، اور کسی کو اعتراض کا کوئی حق حاصل نہیں ہے، البتہ اتنا ضرور ہے کہ کسی ہونے والے وارث کو طبعی رنجش کی وجہ سے اِرث سے محروم کرکے ضرر پہنچانا مقصود نہ ہو۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الموسوعة الفقهية " : قال الإمام الحرمين : القاعدة المعتبرة أن الملاک مختصمون بأملاکهم ، لا يزاحم أحد مالکاً فی ملکه من غير حق مستحق ، ثم الضرورة تحوج ملاک الأموال إلى التبادل فيها ..... فالأمر الذی لا شک فيه تحريم التسالب والتغالب ومدا لأيدی إلى أموال الناس من غير استحقاق ، وقال ابن تيمية : والرجل أحق بماله من ولده ووالده والناس أجمعين . (۳۹/۳۲/۳۳)

ما فی " الفتاوى الهندية " : ولو وهب رجل لأولاده فی الصحة ، وأراد تفضيل البعض على البعض ..... عن أبی حنيفة : لا بأس به ، إذا كان التفضيل لزيادة فضل له فی الدين ..... وعن أبی يوسف : انه لا بأس به إذا لم يقصد به الإضرار ، وإن قصد به الإضرار سوى بينهم .

(۴/۳۹۱، كتاب الهبة ، الباب السادس فی الهبة للصغير) (فتاوی محمودیہ:۲۰/۱۴۷/۱۴۸)

کتاب اللقطة

(لقطہ کا بیان)

امانت کو لقطہ کی طرح صدقہ کر دینا

مسئلہ (۱۵۸): بعض لوگ گھڑی ساز کے پاس اپنی گھڑیاں مرمت کیلئے دے کر واپس لینے نہیں آتے اور نہ اس کی امید ہوتی ہے کہ وہ آکر لے جائیں، اس صورت میں گھڑی ساز کیلئے یہ حق نہیں ہے کہ وہ گھڑیوں کی قیمت خیرات کرکے ان گھڑیوں کو اپنی ملک بنالے، بلکہ تمام عمر ممکن حد تک ان کی حفاظت کرنی چاہیے، تا وقتیکہ اصل مالک انہیں لے جائیں، یا ان کی طرف سے کوئی ہدایت وصول ہو، یا ان کی موت کا علم ہو جائے، تو ان کے ورثاء کے سپرد کر دی جائیں، کیوں کہ گھڑیاں گھڑی ساز کے پاس امانت ہیں، اور امانت کو لقطہ (گری پڑی چیز) کی طرح صدقہ نہیں کیا جاسکتا۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : غاب المودع ولا يدرى حياته ولا مماته يحفظها أبداً حتى يعلم بموته وورثته ، كذا في الوجيز للكردري ، ولا يتصدق بها بخلاف اللقطة ، كذا في الفتاوى العتابية . (۳۵۴/۴، الباب السابع في رد الوديعة)

ما في " الشامية " : قال الشامي : غاب رب الوديعة ولا يدرى أهو حي أم ميت ؟ يمسكها حتى يعلم موته ، ولا يتصدق بها بخلاف اللقطة . (۴۷۳/۸، كتاب الوديعة)

ما في " المحيط البرهاني " : استودع رجلاً ألف درهم ثم غاب رب الوديعة ولا يدرى أ حي أم ميت ؟ فعليه أن يمسكها حتى يعلم موته ، ولا يتصدق بها بخلاف اللقطة .

(۳۳۷/۶، كتاب الوديعة ، الباب العاشر في المتفرقات) (فتاوی عثمانی:۴۷۲/۳)

مسافر کا گاڑی میں چھوٹا ہوا سامان

مسئلہ (۱۵۹): بسا اوقات بس یا ٹرین کے ذریعہ سفر میں کوئی آدمی ہمارے ساتھ سفر میں ہوتا ہے، اس کی منزل آنے پر وہ اترتا ہے، اور اس کا کوئی سامان وغیرہ ہمارے پاس رہ جاتا ہے، اور ہم اس کو نہ جانتے ہیں اور نہ ہمیں اس کا پتہ ہوتا ہے، تو اس سامان کا حکم یہ ہے کہ جب تک یہ خیال ہو کہ وہ شخص سامان کی تلاش میں ہوگا، اس وقت تک اسے تلاش کیا جائے، اور جب ملنے سے مایوسی ہو جائے تو اسے صدقہ کر دیا جائے، یا خود مستحق ہو تو اسے استعمال کر لے۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : وإذا رفع اللقطة يعرفها فيقول : التقطت لقطة أو وجدت ضالة أو عندى شيء ..... وفى هذا الوجه له أن يأخذها ويحفظها ويعرفها حتى يوصلها إلى صاحبها .

(۲/۲۸۹/۲۹۰، كتاب اللقطة)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : (عرف) أى نادى عليها حيث وجدها ، وفى المجامع (إلى أن علم أن صاحبها لا يطلبها) . الدر المختار . قال الشامى : لم يجعل للتعريف مدة إتباعاً للسرخسى ، فإنه بنى الحكم على غالب الرأى ، فيعرف القليل والكثير إلى أن يغلب على رأيه أن صاحبه لا يطلبه وصححه فى الهداية وفى المضمرات والجوهرة ، وعليه الفتوىٰ . (۶/۴۳۶، كتاب اللقطة)

ما في " بدائع الصنائع " : ثم إذا عرفها ولم يحضر صاحبها مدة التعريف فهو بالخيار إن شاء أمسكها إلى أن يحضر صاحبها ، وإن شاء تصدق بها على الفقراء ، ولو أراد أن ينتفع بها فإن كان غنياً لا يجوز أن ينتفع بها عندنا ، ولنا ما روى عن رسول الله ﷺ أنه قال : " لا تحل اللقطة ، فمن التقط شيئاً فليعرفه سنة ، فإن جاء ه صاحبها فليردها عليه ، وإن لم يأت فليتصدق " . نفى الحل مطلقاً وحالة الفقر غير مرادة بالإجماع فتعين حالة الغنى . (۵/۲۹۸/۲۹۹، كتاب اللقطة)=

دوسرے کی مرغی کا انڈا

مسئلہ (۱۶۰): بسا اوقات اپنی مرغی کے ڈربہ میں کسی اور کی مرغی انڈا دے جاتی ہے، اور پتہ نہیں ہوتا کہ وہ کس کی مرغی ہے، تو اس انڈے کو استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے، بلکہ لقطہ کی طرح اصل مالک کو تلاش کرکے اس کے حوالہ کیا جائے،[۱] لیکن پوری تلاش کرنے کے بعد بھی اگر اصل مالک کا پتہ نہ لگے، تو کسی غریب کو دیدے، اور خود غریب ہو تو خود بھی استعمال کرسکتا ہے،[۲] لیکن اگر مالک آئے اور مطالبہ کرے، تو اس کی قیمت اپنے پاس سے ادا کرنے کا حکم ہے۔[۳]

= ما فی " الفتاوی الهندية " : ثم بعد تعريف المدة المذكورة الملتقط مخير بين أن يحفظها حسبة وبين أن يتصدق بها . (۲۸۹/۲، كتاب اللقطة)

ما فی " بدائع الصنائع " : إذا أخذ اللقطة فإنه يعرفها لما روى عن رسول الله ﷺ أنه قال : " عرفها سنة " حين سئل عن اللقطة . (۲۹۸/۵، كتاب اللقطة ، بيان ما يصنع بها)

ما فی " الشامية " : قال العلامة ابن عابدين تحت قوله : (فينتفع الرافع) أی من رفعها من الأرض ، فدل على أنه ينتفع بها بعد الاشهاد والتعريف إلى أن غلب على ظنه أن صاحبها لا يطلبها ، والمراد جواز الإنتفاع والتصدق . (۴۳۷/۶، كتاب اللقطة) (فتاویٰ عثمانی:۴۷۴/۳)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الفتاوی الهندية " : ويعرف الملتقط اللقطة فی الأسواق والشوارع مدة يغلب على ظنه أن صاحبها لا يطلب بعد ذلک ، هو الصحيح . (۲۸۹/۲، كتاب اللقطة)

ما فی " ملتقى الأبحر على مجمع الأنهر " : ويعرفها فی مكان أخذها ، وفی المجامع : مدة يغلب على ظنه عدم طلب صاحبها بعدها ، هو الصحيح ، وعليه الفتوى . (۵۲۵/۲، كتاب اللقطة)=

.....

.....

.....

.....

.....

=(۲) ما فی " البحر الرائق " : (وینتفع بها لو فقیراً وإلا تصدق علیه أجنبی ولأبویه وزوجته وولده لو فقیراً) أی ینتفع الملتقط باللقطة بأن یتملکها بشرط کونه فقیراً نظراً من الجانبین کما جاز الدفع إلی فقیر آخر . (۵/۲۶۴، کتاب اللقطة)

ما فی " الفتاوی الهندیة " : إن کان الملتقط محتاجاً فله أن یصرف اللقطة إلی نفسه بعد التعریف ، کذا فی المحیط . (۲/۲۹۱، کتاب اللقطة)

ما فی " الدر المختار " : ینتفع الرافع بها لو فقیراً وإلا تصدق بها علی فقیر ولو علی أصله وفرعه. (۶/۴۳۷/۴۳۸، کتاب اللقطة)

(۳) ما فی " الاختیار لتعلیل المختار " : فإن جاء وا وأمضی الصدقة فله ثوابه ، وإلا له أن یضمنه أو یضمن المسکین أو یأخذها إن کانت باقیةً ، أما تضمینه فلأنه سلم ماله إلی غیره بغیر أمره ، وإذن الشرع فی ذلک لا یمنع الضمان کأکل مال الغیر حال المخمصة ، وأما تضمین المسکین ، فلأنه قبض ماله بغیر أمره ، وأما أخذها فلأنه وجد عین ماله .

(۳/۴۰، کتاب اللقطة ، النهر الفائق : ۲/۲۸۰، کتاب اللقطة) (فتاوی محمودیہ:۲۳/۳۷۲)

كتاب الحظر والإباحة

(ممنوعات ومباحات کا بیان)

ہاتھ کی لکیروں سے قسمت کی معرفت

مسئلہ (۱۶۱): بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ ہاتھ میں جتنی لکیریں ہوتی ہیں، اتنی ہی پریشانیاں ہوں گی، اور اگر یہ لکیریں کم ہوں تو پریشانیاں بھی کم ہوتی ہیں، اسی طرح بعض لوگ ہاتھ کی لکیروں کو دیکھ کر قسمت کا حال بتاتے ہیں، شرعاً یہ غلط اور بے بنیاد ہے، کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کی تقدیر لکھ کر اسے فرشتوں کے حوالے فرمادیا ہے، یہ قسمت انسان کے ہاتھ یا جسم پر نہیں جاتی، لہذا لکیروں سے قسمت کا حال معلوم کرنا اور اس پر اعتماد کرنا سخت گناہ اور ناپسندیدہ ہے، نیز ایسا کرنا شرعاً ناجائز ہے، اسی طرح طبی اور سائنسی اعتبار سے ان لکیروں کا انسانی احوال سے کوئی تعلق نہیں ہے، جیسے اللہ تعالیٰ نے چہرے مہرے، رنگ وروپ، آواز اور چال ڈھال کے اعتبار سے ہر شخص کو دوسرے سے ممتاز بنایا ہے، اسی طرح انگوٹھے اور انگلیوں پر پائی جانیوالی باریک لکیریں اور ہتھیلیوں میں موجود نمایاں لکیریں بھی ایک دوسرے سے ممتاز اور جداگانہ رکھی گئی ہیں، اس سے ہر شخص کی شناخت، اس کا تشخص متعلق ہے، نہ کہ اس کی تقدیر اور اس کے احوال وواقعاتِ زندگی۔[1]

مت یقیں کر اپنے ہاتھوں کی ان لکیروں پر
قسمت ان کی بھی ہوتی ہے جن کے ہاتھ نہیں ہوتے

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الحديث النبوي " : عن نافع عن صفية عن بعض أزواج النبي ﷺ عن النبي ﷺ قال: =

سلام کا جواب ''جیتے رہو، خوش رہو'' سے دینا

مسئلہ (۱۶۲): بعض لوگ سلام کرنے پر جواب میں ''وعلیکم السلام'' کی بجائے ''جیتے رہو''، ''خوش رہو، آباد رہو، اور شاد رہو''، وغیرہ جملہ کہتے ہیں، شرعاً یہ خلافِ سنت ہے، کیوں کہ حضور اکرم ﷺ سے سلام کے جواب میں یہ کلمات منقول نہیں ہیں، بلکہ جواب دینے والے کیلئے افضل اور بہتر یہی ہے کہ وہ ''وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ'' کہے، اس لیے کہ یہی سنت ہے، اور اس میں بڑی معنویت اور جامعیت بھی ہے، یہ ایسی دعا ہے جو دنیا سے آخرت تک کی تمام نعمتوں کو شامل ہے۔[1]

= " من أتى عرافاً فسأله عن شيء لم تقبل له صلاة أربعين ليلة " .

(الصحيح لمسلم : ۲/۲۳۳، كتاب السلام ، باب تحريم الكهانة وإتيان الكهانة)

ما في " السنن الكبرى للبيهقي " : عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه قال : قال رسول الله ﷺ : " من أتى عرافاً أو كاهناً فصدقه بما يقول ، فقد كفر بما أنزل على محمد ﷺ " .

(۸/۲۳۳، رقم الحديث : ۱۶۴۹۶، الجامع الصغير في أحاديث البشير النذير، رقم الحديث : ۸۲۸۵)

ما في " الحديث النبوي " : عن عبد الله بن عمرو بن العاص قال : سمعت رسول الله ﷺ يقول : " كتب الله مقادير الخلائق قبل أن يخلق السماوات والأرض بخمسين ألف سنة " .

(الصحيح لمسلم : ۲/۳۳۵، كتاب القدر ، باب حجاج آدم وموسىٰ عليهما الصلوٰة والسلام الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وإذا حُيِّيتُم بتَحِيَّةٍ فَحَيُّوا بأحسن منها أو رُدُّوهَا﴾ .

(سورة النساء : ۸۶)

ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : الثالثة : رد الأحسن أن يزيد فيقول : عليك السلام ورحمة الله ، لمن قال : سلام عليك ، فإن قال : سلام عليك ورحمة الله ، زدت في ردك وبركاته ، وهذا هو النهاية فلا مزيد . (۵/۲۹۹)

ٹریفک کے قواعد کی خلاف ورزی

مسئلہ (۱۶۳): بہت سے اچھے بھلے دیندار لوگ جو نماز روزہ کے پابند ہیں اور مجموعی اعتبار سے حلال وحرام، جائز وناجائز کی بھی فکر رکھتے ہیں، ٹریفک کے قواعد کی بلا جھجک خلاف ورزی کرتے ہیں، اوران کے ضمیر پر نہ اس کا بوجھ ہوتا ہے، نہ اس طرزِ عمل کو غلط یا گناہ سمجھتے ہیں، چنانچہ غلط سمت میں سفر کرنا، رکنے کے سرخ اشارات پر نہ رکنا، پورے راستہ کو گھیر کر چلنا، راستہ پر چلتے ہوئے ہنسی مذاق کرنا، راستہ پر پان، گٹکھا یا تمباکو کھا کر تھوکنا وغیرہ کو گناہ سمجھا ہی نہیں جاتا، جب کہ شرعاً یہ تمام چیزیں سخت گناہ ہیں۔ (۱)

وکیل کا ناحق مقدمہ لڑنا

مسئلہ (۱۶۴): اگر کسی کو کسی مقدمہ میں جھوٹ بولنا، یا ناحق کو حق ثابت کرنا پڑے، تو اس کیلئے اس طرح کا مقدمہ لڑنا جائز نہیں ہے، اور ایسی وکالت کی آمدنی بھی حرام

= ما فی " حاشیة النووی علی الصحیح المسلم " : وأما صفة الرد فالأفضل والأکمل أن یقول : وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته ، فیأتی بالواو فلو حذفها جاز ، وکان تارکاً للأفضل .

(۲/۲۱۲، کتاب السلام ، باب یسلم الراکب علی الماشی)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما فی " القرآن الکریم " : ﴿یا أیها الذین آمنوا أطیعوا الله وأطیعوا الرسول وأولي الأمر منکم﴾ . (سورة النساء :۵۹) ﴿ویسعون فی الأرض فساداً ، والله لا یحب المفسدین﴾ . (سورة المائدة :۶۴) ﴿أوفوا بالعهد ، إن العهد کان مسؤلا﴾ . (سورة الإسراء :۳۴)

ما فی " الشامیة " : قال فی المعراج : لأن طاعة الإمام فیما لیس بمعصیة واجبة . (۲/۱۷۲)

ہے، لیکن جس مقدمہ میں یہ کام نہ کرنے پڑیں، اس میں وکالت جائز ہے، اور آمدنی بھی حلال ہوگی۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " القرآن الكريم " : ﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ . (سورة المائدة : ۲)

ما فی " روح المعاني " : فيعم النهى كل ما هو من مقولة الظلم والمعاصى ، ويندرج فيه النهى عن التعاون على الاعتداء والانتقام . (۸۵/۴، الجزء السادس)

ما فی " مجمع الأنهر فی شرح ملتقى الأبحر ": لا يجوز أخذ الأجرة على المعاصى كالغناء والنوح والملاهى ، لأن المعصية لا يتصور استحقاقها بالعقد ، فلا يجب عليه الأجر ، وإن أعطاه الأجر وقبضه لا يحل له ، ويجب عليه رده على صاحبه . (۵۳۳/۳، باب الإجارة الفاسدة ، الدر المختار مع الشامية : ۶۴/۹ ، الإجارة الفاسدة ، مطلب فی الاستيجار على المعاصى ، الفتاوى البزازية على هامش الهندية : ۴۱/۵، كتاب الإجارة ، نوع من المتفرقات)

ما فی " الفقه الإسلامی وأدلته " : تصح الوكالة بأجر وبغير أجر ، لأن النبی ﷺ كان يبعث عماله لقبض الصدقات ..... فنؤدى إليک ما يؤدى الناس ، ونصيب ما يصيبه الناس ، أى العمولة، ولأن الوكالة عقد جائز لا يجب على الوكيل القيام بها ، فيجوز أخذ الأجرة فيها .

(۴۰۵۸/۵، الفصل التاسع الوكالة ، المبحث الوكالة بأجر الأول)

ما فی " الفقه الإسلامی وأدلته " : الأصل فی الوكالة الإباحة ، وقد تصح مندوبة إن كانت إعانة على مندوب ، وقد تصير مكروهة إن أعانت على مكروه ، وقد تكون حراماً إن أعانت على حرام، وقد تكون واجبة إن ضررت عن المؤكل . (۴۰۶۱/۵، الفصل التاسع الوكالة ، المبحث الأول)

ما فی " اعلام المؤقعين " : وسيلة المقصود تابعة للمقصود ، وكلاهما مقصود . (۱۷۵/۳)

(فتاوی عثمانی:۴۱۰/۳،فتاوی محمودیہ:۴۵۰/۱۶)

غیر مسلم ممالک کا رخ کرنا

مسئلہ (۱۶۵): اگر کسی شخص کو اپنے ملک میں اس قدر معاشی وسائل حاصل ہیں، جس کے ذریعہ وہ اپنے شہر کے لوگوں کے معیار کے مطابق زندگی گذار سکتا ہے، لیکن محض معیار زندگی بلند کرنے اور خوشحالی اور عیش وعشرت کی زندگی گذارنے کی غرض سے، کسی غیر مسلم ملک کی طرف ہجرت کرتا ہے، تو ایسی ہجرت کراہت سے خالی نہیں ہے، اس لئے کہ اس صورت میں اپنے آپ کو اور اپنی دینی واخلاقی حالت کو خطرہ میں ڈالنا لازم آتا ہے، کیوں کہ جو لوگ محض عیش وعشرت اور خوشحالی کی زندگی بسر کرنے کیلئے وہاں رہائش اختیار کرتے ہیں، مشاہدہ یہ ہے کہ ان میں دینی حمیت کمزور پڑ جاتی ہے، اور یہ لوگ کافرانہ محرکات کے سامنے بڑی تیزی سے پگھل جاتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ حدیث شریف میں شدید ضرورت وتقاضے کے بغیر مشرکین کے ساتھ رہائش اختیار کرنے کی ممانعت آئی ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿لا يتخذ المؤمنون الكافرين أولياء من دون المؤمنين ، ومن يفعل ذلك فليس من الله في شيء إلا أن تتقوا منهم تُقاةً﴾ . (سورة آل عمران : ۲۸)

ما في " روح المعاني " : (من دون المؤمنين) أي متجاوزين المؤمنين إلى الكافرين استقلالاً أو اشتراكاً . (۱۹۴/۳)

ما في " السنن لأبي داود " : عن سمرة بن جندب : أما بعد ! قال رسول الله ﷺ : " من جامع المشرك وسكن معه فإنه مثله " . (ص/۳۸۵، كتاب الجهاد ، باب في الإقامة لأرض الشرك)

ما في " السنن لأبي داود " : عن جرير بن عبد الله قال : بعث رسول الله ﷺ سرية إلى خثعم ، فاعتصم ناس منهم بالسجود ، فأسرع فيهم القتل ، قال : فبلغ ذلك النبي ﷺ فأمر لهم =

امتحان ہال کا پیڈ (Pad) کمرہ میں لانا

مسئلہ (۱۶۶): طلباء کرام کا داخلہ فارم پر کرتے وقت مدرسے کے جملہ اصول وضوابط کی پاسداری کا عہد کر لینے کے بعد، اس کا پورا کرنا ان پر واجب ہو جاتا ہے۔[1]

امتحان ہال میں طلباء عزیز کو جوابی کاپی رکھ کر لکھنے کیلئے جو پیڈ (Pad) یعنی پُٹھا دیا جاتا ہے، اس سلسلے میں جامعہ کا اصول یہ ہے کہ ان پر اپنا نام و پتہ، اسی طرح رَف (Rough) یعنی غیر مرتب وتخمینی جواب نہ لکھے جائیں، اور امتحان سے فارغ ہونے کے بعد اسے ذمہ داران

= بنصف العقل ، وقال : " أنا برئ من كل مسلم يقيم بين أظهر المشركين " . قالوا : يا رسول الله لم ؟ قال : " لا تراءى ناراهما " .

(ص/۳۵۵، كتاب الجهاد ، باب النهي عن قتل من اعتصم بالسجود، السنن للترمذى : ۱/۲۸۹، أبواب السير ، باب ما جاء في كراهية المقام بين أظهر المشركين)

ما فى " عون المعبود شرح السنن لأبى داود " : قال فى " النهاية " : أى يلزم المسلم ، ويجب عليه أن يتباعد منزله عن منزل المشرك . (ص/۱۱۲۹)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فى " القرآن الكريم " : ﴿وأوفوا بالعهد ، إن العهد كان مسؤلا﴾ . (سورة الإسراء : ۳۴) ﴿وأوفوا بعهد الله إذا عاهدتم﴾ . (سورة النحل : ۹۱)

ما فى " الحديث النبوى " : عن عبد الله بن عمر ، عن النبى ﷺ قال : " السمع والطاعة على المرء المسلم فيما أحب وكره ما لم يؤمر بمعصية ، فإذا أمر بمعصية فلا سمع ولا طاعة " .

(صحيح البخارى : ۲/۱۰۵۷، كتاب الأحكام ، باب السمع والطاعة)=

امتحان کے پاس جمع کردیں، لہذا اس اصول کی پاسداری بھی ان پر لازم ہے[۱]، بلا اجازت انہیں اپنے درسگاہوں یا ہاسٹلوں (Hostel,s) میں لے جانا، یا ان پر نام و پتہ اور رَف جواب لکھنا وغیرہ گناہ کی بات ہے، اس لئے اس سے احتراز لازم ہے، امید کہ طلباء عزیز اس پر توجہ دیں گے۔

کسی کا فوٹو دوسرے کے پاسپورٹ پر لگانا

مسئلہ (۱۶۷): بعض حضرات پاسپورٹ اور ویزے کا کاروبار کرتے ہیں، بسا اوقات وہ کسی خاص شخص کے ویزے یا پاسپورٹ پر دوسرے کا فوٹو چسپاں کرکے اسے بیرون ملک بھیجتے ہیں اور اس سے خطیر رقم وصول کرتے ہیں، ان کا یہ عمل شرعاً جھوٹ اور دھوکہ دہی پر مشتمل ہونے کی وجہ سے ناجائز و حرام ہے، اور انہیں اس سے بچنا ضروری ہے۔[۲]

=(۱) ما فی " القرآن الکریم ": ﴿یآیها الذین آمنوا أطیعوا الله وأطیعوا الرسول وأولي الأمر منکم﴾ . (سورة النساء : ۵۹)

ما فی " أحکام القرآن للعلامة ظفر أحمد التهانوي " : یشتمل هذه الآیة الفقهاء والعلماء والمشائخ ، بل أولی ، لأنهم ورثة الأنبیاء ، وخازنوا أحکام الله وأحکام رسوله . مسئلة : وهذا الحکم أی وجوب طاعة الأمیر مختص بما لم یخالف الشرع یدل علیه سیاق الآیة ، فإن الله أمر الناس بطاعة أولی الأمر بعد ما أمرهم بالعدل فی الحکم تنبیهاً علی أن طاعتهم واجبة ما داموا علی العدل . (۲/۲۹۲، طاعة الأمیر فیما لا یخالف الشرع ، إدارة القرآن والعلوم الإسلامیة)

الحجة علی ما قلنا :

(۲) ما فی " القرآن الکریم " : ﴿یا أیها الذین آمنوا لا تأکلوا أموالکم بینکم بالباطل إلا أن تکون تجارة عن تراض منکم﴾ . (سورة النساء : ۲۹)

ما فی " الحدیث النبوی " : عن عبد الله قال : قال رسول الله ﷺ : " إن الصدق یهدی إلی البر، وإن البر یهدی إلی الجنة ..... وإن الکذب یهدی إلی الفجور، وإن الفجور یهدی إلی النار ، وإن الرجل لیکذب حتی یکتب عند الله کذاباً . (الصحیح لمسلم : ۲/۳۲۵، باب قبح الکذب)=

اپریل فول (April Fool)

مسئلہ (۱۶۸): مغرب کی بے سوچے سمجھے تقلید کے شوق میں ہمارے معاشرے میں جن رسموں کو رواج دیا گیا، ان میں سے ایک رسم ''اپریل فول'' منانے کی رسم بھی ہے، اس رسم کے تحت یکم اپریل کی تاریخ میں جھوٹ بول کر کسی کو دھوکہ دینا اور دھوکہ دے کر بیوقوف بنانا نہ صرف جائز سمجھا جاتا ہے، بلکہ اسے ایک کمال قرار دیا جاتا ہے، جو شخص جتنی صفائی اور چابک دستی سے دوسرے کو جتنا بڑا دھوکہ دے، اتنا ہی اسے قابل تعریف اور یکم اپریل کی تاریخ سے فائدہ اٹھانے والا سمجھا جاتا ہے۔

یہ مذاق جسے درحقیقت بدمذاقی کہنا چاہیے، نہ جانے کتنے افراد کو بلاوجہ جانی و مالی نقصان پہنچا چکا ہے، بلکہ اس کے نتیجے میں بعض اوقات لوگوں کی جانیں چلی گئی ہیں، کہ انہیں کسی ایسے صدمے کی جھوٹی خبر سنادی گئی، جسے سننے کی وہ تاب نہ لاسکے اور زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھے۔

اس رسم کی ابتداء کے سلسلے میں بعض مؤرخین کا کہنا ہے کہ فرانس میں سترہویں صدی سے پہلے، سال کا آغاز جنوری کی بجائے اپریل سے ہوا کرتا تھا، اس مہینے کو رومی اپنی دیوی وینس (Venus) کی طرف منسوب کرکے اسے مقدس سمجھا کرتے تھے۔

=ما فی " الحدیث النبوی " : عن أبی هریرة أن رسول الله ﷺ مر علی صبرة من طعام فأدخل یده فیها، فنالت أصابعه بللاً ، فقال : یا صاحب الطعام ! ما هذا ؟ قال : أصابته السماء یا رسول الله ! قال : أفلا جعلته فوق الطعام حتی یراه الناس ؟ ثم قال : " من غش فلیس منا " . (الجامع للترمذی : ۱/۲۴۵)

ما فی " الموسوعة الفقهیة " : اتفق الفقهاء علی أن الغش حرام ، سواء أ کان بالقول أم بالفعل ، وسواء أ کان بکتمان العیب فی المعقود علیه أو الثمن أم بالکذب والخدیعة ، وسواء أکان فی المعاملات أم فی غیرها من المشورة والنصیحة . (۳۱/۲۱۹) (فتاویٰ حقانیہ:۶/۱۲۵)

بعض مؤرخین کا کہنا ہے کہ ''۲۱/ مارچ'' سے موسم میں تبدیلیاں آنی شروع ہوتی ہیں، ان تبدیلیوں کو بعض لوگوں نے اس طرح تعبیر کیا کہ معاذ اللہ قدرت ہمارے ساتھ مذاق کر کے ہمیں بیوقوف بنارہی ہے، لہذا لوگوں نے بھی اس زمانے میں ایک دوسرے کو بیوقوف بنانا شروع کیا، بعض مؤرخین کہتے ہیں کہ یہودیوں اور عیسائیوں کی بیان کردہ روایات کے مطابق یکم اپریل وہ تاریخ ہے، جس میں رومیوں اور یہودیوں کی طرف سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو تمسخر اور استہزا کا نشانہ بنایا گیا، موجودہ نام نہاد انجیلوں میں اس واقعہ کی تفصیلات بیان کی گئی ہیں، اسلامی نقطۂ نظر سے یہ رسم چونکہ جھوٹ بولنا[۱]، دھوکہ دینا، دوسرے کو اذیت دینا[۲]، ایک ایسے واقعہ کی یاد منانا، جس کی اصل یا تو بت پرستی ہے، یا توہم پرستی، یا پھر ایک پیغمبر کے ساتھ گستاخانہ مذاق، جیسے بدترین گناہوں کا مجموعہ ہے، اس لئے شرعاً یہ رسم منانا ناجائز اور منع ہے۔ امید کہ مسلمان اس سے پرہیز کریں گے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الحدیث النبوی ": عن سفیان بن أسید الحضرمي قال : سمعت رسول الله ﷺ یقول : " کبرت خیانة أن تحدث أخاک حدیثا هو لک به مصدق وأنت له به کاذب " .

(السنن لأبی داود :ص ۶۷۹ ،کتاب الأدب ، باب في المعاریض)

ما فی " الحدیث النبوی ": عن أبي هریرة عن النبي ﷺ قال : " آیة المنافق ثلاث ؛ إذا حدث کذب ، وإذا وعد أخلف ، وإذا اؤتمن خان " . (صحیح البخاری : ۱/ ۱۰)

ما فی " الحدیث النبوی " : عن أنس عن النبي ﷺ في الکبائر قال : " الشرک بالله ، وعقوق الوالدین ، وقتل النفس ، وقول الزور" . (السنن للترمذی : ۱/ ۲۲۹)

(۲) ما فی " الحدیث النبوی " : عن جابر رضی الله تعالی عنه قال : سمعت النبی ﷺ یقول : " المسلم من سلم المسلمون من لسانه ویده " .

(الصحیح لسملم : ۱/ ۴۸، کتاب الإیمان ، باب بیان تفاضل الإسلام وأی أموره أفضل)

فصل فی اللعب

(کھیل کے بیان میں)

ستر کھول کر کھیلنا

مسئلہ (۱۶۹): عام حالات میں شریعت نے مرد وعورت کی ستر پوشی کیلئے جو اصول مقرر کئے ہیں، کھلاڑیوں کے لئے بھی ان کی پابندی ضروری ہے، لہذا کھلاڑیوں کا ایسا لباس پہننا جس میں مرد عورتوں، اور عورتیں مردوں کی مشابہت اختیار کریں،[۱] یا جس سے حلیہ اور وضع قطع اس طرح بدل جائے کہ غیر مسلموں سے بظاہر کوئی امتیاز باقی نہ رہے،[۲] یا ایسا لباس پہننا جس میں ستر دکھائی دے،[۳] شرعاً جائز نہیں ہے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الحديث النبوی " : عن ابن عباس قال : " لعن رسول الله ﷺ المتشبهين من الرجال بالنساء ، والمتشبهات من النساء بالرجال " . (صحيح البخاری :ص/۱۰۲۶ ، كتاب اللباس ، باب المتشبهون بالنساء والمتشبهات بالرجال ، رقم الحديث : ۵۸۸۵)

ما فی " فتح الباری " : قوله : (لعن رسول الله ﷺ المتشبهين) قال الطبری : المعنى لا يجوز للرجال التشبه بالنساء فی اللباس والزينة التی تختص بالنساء ، ولا بالعكس .

(۱۰/۴۰۹، شرح ابن بطال : ۹/۱۵۱ ، الرقم :۳۴۹۵، بيروت)

(۲) ما فی " القرآن الكريم " : ﴿ولا تركنوا إلى الذين ظلموا فتمَسَّكُم النار﴾ . (سورة هود:۱۱۳)

ما فی " حاشية القونوی على تفسير البيضاوی " : قال ابن عباس : لا تميلوا ، والركون المحبة والميل بالقلب ، وقال أبو العالية : لا ترضوا بأعمالهم ، وقال عكرمة : لا تطيعوهم ، قال البيضاوی : لا تيملوا إليهم أدنى ميل ، فإن الركون هو الميل اليسير كالتزيی بزيهم وتعظيم ذكرهم . (۱۰/۲۲۶، التفسير المظهری :۴/۴۳۰)

.....

.....

ما فی " الحدیث النبوی " : قوله علیه السلام : " أبغض الناس إلی الله ثلثة : مُلحدٌ فی الحرم ، ومُبتغ فی الإسلام سنة الجاهلية ، ومطلب د م امرئ مسلم بغير حق ليهريق دمه " . رواه البخاری (مشکوۃالمصا بیح :ص/۲۷ ، باب الاعتصام بالکتاب والسنة ، الفصل الأول)

ما فی " الحدیث النبوی " : وقوله علیه السلام : " من تشبه بقوم فهو منهم " .

(السنن لأبي داود:ص/۵۵۹، کتا ب اللباس ، باب لبا س الشهرة)

ما فی " موسوعة تكملة فتح الملهم " : " إن اللباس الذي يتشبه به الإنسان بأقوام كفرة ، لا يجوز لبسه لمسلم إذا قصد بذلک التشبه بهم " .(تكملة فتح الملهم : ۱۰ / ۷۷، کتاب اللباس والزينة)

(۳) ما فی " القرآن الكريم " : ﴿يٰبني آدم قد أنزلنا عليكم لباساً يوارى سوآتكم وريشاً ، ولباس التقویٰ ذلک خير﴾ . (سورة الأعراف : ۲۶)

ما في " التفسير الماجدي " : قال كثير من العلماء : هذه الآية دليل على وجوب ستر العورة (قرطبی) يدل على فرض ستر العورة لاخباره أنه أنزل علينا لباساً يواري سوآتنا (جصاص) وقد اتفقت الأمة على معنى ما دلت عليه الآية من لزوم فرض ستر العورة . (جصاص) . (ص۳۲۸)

ما في " الحديث النبوی " : عن عقبة بن علقمة قال : سمعت علياً يقول : قال رسول الله ﷺ : " الركبة من العورة " . إسناده ضعيف .

(المسند للإمام أحمد بن حنبل : ۲/۱۸۷ ، وابن الجوزي في التحقيق : ۱/۳۲۲، سنن الدارقطني : ۱/۲۳۷ ، باب الأمر بتعليم الصلوة والقرب عليها وحد العورة التي يجب سترها)

ما في " الاختيار لتعليل المختار " : (وستر العورة) . وأما ستر العورة فلقو له تعالى : ﴿يٰبني آدم خذوا زينتكم عند كل مسجد﴾ . (سورة الأعراف : ۳۱) ، (وعورة الرجل ما تحت سرته إ لى تحت ركبته) لقوله عليه السلام : " عورة الرجل ما دون سرته حتى يجاوز ركبتيه " .

(۱/۶۸/۶۹، باب ما يفعل قبل الصلاة)

ما في " منية المصلي " : وأما الشرط الثالث : " فهو ستر العورة " . (منية المصلي : ص۷۳)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : "والرابع ستر عورته .....ووجوبه عام ، ولو في الخلوة على الصحيح . " الدر المختار " . (۲/۷۵، کتاب الصلاة ، باب شروط الصلاة ، مطلب : فی ستر العورة)

کھیل میں سٹہ بازی

مسئلہ (۱۷۰): جولوگ کھیل میں شریک نہیں ہیں، لیکن کسی فریق یا فرد کے جیتنے پر آپس میں پیسوں کی بازی لگائیں، تو یہ بھی قمار میں داخل ہے اور حرام ہے۔[۱]

کھیل کود میں وقت ضائع کرنا

مسئلہ (۱۷۱): وقت انسانی زندگی کا قیمتی سرمایہ ہے، لہذا از روئے شرع کوئی بھی ایسا کھیل کراہت سے خالی نہیں ہوگا، جو اپنے طریقے اور لباس کے اعتبار سے تو محرمات پر مشتمل نہ ہو، لیکن اس میں کھیلنے یا دیکھنے والوں کا کافی وقت ضائع ہوتا ہے۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " الفتاوى الهندية " : أما إذا كان البدل من الجانبين فهو قمار حرام . (۵/۲۲۴)

ما فی " الدر المختار مع الشامية " : وحرم لو شرطا فيها من الجانبين ، لأنه يصير قماراً إلا إذا أدخلا محللاً بينهما بفرس كفء لفرسيهما . (۹/۵۷۷/۵۷۸)

ما فی " المحيط البرهانی " : لا بأس بالمسابقة بالإبل والرمی لحديث أبی هريرة رضی الله تعالى عنه أنه قال : لا سبق إلا فی خف أو نصل أو حافر ، والمراد بالحافر الفرس ، والمراد بالنصل الرمی ، والمراد من الخف الإبل ، فإن شرطوا لذلک جعلاً ، فإن شرطوا الجعل من الجانبين فهو حرام . (۶/۵۴، الفصل السابع فی المسابقة)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما فی " القرآن الكريم " : ﴿أفحسبتم أنما خلقنكم عبثاً وأنكم إلينا لا ترجعون﴾ .

(سورة المؤمنون : ۱۱۵)

ما فی " الحديث النبوی " : " نعمتان مغبون فيهما كثير من الناس ؛ الصحة والفراغ " .

(السنن للترمذی : ۲/۵۶، كتاب الزهد ، رقم الحديث :۲۳۰۴)=

ایسا کھیل جو انسان کے وسیع تر مفاد میں ہو

مسئلہ (۱۷۲): ایسے کھیل جو انسان کے وسیع تر مفاد میں ہوں، جن سے جسمانی قوت چستی ونشاط کی بحالی میں مدد ملتی ہو جائز ہیں، بشرطیکہ وہ منکرات سے خالی ہوں، دینی یا دنیوی حقوق وفرائض سے غفلت یا کسی بھی جاندار کی اذیت کا باعث نہ ہوں۔[1]

= ما فی " الحدیث النبوی " : " من حسن إسلام المرء ترکه ما لا یعنیه " .

(۲/۵۷، کتاب الزهد ، رقم الحدیث : ۲۳۱۸)

ما فی " الحدیث النبوی " : لاتزول قدما عبد حتی یسأل عن عمره فیما أفناه، وعن عمله فیما فعل، وعن ماله من أین اکتسبه ، وفیما أنفقه ، وعن جسمه فیما أبلاه " .

(السنن للترمذی : ۲/۶۷، أبواب صفة القیامة)

ما في " الألعاب الریاضیة لعلي حسین أمین یونس " : یقول الدکتور یوسف القرضاوي حفظه الله : والحق أن السفه في إنفاق الأوقات أشد خطراً من السفه في إنفاق الأموال ..... لأن المال إذا ضاع قد یعود ، والوقت إذا ضاع لا عوض له . (ص/۳۲۰، دار النفائس الأردن)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " تکملة فتح الملهم " : اعلم أن الشریعة المصطفویة السمحة البیضاء لا تمنع الارتفاقات والمصالح التي فطرت علیها الطبیعة البشریة ، ولا ترتضي الرهبانیة والتبتل بل تقتضي المدنیة والمعاشرة الصالحة ..... ومن المعلوم أن من الحاجة المفطور علیها الإنسان تمرین البدن وترویح القلب وتفریحه ساعة فساعة ، ومن هنا قال علیه الصلاة والسلام : " روِّحُوا القلوبَ ساعة فساعة ". [أخرجه أبوداود في مراسیله] ..... وحاصل الکلام أن ترویح القلب وتفریحه ، وکذا تمرین البدن من الارتفاقات المباحة والمصالح البشریة التي لا تمنعها الشریعة السمحة برأسها . نعم . تمنع الغلو والانهماک فیها بحیث یضر بالمعاش أو المعاد .... فالضابط في هذا الباب عند مشایخنا الحنفیة المستفاد من أصولهم وأقوالهم : أن اللهو المجرد الذي لا طائل تحته ، ولیس له غرض صحیح مفید في المعاش ، ولا لمعاد حرام أو=

.....

.....

= مكروه تحريماً . وهذا أمر مجمع عليه في الأمة متفق عليه بين الأئمة ..... وما كان فيه غرض ومصلحة دينية أو دنيوية ، فإن ورد النهي عنه من الكتاب أو السنة [كما في النرد شير] كان حراماً أو مكروهاً تحريماً.... وألغيت تلك المصلحة والغرض لمعارضتها للنهي الماثور حكماً بأن ضرره أعظم من نفعه . وهذا أيضاً متفق عليه بين الأئمة .... وأما ما لم يرد فيه النهي عن الشارع ، وفيه فائدة ومصلحة للناس فهو بالنظر الفقهي على نوعين : الأول : ما شهدت التجربة بأن ضرره أعظم من نفعه ، ومفاسده أغلب على منافعه ، وأنه من اشتغل به ألهاه عن ذكر الله وحده ، وعن الصلوات والمساجد التحق ذلك بالمنهي عنه لاشتراك العلة فكان حراماً أو مكروهاً . والثاني : ما ليس كذلك فهو أيضاً إن اشتغل به بنية التلهي والتلاعب فهو مكروه ، وإن اشتغل به لتحصيل تلك المنفعة وبنية استجلاب المصلحة فهو مباح ، بل قد يرتقي إلى درجة الاستحباب أو أعظم منه .

(۴۳۴/۴ ،كتاب الشعر، باب تحريم اللعب بالنرد شير ، حكم الألعاب في الشريعة)

ما فی " الحديث النبوی " : عن أبی هريرة رضی الله تعالی عنه قال : قال رسول الله ﷺ : " لا سبق إلا في نصل أو خف أو حافر " . (السنن لأبی داود :ص/۳۴۸، كتاب الجهاد)

ما فی " الحديث النبوی " : كل شيء يلهو به الرجل باطل إلا رمی الرجل بقوسه ، وتأديبه فرسه ، وملاعبته امرأته ، فإنهن من الحق ، ومن ترك الرمی بعد ما علمه فقد كفر الذی علمه .

(السنن الكبریٰ للبيهقي : ۳۶۹/۲)

ما فی " الموسوعة الفقهية " : فمن اللعب المباح المسابقة المشروعية على الأقدام والسفن ونحو ذلك ..... ومن اللعب المستحب المناضلة على السهام والرماح والمزاريق وكل نافع فی الحرب . (۲۶۸/۳۵، لعب)

ما فی " الفتاوی الهندية " : قال القاضی : اللعب الذی يلعب الشبان أيام الصيف بالبطيخ بأن يضرب بعضهم بعضاً مباح غير مستنكر ، كذا فی جواهر الفتاوی .

(۳۵۲/۵، كتاب الكراهية ، كتاب الكراهية ، الباب السابع عشر فی الغناء ، الشامية : ۵۰۲/۹، كتاب الحظر والإباحة ، بيروت ، الفتاوی الخانية على هامش الفتاوی الهندية : ۴۲۸/۳)

کھیل کی ہار جیت میں جانبین سے شرط

مسئلہ (۱۷۳): بعض دفعہ کھیل کی ہار جیت میں پیسے کی شرط لگائی جاتی ہے، اگر یہ شرط یک طرفہ ہو، یا کسی تیسرے فریق کی جانب سے ہو، تو ایسی شرط لگانا جائز ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : وما يفعله الأمراء فهو جائز أيضاً بأن يقولوا لإثنين : أيكما سبق فله كذا . (۳۲۴/۵، كتاب الكراهية ، الباب السادس في المسابقة)

ما في " تبيين الحقائق " : ولو قال واحد من الناس لجماعة من الفرسان أو للإثنين : فمن سبق فله كذا من مال نفسه ، أو قال للرعاة : من أصاب الهدف فله كذا جاز ، لأنه من باب التفعيل ، فإذا كان التنفيل من بيت المال كالسلب ونحوه يجوز . (۴۶۷/۷، مسائل شتى)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : حل الجعل إن شرط المال في المسابقة من جانب واحد . الدر المختار . قال الشامي : أو من ثالث بأن يقول أحدهما لصاحبه إن سبقتني أعطيتك كذا ، وإن سبقتك لا آخذ منك شيئاً ، أو يقول الأمير لفارسين أو رامين : من سبق منكما فله كذا ، وإن سبق فلا شيء له . (۵۷۷/۹)

ما في " بدائع الصنائع " : وأما شرائط جوازه ..... منها أن يكون الحظر فيه من أحد الجانبين ..... ولو قال أحدهما لصاحبه : إن سبقتني فلك عليّ كذا ، وإن سبقتك فلا شيء عليك ، فهو جائز ، لأن الخطر إذا كان من أحد الجانبين لا يحتمل القمار ، فيحمل على التحريض على استعداد أسباب الجهاد في الجملة بمال نفسه ، وذلك مشروع كالتنفيل من الإمام ، بل أولى ، لأن هذا يتصرف في مال نفسه بالبذل ، والإمام بالتنفيل يتصرف فيما لغيره فيه حق في الجملة ، وهو الغنيمة ، فلما جاز ذلك فهذا بالجواز أولىٰ وكذلك إذا كان الحظر من الجانبين ، ولكن أدخلا فيه محللاً ، بأن كانوا ثلاثة لكن =

اور اگر یہ شرط جانبین سے ہو تو ناجائز ہے۔[1]

کھیل کود کے لیے وقف ہو جانا

مسئلہ (۱۷۴): تعلیم وکسب معاش کی جائز سرگرمیوں کو چھوڑ کر، اپنے آپ کو کھیل کیلئے وقف کر دینا شرعاً جائز نہیں ہے۔[2]

= الحظر من الإثنين منهم ، ولا حظر من الثالث ، بل إن سبق أخذ الحظر ، وإن لم يسبق لا يغرم شيئاً ، فهذا مما لا بأس به أيضاً ، وكذلك ما يفعله السلاطين ، وهو أن يقول السلطان لرجلين : من سبق منكما فله كذا فهو جائز .

(۳۴۹/۸، كتاب السباق ، فصل في شروط جواز السباق ، بيروت)

(۱) ما فی " الفتاوى الهندية " : أما إذا كان البدل من الجانبين فهو قمار حرام .

(۳۲۴/۵ ، كتاب الكراهية ، الباب السادس في المسابقة)

ما فی " الدر المختار مع الشامية " : وحرم لو شرطا فيها من الجانبين ، لأنه يصير قماراً .

(۵۷۸/۵۷۷/۹)

ما فی " المحيط البرهانی " : لا بأس بالمسابقة بالإبل والرمی لحديث أبی هريرة رضی الله تعالى عنه ، عن النبی ﷺ أنه قال : " لا سبق إلا فی خف أو نصل أو حافر " . والمراد بالحافر الفرس ، والمراد بالنصل الرمی ، والمراد من الخف الإبل ، فإن شرطوا لذلك جعلاً ، فإن شرطوا الجعل من الجانبين فهو حرام . (۵۴/۶، الفصل السابع فی المسابقة)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما فی " تكملة فتح الملهم " : وحاصل الكلام أن ترويح القلب وتفريحه ، وكذا تمرين البدن من الإرتفاقات المباحة ، والمصالح البشرية التی لا تمنعها الشريعة السمحة برأسها ، نعم تمنع الغلو والإنهماك فيها بحيث يضر بالمعاش أو المعاد ..... فالضابط فی هذا الباب=

کھیل کو مقصدِ زندگی بنانا

مسئلہ (۱۷۵): جائز کھیل کی ایک وقتی تفریح کی حد تک تو گنجائش ہے،[۱] مگر اس کو زندگی کا مقصد بنالینا جائز نہیں ہے۔[۲]

= عند مشايخنا الحنفية المستفاد من أصولهم وأقوالهم ..... أن اللهو المجرد الذى لا طائل تحته ، وليس له غرض صحيح مفيد فى المعاش ، ولا لمعاد حرام أو مكروه تحريماً ، وهذا أمر مجمع عليه فى الأمة ، متفق عليه بين الأئمة . (۴/۴۳۴، كتاب الشعر ، باب تحريم اللعب بالنردشير ، أحكام القرآن للتهانوي :۳/۱۹۶) (تجاویز بیسواں فقہی سمینار اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا:۲۰۱۱ء)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فى " أحكام القرآن للتهانوى " : وحاصل الكلام أن ترويح القلب وتفريحه ، وكذا تمرين البدن من الإرتفاقات المباحة والمصالح البشرية لا تمنعها الشريعة السمحة برأسها . (۳/۱۹۶)

ما فى " السنن لأبى داود " : عن أبى هريرة رضى الله تعالى عنه قال : قال رسول الله ﷺ : " لا سبق إلا فى خف أو حافر أو نصل " . (ص/۳۴۸، كتاب الجهاد ، باب فى السبق)

ما فى " جامع الصغير " : " أحب اللهو إلى الله تعالى إجراء الخيل والرمى ". (ص/۲۰، الرقم : ۲۱۶)

